یہ مسائل نحو وصرف کے متعلق ایک مختصر وجامع کتاب ہے۔ جو علم النحو وعلم الصرف
اور متعلقات نحو وصرف کی تقریباً ۲۱۱، کتابوں کا خلاصہ قاری کو مختصر وقت میں مل
سکے گا، جو علوم دینیہ وصرف ونحو کے متعلق ایک جامع واہم راہنما ثابت ہوگا۔
مسائل النّحو والصّرف
مولانا محمد نور حسین قاسمی صاحب
فارغ التحصیل دار العلوم دیوبند
دار الاشاعت
اردو بازار ○ ایم اے جناح روڈ ○ کراچی پاکستان فون: 2631861

مسائل النحو والصرف

مولانا محمد نور حسین قاسمی صاحب
فارغ التحصیل دار العلوم دیوبند

دار الاشاعت
اردو بازار ایم اے جناح روڈ
کراچی پاکستان 2213768

باہتمام : خلیل اشرف عثمانی

طباعت : مئی ۲۰۰۰ء علمی گرافکس

ضخامت : 296 صفحات

قارئین سے گزارش

اپنی حتی الوسع کوشش کی جاتی ہے کہ پروف ریڈنگ معیاری ہو۔ الحمدللہ اس بات کی نگرانی کے لئے ادارہ میں مستقل ایک عالم موجود رہتے ہیں۔ پھر بھی کوئی غلطی نظر آئے تو ازراہ کرم مطلع فرما کر ممنون فرمائیں تاکہ آئندہ اشاعت میں درست ہو سکے۔ جزاک اللہ

ملنے کے پتے

ادارۃ المعارف جامعہ دارالعلوم کراچی
مکتبہ معارف القرآن جامعہ دارالعلوم کراچی
بیت القرآن اردو بازار کراچی
بیت القلم مقابل اشرف المدارس گلشن اقبال بلاک ۲ کراچی
کتب خانہ رشیدیہ۔ مدینہ مارکیٹ راجہ بازار راولپنڈی
مکتبہ اسلامیہ امین پور بازار۔ فیصل آباد

ادارہ اسلامیات ۱۹۰۔ انارکلی لاہور
بیت العلوم 20 نابھہ روڈ لاہور
مکتبہ سید احمد شہید اردو بازار لاہور
مکتبہ المعارف محلہ جنگی۔ پشاور
یونیورسٹی بک ایجنسی خیبر بازار پشاور
مکتبہ اسلامیہ گامی اڈا۔ ایبٹ آباد

انگلینڈ میں ملنے کے پتے

Azhar Academy Ltd.
54-68 Little Ilford Lane
Manor Park, London E12 5Qa
Tel : 020 8911 9797

Islamic Books Centre
119-121, Halli Well Road
Bolton BL 3NE, U.K.

امریکہ میں ملنے کے پتے

MADRASAH ISLAMIAH BOOK STORE
6665 BINTLIFF, HOUSTON,
TX-77074, U.S.A.

DARUL-ULOOM AL-MADANIA
182 SOBIESKI STREET,
BUFFALO, NY 14212, U.S.A

شمارہ	مضامین مسائل النحو والصرف	صفحہ
۲۳	علم نحو کے موضوع:........................	۳۹
۲۴	غرض، غایت اور فائدہ میں فرق:........................	۳۹
۲۵	لفظ "اللهم" کی تحقیق وقاعدہ:........................	۴۰
۲۶	لفظ "البتہ" کی تحقیق:........................	۴۰
۲۷	لفظ "هَلُمَّ جرًّا" کی بحث:........................	۴۱
۲۸	وَمِنْ ثَمَّ كَانَ كَذَا کی بحث:........................	۴۱
۲۹	لفظ اسم اور صفت کی تعریف:........................	۴۲
۳۰	لَابُدَّمِنْهُ كَذَا کی بحث:........................	۴۲
۳۱	"لابدلہ" اور "لابدمنہ" کا فرق:........................	۴۳
۳۲	لَابُدَّ مِنْ كَذَا : کی ترکیب:........................	۴۴
۳۳	لَاسِيَّمَا كَذَا کی تحقیق وترکیب:........................	۴۴
۳۴	سَوَاءٌ كَانَ كَذَا اَمْ كَذَا: کی تحقیق:........................	۴۵
۳۵	فَصَاعِدًا: پر جامع بحث:........................	۴۵
۳۶	لفظ "فَبِهَا" کی تحقیق وترکیب:........................	۴۵
۳۷	لفظ "لَامُحَالَةَ" کی ترکیب وتحقیق:........................	۴۶
۳۸	لفظ "مَعًا" کی عجیب تحقیق:........................	۴۶
۳۹	لفظ "فَقَط" کی ترکیب وتحقیق:........................	۴۶
۴۰	لفظ "اَيْضًا" کی ترکیب وتحقیق:........................	۴۷
۴۱	لفظ "جَرِ جَوَارِ" کی تحقیق:........................	۴۸
۴۲	اختلاف عوامل درشرط وجزا:........................	۴۸
۴۳	کل اسمائے مشتقات:........................	۴۹
۴۴	اقسام مرفوعات مع امثال:........................	۴۹
۴۵	بحث اسم فاعل وفاعل:........................	۴۹

شمارہ	مضامین مسائل النحو والصرف	صفحہ
۴۶	اسم فاعل اور فاعل میں فرق:	۵۱
۴۷	اسم فاعل کے صیغے کم کیوں؟:	۵۱
۴۸	فاعل نسبتی اور فاعل مبالغہ میں فرق:	۵۱
۴۹	بحث مبتدا وخبر:	۵۲
۵۰	اقسام معرفہ ایک شعر کے اندر:	۵۲
۵۱	کتنی صورتوں میں مبتدا کا مقدم لانا واجب ہے:	۵۳
۵۲	کتنی صورتوں میں خبر کو مقدم کرنا واجب ہے:	۵۳
۵۳	مبتدا اور خبر میں کتنی چیزوں میں مطابقت ضروری ہے؟	۵۴
۵۴	مبتدا خبر میں مطابقت کیلئے آٹھ شرطیں ضروری ہیں:	۵۴
۵۵	"اَلْكَلِمَةُ لَفْظٌ" میں اعتراض اور اس کا جواب:	۵۷
۵۶	مبتدا و خبر میں مطابقت ہر جگہ لازم نہیں:	۵۸
۵۷	اقسام منصوبات مع مثالیں:	۵۹
۵۸	بحث مفاعیل خمسہ:	۵۹
۵۹	مصدر اور مفعول مطلق کے درمیان فرق:	۵۹
۶۰	بحث اسم مفعول:	۶۰
۶۱	مفعول کی چار علامتیں ہیں:	۶۰
۶۲	اسم مفعول اور مفعول میں فرق:	۶۱
۶۳	کون کونسے مفعول نائب فاعل بن سکتے ہیں؟:	۶۱
۶۴	اقسام مجرورات مع مثال:	۶۲
۶۵	بحث اسمائے اشارہ:	۶۲
۶۶	طریقہ استعمال اسمائے اشارات:	۶۴
۶۷	بحث عدد و معدود:	۶۵
۶۸	اہم اور ضروری قواعد نحو:	۶۷

شمارہ	مضامین مسائل النحو والصرف	صفحہ
٦٩	لدیٰ اور عند میں فرق:........................	٦٧
٧٠	بحث منصرف وغیر منصرف:........................	٦٧
٧١	پیغمبروں کے نام منصرف وغیر منصرف پر دو اشعار:........................	٦٩
٧٢	اقسام غیر منصرف:........................	٦٩
٧٣	اوزان عدل پر دو شعر:........................	٧٠
٧٤	اقسام اضافت:........................	٧١
٧٥	اضافت معنوی کی تین قسمیں ہیں:........................	٧٢
٧٦	اقسام ظروف:........................	٧٢
٧٧	اسم ظرف کے اوزان پر ایک شعر:........................	٧٢
٧٨	ظرف کی چار قسمیں:........................	٧٣
٧٩	ظرف مستقر اور ظرف لغو میں فرق:........................	٧٣
٨٠	بحث اسم تفضیل:........................	٧٤
٨١	اسم تفضیل کے استعمال کئی صورتیں ہیں:........................	٧٥
٨٢	اسمِ تفضیل اور صفتِ مشبّہ میں فرق:........................	٧٧
٨٣	بحث حال ذوالحال:........................	٧٧
٨٤	حال کی چھ قسمیں ہیں:........................	٧٨
٨٥	اوزان اور تکیل، ایک شعر میں:........................	٧٩
٨٦	حال اور تمیز میں فرق:........................	٧٩
٨٧	حال متداخلہ اور حال مترادفہ میں فرق:........................	٨٠
٨٨	اقسام اسم غیر متمکن:........................	٨١
٨٩	اوزانِ جمع قلت وکثرت:........................	٨١
٩٠	جمع کثرت کے دس اوزان مشہور ہیں:........................	٨١
٩١	اسمِ جمع اور مطلق جمع میں فرق:........................	٨٢

صفحہ	مضامین مسائل النحو والصرف	شمارہ
۸۲	جمع قلت کے اوزان ایک شعر میں:	۹۲
۸۲	شبہ جمع کی تعریف:	۹۳
۸۳	اسم جمع، جمع اور اسمِ جنس میں فرق:	۹۴
۸۳	اقسام معرب ومبنی:	۹۵
۸۳	بحث بدل ومبدل منہ:	۹۶
۸۴	بدل الکل اور عطف بیان میں فرق:	۹۷
۸۴	ضمیر شان وضمیر قصہ:	۹۸
۸۵	ضمیر مبہم کی تعریف:	۹۹
۸۵	بحث اسم موصول وصلہ:	۱۰۰
۸۶	شرط وجزا کے چند قواعد یہ ہیں:	۱۰۱
۸۶	بحث منادیٰ:	۱۰۲
۸۷	بحث اسم تصغیر:	۱۰۳
۸۷	اسم تصغیر کے چند قاعدے ہیں:	۱۰۴
۸۸	بحث اسم منصوب بنزع الخافض:	۱۰۵
۸۸	اسم جنس، علم جنس اور علم شخصی کا فرق:	۱۰۶
۸۹	جو اشیاء صدارت کلام کو چاہتی ہیں وہ کل چھ ہیں:	۱۰۷
۹۰	بحث تذکیر وتانیث:	۱۰۸
۹۰	مؤنث لفظی کی تین قسمیں ہیں:	۱۰۹
۹۰	مؤنث معنوی کی چار قسمیں ہیں:	۱۱۰
۹۰	مؤنث کی علامتیں آٹھ ہیں اشعار میں:	۱۱۱
۹۰	مؤنث سماعی کے قاعدے یہ ہیں:	۱۱۲
۹۱	مؤنث کی دو صورتیں ہیں:	۱۱۳
۹۱	وہ اسماء جن میں تذکیر وتانیث دونوں جائز ہیں:	۱۱۴

شمارہ	مضامین مسائل النحو والصرف	صفحہ

شمارہ	مضامین مسائل النحو والصرف	صفحہ
۱۶۰	لفظ ''صیغۃ'' کا لغوی واصطلاحی معنی:	۱۴۴
۱۶۱	لفظ ''صیغہ'' کی دوسری تحقیق:	۱۴۴
۱۶۲	لفظ ''صیغہ'' کی تیسری تحقیق	۱۴۴
۱۶۳	لفظ ''لغت'' کے لغوی واصطلاحی معنی:	۱۴۴
۱۶۴	لفظ ''اصطلاح'' کا لغوی واصطلاحی معنی:	۱۴۵
۱۶۵	لفظ ''فعل'' کی بحث:	۱۴۵
۱۶۶	فعل کی دو قسمیں ہیں:	۱۴۵
۱۶۷	فعل لغوی وفعل اصطلاحی:	۱۴۵
۱۶۸	فعل کی تعریف پر سوال وجواب:	۱۴۵
۱۶۹	فعل کی تعریف پر دوسرا اعتراض:	۱۴۶
۱۷۰	فعل تین اور اس کے اعراب بھی تین:	۱۴۶
۱۷۱	کوئی فعل چھ حروف سے تجاوز نہیں کرتا:	۱۴۶
۱۷۲	فعل کے ۱۴ صیغے اور ان کی علامتیں:	۱۴۶
۱۷۳	چودہ صیغوں میں غائب کو حاضر پر، حاضر کو متکلم پر، مذکر کو مؤنث	
۱۷۴	پر کیوں مقدم کیا جاتا ہے؟	۱۴۷
۱۷۵	واؤ جمع اور واؤ عطف میں فرق:	۱۴۹
۱۷۶	اوزانِ فعل آٹھ ہیں:	۱۴۹
۱۷۷	افعال اور انفعال کا فرق:	۱۵۰
۱۷۸	فعل اور فاعل کے متعلق چند قاعدے	۱۵۰
۱۷۹	اسمائے افعالِ ماضی اور امر میں فرق:	۱۵۰
۱۸۰	اُترک اور ذر میں فرق:	۱۵۱
۱۸۱	بحث فعل مضارع:	۱۵۱
۱۸۲	فعل مضارع کو مضارع کہنے کی وجہ:	۱۵۱

شمارہ	مضامین مسائل النحو والصرف	صفحہ

شمارہ	مضامین مسائل النحو والصرف	صفحہ
٣١٩	تاءتانیث ساکنہ:...............................	٢٣٤
٣٢٠	حروف عاملہ:...............................	٢٣٥
٣٢١	حروف عاملہ کی ٩ قسمیں ہیں:...............................	٢٣٥
٣٢٢	حروف جارہ (١٧):...............................	٢٣٥
٣٢٣	حروف مشبہ بالفعل (٦):...............................	٢٣٥
٣٢٤	کَأَنَّ: یہ چار معنی کیلئے آتا ہے:...............................	٢٣٦
٣٢٥	حروف ماولا بمعنی لیس:...............................	٢٣٧
٣٢٦	حروف لائے نفی جنس:...............................	٢٣٧
٣٢٧	لائے نفی اور نائے نفی کا فرق:...............................	٢٣٨
٣٢٨	حروف ندا (٥):...............................	٢٣٨
٣٢٩	قواعد حروف ندا:...............................	٢٣٨
٣٣٠	واؤ بمعنی مع:...............................	٢٣٩
٣٣١	حروف استثناء، کل آٹھ ہیں:...............................	٢٣٩
٣٣٢	حروف نواصب مضارع چار ہیں:...............................	٢٣٩
٣٣٣	جوازم حروف مضارع پانچ ہیں:...............................	٢٤٠
٣٣٤	جزم اور وقف میں فرق:...............................	٢٤٠
٣٣٥	اَنْ چھ حروف کے بعد مقدر ہوتا ہے:...............................	٢٤١
٣٣٦	واؤ صرف کی تعریف:...............................	٢٤١
٣٣٧	وہ "فاء" جو چھ چیزوں کے جواب میں واقع ہو:...............................	٢٤١
٣٣٨	نہی اور نفی کے درمیان فرق:...............................	٢٤١
٣٣٩	بحث اِنَّ واَنَّ:...............................	٢٤٢
٣٤٠	اِنَّ اور اَنَّ میں فرق:...............................	٢٤٣
٣٤١	اِنَّ اور اَنَّ میں معنوی فرق:...............................	٢٤٣

شمارہ	مضامین مسائل النحو والصرف	صفحہ
۳۴۲	بحث ''إنَّما'':	۲۴۴
۳۴۳	اِنَّمَا تین چیز کیلئے زیادہ تر استعمال کیا جاتا ہے:	۲۴۴
۳۴۴	بحث ''ما کافہ'':	۲۴۵
۳۴۵	اَم کی دو قسمیں ہیں:	۲۴۵
۳۴۶	کلماتِ ربط:	۲۴۵
۳۴۷	اقسام ''واوٗ'' (۱۲):	۲۴۶
۳۴۸	بحث اقسام ''ما'' (۱۲):	۲۴۶
۳۴۹	اقسام ''نون'' (۵):	۲۴۷
۳۵۰	تنوین اور نونِ خفیفہ میں فرق:	۲۴۸
۳۵۱	قاعدہ نون تثنیہ وجمع:	۲۴۸
۳۵۲	اقسام ''لام'' (۱۳):	۲۴۸
۳۵۳	لامِ جحد، لام کی اور لائے نفی جنس کا فرق:	۲۴۹
۳۵۴	''اِذْ'' یہ چار معنی کیلئے مستعمل ہے:	۲۴۹
۳۵۵	اِذ، اور اِذا کے استعمال میں فرق:	۲۵۰
۳۵۶	إذَنْ: اس کی اصل إذْاَن تھی:	۲۵۰
۳۵۷	اِذ، اِذا، اِذا اور اِذ ما میں فرق:	۲۵۰
۳۵۸	ما اور اَن کا استعمال:	۲۵۱
۳۵۹	ذو کی بحث:	۲۵۱
۳۶۰	بحث حروف مشبہ بالفعل:	۲۵۱
۳۶۱	بحث حروف قسمیہ:	۲۵۲
۳۶۲	حروف قسمیہ تین ہیں:	۲۵۲
۳۶۳	اِلیٰ آٹھ معانی کیلئے:	۲۵۲
۳۶۴	بحث حروف مبانی یا حروف تہجی:	۲۵۳

شمارہ	مضامین مسائل النحو والصرف	صفحہ

شمارہ	مضامین مسائل النحو والصرف	صفحہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

تقریظ:

حضرت مولانا الحاج مفتی عبدالغفار صاحب مدظلہ العالی

(رئیس دارالافتاء جامعہ مدینۃ العلوم ناظم آباد، کراچی)

الحمد لله و کفٰی سلام علی عباده الذین اصطفٰی امابعد!

جناب مولانا محمد نور حسین قاسمی صاحب کی کتاب ''مسائل النحو والصرف'' کا میں نے جستہ جستہ مطالعہ کیا ہے۔ کتاب ماشاء اللہ بہت معلومات افزا ہے اور ایسے نکات ومواد پر مشتمل ہے جس کیلئے طلبہ عام طور پر متلاشی رہتے ہیں اور جو عام درسی کتب میں نہیں ملتے، اور کمال یہ ہے کہ ہر بات کا اور ہر نکتہ کا حوالہ بھی دیا گیا ہے۔ گویا کتاب کی ہر چیز مستند ہے۔ نحو وصرف سے دلچسپی رکھنے والوں کیلئے یہ کتاب نہایت مفید ہے۔ اللہ تعالیٰ مولانا کی اس محنت کو قبول فرمائے اور اہل علم کو اس سے استفادہ کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین ثم آمین

(حضرت الحاج مولانا مفتی) عبدالغفار عفااللہ عنہ

وعافاه وجعل آخرته خیراً من اولاه (مدظلہ العالی)

جمعرات: ۸، رمضان المبارک ۱۴۲۶ھ بمطابق: ۱۳، اکتوبر ۲۰۰۵ء

بسم اللہ الرحمن الرحیم

تقریظ:

امام النحو والمناظرہ شیخ الحدیث اشرف المدارس الحاج مولانا ابو عمر عبدالرشید صاحب مدظلہ العالی (خلیفہ مجاز حضرت مولانا شاہ حکیم محمد اختر صاحب)

الحمدلمن ھواھلہ والصلوٰۃعلی اھلھا. امابعد!

کتاب ''مسائل النحو والصرف'' تالیف لطیف مولانا محمد نور حسین قاسمی، کو کچھ مقامات سے دیکھا۔ کتاب کو دیکھنے سے اندازہ ہوا کہ مولانا موصوف نے خوب محنت فرمائی ہے، ہر مسئلہ کو واضح اور سہل انداز میں ذکر کرنے کی کوشش کی ہے۔ کہیں کسی قسم کا ابہام محسوس نہیں ہوا، نیز مسائل کے بیان میں حوالہ جات کا حتی الوسع اہتمام فرمایا ہے۔ جس سے کتاب کے معتمد اور مستند ہونے میں اضافہ ہوا ہے۔ گویا کہ مولانا فرما رہے ہیں: ......

میں ان کے مطلب کی کہہ رہا ہوں
زبان میری ہے بات ان کی

حقیقت یہ ہے کہ ہمارا اصل سرمایہ اکابر و اسلاف کے علوم ہی ہیں، اور ہمارا علم وفضل انہیں کی کاوشوں اور اخلاص کا مرہون منت ہے۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ رب کریم اس کتاب کو مولانا کی دیگر کتب کی طرح قبول عام وخاص نصیب فرمائے اور پڑھنے والوں کے علم میں برکت عطا فرمائے اور مولانا موصوف کیلئے آخرت میں نجات کا باعث بنائے۔ آمین ثم آمین۔ برحمتک یاارحم الراحمین.

(حضرت مولانا الحاج) عبدالرشید غفرلہ (مدظلہ العالی)

بروز ہفتہ: ۲۴ رمضان المبارک ۱۴۲۶ھ ۲۹، اکتوبر ۲۰۰۵ء

بسمِ اللهِ الرحمٰن الرحیم

نقوش وتأثرات

(سابق شیخ الحدیث جامعہ محمودیہ، کراچی)

الحمد لله رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علی نبیه الکریم.

وعلی اٰله واصحابه اجمعین. أمابعد !

عزیز مکرم جناب مولانا محمد نور حسین صاحب قاسمی کی کتاب ''مسائل النحو و الصرف'' کو میں نے از اول تا آخر جستہ جستہ مطالعہ کیا، کتاب ماشاء اللہ کافی معلومات افزاء ہے۔ کمزور ذہن، کم فرصت، کم وقت اور اس فن سے کم مناسبت رکھنے والے طلبہ کیلئے بھی یہ ایک نعمت عظمیٰ سے کم نہیں ہے، دور حاضر بھی اختصار کا متقاضی ہے، مباحث کے پیراگراف مناسب ومختصر ہے، موضوع ومضمون بڑے دلچسپ ہیں، طرّہ یہ ہے کہ ہر ایک مسئلہ مستند وباحوالہ ہے فن نحو وصرف سے محبت ومناسبت رکھنے والوں کیلئے یہ سرمایۂ گراں مایہ ہے۔ اللہ تعالیٰ گرامی قدر موصوف کو علم وعمل سے مالا مال فرمائے، اوران کی اس محنت کو قبول فرمائے اور اکابرین اہل السنۃ والجماعۃ کے منہج اور اسلافِ علماء دیوبند کے نقش قدم پر خوب علمی کام کرنے کی توفیق خیر رفیق کا مصداق بنائے۔ آمین یارب العالمین

(حضرت مولانا) خادم العلم محمد نور الحسن صاحب (مدظلہ العالی)

جمادی الثانی ۱۴۲۷ھ، نزیل: لانڈھی، کراچی ۳۰، پاکستان

اہم گذارش

ایک مسلمان، مسلمان ہونے کی حیثیت سے قرآن مجید، احادیث اور دیگر دینی کتب میں عمداً غلطی کا تصور نہیں کرسکتا، اسلئے اس کتاب "مسائل النحو والصرف" کے اندر اگر کوئی علمی، نحو وصرف کے متعلق اچھی چیز ملی ہو تو یہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے۔ اگر کوئی کوتاہی یا سہواً کوئی اغلاط رہ گئی ہوں، تو وہ اس کا ذمہ دار، فکرِ نارسا اور شیطانی تصرف کو سمجھا جائے، لیکن اس کی تصحیح واصلاح کا انتہائی اہتمام کیا گیا ہے۔ اسی وجہ سے ہر مؤلف وناشر کی جانب سے کتاب کی تصحیح پر زرکثیر صرف کیا جاتا ہے۔

تاہم انسان، انسان ہے۔ اگر اس اہتمام کے باوجود بھی کسی غلطی پر آپ مطلع ہوں، تو اسی گذارش کو مدنظر رکھتے ہوئے ہمیں مطلع فرمائیں تاکہ آئندہ ایڈیشن میں اس کی اصلاح ہوسکے۔ اور آپ "تَعَاوَنُوْا عَلَى الْبِرِّ وَالتَّقْوٰى" کے مصداق بن جائیں۔

وَمَاذَالِکَ عَلَى اللّٰهِ بِعَزِيْزٍ

اظہارِ تشکر وامتنان

اللہ کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ جس نے اپنے بندوں کو راہ ہدایت کے ساتھ صراط مستقیم پر چلنے کی توفیق دی اور ساتھ ساتھ اپنے دین کی خدمت کا موقع بھی عطاء فرمایا اور مرتب ناچیز کو بھی چودہ، پندرہ سال طلبۂ عزیز کے سامنے درس دینے کا شرف حاصل ہوا۔ اس دوران بندہ نے عزیز طلبہ کیلئے علوم نحو وصرف کے متعلق بعض اہم اور ضروری مضامین کو جمع کیا تھا، جنہیں بعض اکابر اور دوستوں کے حکم پر ایک کتابی شکل دی گئی ہے۔ اور کوشش یہ کی گئی ہے کہ مضامین اہم اور دلچسپ ہوں اور طویل بھی نہ ہوں۔ چونکہ علم النحو کا احاطہ نہ کوئی کرسکتا ہے نہ ممکن ہے۔ پھر بھی قارئین کو اس کتاب میں بہت سی کتابوں کے اہم مضامین وخلاصہ مل جائے گا۔

اور یہ سب کچھ ناممکن تھا مگر اللہ تعالیٰ نے بعض دوستوں اور بزرگوں کی راہنمائی میسر فرمائی، جس کی وجہ سے اس علمی میدان میں قدم رکھنے کی ہمت ہوئی۔ اس سلسلے میں جن صاحب علم، حفاظ وعلماء کا تعاون شامل رہا ان میں مشفق مکرم مولانا الحاج محمد اشفاق علوی صاحب حفظہ اللہ ورعاہ کی شفقت سرفہرست رہی۔ کیونکہ جہاں بھی راقم کی نوکِ قلم نے ٹھوکریں کھائی، وہاں ان کی شفقت نے راہبری کی، ان کے علاوہ عزیز مولوی حافظ حبیب اللہ زکریا صاحب (استاد جامعہ فاروقیہ) کی توجہ وتعاون بندہ کے ساتھ رہا، اور عزیز مولوی کفایت اللہ ودیگر معاونین کی مدد بھی شامل رہی۔ اس کے علاوہ جن لوگوں سے بندہ کو کسی بھی قسم کا تعاون ملا بندہ ان سب کا بھی شکر گذار ہے۔

مرتب: مولوی محمد نور حسین قاسمی غفر اللہ لہ ولوالدیہ

مقدمۃ الکتاب

دنیا میں یہ بات ہر خاص وعام پر عیاں ہے کہ معمولی سے مکان سے لے کر عالیشان شاہی محل تک جو بھی عمارت کھڑی کی جاتی ہے اُس عمارت کے پختہ اور مضبوط ہونے کا دارومدار اُس کی بنیاد پر ہے۔ اگر اس کی بنیاد مضبوط ہوگی تو وہ عمارت بھی مضبوط ہوگی اور اگر اس کی بنیاد کمزور ہے تو پھر اُس پر کتنا عالیشان شاہی محل ہی کیوں نہ ہو، کسی وقت بھی منہدم ہوکر ملبہ کا ڈھیر بن سکتا ہے۔ اسی بناء پر دنیا میں آپ نے بارہا یہ مشاہدہ کیا ہوگا کہ جب بھی کوئی آدمی خوبصورت مکان، کوٹھی، بنگلہ اور اعلی محل تعمیر کرتا ہے تو وہ اس کی بنیاد پر خصوصی توجہ دیتا ہے کہ کہیں اگر بنیاد کمزور رہ گئی تو یہ خوبصورت عمارت اور یہ عالیشان محل تباہ ہوکر مٹی کا ڈھیر بن جائے گا۔ اور برسوں کی کمائی ومحنت خاک میں مل جائے گی۔ لہذا جیسے مادی وظاہری تعمیرات میں عمارت کے پختہ اور مضبوط ہونے کا دارومدار، بنیاد کے قوی اور مضبوط ہونے پر ہے۔ ایسے ہی روحانی تعمیرات کی بنیاد کی مضبوطی دو چیزوں سے ہوگی، اول علوم قرآنیہ، دوم احادیث نبویہ ﷺ سے۔ اور یہ اپنی عظمت ومرتبت کے لحاظ سے سونے، چاندی، ہیرے اور جواہرات سے زیادہ عظیم المرتبت ہیں اور ان عظیم علوم کی بنیاد علوم نحویہ اور صرفیہ ہیں۔

اس لئے علوم صرفیہ ونحویہ کی اہمیت کو بیان کرنے کیلئے اتنا ہی کافی ہے کہ یہ علوم بنیاد بن رہے ہیں علوم قرآنیہ واحادیث نبویہ ﷺ، جیسے بے مثال عظیم المرتبت محل کے لئے، اسی فضیلت واہمیت کے پیش نظر راقم نے اپنی تیرہ چودہ سالہ تدریس کے دوران بے ترتیب علوم نحویہ وصرفیہ کے مسائل کو جمع کیا تھا، جن کو محض اللہ پاک کی توفیق وکرم سے طالبان علوم دین کی خدمت میں پیش کیا جارہا ہے۔ بارگاہ ایزدی میں التجاء ہے کہ الٰہی! ان کو اپنی بارگاہ میں قبول فرمایئے اور طلباء کرام اور مستفیدین کیلئے نافع بنایئے اور راقم کے والدین واساتذہ، معاونین اور مخلصین کیلئے نجات کا ذریعہ بنایئے، آمین یارب العالمین۔

بحث اسم

بحث "بِسمِ اللّٰہِ"

بسم الله الرحمن الرحيم

علماء فرماتے ہیں کہ جس طرح کلام پاک، تمام علوم اولین وآخرین کا مجموعہ ہے۔ اسی طرح انہوں نے قرآن کے پہلے لفظ یعنی "بسم الله الخ" کی ترکیب کے بارے میں عجیب باتیں لکھی ہیں، چنانچہ فرمایا کہ "بسم الله الرحمن الرحيم" کے اندر کل پانچ ہزار تین سو بارہ (۵۳۱۲) تراکیب کی اختلاف معانی کے ساتھ گنجائش ہے۔

(مزید تفصیل کیلئے، فرائد منثورہ در تحقیقات کلمات مستورہ، ص: ۶۱ تا ۶۳)

بسم اللہ کے اسرار

علماء نے بسم اللہ کے بہت سارے اسرار بیان کئے ہیں ان میں سے چند اسرار مندرجۂ ذیل ہیں۔ پہلا سر یہ ہے کہ بسم الله الرحمن الرحيم کا ہر ہر حرف اللہ تعالیٰ کے اسماء کا ابتدائی حرف ہے بایں طور کہ اللہ تعالیٰ کے اسماء میں سے ایک اسم "بَصِیرٌ" ہے اس سے حرف باء لیا اور سَمِیْعٌ سے سین لیا۔ مَلِکٌ سے میم لیا اور اَللّٰہُ سے الف لیا، لَطِیْفٌ سے لام لیا۔ اور ھَادِیٌ سے ہاء لیا اور رَزَّاقٌ سے راء لیا، اور حَلِیْمٌ سے حاء لیا۔ اور نُوْرٌ سے نون لیا۔ دوسرا سر یہ ہے کہ بسم الله کا ابتدائی حرف باء ہے اور انتہائی حرف میم، دونوں حروف شفویہ ہیں، دونوں ایک ہی مخرج کے حروف ہیں کہ دونوں ہونٹوں کے درمیان سے نکلتے ہیں۔ تیسرا سر یہ ہے کہ دوزخ کے ذمہ دار انیس (۱۹) فرشتے ہیں اسی طرح بسم الله کے حروف کی تعداد بھی انیس (۱۹) ہے۔ (تحفۃ الطالبین، ص: ۱۳)

اس آیت مبارکہ میں کل انیس (۱۹) حروف بنتے ہیں۔ اس آیت کے

ہر لفظ کا استعمال بھی قرآن پاک میں اس ترتیب سے ہوا ہے کہ ان کا شمار انیس (۱۹) کا مرکب مضاعف بنتا ہے۔آپ اس طرح سمجھ لیجئے کہ اس آیت کا پہلا لفظ ''اسم'' ہے اس کا استعمال قرآن میں انیس مرتبہ ہوا ہے۔دوسرا لفظ ''اللہ'' ہے،اور یہ قرآن میں کل دو ہزار چھ سو اٹھانوے (۲۶۹۸) مرتبہ آیا ہے جو کہ انیس (۱۹) ہی کا حاصل ضرب ہے۔مثلاً: ۱۴۲×۱۹=۲۶۹۸ ہے۔

تیسرا لفظ ''الرحمن'' ہے۔اورلفظ ''الرحمن'' قرآن میں ۵۷ مرتبہ تحریر ہے، جوکہ انیس (۱۹) کا ۳ سے حاصل ضرب ہے۔اس کے علاوہ چوتھا اور آخری لفظ ''الرحیم'' ہے۔جوقرآن میں ۱۱۴ مرتبہ استعمال ہوا ہے۔یہ بھی ۱۹ کے عدد سے ۶ کا حاصل ضرب ہے۔(واضح ہو کہ لفظ اسم جو قرآن میں ۱۹ دفعہ آیا ہے۔یہ ''بسم اللہ الرحمن الرحیم'' کے علاوہ ہے)۔اور علماء نے لکھا ہے کہ دن رات کے چوبیس گھنٹے ہوتے ہیں۔پانچ گھنٹوں کیلئے تو پانچ وقت کی نمازیں مقرر ہیں اور بقیہ اُنیس گھنٹوں کیلئے یہ بسم اللہ کے انیس حروف عطا فرمائے گئے تاکہ انیس گھنٹوں میں ہر نشست و برخاست ہر حرکت وسکون اور ہر کام کے وقت ان انیس حروف کے ذریعے برکت وعبادت حاصل ہو۔یعنی ان حروف (بسم اللہ الرحمٰن الرحیم) کی برکت سے یہ انیس گھنٹے بھی عبادت میں لکھے جائیں،اور قرآن کی ایک سو چودہ سورتیں بھی انیس (۱۹) سے تقسیم ہو جاتی ہیں۔نیز تسمیہ بطور آیت قرآنیہ، قرآن کریم کے ۱۹ ویں پارے میں مذکور ہے۔

فائدہ:......اور عدد انیس (۱۹) کے بارے میں علماء نے بہت سی حکمتیں اور نکات لکھے ہیں۔(۱) حضرت تھانویؒ فرماتے ہیں کہ جن چیزوں پر ایمان لانا ضروری ہے ان کی تعداد انیس ہے (۲) حکمائے اسلام اور مفسر مہائمیؒ کہتے ہیں کہ دوزخ پر انیس فرشتے مقرر کرنے میں بھی حکمت یہ ہے کہ انسان کے حواس ظاہرہ بھی پانچ ہیں،اور

حواس باطنہ بھی پانچ اور اللہ تعالیٰ نے انسان میں جو قوتیں رکھی ہیں وہ نو، تو اس طرح انیس ہوئے (۳) حضرت شاہ ولی اللہ اور شاہ عبد العزیز دہلویؒ فرماتے ہیں کہ ہر جاندار کے اندر آلات کسب انیس (۱۹) ہیں (۴) انسانی روح کے مراکز بھی انیس ہیں (۵) نماز میں جو چیزیں ضروری ہیں وہ بھی انیس باتیں ہیں۔ (مزید تفصیل کیلئے دیکھئے، حقیقت قرآن، فضائل حفظ القرآن، ص:۴۰۲، وقرآن کے محیر العقل شماریات، ص:۵، ۶، ناشر: عالمی ادارۂ اشاعت علوم اسلامیہ، ملتان، تفسیر عزیزی، ج ۱ ص:۱۶، آداب القرآن، مؤلفہ خطیب اسلام مولانا اجمل خان صاحبؒ، خزینہ، مؤلفہ مولانا اسلم شیخوپوری صاحب زید مجدہم)

بسم اللہ کی ''ب'' مکسور کیوں؟

بسم اللہ کی باء پر ایک اشکال یہ ہوتا ہے کہ حرف باء مکسور کیوں؟ حالانکہ مبنی میں اصل سکون یا فتحہ ہے۔ کسرہ پر مبنی ہونا خلاف اصل ہے۔ یہاں اصل سے خلاف اصل کی طرف عدول کرنے کی وجہ کیا ہوئی؟

اس کا جواب یہ ہے کہ باء پر سکون تو نہیں ہوسکتا، کیونکہ اس وقت شروع میں ساکن ہونے کی وجہ سے اس کا تلفظ محال ہو جائے گا، اس لئے اسے حرکت دینی ضروری ہے۔ اب دیکھنا یہ ہے کہ حرکاتِ ثلثہ میں سے کون سی حرکت سکون کے ساتھ زیادہ مناسبت رکھتی ہے۔ غور کرنے کے بعد معلوم ہوتا ہے کہ کسرہ کو سکون کے ساتھ مناسبت ہے۔ بایں طور کہ سکون کا معنی ہے عدم الحرکت۔ اور کسرہ قلیل الاستعمال ہے۔ چونکہ فعل اور غیر منصرف پر کسرہ نہیں آتا ہے اور قلت نام ہے عدم الکثرۃ کا۔ پس معنیٔ عدم میں کسرہ کو سکون کے ساتھ مناسبت ہے۔ اس لئے وقت ضرورت میں سکون کے بجائے کسرہ کو قائم کر دیا گیا نہ کہ ضمہ یا فتحہ کو۔ دوسری وجہ یہ ہے کہ باء کا اثر جر ہے۔ اس لئے باء کو بھی

کسرہ دیا گیا تا کہ اثر اور مؤثر میں پوری مناسبت ہو جائے۔ تیسری وجہ یہ ہوسکتی ہے کہ حرف باء اسم کے ساتھ خاص ہے فعل اور حرف پر باء داخل نہیں ہوتی۔ اور کسرہ بھی اسم کے ساتھ خاص ہے لہذا حرف باء کو کسرہ دیا گیا شدت مناسبت کی بناء پر۔ چوتھی وجہ یہ ہے کہ باء کو کسرہ دے کر کسر نفسی کی تعلیم وتربیت دینی مقصود ہے تا کہ شروع ہی سے یہ بات معلوم ہو جائے کہ کمال عبودیت اور تقرب الی اللہ، کسر نفسی اور اپنی نیستی و پستی میں مضمر ہے۔ (تحفۃ الطالبین، ص:۱۹، ۲۰)

بسم اللہ کی ''ب'' کتنے معانی کیلئے مستعمل ہے؟

''بسم الله الخ'' کی باء جارہ ہے، اور حرف ''باء'' تقریباً پندرہ معنوں کیلئے استعمال ہوتا ہے (۱) الصاق کیلئے جیسے مَرَرْتُ بِزَيْدٍ (۲) استعانت کیلئے جیسے كَتَبْتُ بِالْقَلَمِ (۳) تعلیل (بیان علت کیلئے) جیسے: ﴿اِنَّكُمْ ظَلَمْتُمْ اَنْفُسَكُمْ بِاتِّخَاذِكُمُ الْعِجْلَ﴾. (۴) مصاحبت کیلئے مثال ﴿وَقَدْ دَخَلُوْا بِالْكُفْرِ﴾ (ای مع الکفر)۔ (۵) تعدیہ کیلئے جیسے: ﴿ذَهَبَ اللّٰهُ بِنُوْرِهِمْ﴾ (۶) تعویض کیلئے بِعْتُ الثَّوْبَ بِالدِّرْهَمِ (۷) قسم کیلئے: بِاللّٰهِ لَاَصُوْمَنَّ رَمَضَانَ (۸) ظرفیت: ﴿وَمَا كُنْتَ بِجَانِبِ الْغَرْبِيِّ﴾ (۹) تبعیض کیلئے: ﴿فَامْسَحُوْا بِرُءُوْسِكُمْ﴾ (۱۰) باء بمعنی عن: ﴿فَاسْئَلْ بِهٖ خَبِيْرًا﴾ (ای عنه). (۱۱) باء بمعنی علیٰ: ﴿وَمِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ مَنْ اِنْ تَاْمَنْهُ بِقِنْطَارٍ﴾ ای عَلٰى قِنْطَارٍ (۱۲) باء بمعنی اِلیٰ: ﴿وَقَدْ اَحْسَنَ بِيْ﴾ (اَیْ اِلَيَّ) ۔(۱۳) باء زائدہ: ﴿كَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا﴾ . (۱۴) تفدیه: بِاَبِيْ اَنْتَ وَاُمِّيْ (۱۵) بدل کیلئے: كَقَوْلِ الصَّحَابِيِّ ؓ: ''مَايَسُرُّنِيْ اَنِّيْ شَهِدْتُ بَدْرًا بِالْعَقَبَةِ'' اَیْ بَدَلَهَا . بہرحال حرف باء ان مختلف معانی کیلئے استعمال ہوتا ہے، ان میں حقیقی معنی الصاق کے ہیں۔ یہاں ''بسم الله الخ'' میں

باء الصاق کی بھی ہوسکتی ہے، استعانت کی بھی ہوسکتی ہے اور مصاحبت کیلئے بھی، علامہ زمخشریؒ کے نزدیک اس میں باء مصاحبت کیلئے ہے اور قاضی بیضاویؒ کے نزدیک یہاں باء استعانت کیلئے ہے۔ (مقدمہ، درس مقامات، بتغیر یسیر)

بسم اللہ اور بسملہ کا فرق

بَسْمَلَةٌ بروزن دَحْرَجَةٌ یہ باب فَعْلَلَةٌ کا مصدر ہے۔ لغت میں اس کے دو معنی آتے ہیں۔ ایک تو بسم اللہ کہنا دوسرا بسم اللہ لکھنا۔ مجازاً بسم اللہ الرحمن الرحیم کو بھی بسملہ کہا جاتا ہے۔ یہ مصدر بمعنی مفعول کے قبیل سے ہے۔ بعض لوگ لفظ بسملہ اور تسمیہ کے ایک ہی معنی سمجھتے ہیں۔ غایۃ المقصود میں ہے کہ بسملہ اور تسمیہ میں فرق ہے۔ بایں طور کہ بسملہ کے معنی بسم اللہ الرحمن الرحیم کہنا اور تسمیہ کے معنی اللہ تعالیٰ کا ذکر اور یاد کرنا خواہ وہ کسی بھی طریقے سے ہو اور اللہ تعالیٰ کے ناموں میں سے کسی بھی نام سے ہو۔ حاصل فرق یہ نکلا کہ تسمیہ عام ہے بسملہ خاص.

(تحفة الطالبين فی تحقيق خطبة المصنفين، ص: ۱۰)

بسملہ اور تسمیہ میں فرق

بعض لوگ دونوں کو ایک ہی معنی میں سمجھتے ہیں غایۃ المقصود میں لکھا ہیں کہ بسملہ اور تسمیہ میں فرق یہ ہے کہ بسملہ کا معنی ہے " بسم اللہ الرحمن الرحیم " کہنا اور لکھنا۔ اور تسمیہ کا معنی ہے اللہ تعالیٰ کا ذکر کرنا اور یاد کرنا خواہ کسی بھی طریقہ سے ہو اور اللہ تعالیٰ کے ناموں میں سے کسی بھی نام سے ہو۔ حاصل یہ نکلا کہ تسمیہ عام ہے اور بسملہ خاص ہے جس کو منطق کی اصطلاح میں عموم وخصوص مطلق کی نسبت کہتے ہیں۔ (مزید تفصیل کیلئے، مآرب الطلبہ، ص:۲۳)

لفظ ''اسم'' پر کتنی لغات جائز ہیں؟

بعض اہل لغت نے لفظ ''اسم'' کے اندر اٹھارہ لغات بتائی ہیں۔ جو کہ مندرجۂ ذیل دو اشعار سے ظاہر ہیں: ......

لِلاِسْمِ عَشْرُ لُغَاتٍ مَعَ ثَمَانِيَةٍ بِنَقْلِ جَدِّىْ بِشِيْخِ النَّاسِ اَكْمَلَهَا
سِمٌ سِمَاتٌ سِمَاوَاسْمٌ وَزِدْسِمَةٌ كَذَا سُمَا بِتَثْلِيْثٍ لِاَوَّلِهَا

(تحفة الطالبين فی تحقیق خطبة المصنفین، ص: ۲۳)

مبادیٔ علوم

بیان کیا جاتا ہے کہ ہر علم کے شروع کرنے سے پہلے چند چیزوں کا جاننا ضروری ہوتا ہے جن کو ''مبادیٔ عشر'' سے تعبیر کرتے ہیں۔ اور وہ یہ ہیں: (۱) علم کی تعریف (۲) علم کا موضوع (۳) واضع علم [مصنف کتاب]۔ (۴) وجہ تسمیہ (۵) ما بہ الاستمداد۔ (۶) حکم شارع (۷) مسائل (۸) شرف ومناقب (۹) بیان غرض و غایت (۱۰) تصدیق بالفائدہ یا فائدہ جلیلہ۔ انہی کو عربی شعر میں اس طرح بیان کیا گیا ہے:

فاول الابواب فی المبادی وتلک عشرة علی المراد
الحد والموضوع ثم الواضع والاسم والاستمداد وحکم الشارع
تصور المسائل وفضيلتها وغايته فائدة جليلة

(مآرب الطلبہ فی تحقیق الفاظ مترادفہ، ص: ۱۴)

ابتداء حقیقی، ابتداء اضافی اور ابتداء عرفی میں فرق

جاننا چاہئے کہ ابتداء کی تین قسمیں ہیں (۱) ابتداء حقیقی (۲) ابتداء اضافی (۳) ابتداء عرفی اور تینوں میں فرق یہ ہے کہ ابتداء حقیقی وہ ہے جو سب پر مقدم ہو، اس طور پر کہ اس سے پہلے کوئی شئے نہ ہو اور ابتداء عرفی اُس ابتداء کو کہتے ہیں جو مقصود سے پہلے ہو، خواہ اس شئے سے پہلے کوئی شئے ہو یا نہ ہو۔ اور ابتداء اضافی کی تعریفیں دو ہیں ایک یہ ہے کہ ابتداء اضافی وہ ہے جو کسی شئے پر مقدم ہو، عام ہے کہ اس سے پہلے کچھ ہو یا نہ ہو، دوسری تعریف یہ ہے کہ بعض پر مقدم ہو اور بعض پر مؤخر۔ (مآرب الطلبہ ص:۴۴)

الحمدُ للہ اور نحمدہٗ میں فرق

حضرات مصنفینؒ حمدِ باری تعالیٰ کیلئے دو جملے ذکر فرماتے ہیں (۱) ایک جملۂ اسمیہ یعنی الحمدللہ (۲) دوسرا جملۂ فعلیہ مضارعیہ یعنی "نحمدہ" شیخ عبدالحق محدث دہلویؒ لمعات شرحِ مشکوٰۃ ص:۲۵ ج۱، میں تحریر فرماتے ہیں کہ ظاہر یہ ہے کہ "الحمدُ" سے اس بات کی خبر دینا مقصود ہے کہ تمام محامد ذاتِ پاک کے ساتھ مخصوص ہیں اور "نحمدُ" سے انشاء حمد مقصود ہے گویا پہلا جملہ صورۃً و معنًی خبریہ ہے اور دوسرا جملہ صورۃً خبریہ ہے اور معنًی انشائیہ ہوگا، دونوں جملوں میں فرق یہ ہے کہ "الحمدُ للہ" جملۂ اسمیہ ہے، اسمیت استمرار و دوام پر دلالت کرتی ہے۔ اور اسمیت جملہ کا معنی ہے۔ "عدول الجملة عن الفعلية الى الاسمية" اور نحمدہ، جملہ فعلیہ مضارعیہ ہے جو فعل ہونے کی بناء پر حدوث و تجدد پر دال ہے اور مضارعیت استمرار پر دلالت کرتی ہے، اس طرح سے جملہ فعلیہ مضارعیہ استمرار تجدد پر دال ہوگا۔ (اشرف التوضیح ص:۸۰ ج۱)

حمد، مدح اور شکر میں فرق: ان تینوں لفظوں کے درمیان مختلف فروق بیان کے گئے ہیں۔ لیکن مختصر طور پر چند فروق نقل کرتے ہیں، حمد اور مدح کے فروق یہ ہیں،
(۱) حمد زندہ کے ساتھ خاص ہے، اور مدح عام ہے زندہ ومردہ دونوں کیلئے مستعمل ہے۔ (۲) حمد اختیاری وصف کے ساتھ خاص ہے۔ اور مدح اختیاری اور غیر اختیاری سب کیلئے ہے۔ (۳) حمد صاحب علم کے ساتھ خاص ہے۔ اور مدح عالم اور غیر عالم دونوں کیلئے عام ہے۔ (۴) حمد محبت کے ساتھ ہوتی ہے۔ اور مدح محبت اور غیر محبت سب کیلئے عام ہے۔ (۵) حمد عظمت کے ساتھ ہوتی ہے اور مدح عظمت وغیر عظمت سب کے ساتھ ہوتی ہے۔ (اسلئے حمد اور مدح میں عموم وخصوص مطلق کی نسبت ہے، علامہ زمخشریؒ کے نزدیک ان دونوں میں کوئی فرق نہیں بلکہ دونوں مترادف ہیں لہذا نسبت تساوی ہوگی)۔ (۶) حمد بعد الاحسان ہوتی ہے، اور مدح قبل الاحسان ہوتی ہے۔ (۷) حمد علی الاطلاق ماموربہ ہے، اور مدح کبھی منہی عنہ ہوتی ہے۔ (۸) حمد یقین کے ساتھ ہوتی ہے اور مدح ظن سے بھی ہوتی ہے۔ (۹) حمد صرف صفات کمالیہ پر ہوتی ہے، مدح صفات کمالیہ اور صفات مستحسنہ پر عام ہے۔ (۱۰) حمد کی نقیض (ذم) برائی ہے اور مدح کی نقیض ہجو ہے۔

اور مزید، حمد وشکر میں فروق یہ ہیں: (۱) حمد صرف زبان سے ہوتی ہے، اور شکر عام ہے خواہ زبان سے ہو یا قلب یا جوارح سے۔ (۲) حمد عام ہے چاہے نعمت کے مقابلہ میں ہو یا نہ ہو، اور شکر صرف نعمت کے مقابلہ میں ہوتا ہے۔ (۳) حمد حسی کیلئے مخصوص ہے، اور شکر عام ہے۔ (۴) حمد قول کے ساتھ خاص ہے اور شکر عام ہے۔ (۵) حمد: نعمت باطنہ پر ہوتی ہے۔ اور شکر نعمت ظاہرہ پر ہوتا ہے۔ (۶) حمد دفع شر کا نام ہے اور شکر اعطاء خیر کا نام ہے۔ (۷) حمد صرف زبان سے ہوتی ہے، نعمت کے مقابلہ میں ہونا ضروری نہیں۔ شکر نعمت کے مقابلہ میں ہوتا ہے، خواہ زبان سے ہو یا

قلب سے یا اعضاء وجوارح سے۔ امام مبردؒ کا قول ہے کہ حمد اور شکر میں کوئی فرق نہیں ہے، بلکہ دونوں ہم معنی ہیں۔ (تفصیل کیلئے دیکھئے، مسودہ درس سراجی، ص: ۲۳، ۲۴، ۲۵، مؤلف مولانا مفتی عبدالمنان صاحب، نائب مفتی دارالافتاء، دارالعلوم کراچی)

لفظ "نحو" کی لغوی تحقیق

جاننا چاہئے کہ لغت میں لفظ "نحو" کے سات معانی بیان کئے جاتے ہیں۔ جو حسب ذیل ہیں: (۱) نحو: بمعنی قصد وارادہ کرنا جیسے: نحوتُ هذا نحوًا یعنی میں نے اس کا ارادہ کیا، ارادہ کرنا۔ (۲) نحو: بمعنی راستہ جیسے: هٰذا النَّحوُ السَّوِیُّ یعنی یہ سیدھا راستہ ہے (۳) نحو: بمعنی جہت، طرف، جیسے: ذَهَبَ نَحوَ الْبَیْتِ۔ یعنی وہ گھر کی طرف گیا۔ (۴) نحو: بمعنی پھرانا، گھمانا جیسے نَحَوْتُ بَصَرِیْ اِلَیْهِ یعنی میں نے اپنی نظر کو اس کی طرف پھیرا (۵) نحو: بمعنی نوع، قسم جیسے هٰذَا عَلٰی اَرْبَعَةِ اَنْحَاءٍ یعنی یہ چار قسم پر ہے (۶) نحو: بمعنی مثل جیسے هٰذَا نَحْوُهٗ یعنی یہ اس کا مثل یا اس جیسا ہے (۷) نحو: بمعنی فصاحت جیسے مَا اَحْسَنَ نَحْوَکَ فِی الْکَلَامِ یعنی بات چیت کے اندر تمہاری فصاحت کیا خوب ہے۔ عام طور سے یہ سات معانی لفظ "نحو" کے بتائے جاتے ہیں، کسی فارسی شاعر نے ایک شعر کے اندر نحو کے سات معانی کو جمع کر دیا ہے:

ہفت معنی نحو دارد جملہ را از من بجو

قصد و مقدار و قبیلہ نوع و شرح و شبہ وسو

اور نحو کے ان سات معانی کو عربی قطعہ کے اندر بھی جمع کر دیا ہے:

نحونا نحو نحوک یاحبیبی — نحونا نحو الف من رقیب

وجدناهم مراضًا نحو قلبی — تمنوا منک نحوا من زبیبی

"یعنی قصد کیا ہم نے طرف تیرے قبیلے کے اے میرے دوست۔ پھر

گذرے ہم انداز اً ایک ہزار رقیبوں کے پاس سے۔ پایا ہم نے انہیں مریض مثل دل کے۔ تمنا کر رہے تھے وہ تجھ سے ایک خاص قسم کی کشمش کی۔"

(توضیح المعانی شرح مقدمۃ الجامی، تحفۃ الطلبہ، فرائد منثورہ، ص:۵۱)

علم النحو کی جامع اصطلاحی تعریف

علم النحو کی جامع اصطلاحی تعریف وہ ہے جو صاحب ہدایۃ النحو نے کی ہے:

عِلْمٌ بِاُصُوْلٍ یُعْرَفُ بِهَا اَحْوَالُ اَوَاخِرِ الْكَلِمِ الثَّلٰثِ مِنْ حَيْثُ الْاِعْرَابِ وَالْبِنَاءِ وَ كَيْفِيَّةُ تَرْكِيْبِ بَعْضِهَا مَعَ بَعْضٍ ۔ یعنی علم نحو ایسے قاعدوں کو جاننے کا نام ہے جن کے ذریعہ سے کلماتِ ثلثہ (اسم، فعل اور حرف) کی حالتیں معرب ومبنی ہونے کی حیثیت سے اور ان کے بعض کو بعض کے ساتھ ملانے کی کیفیت معلوم ہو۔

واضح ہو کہ علم النحو کا دوسرا نام علم الاعراب ہے۔ (مصباح النحو، مقدمہ علوم درسیہ)

☆...... علم النحو کی غرض کے متعلق صاحب ہدایۃ النحو فرماتے ہیں: وَالْغَرْضُ مِنْهُ صِيَانَةُ الذِّهْنِ عَنِ الْخَطَاءِ اللَّفْظِيِّ فِيْ كَلَامِ الْعَرَبِ ۔ یعنی علم نحو کی غرض یہ ہے کہ ذہن کو لفظی غلطیوں سے بچانا (کلامِ عرب میں گفتگو کرتے وقت یا کلمات کو باہم ملاتے وقت)۔

☆...... علم نحو کے موضوع ویسے تو تین بیان کئے جاتے ہیں لیکن سب سے جامع ومشہور موضوع وہ ہے جو صاحب ہدایۃ النحو نے بیان کیا ہے: مَوْضُوْعُهُ الْكَلِمَةُ وَ الْكَلَامُ ۔ یعنی علم نحو کا موضوع کلمہ اور کلام ہیں۔ اور بعضوں نے تمام مرکبات ومفردات کو بیان کیا ہے۔ (باقی تفصیل دیگر کتب نحو میں دیکھئے)

غرض، غایت اور فائدہ میں فرق: واضح ہو کہ جب آدمی کوئی کام کرتا ہے تو اس پر کوئی نہ کوئی اثر مرتب ہوتا ہے اگر اس اثر کو ثمرہ ونتیجہ سے تعبیر کیا جائے تو اس کا نام

فائدہ ہے۔ اگر اس اثر کو فعل کی نہایت سے تعبیر کرتے ہیں تو اس کا نام غایت ہے اور جب تک وہ فائدہ حاصل نہ ہو تب تک غرض ہے اور جب وہ فائدہ حاصل ہو جائے تو یہ غایت ہے، یا یوں کہئے کہ اگر اس اثر کی نسبت فاعل کی طرف ہو تو غرض ہے، اگر فعل کی طرف ہے تو غایت ہے۔ (دیکھئے، مقدمات ص ۱۶۴۔ ومآرب الطلبہ، ص:۱۵)

☆......اَللّٰهُمَّ :۔ اصح قول کے مطابق لفظ ''اللهم''، ''یاء'' حرف ندا اور لفظ ''اللہ'' کا مجموعہ ہے۔ اور ''ھا'' کا ضمہ منادیٰ مفرد کی بناء پر ہے۔ تخفیف کیلئے حرف ندا کو حذف کر کے اس کے عوض میں بغرض تعظیم، خلاف قیاس آخر میں ''میم مشدد'' کو ملا دیا گیا ہے۔ (علمی جواہر پارے، ص:۷، اللطائف المثمرة فی تحقیق الکلمات المشکلة)

قاعدہ:...... اکثر لفظِ اللہ کے ساتھ حرف ندا کے عوض آخر میں میم مشدد لایا جاتا ہے جیسے: اَللّٰهُمَّ. ہے۔ (ترغیب الاخوان فی ترکیب القرآن)

☆......اَللّٰهُمَّ:۔ بصریوں کے نزدیک اس کی اصل ''یا اللہ'' ہے، حرف ندا کو حذف کر کے میم مشدد لے آئے ہیں اور یہ صرف لفظ اللہ ہی کے ساتھ خاص ہے. فَلَا يُقَالُ زَيْدُمَّ وَعَمْرُومَّ. اور کوفیوں نے کہا کہ اس کی اصل :يَآ اَللّٰهُ اُمَّ بِخَيْرٍ اَیْ اِقْصِدْنَا بِخَيْرٍ ۔ پھر یہ حَيَّهَلًا کی طرح مرکب امتزاجی بنالیا گیا۔ یا ابتدا سے حرف نداء کو حذف کر دیا اور آخر سے ''اُمَّ بخیر'' میں باقی سب حذف کر کے صرف ''اُمَّ'' کی میم کو باقی رکھا گیا، تو اَللّٰهُمَّ ہو گیا۔ اُمَّ، بابِ نصر سے امر حاضر کا صیغہ ہے، اَمَّ (ن) اَمًّا، ارادہ کرنا، قصد کرنا تو اَللّٰهُمَّ کے معنی ہیں اے اللہ! (ہمارے ساتھ) بھلائی اور خیر کا ارادہ فرما۔ (تحفۃ الادب ص:۴۳، درس مقامات، ص:۶)

☆......اَلْبَتَّةَ: لفظ البتہ باب نصر سے ہے، قطعی کے معنی میں ہے، مصدر منصوب ہے کبھی بغیر الف لام بھی مستعمل ہوتا ہے۔ جیسے: لَآ اَفْعَلُهٗ بَتَّةً۔ اور نصب کی وجہ فعل مقدر

سے مفعول مطلق واقع ہوتا ہے۔ تقدیری عبارت اس طرح ہے. بَتِّ اَلْبَتَّۃَ یَابَتَّۃً اور البتۃ کا الف لام عہد ذہنی ہے ۔اور تحفۃ الطلبہ میں اس طرح بیان کیا گیا ہے کہ البتۃ مفعول مطلق ہے اور اس کا فعل ''بت'' محذوف ہے۔اس کے استعمال کی تین صورتیں ہیں ،اول: الف لام کے ساتھ ''البتۃ'' اس صورت میں الف لام عہد کیلئے ہوگا ،جیسے البتۃ ۔ دوم: بغیر الف لام کے جیسے بتۃ. سوم: بتـاتـا ، اس کا استعمال بہت کم ہے۔اور البتۃ کا مقام استعمال :اول البتۃ کا استعمال اسی جگہ ہوتا ہے جہاں تردد نہ ہو۔دوم: جہاں فعل محذوف کی وجہ سے منصوب ہوتا ہو اس کی تقدیری عبارت یہ ہے بت البتۃ بمعنی قطع قطعاً ۔اور ''البتۃ'' کے ہمزہ کے بارے میں بعض حضرات کا کہنا ہے کہ اس کا ہمزہ قطعی ہے ۔دوسرے ہمزہ وصلی کہتے ہیں ۔کیونکہ یہ ثلاثی کا مصدر ہے،اور مصادر ثلاثیہ کے ہمزہ وصلی ہوتے ہیں ۔(اللطائف المثمرۃ ،علمی جواہر پارے،ص:۹،تحفۃ الطلبہ ،ص:۴۷)

☆......هَلُمَّ جَرًّا: شرح عقائد میں ہے وَشَاکٌّ فِی اَنَّہٗ شَاکٌّ وَهَلُمَّ جَرًّا. ھلم جَــرًّا، جمہور محققین کے نزدیک یہ مرکب ہے اور بعد ترکیب "إئـتِ" کے معنی میں بولا جاتا ہے اور یہ لازم ومتعدی دونوں طرح استعمال ہوتا ہے۔(الـلـطـائف المثمرۃ فی تحقیق الکلمات المشکلۃ،علمی جواہر پارے،ص:۹)

☆......وَمِنْ ثَـمَّ کَانَ کَذَا : کافیہ میں ہے ''وَمِـنْ ثَـمَّ اُخْـتُـلِفَ فِی رَحْمٰنَ '' یہاں لفظ ''مِنْ'' جارہ تعلیلیہ اور ثَـــمَّ بـفـتـح الثاء اور میم مشددہ سے ملکر بنا ہے۔ ''ثَمَّ'' اسم اشارہ جو دور کی محسوس جگہ کی طرف اشارہ کرنے کیلئے بولا جاتا ہے،کبھی مجازاً اس کی تفسیر ''ھُنا'' سے کی جاتی ہے اور کبھی ''ھُناکَ'' سے۔(علمی جواہر پارے،ص:۹)

☆......یَـاٰدَمُ اَنْبِئْهُـمْ بِاَسْـمَائِهِمْ: یہاں پر،یا حرف ندا قائم مقام ''ادعو'' کے ہیں۔ادعو فعل ضمیر ''انا'' اس میں فاعل ''آدم'' منادیٰ مبنی علی الضم ،منصوب

محلاً مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر، نداء۔ ''أنبـــیء''
صیغہ واحد مذکر حاضر، فعل، ضمیر ''انت'' فاعل ''ھم'' ضمیر مفعول بہ، ''باء'' حرف جار،
''اسماء'' مضاف، ''ھم'' مضاف الیہ۔ مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مجرور ہوا
باء حرف جار کا، جار اپنے مجرور سے ملکر متعلق ہوا، انبـــیء فعل کا۔ فعل اپنے فاعل اور
مفعول اور متعلق سے ملکر، جملہ انشائیہ ہوکر مقصود بالنداء۔ نداء اپنے منادیٰ سے ملکر
جملہ انشائیہ ہوا۔ (ترغیب الاخوان، ص:۲۳)

☆...... مَنْ يَعْمَلْ سُوْءً يُجْزَبِهٖ. یہاں ''من'' شرطیہ جازم، محلا مبتداء ہے، یعمل
فعل مجزوم، ''ھو'' ضمیر فاعل ''سُوْءً'' مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے
ملکر جملہ فعلیہ ہوکر، شرط۔ ''یُجْزَ'' فعل مجہول ''ھو'' فاعل ''بہ'' میں با حرف جار اور ''ہ''
ضمیر مجرور، جار اپنے مجرور سے ملکر متعلق ہوا۔ ''یجز'' فعل کے ساتھ۔ فعل اپنے فاعل
اور متعلق سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر جزا۔ شرط باجزا ملکر جملہ شرطیہ ہوکر محلاً خبر، برائے مبتدا
۔مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ (ترغیب الاخوان فی ترکیب القرآن، ص:۲۳)

نوٹ:...... ہر جگہ قانون عام ہوتا ہے اور نکتہ خاص ہوتا ہے۔ (شرح علم الصیغہ، ص:۱۱۶)

☆...... <u>لفظ اسم اور صفت کی تعریف</u>:۔ جو لفظ صرف ذات پر دال ہو اور کسی قسم کی
کیفیت پر دال نہ ہو تو اس لفظ کو اسم کہتے ہیں۔ اور جو لفظ ذات مع الکیفیت پر دال ہو
اس کو صفت کہتے ہیں۔ (شرح علم الصیغہ، ص:۶۸)

قاعدہ:۔...... کسی بھی لفظ کو معنی مجازی میں استعمال کرنے کیلئے اولاً دو شرطیں ہیں (۱)
اس کے معنی حقیقی اور معنی مجازی کے درمیان کچھ مناسبت ہو۔ (۲) معنی حقیقی چھوڑنے
کی کوئی وجہ ضروری ہو۔ (علمی جواہر پارے، ص:۱۰)

☆...... <u>لَابُدَّمِنْهُ كَذَا</u>: یہ لفظ لائے نافیہ اور بُدّ بمعنی مفارقت سے مرکب ہے اور یہی
اس کے اصلی معنی ہیں۔ اور جمہور نحاۃ کے نزدیک، لا نفی جنس کا ہے اور ''بد'' اس کا اسم

نکرہ مفرد ہونے کی وجہ سے مبنی بر فتح ہے اور "لَـهُ" ظرف مستقر ہو کر خبر ہے کبھی اس کی خبر محذوف بھی رہا کرتی ہے۔ (علمی جواہر پارے، ص:۱۲)

☆......لَابُـدَّ: عندالجمہور بمعنی "ضرور بالضرور" عند سیبویہ "لا" حرف نفی اور "بد" سے مرکب ہے مگر شدت اتصال کی وجہ سے مثل حبذا کے مفرد ہو گیا۔ اس کی دو ترکیبیں کی جاتی ہیں اول: اگرچہ "لابد" حرف نفی بد سے مرکب ہے لیکن شدت اتصال کی بناء پر مفرد کے حکم میں ہو کر مبتدا ہو گا اور اس کے مابعد جو عبارت ہو گی وہ اس کی خبر بنے گی۔ چنانچہ حَبَّـذَازَیْـدٌ میں بھی بعض نحویوں سے یہی ترکیب منقول ہے۔ اور جمہور نحاۃ کے نزدیک اس میں "لا" نفی جنس کا ہے اور "بُـد" اسم لائے نفی جنس بسبب نکرہ مفرد ہونے کے مبنی علی الفتح ہے۔ اور "لـہ" ظرف مستقر ہو کر خبر ہے لائے نفی جنس کی اور بسا اوقات خبر اس کی محذوف رہا کرتی ہے اور بعض کے نزدیک اسم لا یعنی "بـــد" شبہ مضاف ہے اور قولہ "لہ" بُدّ کے ساتھ متعلق ہے خبر نہیں بلکہ خبر اس کی محذوف ہے یعنی "موجود" اور قولہ "من کذا" جار مجرور ظرف مستقر ہو کر مبتدا محذوف کی خبر ہے اور قولہ "لابد" حذف مبتدا پر قرینہ ہے اور وہ مبتدا محذوف بُدّ المنفی ہے۔ مبتدا خبر سے ملکر جملہ اسمیہ مستانفہ ہو گا، اور یہ بھی جائز ہے قولــہ "من کـذا" خبر بعد خبر ہو یا یہ بھی مثل "لـہ" کے "بد" کے ساتھ متعلق ہو اور خبر یعنی "مـوجـود" ہر دونوں متعلقین کے بعد محذوف ہو۔ (تحفۃ الطلبہ، ص:۴۵، اللطائف المثمرة فی تحقیق الکلمات المشکلة، فرائد منثورہ، ص:۱۳)

<u>لابدلہ اور لابد منہ کا فرق:</u> ان دونوں کے معنی ہیں "اس کیلئے ضروری ہے، اس کے بغیر چارہ کار نہیں" اس کی ترکیب میں دو قول ہیں (ا) لا، لائے نفی جنس، بُدّ، شبہ مضاف، لہ یا منہ، بُدّ سے متعلق ہے بُدّ شبہ مضاف اپنے متعلق سے ملکر اسم لا اس کی خبر محذوف ہے جو فعل عام (حصول، ثبوت، وجود، اور کون) سے ہو گی تقدیر عبارت یوں

ہوگی "لابُدَّلہ ثابتٌ"، لیکن اس صورت میں اعتراض یہ ہوگا کہ جب اسم شبہ مضاف ہوتا ہے تو منون ہوتا ہے، جیسے: یَاطَالِعًا جَبَلاً یہاں "بُدَّ" منون کیوں نہیں؟ اسکا جواب یہ ہے کہ یہاں شبہ مضاف کو مضاف پر محمول کر کے مضاف کا اعراب دیا گیا ہے۔ (۲) بُدَّ لا کا اسم ہے "لہ" یا "منہ" ظرف مستقر ہوکر اس کی خبر ہے (۳) لابُدَّ مِنْ کَذَا، اس کی ترکیب میں دو احتمال ہیں (۱) لَابُدَّ، الگ جملہ ہے (کما مرّ تفصیلہ) (۲) من کذا. الگ جملہ ہے "من کذا" اصل میں بعد المنفی من کذا " تھا بعد المنفی مبتدا ہے من کذا، ظرف مستقر ہوکر خبر ہے اس صورت میں "من کذا" جملہ مستانفہ ہوگا دوم "من کذا" لا کی خبر ثانی ہے اور اسکی خبر اول فعل عام محذوف ہے۔ (دیکھئے مقدمات، ص:۸۱۔ اور صاحب مجموعۃ النوادر نے بھی اس کے دو مزید فرق بیان کئے ہیں۔ دیکھئے، مجموعۃ النوادر، از مولانا مفتی علی احمد صاحب قاسمی مدرس ومفتیٔ حال مدرسہ مرادیہ مظفر نگر یوپی۔ (انڈیا)

☆...... <u>لابُدَّ مِنْ کَذَا</u>: اس کی ترکیب کے بارے میں دو احتمال ہیں، اول: "لابد" ایک جملہ ہے اور "من کذا" دوسرا جملہ ہے اور "من کذا" اصل میں وبعد المنفی من کذا ہے۔

ترکیب:...... بعد المنفی، مبتدا۔ من کذا، ظرف مستقر ہوکر خبر بن رہا ہے۔ دوم: من کذا، لا کی خبر ثانی ہے، اس کی خبر اول فعل عام محذوف ہے۔ اور فعل عام سے مراد کون، حصول، ثبوت اور وجود ہے۔ (تحفۃ الطلبہ، ص:۴۶)

☆...... <u>لَاسِیَّمَا کَذَا</u>: یہ لفظ اکثر "لا" کے ساتھ مستعمل ہوتا ہے، کبھی بغیر لا کے بھی ہوتا ہے "لَاسِیَّمَا" مشدد ومخفف، اور "لَاسِوَامَا"، ہر طرح بولا جاتا ہے۔ اور مابعد "لاسیما" کے منصوب پڑھنے میں تین وجوہ ہیں (۱) یہ استثنا کی وجہ سے منصوب ہے، بشرطیکہ ما قبل سے تعلق نہ ہو اور ما زائدہ ہو، یہی ترکیب اصح ہے۔ کیونکہ "لاسِیَّما" استثنا

کے معنی میں استعمال ہوتا ہے (۲) سی لفظ ما سے تمیز ہونے کی بناء پر منصوب ہو بشرطیکہ ما نکرہ غیر موصوفہ ہو، کیونکہ تمیز کا نکرہ ہونا ضروری ہے۔ (۳) مابعد **لَاسِیَّمَا**، **اَعْنِیْ** فعل مقدر کا مفعول ہوتا ہے۔ (اللطائف المثمرة فی تحقیق الکلمات المشکلة، علمی جواہر پارے، ص:۱۳)

☆...... **لَاسِیَّمَا**: یہ دراصل سِیَّ ہے اور "ما" زائدہ ہے یا موصوفہ یا موصولہ سے مرکب ہے۔ اور **لَاسِیَّمَا** نحاۃ کے یہاں کلمہ مستثنیٰ ہے۔ (تحفۃ الادب، ص:۳۰)

☆...... **سَوَاءٌ کَانَ کَذَا اَمْ کَذَا**: یہاں سَوَاءٌ اسم مصدر ہے لہٰذا یہ بھی مصدر کی طرح موصوف کی صفت واقع ہو سکتا ہے۔ جیسے: قال اللہ تعالیٰ: **تَعَالَوْا إِلٰی کَلِمَةٍ سَوَاءٍ بَیْنَنَا وَبَیْنَکُمْ** میں ہے۔ (علمی جواہر پارے، ص:۱۴)

☆...... **فَصَاعِدًا**: شرح جامی میں ہے "**لَایَقَعُ اِلَّا عَلَی الثَّلَاثِ فَصَاعِدًا** یہ لفظ ادنیٰ سے اعلیٰ کی طرف ترقی کیلئے بولا جاتا ہے اور حال ہونے کی بناء پر منصوب ہے۔ "فاء" عاطفہ ہے معطوف علیہ عامل، اور ذوالحال تینوں ماقبل میں مقدر ہیں، تقدیری عبارت یہ ہے "**اُذْکُرِ الْعَدَدَ نَازِلًا فَصَاعِدًا**. "اُذْکُرْ" **فعل**، "اَنْتَ" **فاعل** "اَلْعَدَدَ" **مفعول**، فعل اپنے فاعل اور مفعول سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر ذوالحال ہوا، **نازلاً، معطوف علیہ، فا، حرف عطف، فصاعداً معطوف، معطوف علیہ** اپنے معطوف سے مل کر حال ہوا ذوالحال کا، حال ذوالحال سے ملکر جملہ حالیہ ہوا۔ (تحفۃ الطلبہ، ص:۴۶، علمی جواہر پارے، ص:۱۷)

☆...... **فَبِهَا**: یہ لفظ "ب" جارہ اور "ھا" ضمیر مؤنث سے ملکر بنا ہے اور ضمیر کا مرجع ماقبل میں مقدمہ شرط کا مضمون ہے، اور فاء جزائیہ ہے، جار مجرور اور ظرف مستقر سے ملکر شرط محذوف کی جزاء ہے تقدیر عبارت یوں ہے: **اِنْ کَانَ الْاَمْرُ کَذٰلِکَ فَخُذْبِهَا**، ہے۔ (علمی جواہر پارے، ص:۱۷)

☆......لَا مُحَالَۃَ: کہا جاتا ہے "ھٰذَا لَا مُحَالَۃَ کَذَا" یہاں لامحالہ میں لانفی جنس اور "مـحـالۃ" سے ملکر بنا ہے، اور لغت میں "لا" انتقال کے معنی میں ہے، ترکیب یوں ہے، لانفی جنس، مُـحَـالَۃَ، اس کا اسم ہ نکرہ مفرد ہونے کی وجہ سے منصوب ہے۔ اور "موجود" اس کی خبر محذوف ہے۔ (علمی جواہر پارے، ص:۱۹)

☆......مَعًا: (ساتھ) جمہور نحاۃ کے نزدیک لفظ "معًا" معرب اور منصرف ہے۔ اور اس کے منصوب ہونے میں دو احتمال ہیں، اول ظرفیت کی بناء پر منصوب ہے۔ دوم: حال ہونے کی بناء پر منصوب ہے۔ اور اس کیلئے نصب ہی مخصوص ہے۔ امام سیبویہؒ کے نزدیک کے یہاں "مَـعـاً" مبنی علی السکون ہے کیونکہ اس کی وضع حروف کی وضع سے مشابہ ہے مگر اصح اور پسندیدہ قول معاً کا معرب ہونا ہے۔ کیونکہ اس پر تنوین تمکن اور جر داخل ہوتا ہے، جیسے: کُنَّا مَعًا اور جیسے: خرجت من معه۔ اور حال ہونے کی صورت میں تقدیرِ عبارت اس طرح ہوگی کہ: خَـرَجْـتُ مَعاً بمعنی حَـالَ کَوْنِـہٖ مُجْتَمِعِیْنَ. (تحفۃ الطلبہ، ص:۴۴، علمی جواہر پارے، ص:۲۰)

☆......جَـمِـیْـعًـا: یہ لفظ تاکید کیلئے ہے معًا کے مانند حالیت کی بناء پر منصوب ہے تو قولنا: خَـرَجْنَا جَمِیْعًا ۔ بمعنی حَـالَ کَـوْنِـہٖ مُجْتَمِعِیْنَ. ہوگا۔ اور "مَعًا" و "جَمِیْعًا" کے حال ہونے کی صورت میں فرق یہ ہے کہ مَعًا میں اجتماع بالفعل ایک ہی وقت میں شرط ہے اور جَمِیْعًا میں کوئی شرط نہیں۔ (تحفۃ الطلبہ، ص:۴۴، علمی جواہر پارے، ص:۲۱،۲۲)

☆......فَـقَـطْ: اس فاء میں تین اقوال ہیں۔ البتہ لفظ قط: بالاتفاق اسم فعل ہے بمعنی اِنْتَـہِ، اس کے شروع میں کبھی فاء فصیحیہ لائی جاتی ہے کیونکہ وہ شرط محذوف پر دال ہے اسی شرط محذوف کی بناء پر اس کے فا کے بعد جزا واقع ہوتی ہے۔ اور عبارت یوں ہوگی۔ اَیْ اِنْ کَـانَ الْاَمْرُ کَذٰلِکَ فَانْتَہِ عَنْ غَیْرِہٖ ۔ اور یہی اصح ہے کیونکہ ان شرطیہ کے

علاوہ اور کسی حرف شرط کی تقدیر جائز نہیں۔ بعض حضرات نے قط کو قد کے معنی میں اسم ظرف بھی بتایا ہے۔ (تحفۃ الطلبہ، ص:۴۷، اللطائف المثمرة فی تحقیق الکلمات المشکلة، علمی جواہر پارے، ص:۲۲)

☆......فَقَطْ: یہ (قط) اسم فعل ہے امر حاضر کے معنی میں ہے ای انته (رک جا) اور "ف" جو اس پر داخل ہے جزائیہ ہے شرط محذوف کی، اور فقط کی اصل عبارت اس طرح ہے: إذَا جَرَرْتَ بِهَا الْإِسْمَ فَانْتَهِ عَنْ عَمَلٍ غَيْرِ الْجَرِّ۔ (مصباح العوامل، شرح مائۃ عامل، ص:۱۲)

☆......قَطُّ: یہ ظرف زمان ہے استغراق ماضی کیلئے آتا ہے اور نفی کے ساتھ خاص ہے خواہ لفظاً ہو جیسے: مَافَعَلْتُ هٰذَا قَطُّ یامعنا، جیسے: لَمْ يَسْمَعْ قَطُّ مِثْلُهُ. قَطَّ (ن) قَطًّا. مصدر ہے۔ (تحفة الادب، ص: ۱۴۶)

☆......ایضًا: یہ مفعول مطلق ہے اس کا فعل آض کا وجوبا وسماعاً حذف کیا جاتا ہے۔ آض فعل ھو ضمیر فاعل، "ایضًا" مفعول مطلق ملکر جملہ فعلیہ خبریہ معترضہ ہوتا ہے۔
(اللطائف المثمرة فی تحقیق الکلمات المشکلة، مصباح العوامل، ص:۶۲)

☆......اَیٌّ: یہ ہمیشہ مضاف ہوتا ہے، جیسے اَيُّهُمْ اَشَدُّ عَلَى الرَّحْمٰنِ. اس کے استعمال مختلف ہیں، موصوف ہوتا ہے جیسے يَآ أَيُّهَا الرَّجُلُ اور کبھی صفت بھی واقع ہوتا ہے جیسے مَرَرْتُ بِرَجُلٍ اَیِّ رَجُلٍ غَیْرِهٖ. (مصباح العوامل، ص:۵۹)

☆......"بِمَ" یہاں حالت جری میں ما استفہامیہ کا الف گرا دینا اور حرکت فتحہ کا باقی رکھنا ضروری ہے تاکہ وہ الف کے حذف پر دلالت کرے، اور ما استفہامیہ کو ما موصولہ سے ممتاز بنا سکے۔ (تحفۃ الادب، ص:۱۴۸)

☆......هَاؤُمْ: بمعنی خذ (پکڑ) یہ اسم فعل ہے امر کے معنی میں مستعمل ہے۔

☆......هَيْتَ لَكَ بمعنی هَلُمَّ (تو آ) یہ واحد، تثنیہ، جمع، مذکر اور مؤنث سب کیلئے آتا ہے۔

☆......ھَاتِ: اسم فعل ہے بمعنی امر یعنی "أَعْطِ" اور "اِئْتِ" (آ ؤ، لاؤ) کے معنی میں ہے۔

☆......بَخٍّ بَخٍّ : یہ کلمہ مدح کیلئے مستعمل ہے، مبالغہ کیلئے مکرر لایا جاتا ہے۔

☆......لَا اَبَالَکَ: بمعنی لامحالۃ یعنی ضرور بالضرور۔ یہ مقام دعا میں استعمال ہوتا ہے۔

☆......صنعت براعت استھلال: یہ ہے کہ مقدمہ میں ایسا کوئی لفظ استعمال کرنا جس سے مسائلِ کتاب کی طرف اشارہ ہو جائے۔

☆......جَرِّ جَوَارِ: سے وہ جر مراد ہے جو عامل جارہ کے ذریعہ نہ ہو، بلکہ ماقبل کے مجرور ہونے کی وجہ سے اس میں جر دیا گیا ہو جیسے مَنْ مَلَکَ ذَارَحِمٍ مَحْرَمٍ۔ یہاں محرم کو جر حرف جر کی وجہ سے نہیں، بلکہ مجرور کے قریب ہونے کی وجہ سے دیا گیا۔

☆......اختلاف عوامل در شرط و جزا۔ اس بارے میں نحویوں میں اختلاف ہے کہ شرط و جزا میں عامل کون اور معمول کون ہے؟ تو ایک قول یہ ہے کہ حرف شرط دونوں میں عامل ہیں، جس طرح حروف مشبہ بالفعل اسم وخبر دونوں میں عامل ہوتے ہیں یہ علامہ سیرانی کا مذہب ہے۔ دوسرا قول یہ ہے کہ اِن تو شرط میں عامل ہوا کرتا ہے پھر اِن اور شرط دونوں ملکر جزا میں عمل کرتے ہیں، مبرد اور خلیل نحوی یہی کہتے ہیں۔ اور اخفش کا قول یہ ہے کہ اِن تو شرط کے اندر عامل ہے اور شرط جزا میں عمل کرتی ہے، اور کوفیین کا مذہب یہ ہے کہ شرط تو حروف شرط کی وجہ سے جزم پاتی ہے اور جزا مجاورت کی وجہ سے مجزوم ہوتی ہے اور امام مازنیؒ کا قول یہ ہے کہ شرط و جزا دونوں مبنی ہیں کیونکہ یہ اسم میں نہیں آتے صرف فعل میں داخل ہوتے ہیں، یہی قول تقریباً پسندیدہ ہے۔ (مصباح العوامل، ص:۵۸)

کل اسمائے مشتقات

☆......کل اسمائے مشتقات سات ہیں :(۱) اسم فاعل (۲) اسم مفعول (۳) اسم ظرف (۴) اسم آلہ (۵) اسم تفضیل (۶) صفت مشبہ (۷) اسمائے مبالغہ۔(ماخوذ من خلاصة النحو،لمولانا ولایت حسین اراکانی،ص: ۲۰)

اقسام مرفوعات مع امثال

اقسام مرفوعات کل آٹھ ہیں:(۱) فاعل جیسے:ضَرَبَ زَیْدٌ (۲) نائب فاعل جیسے:ضُرِبَ زَیْدٌ (۳) مبتدا جیسے:زَیْدٌ عَالِمٌ (۴) خبر جیسے :زَیْدٌ قَائِمٌ (۵) حروف مشبہ بالفعل کی خبر جیسے:اِنَّ زَیْداً قَائِمٌ (۶) افعال ناقصہ کا اسم جیسے: کَانَ زَیْدٌ قَائِمًا (۷) ماولامشبہ بہ لیس کا اسم جیسے : مَا زَیْدٌ قَائِماً (۸) لائے نفی جنس کی خبر جیسے:لَا رَجُلَ ظَرِیْفٌ فِی الدَّارِ. (تحفة الطلبہ ،ص:۵۴،۵۵)

بحث اسم فاعل

(۱)......اسم فاعل ،مضارع سے اسلئے مشتق ہے کہ اسم فاعل ومضارع دونوں عدد حروف وحرکات اورسکنات میں مناسبت تامہ رکھتے ہیں، جیسے:یَضْرِبُ وَضَارِبٌ اور اسم فاعل یفعل سے مشتق ہوتا ہے کیونکہ اسم فاعل اسم ظاہر ہےاوراسمائے ظاہرہ غائب کاحکم رکھتے ہیں۔(تبیان،شرح میزان،ص:۵۰)

(۲)......اسم فاعل میں ''الف'' کواسلئے زیادہ کیا جاتا ہے کہ الف حروف ابجد میں سب سے مقدم ہےاورزیادت حرف کیلئے حرف علت عمدہ اور بہتر ہےاوران میں الف زیادہ خفیف ہے،اسلئے الف کواسم فاعل میں زیادہ کیا گیا ہے۔اگر زیادت کیلئے الف کو نہ

بڑھائیں تو فا کو فتحہ دیتے وقت فَاعِلٌ حالت وقف میں فعل معروف سے مشابہ ہو جاتا ہے۔ (تبیان، شرح میزان، ص:۵۰)

(۳)......اسم فاعل میں الف کو شروع میں اسلئے نہیں لایا گیا کہ ابتدا بسکون ہوگا اگر واؤ کو شروع میں زیادہ کرتے، مگر واؤ زائد شروع کلمہ میں نہیں آتا، یاء کو لاتے، تو پھر مضارع سے مشابہ ہوتا۔ اگر میم کو ضمہ کے بجائے فتحہ دیتے، تو اسم ظرف افعل مکرِم (مکسور العین) مضارع کے اسم ظرف سے مشابہ ہو جاتا ہے۔ اور کسرہ وضمہ دینے کی صورت میں ضمہ قوی ہے اور اول کلام میں متحمل بھی ہو سکتا ہے، اسلئے میم کو ضمہ دیا گیا۔ اور میم وضمہ دونوں شفوی بھی ہیں لہذا میم کو ضمہ دیا گیا۔ اور اسم فاعل میں ماقبل آخر کو کسرہ دیا جاتا ہے تاکہ اسم مفعول سے فرق ہو جائے۔ اور اسم فاعل کو اسم مفعول پر اسلئے مقدم کیا گیا ہے، کیونکہ فاعل، مفعول کی بنسبت عمدہ ہے۔ جب فاعل کو عمدہ ہونے کی بناء پر فعل مضارع سے بناتے ہیں تو مفعول بھی مضارع سے بنایا گیا تاکہ مناسبت باقی رہے۔ (تبیان شرح میزان، ص:۵۰)

☆......فاعل جب اسم ضمیر ہو تو فعل واحد، تثنیہ، جمع، مذکر، مؤنث میں فاعل کے مطابق ہوگا جیسے: اَلرَّجُلُ قَامَ. اَلرَّجُلَانِ قَامَا. اَلرِّجَالُ قَامُوْا. اَلْمَرْأَةُ قَامَتْ، اَلْمَرْأَتَانِ قَامَتَا. اَلنِّسَاءُ قُمْنَ. (کتاب النحو، ص:۲۸)

☆......جب اسم فاعل مستقبل یا حال کے معنی میں ہو تو اس وقت معرفہ کا فائدہ نہیں دیتا، ورنہ اضافت کے وقت معرفہ کا فائدہ دیتا ہے۔ (از تقریر حضرت مولانا ابوالزاہد سرفراز خان صفدر صاحب مدظلہ)

☆......فاعل ذی کذا، جس کو نسبت والا فاعل کہتے ہیں، اس کے پانچ اوزان یہ ہیں، جیسے: تَامِرٌ (تمر والا) لَابِنٌ (لبن والا) اور کبھی ان دونوں کو لَبَّانٌ وَتَمَّارٌ بھی مستعمل ہوتے ہیں۔ بَقَّالٌ۔ (سبزی فروش والا) جَمَّالٌ (جمل والا) سَيَّافٌ

(تلوار چلانے والا)۔ (توضیحات، ص:۲۸)

☆......اسم فاعل جب مستقبل وحال کے معنی میں ہو تو اس وقت معرفہ کا فائدہ نہیں دیتا ہے، ورنہ وہ اضافت کے وقت معرفہ کا فائدہ دیتا ہے۔ (معلم الانشاء اول)

اسم فاعل اور فاعل میں فرق: دونوں کے درمیان فرق یہ ہے کہ اسم فاعل خاص ایک صفت مشبّہ کو کہا جاتا ہے جس میں ذات اور صفات دونوں موجود ہوں، مثلاً ضارب، کہ اس کے اندر ایک مارنے والی ذات ہے اور وہ ذات صفت ضاربیت کے ساتھ متصف بھی ہے اور فاعل صرف اس ذات کو کہا جاتا ہے، جس سے صرف فعل کا صدور ہو جیسے: "ضَرَبَ زَیْدٌ عَمْرواً"۔ (دیکھئے مآرب الطلبہ ص:۸۸)

☆......نکتہ: اسم فاعل کے صیغے کم کیوں؟ یہ اس امر کی طرف اشارہ ہے کہ اسم فاعل کے صرف چھ صیغے آتے ہیں، کیونکہ یہ فعل کی فرع ہے اور فرع کا مرتبہ اصل سے کم ہوتا ہے لہذا اسم فاعل میں صرف صفات لازمہ یعنی واحد، تثنیہ، جمع اور مذکر ومؤنث کا اعتبار کرتے ہوئے اس کے چھ صیغے لائے ہیں، تاکہ اصل وفرع میں برابری نہ ہو اور فعل میں صفات غیر لازم یعنی غَیبت، خطاب اور متکلم کا بھی اعتبار کیا گیا، تاکہ اس کو فرع پر فوقیت حاصل رہے۔ (تحفہ سعیدیہ شرح علم الصیغہ، ص: ۳۷)

☆......فاعل اگر مؤنث معنوی حقیقی ہو تو فعل مؤنث لایا جائے گا بشرطیکہ فعل وفاعل کے درمیان فاصلہ نہ ہو نیز مؤنث انسانوں میں سے ہو اور فعل متصرف ہو جیسے جَاءَتْ مَرْیَمُ. اگر ایک شرط مفقود ہو یا فاعل مؤنث حقیقی ہو یا جمع تکسیر یا جمع سالم ہو تو فاعل اسم ظاہر ہونے کی صورت میں فعل کو مذکر ومؤنث لانے میں اختیار ہے اگر فعل کا فاعل ضمیر ہے تو ان تمام صورتوں میں فعل مؤنث لایا جائے گا۔ (منیة الادب، ص: ۶۰ ج ۱)

فاعل نسبتی اور فاعل مبالغہ میں فرق: ان دونوں کے درمیان دو اعتبار سے فرق ہے (۱) یہ ہے کہ جو فاعل نسبتی ہے اس کا فعل اور مصدر نہیں ہوتا جیسے: نَابِلٌ کے معنی ہے تیر چلانے

والا اس کا نہ مصدر ہے نہ فعل۔ (۲) فاعل نسبتی کی مؤنث تائے تانیث کے بغیر آتی ہے ، جیسے: حائضٌ کے معنی ہے حیض والی عورت۔ (دیکھئے، تحفۂ سعیدیہ، شرح علم الصّیغہ، ص: ۵۰)

بحث مبتدا و خبر

☆......مصدر جب مبتدا ہوتا ہے تو اس کی خبر مذکر ومؤنث دونوں ہو سکتی ہے جیسے: فَحَدُّ الْإِسْمِ كَلِمَةٌ. (روایۃ النحو، ص: ۹)

☆......مبتدأ، یہ اسم مفعول کا صیغہ ہے باب افتعال سے بمعنی جس سے ابتدا کی جاتی ہے۔ (عربی کا معلم اول)

☆......مبتدا ہمیشہ معرفہ ہوتا ہے، یا نکرۂ مخصوصہ۔ صرف نکرہ کبھی مبتدا نہیں ہوسکتا ہے۔

اقسام معرفہ ایک شعر کے اندر

معارف ایں ہمہ پنجم است زیں نہ بیش و نہ کم

مضاف ومضمر وذو اللام ومبہم است وعلم

(سعیدیہ شرح کافیہ، ص:۱۶)

☆......خبر اکثر نکرہ ہوتی ہے مگر کبھی معرفہ بھی ہوتی ہے، (ا) جیسے: زَيْدٌ كَاتِبٌ، (ب) اَلْعَدْلُ مَحْمُوْدٌ. ان دونوں مثال میں، زَيْدٌ وَعَدْلٌ مبتدا و معرفہ ہے۔ (ج) نکرہ مخصوصہ کے مبتدا ہونے کی مثال جیسے: وَلَعَبْدٌ مُؤْمِنٌ خَيْرٌ مِنْ مُشْرِكٍ. اس میں عبد، نکرہ۔ مومن صفت سے خاص ہو گیا ہے. (کتاب النحو، ص:۱۸)

(۲)......اَرَجُلٌ فِي الدَّارِ اَمْ اِمْرَأَةٌ. اس میں رجل نکرہ ہے مگر تقیید سے خاص ہو گیا ہے۔ (ب) مَا اَحَدٌ خَيْرٌ مِنْكَ. اس میں ''احد'' نکرہ ہے جو ما نافیہ کے تحت آنے سے خاص ہو گیا ہے۔ (ج) سَلَامٌ عَلَيْكَ ۔ یہ اصل میں سَلَامِيْ عَلَيْكَ ہے۔

اس میں یائے متکلم کی طرف اضافت سے خاص ہوگیا ہے. (کتاب النحو ص: ۱۸)
(۳)......خبر: عموماً مفرد ہوا کرتی ہے جیسا کہ اوپر گذر چکا، مگر کبھی جملہ بھی آجاتی ہے، تو اس صورت میں ایک ضمیر بارز مستتر اکثر مبتدا کی طرف راجع ہوتی ہے، جیسے زَیْدٌ اَبُوْهُ قَائِمٌ ، اس میں ابوہٗ کی ضمیر بارز زید کی طرف راجع ہے. (کتاب النحو)
(۴)......خبر جب اسم مشتق یا منسوب ہو تو تذکیر و تانیث، وحدت و جمعیت میں مبتدا کے موافق ہوگی جیسے (الف) خبر مفرد کی مثال: اَلرِّزْقُ مَقْسُوْمٌ (ب) خبر مفرد مؤنث کی مثال اَرْضُ اللّٰهِ وَاسِعَةٌ. (ج) خبر تثنیہ مذکر کی مثال: طَلْحَةُ وَزُبَيْرٌ صَحَابِيَّانِ (د) خبر جمع مذکر کی مثال اَلرِّجَالُ قَوَّامُوْنَ عَلَى النِّسَاءِ (ھ) خبر جمع مؤنث کی مثال: نِسَآءُ الْحَيِّ جَمِيْلَاتٌ. (کتاب النحو)

<u>مندرجہ ذیل صورتوں میں مبتدا کا مقدم لانا واجب ہے</u> (الف) مبتدا ایسا کلمہ ہوں جو شروع کلام میں ہونا ضروری ہے جیسے: مَنْ اَبُوْكَ. (ب) دونوں معرفہ ہوں جیسے: زَيْدٌ اَخُوْكَ (ج) دونوں تخصیص میں برابر ہو جیسے: اَفْضَلُ مِنِّيْ وَاَفْضَلُ مِنْكَ. (د) مبتدا کی خبر واقع ہو جیسے زَيْدٌ قَائِمٌ. (کتاب النحو)

<u>مندرجہ ذیل صورتوں میں خبر کو مقدم کرنا واجب ہے</u>۔ (الف) خبر ایسا کلمہ ہو جو شروع کلام میں آنا واجب ہے جیسے اَيْنَ زَيْدٌ (ب) خبر جبکہ ظرف یا جار مجرور ہو اور مبتدا نکرہ ہو جیسے عِنْدِيْ مَالٌ، فِي الدَّارِ رَجُلٌ۔ (ج) متعلق خبر کی ضمیر مبتدا میں ہو جیسے عَلَى التَّمْرَةِ مِثْلُهَا زُبْدًا. (د) کبھی ایک مبتدا کی کئی خبریں بھی آجاتی ہیں جیسے: زَيْدٌ عَالِمٌ عَاقِلٌ. (کتاب النحو، ص: ۱۹)

☆......علم نحو کی متداول کتابوں میں عام طور سے یہ قاعدہ مشہور ہے کہ ایک مبتدا کی متعدد خبریں ہوسکتی ہیں، لیکن ایک خبر کے متعدد مبتدا ہوسکتے ہیں یا نہیں؟ یہ قاعدہ نہیں ملتا، حالانکہ قرآن وحدیث میں اور عربی کتابوں میں ایسی مثالیں اور عبارتیں ملتی ہیں

کہ جہاں ایک خبر کے متعدد مبتدا موجود ہیں جیسے قول باری تعالیٰ ہے: اُولٰئِکَ ھُمُ الْمُفْلِحُوْنَ. تو اس آیت میں " اُولٰئِکَ" مبتدا اول ہے اور "ھُم" مبتدا ثانی ہے اور "المفلحون" اس کی خبر ہے۔ (مقدمہ علوم درسیہ، جلالین، سورہ بقرہ)

مبتدا اور خبر میں کتنی چیزوں میں مطابقت ضروری ہے؟

مبتدا اور خبر میں چار چیزوں میں مطابقت ضروری ہے (۱) اگر مبتدا مفرد ہے تو خبر بھی مفرد ہوگی جیسے: اَلتِّلْمِیْذُ مُجْتَھِدٌ. (۲) اگر مبتدا تثنیہ ہے تو خبر بھی تثنیہ ہوگی، جیسے: اَلتِّلْمِیْذَانِ مُجْتَھِدَانِ (۳) اگر مبتدا جمع ہے تو خبر بھی جمع ہوگی جیسے: اَلتَّلَامِیْذُ مُجْتَھِدُوْنَ (۴) اگر مبتدا مؤنث ہے تو خبر بھی مؤنث ہوگی جیسے: اَلتِّلْمِیْذَۃُ مُجْتَھِدَۃٌ، اور کبھی خبر جملہ بھی ہوتی ہے، جیسے: کَانَ التِّلْمِیْذُ یَلْعَبُ. (الطریقة العصریة جلد دوم، ص: ۱۲ و ۵۰)

☆...... جاننا چاہئے کہ مبتدا خبر کے درمیان مطابقت کے ضروری ہونے کیلئے آٹھ شرطیں ضروری ہیں، جب ان میں سے ایک بھی شرط مفقود ہوگی تو مطابقت بھی ضروری نہیں ہوگی: (۱) خبر مشتق ہو لہذا "اَلْکَلِمَةُ لَفْظٌ" سے اعتراض نہیں ہوگا کیونکہ لفظ مشتق نہیں بلکہ مصدر ہے۔ (۲) خبر کا فاعل، ضمیر راجع الی المبتدا ہو لہذا "اِمْرَأَةٌ قَائِمٌ اَبُوْھَا" سے اعتراض نہیں ہوگا کہ امرأة مبتدا اور قائم خبر ہے اور ان میں مطابقت نہیں کیونکہ فاعل خبر ضمیر نہیں بلکہ اسم ظاہر یعنی ابوھا ہے (۳) خبر ضمیر مبتدا کی حامل ہو لہذا زَیْنَبُ وسَقَرُ وَمَاهُ وَجُوْرُ مُمْتَنِعٌ سے اعتراض نہیں ہوگا کہ مبتدا متعدد ہیں اور خبر مفرد کیونکہ خبر یعنی ممتنع کا فاعل الصرف مقدر ہے نہ کہ ضمیر جو کہ اسمائے مذکورہ کی طرف راجع ہو۔ (۴) یہ کہ مبتدا خبر دونوں اسم ظاہر ہوں لہذا اِھِیَ اِسْمٌ، فِعْلٌ وَ حَرْفٌ سے اعتراض وارد نہیں ہوگا۔ (۵) خبر صفت خاصہ للمؤنث نہ ہو لہذا "اَلْمَرْأَةُ حَائِضٌ"

سے اعتراض نہ ہوگا۔ (٦) خبر علی وزن فعیل نہ ہو کہ جس میں مذکر ومؤنث برابر ہوتے ہیں لہذا ''اَلامراۃُ جریح'' سے اعتراض نہ ہوگا۔ غور کرنے سے معلوم ہوگا کہ یہاں لفظ میں یہاں متعدد شرطیں مفقود ہیں، باقی نہیں لکھا گیا۔ (توضیح المعانی، شرح مقدمۃ الجامی، ص:۲، ۵۱)

☆......مبتدا اور خبر میں مطابقت کیلئے چار شرطیں ہیں: (۱) خبر مشتق کا صیغہ ہو اگر وہ اسم جامد کا صیغہ ہو تو اس میں مطابقت ضروری نہیں، (۲) خبر اسم ظاہر ہو، (۳) خبر ایسا صیغہ نہ ہو جس میں مذکر ومؤنث کا ہونا برابر ہو، (۴) خبر میں ایسی ضمیر کا ہونا ضروری ہے جو مبتدا کی طرف لوٹ رہی ہو۔ (ماخوذ از مسودہ مولانا محمد نذیر صاحب استاد اشرف المدارس سابقا)

☆......جب مبتدا میں شرط کے معنی پائے جائیں تو خبر پر ''ف'' لائی جاسکتی ہے، جیسے: مَنْ عَمِلَ صَالِحًا فَلِنَفْسِہٖ.

☆......جب قرینہ پایا جائے تو مبتدا کا حذف کرنا جائز ہے جیسے: اَلْهِلَالُ وَاللّٰهِ. اس جگہ ''ہذا'' مبتدا محذوف ہے۔ اسی طرح کبھی خبر بھی محذوف ہوتی ہے جیسے: خَرَجْتُ فَاِذَا السَّبُعُ. اس جگہ ''وَاقِفٌ'' خبر محذوف ہے۔ (من کتاب النحو، ص: ۱۹)

☆......جس طرح مبتدا کی خبر مفرد یا مرکب ناقص آتی ہے اسی طرح اس کی خبر بھی جملہ اسمیہ و جملہ فعلیہ اور شبہ جملہ بھی آتی ہے۔ (معلم الانشاء، ص: ۸۴ ج ۱)

☆......مبتدا عموماً معرفہ اور خبر عموماً نکرہ ہوتی ہے، مگر موصوف، صفت میں یعنی مرکب توصیفی میں ہمیشہ یا تو دونوں معرفہ ہونگے یا دونوں نکرہ. (معلم الانشاء، ص: ۳۸ ج ۱)

قاعدہ:......مبتدا اور خبر میں عام دستور یہ ہے کہ مبتدا معرفہ اور خبر نکرہ ہوتی ہے، جہاں مبتدا اور خبر دونوں معرفہ ہوں تو وہاں ایک دوسرے کیلئے لازم ملزوم ہوتے ہیں جیسے حدیث میں ہے، اَلدِّیْنُ اَلنَّصِیْحَةُ (یعنی دین سراسر خیر خواہی کا نام ہے) تو یہاں

"الدین" مبتدا ہے اور "النصیحة" خبر ہے۔ (از خطبات فقیر مخدوم العلماء ذوالفقار احمد نقشبندی صاحب)

☆......کبھی کبھی خبر جملہ اسمیہ ہوتی ہے جیسے (الف) زَیْدٌ اَبُوْهُ قَائِمٌ" اور آدَمُ اَبُوْنَا۔ ان مثالوں میں جز اول معرفہ ہے اور جز ثانی اضافت سے معرفہ ہوگیا (ب) یا جملہ فعلیہ ہوتی ہے جسے: زَیْدٌ قَامَ اَبُوْهُ (ج) جملہ شرطیہ ہوتی ہے جیسے زَیْدٌ اِنْ جَاءَ نِیْ فَاَکْرَمْتُهُ (د) یا ظرفیہ ہوتی ہے جیسے زَیْدٌ خَلْفَکَ وَعَمْرٌو فِی الدَّارِ (زید تیرے پیچھے اور عمرو گھر میں ہے)۔ اور ظرف کا ہمیشہ متعلق ہوتا ہے لیکن اکثر علماء کے نزدیک وہ متعلق "اِسْتَقَرَّ" فعل محذوف ہوتا ہے. (تیسیر النحو، ص: ۴۳، تا ۴۶)

☆......نکرہ کے مبتدا واقع ہونے کیلئے چھ شرطیں ہیں (ا) اس سے پہلے کوئی حرف نفی ہو جیسے: مَا اَحَدٌ حَاضِرٌ (ب) اس سے پہلے کوئی حرف استفہام ہو جیسے: هَلْ کَرِیْمٌ یَبْخَلُ بِمَالِهِ (ج) یا مبتدا کسی نکرہ کی طرف مضاف ہو جیسے: تَاجِرُ ثَوْبٍ مُسْلِمٌ (د) یا وہ موصوف ہو جیسے: وَرْدَةٌ خَضْرَاءُ تَتَفَتَّحُ. (ھ) یا تو وہ مجرور ہو جیسے: فِیْکَ شَجَاعَةٌ (و) یا مبتدا ظرف کی صورت میں خبر مقدم ہو جیسے عِنْدِیْ حِصَانٌ. (معلم الانشاء، اول)

☆......اگر خبر معرفہ ہو تو اسکے لئے دو شرطیں ہیں: (ا) خبر کسی موصوف کی صفت نہ بنتی ہو جیسے: اَنَا یُوْسُفُ. (۲) یا جب مبتدا اور خبر کے درمیان ضمیر فصل لائی جائے، جیسے: اَلْوَلَدُ هُوَ الْقَائِمُ. (معلم الانشاء، ص: ۳۹ ج ۱)

☆......(ا) مبتدا اور خبر دو ایسے اسم ہیں جو عوامل لفظیہ سے خالی ہوتے ہیں ایک مسند الیہ ہوتا ہے جس کو مبتدا کہتے ہیں، دوسرا مسند بہ ہوتا ہے اس کو خبر کہتے ہیں جیسے زَیْدٌ قَائِمٌ۔ (۲) مبتدا میں اصل یہ ہے کہ وہ معرفہ ہو اور خبر میں اصل یہ ہے کہ وہ نکرہ ہو۔ (۳) جب نکرہ کی صفت لائی جاتی ہے تو نکرہ مبتدا بن سکتا ہے جیسے: وَلَعَبْدٌ مُؤْمِنٌ

خَیْرٌ مِّنْ مُّشْرِکٍ (۴) اسی طرح جب نکرہ کی تخصیص کردی جائے تو نکرہ مبتدا واقع ہوسکتا ہے جیسے: اَرَجُلٌ فِی الدَّارِ اَمْ اِمْرَأَۃٌ. یہاں حرف استفہام کی وجہ سے تخصیص ہوگئی لہذا، اَرَجُلٌ اَمْ اِمْرَأَۃٌ مبتدا واقع ہوگئے۔(۵) مَا اَحَدٌ خَیْرٌ مِّنْکَ۔ یہاں بھی نکرہ موصوفہ (احد) مبتدا واقع ہوسکتا ہے۔(۶) فِی الدَّارِ رَجُلٌ. یہاں "فِی الدَّارِ" خبر مقدم اور رجل مبتدا مؤخر ہے۔اور قاعدہ " تَقْدِیْمُ مَاحَقُّهُ التَّاخِیْرُ یُفِیْدُ الْحَصرَ" کے مطابق یہاں "رجل" میں تخصیص پیدا ہوگئی لہذا مبتدا واقع ہوسکتا ہے (۷) سَلَامٌ عَلَیْکَ: اس جملہ کی اصل سَلَّمْتُ سَلَامًا عَلَیْکَ تھی دوام کے ارادہ سے سَلَّمْتُ فعل کو حذف کردیا گیا اور گویا استمرار ودوام کے ارادہ سے بطور دعا مخاطب سے کہا گیا: سَلَامِیْ مِنْ قِبَلِیْ عَلَیْکَ. یعنی میری جانب سے تجھ پر دوامًا برابر سلامتی پہنچتی رہے۔اس سے سَلَّمْتُ فعل کو حذف کرکے "سَلَامًا" کے نصب کو رفع سے بدلدیا گیا اور متکلم کی جانب سلام کی نسبت کرنے کی وجہ سے سلام میں تخصیص پیدا ہوگئی۔(۸) اگر دونوں میں سے ایک معرفہ، دوسرا نکرہ ہے تو معرفہ کو مبتدا اور نکرہ کو خبر بنایا جائے گا جیسے: زَیْدٌ قَائِمٌ. (۹) اگر دونوں معرفہ ہیں تو تم کو اختیار ہے کہ جس کو چاہے مبتدا و خبر بناؤ، جیسے: اَللّٰهُ اِلٰهُنَا. وَمُحَمَّدٌ نَبِیُّنَا. (من تیسیر النحو)

☆ ...... اگر مبتدا اور خبر دونوں معرفہ ہو تو اس وقت مبتدا اور خبر کے درمیان فصل لانا ضروری ہے، تاکہ یہ دونوں صفت اور موصوف کے ساتھ ملتبس نہ ہوں۔(معلم الانشاء)

سوال:...... اَلْکَلِمَۃُ لَفْظٌ. میں اعتراض ہے کہ یہاں "اَلْکَلِمَۃُ" جو مبتدا ہے اور یہ مؤنث ہے۔اور " لَفْظٌ" جو خبر ہے مذکر ہے؟ لہذا مبتدا خبر میں مطابقت نہیں ہوئی؟

جواب:...... یہ ہے کہ مبتدا اور خبر میں مطابقت اس وقت ضروری ہے جب خبر مشتق ہو اور یہاں خبر مشتق نہیں ہے بلکہ مصدر ہے۔لہذا مطابقت کی ضرورت نہیں. (روایۃ النحو شرح هدایۃ النحو، ص:۸)

☆...... جہاں مبتدا مقسم بہ ہو اور خبر قسم ہو تو خبر کو حذف کر کے جواب قسم کو قائم مقام خبر کے بنا دیتے ہیں جیسے: اَیْمُ اللّٰہِ لَلْحَقُّ ۔ ہے اور اصل میں اَیْمُ اللّٰہِ ، یہ مبتدا ہے خبر واجب الحذف ہے ای اَیْمُ اللّٰہِ قَسَمِیْ ۔ اور لَلْحَقُّ یہ جواب قسم ہے جو قائم مقام خبر ہے۔ (تفہیمات شرح مقامات ، ج ۱ ص: ۱۵۲)

☆...... <u>مبتدا و خبر میں مطابقت ہر جگہ لازم نہیں</u>، بلکہ تین شرطوں کے ساتھ مشروط ہے (الف) یہ کہ خبر مشتق ہو یا مشتق کے حکم میں ہو جیسے اسم منسوب: بصری، کوفی، ہندی وغیرہ۔ (ب) یہ کہ خبر کی اسناد اس ضمیر کی طرف ہو جو مبتدا کی طرف راجع ہو، مثال: زَیْنَبُ وَسَقَرُ وَمَاہُ مُمْتَنِعٌ ۔ اس مثال میں "ممتنع" خبر مذکر ہے حالانکہ مبتدا "زینب" مؤنث ہے (ج) یہ کہ خبر ایسا اسم نہ ہو جس میں تذکیر و تانیث برابر ہوتی ہو جیسے: جُرَیْح وغیرہ، لہٰذا اَلْکَلِمَۃُ لَفْظٌ میں تینوں شرطیں مفقود ہونے کی وجہ سے مطابقت ضروری نہیں۔ (سعیدیہ، شرح کافیہ، ص:۲، مقدمات علوم درسیہ، ص:۳۲۸)

قاعدہ:...... عربی زبان میں کسی لفظ کو معرفہ بنانے کیلئے اس کے شروع میں الف، لام لگا دیتے ہیں، اور جس لفظ پر الف لام لگا دیا گیا ہو اس پر حرف ندا "یا" براہ راست داخل نہیں ہو سکتا، کیونکہ الف لام بھی معرفہ بنانے کیلئے، اور "یا" بھی معرفہ بنانے والا ہے۔ ہاں! پوری عربی زبان میں صرف اللہ کا نام ایسا ہے کہ اُس پر الف لام بھی داخل اور یاء بھی داخل ہو سکتی ہے۔ گویا کہ اللہ کا نام دونوں معرفوں کا متحمل ہے۔

(خطبات فقیر، ۱۱/ ۲۷، ۲۸)

فائدہ:...... عربی میں استعداد اور صلاحیت پیدا کرنے کے واسطے مرفوعات، منصوبات اور مجرورات کا جاننا اور یاد ہونا نہایت ضروری ہے، کیونکہ اس کے بغیر عربی عبارت کا پڑھنا اور سمجھنا نہایت دشوار ہے۔ اسلئے ان تینوں اقسام کو یاد کر لینے سے عربی اور علم نحو میں آسانی ہو جاتی ہے اور یہ آپس میں مذاکرہ کرنے سے فائدہ مند ثابت ہوتا ہے۔ جو

مختصراً حسب ذیل ہیں:

اقسام منصوبات مع مثالیں

اقسام منصوبات کل بارہ ہیں: (۱) مفعول مطلق جیسے: ضَرَبْتُ ضَرْبًا (۲) مفعول بہ جیسے: ضَرَبَ زَیْدٌ عَمْرًوا (۳) مفعول معہ جیسے: جَاءَ الْبَرْدُ وَ الْجُبَّاتِ (۴) مفعول فیہ جیسے: صُمْتُ یَوْمَ الْجُمُعَةِ (۵) مفعول لہ جیسے: ضَرَبْتُ تَأدِیْبًا (۶) حال جیسے: جَآءَ نِیْ زَیْدٌ رَاکِبًا (۷) تمیز جیسے: عِنْدِیْ اَحَدَ عَشَرَ دِرْهَماً (۸) مستثنیٰ جیسے: جَآءَ نِی الْقَوْمُ اِلَّا زَیْداً (۹) حروف مشبہ بالفعل کا اسم جیسے: اِنَّ زَیْداً قَائِمٌ (۱۰) افعال ناقصہ کی خبر جیسے: کَانَ زَیْدٌ قَائِماً (۱۱) ما اور لا کی خبر جیسے: مَا زَیْدٌ قَائِماً۔ (۱۲) لائے نفی جنس کا اسم، جیسے: لَا رَجُلَ ظَرِیْفٌ فِی الدَّارِ. (تحفۃ الطلبہ، ص:۵۵)

بحث مفاعیل خمسہ

☆...... مفعول مطلق تین طرح سے مستعمل ہے (۱) تاکید کیلئے، جیسے: ضَرَبْتُ ضَرْبًا۔ (۲) بیان نوع کیلئے، جیسے: جَلَسْتُ جِلْسَةَ الْقَارِیِّ. (۳) بیان عدد کیلئے، جیسے: جَلَسْتُ جَلْسَةً. (ایک دفعہ بیٹھنا) یہ تینوں اقسام ایک شعر کے اندر ؎

اَلْفَعْلَةُ لِلْمَرَّةِ وَ الْفِعْلَةُ لِلْحَالَةِ   وَ الْفُعْلَةُ لِلْقُدْرَةِ وَ الْمِفْعَلُ لِلْاٰلَةِ

(بدر منیر: ۹۸، مصباح المنیر: ۴۴)

مصدر اور مفعول مطلق کے درمیان فرق: مصدر وہ ہے کہ معنیٰ حدوثی پر دلالت کرنے کے ساتھ ساتھ اس سے فعل نکلتا ہو، یعنی مصدر ہونے کیلئے دو شرطیں ہیں (۱) معنیٰ حدوثی پر دلالت کرنا۔ (۲) اس سے فعل وغیرہ نکلنا، جیسے: ضَرَبَ. الضربُ

مصدر سے نکلا ہے اور مفعول مطلق وہ مصدر ہے جو اپنے ماقبل کا ہم معنی ہو، جیسے: ضربتُ ضرباً میں ضرباً مفعول مطلق ہے وہ اپنے ماقبل فعل ضرب کا ہم معنی ہے اس سے معلوم ہوا کہ مفعول مطلق کیلئے صرف مصدر یعنی معنیٔ حدوثی ہونا کافی ہے اس سے فعل نکلنا شرط نہیں جیسے وَیْحَۃٌ وَیْلَۃٌ یہ مفعول مطلق ہے اور اس سے فعل نکلتا نہیں اب دونوں کے درمیان عام وخاص مطلق کی نسبت نکلی ہے یعنی ہر ہر مصدر مفعول مطلق ہوسکتا ہے لیکن ہر ہر مفعول مطلق مصدر نہیں ہوگا۔ (دیکھئے، مآرب الطلبہ ص:٦٦)

☆...... جو مفعول مطلق تاکید کیلئے ہوتا ہے اس کے فعل پر اگر نفی داخل ہو تو نفی صرف مفعول مطلق کی ہوتی ہے، جیسے حضرت انسؓ کی حدیث ہے: اِنَّهُ لَيَمْنَعُنِىْ اَنْ اُحَدِّثَكُمْ حَدِيْثًا كَثِيْرًا الخ. (یعنی مجھے بکثرت حدیثیں بیان کرنے سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد ہی روکتا ہے)

پس یہاں حدیث انسؓ کے قول میں تحدیث کثیر کی نفی ہے، مطلق حدیث کی نفی نہیں ہے۔ مزید کیلئے دیکھئے، فیض المنعم شرح مقدمہ مسلم، ص:٦٤)

بحث اسم مفعول

(۱)...... اسم مفعول کے میم کو فتحہ "اَلْفَتْحَةُ اَخَفُّ الْحَرَكَاتِ" کی وجہ سے دیا گیا ہے۔ عین کلمہ کو ضمہ اس لئے دیا گیا ہے، کیونکہ اسم ظرف، کبھی مفتوح العین اور کبھی مکسور العین ہوتا ہے۔ صرف اسم مفعول فعل مضارع مجہول سے بنتا ہے۔ باقی اسم فاعل واسم ظرف، اسم آلہ، اسم تفضیل اور صفت مشبہ فعل مضارع معروف سے بنتے ہیں۔ (تبیان، شرح میزان الصرف، ص:۵۲)

(۲)...... مفعول کی چار علامتیں ہیں۔ فتحہ، کسرہ، الف اور یاء۔ اب ہر ایک کی مثالیں: جیسے: رَأَيْتُ زَيْدًا. رَأَيْتُ مُسْلِمَاتٍ وَاِيَّاكَ وَمُسْلِمِيْنَ. (مزید کیلئے، ایضاح

المطالب، شرح کافیہ، ص:۴۸)

<u>اسم مفعول اور مفعول میں فرق:</u> دونوں کے درمیان فرق یہ ہے کہ اسم مفعول جیسے صفت مشتقہ کو کہا جاتا ہے جسکے اندر ذات اور صفات دونوں موجود ہوں اور مفعول کے اندر صرف ایک ذات ہے یعنی جس پر فعل واقع ہو مثلاً ضَرَبَ زَیْدٌ عَمْرًوا میں عمرو کے اندر صرف ایک ذات ہے جس پر فعلِ ضرب واقع ہوا ہے، خلاصہ یہ ہے کہ مفعول کے اندر صرف ذات کا لحاظ ہے اور اسم مفعول کے اندر ذات مع الوصف دونوں کا لحاظ ہے۔ (مآرب الطلبہ، ص:۸۸)

☆...... <u>مفعول فیہ ظرف زمان:</u> خواہ محدود ہو یا غیر محدود یہ دونوں ''فی'' کے مقدر ہونے کے ساتھ منصوب ہوتے ہیں جیسے: سَافَرْتُ شَهْرًا. قسمتُ دَهْرًا اَیْ فِیْ شَهْرٍ وَفِیْ دَهْرٍ۔ لیکن ظرف مکان محدود میں ''فی'' کا ذکر کرنا ضروری ہے جیسے: جَلَسْتُ فِی الدَّارِ. (کتاب النحو، ص:۳۳)

☆...... مفعول فیہ نام ہے اس زمان یا مکان کا، جس میں فعل مذکور واقع ہو اس کو ظرف کہتے ہیں، اور ظرف کی دو قسمیں ہیں: (۱) ظرف مکان (۲) ظرف زمان۔ ظرف زمان وہ ہے جس وقت میں کوئی کام واقع ہو جیسے: صُمْتُ دَهْرًا، سَافَرْتُ شَهْرًا. اور ظرف مکان وہ ہے جس جگہ میں کوئی کام واقع ہو، پھر مکان و زمان کی دو قسمیں ہیں (الف) محدود (ب) مبہم۔ محدود وہ ہے جس کی حد و نہایت متعین ہو۔ اور مبہم وہ ہے جس کی حد و نہایت متعین نہ ہو، پھر زمان محدود و مبہم اور مکان مبہم میں (فی) کو مقدر کر کے نصب پڑھیں گے، اور مکان محدود اگر نَزَلَ، دَخَلَ، سَكَنَ کے باب کے بعد واقع ہو تو اس مقام پر بھی (فی) کو مقدر کر کے نصب پڑھیں گے، ورنہ فی کو ظاہر کر کے جر پڑھیں گے، اور ظاہر میں جہاں (فی) مقدر ہوگا وہاں فعل کا ظرف کے ساتھ تعلق بلا واسطہ حرف جر کے ہوگا اور جہاں حرف جر موجود ہوگا وہاں فعل کا تعلق

ظرف کیساتھ حرف جر کے واسطہ سے ہوگا مثالیں ۔ (ماخوذ از مسودہ مولانا عبدالرشید صاحب شیخ الحدیث اشرف المدارس)

☆...... جِئْتُ وَزَیْدًا ۔ اس مثال میں ''زیدا'' مفعول معہ ہے اور ''واؤ'' مفعول معہ کی علامت ہے، لیکن اگر فاعل منفصل ہو تو اسے منصوب اور مرفوع دونوں طرح پڑھنا جائز ہے ۔ جیسے: جِئْتُ اَنَا وَزَیْدٌ، یا جِئْتُ اَنَا وَزَیْدًا. (تسھیل قواعد النحو، ص: ٦٤)

☆...... مفعول بہ، مفعول مطلق، مفعول فیہ، مفعول لہ، اور جار مجرور یہ سب نائب فاعل ہو سکتے ہیں، لیکن حال اور تمیز کو نائب فاعل بنانا جائز نہیں ۔ (مہر منیر: ١٠٤، ہدیہ صغیر: ١٠٠)

☆...... چھ حروف مشبہ بفعل کے بعد جب ''ما کافہ'' آتا ہے تو ان کے عمل کو زائل کر دیتا ہے، جیسے: اِنَّمَا اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ. اِنَّمَا قَامَ زَیْدٌ . كَاَنَّمَا یُسَاقُوْنَ اِلَى الْمَوْتِ

. (کتاب النحو، ص: ٢٤)

قاعدہ:۔ ناقص (جس کے لام کلمہ میں حرف علت ہو) سے اسم ظرف کا صیغہ مطلقاً مفتوح العین آتا ہے ۔ (من علم الصیغہ)

اقسام مجرورات مع مثال

اقسام مجرورات کل دو ہیں: (١) مضاف الیہ ہونا جیسے: غُلَامُ زَیْدٍ (٢) جس پر حرف جر داخل ہو جیسے: مَرَرْتُ بِزَیْدٍ. (تحفۃ الطلبہ، ص: ٥٥)

☆...... اگر حرف جر داخلِ اسم ظاہر ہو تو مدخول کو مجرور کہتے ہیں اگر حرف جر ظاہر نہ ہو تو مجرور کو مضاف الیہ کہتے ہیں ۔ (کتاب النحو، ص: ٣٧)

بحث اسمائے اشارہ

ذاک: یہ اسم اشارہ ہے جو مفرد مذکر کیلئے استعمال ہوتا ہے جب کے وہ درمیانی

مسافت پر ہو۔

ذالک : یہ اسم اشارہ ہے جو مفرد مذکر کیلئے استعمال ہوتا ہے جب کے وہ دور ہو۔

تلک : یہ اسم اشارہ ہے جو مفرد مؤنث کیلئے استعمال ہوتا ہے جب کے دور ہو۔

ذانک : یہ اسم اشارہ ہے جو تثنیہ مذکر کیلئے مستعمل ہے جب کے دور ہو جیسے : **ذانک طالبان.**

تانک: یہ اسم اشارہ ہے جو تثنیہ مؤنث کیلئے مستعمل ہے جب کے دور ہو جیسے : **تانک طالبتان.** (الطریقه العصریه، ص: ۳۶ ج ۱)

ھذا: ...... یہ واحد مذکر قریب کیلئے۔ **ھذان**: یہ تثنیہ مذکر قریب کیلئے. **ھذہ**: یہ واحد مؤنث قریب کیلئے، **ھاتان**: یہ تثنیہ مؤنث قریب کیلئے استعمال ہوتا ہے۔ (الطریقۃ العصریۃ، ص: ۱۴ تا ۲۸ ج ۱)

ھذا: ...... کا مشار الیہ ما قبل میں مذکورہ الفاظ یا معانی مخصوصہ ہیں اس میں دو احتمال ہیں۔ (۱) یہ فعل محذوف کا مفعول بہ ہے، تقدیر عبارت یہ ہے ای "خُذْ هٰذَا"۔ (۲) ہذا میں "ھا" اسم فعل ہے بمعنی "خذ" اور "ذا" اسم اشارہ ہے۔ اور "ذا" اسم ہونے کی بناء پر "ھا" اسم فعل کا محلاً مفعول و منصوب ہے۔ (علمی جواہر پارے، ص: ۲۱)

<u>جمع کیلئے قاعدہ:</u> جمع اگر چیزوں کی ہے تو قریب کیلئے اسم اشارہ "ھٰذِہٖ" اور دور کیلئے "تلک" استعمال ہوگا، جیسے: **ھذہ کتب وتلک کراساتٌ.**

☆ ...... اگر انسانوں کی جمع ہو تو نزدیک کیلئے "هٰؤُلَاءِ" اور دور کیلئے "**اولئک**" استعمال ہوتا ہے۔ جیسے: **هٰؤُلَاءِ رِجَالٌ وَاُولٰئِکَ نِسَاءٌ.** اور جمع میں مذکر و مؤنث برابر ہیں۔ (الطریقۃ العصریۃ ص: ۳۴ ج ۱)

☆ ...... اسم اشارہ ترکیب کلام میں موصوف ہوتا ہے اور مشار الیہ اس کی صفت ہوتی ہے، جیسے: **ذَالِکَ الْکِتَابُ لَارَیْبَ فِیْهِ.** کبھی اسم اشارہ مبتدا اور مشار الیہ خبر ہوتی

ہے جیسے: هٰذِهٖ جَهَنَّمُ الَّتِیْ کُنْتُمْ تُوْعَدُوْنَ. (کتاب النحو، ص: ٤٦)

☆......اسم اشارہ اپنے مشار الیہ سے ملکر کبھی فاعل، کبھی مبتدا، کبھی خبر، کبھی مفعول مالم یسم فاعلہ واقع ہوا کرتا ہے جیسے: ضُرِبَ هٰؤُلَاءِ یہ اصل میں ضُرِبَ هٰؤُلَاءِ الرِّجَالُ تھا جو اسم اشارہ اور مشار الیہ سے ملکر بنے ہیں۔ اسی طرح هٰؤُلَاءِ اَصْحَابِیْ، اصل میں هٰؤُلَاءِ الرِّجَالُ اَصْحَابِیْ ہے جو مبتدا واقع ہوا ہے. (المصباح المنیر، ص: ٤٣)

☆......اسم اشارہ ہمیشہ موصوف ہوتا ہے اور مشار الیہ صفت بنا کرتا ہے اس لئے کہ مشار الیہ کیلئے شرط ہے کہ وہ معرف باللام ہو جیسے: ذَالِکَ الْکِتَابُ وَهٰذَا الرَّجُلُ

☆......مشار الیہ کلام میں اکثر محذوف ہوتا ہے قرینہ سے اس کو نکالا جاتا ہے جیسے هٰؤُلَاءِ اَصْحَابِیْ اَیْ هٰؤُلَاءِ الرِّجَالُ اَصْحَابِیْ. (المصباح المنیر، ٤٣، ٤٤)

☆......مشار الیہ اگر مرکب اضافی ہو تو اسم اشارہ کو مؤخر کر دیا جاتا ہے اور مشار الیہ مقدم ہوتا ہے، جیسے: کِتَابِیْ هٰذَا. غُلَامِیْ هٰذَا. اِمْرَأَتِیْ هٰذِهٖ. اگر یہاں هٰذَا کِتَابِیْ. غُلَامِیْ هٰذَا یا هٰذِهٖ اِمْرَأَتِیْ کہتے ہیں تو پھر مشکل ہو جائے گی کہ یہ مشار الیہ ہے یا خبر ہے۔ اللہ تعالیٰ کا قول: اِذْهَبْ بِکِتَابِیْ هٰذَا. (المصباح المنیر، ص: ٤٤)

☆......اسم اشارہ کا پانچوں قاعدہ یہ ہے کہ مخاطب کو متوجہ و بیدار کرنے کیلئے اسم اشارہ کے شروع میں "ھا" بھی لگائی جا سکتی ہے۔ اس کو ہائے تنبیہ کہتے ہیں اور "ھا" لگنے کی صورت میں اسم اشارہ کے آخر میں بالاتفاق "لام" لگانا جائز نہ ہوگا۔

(حاشیہ تیسیر النحو، شرح ھدایۃ النحو، ص: ٣٠)

☆......طریقہ استعمال اسمائے اشارات: (١) اسمائے اشارہ کبھی کسی اور لفظ کے ملائے بغیر استعمال ہوتے ہیں جیسے ذا (٢) آخر میں حرف خطاب لگا کر استعمال کرتے ہیں جیسے: ذاک (٣) کبھی اس حرف خطاب سے قبل "لام" بڑھا کر استعمال

کرتے ہیں۔ جیسے ذالک، اور ذالک میں ''لام'' کسی مقصد کیلئے لگتا ہے اس میں مختلف رائے ہیں۔ (الف) یہ ہے کہ بعد مشار الیہ بتانے کیلئے (ب) یہ کہ ذالک: بغیر لام کے، مشار الیہ بعید کیلئے آتا ہے، اور ''لام'' کا اضافہ اس کے بعد کی تاکید کیلئے ہوتا ہے۔ اس رائے پر ''ذا'' مشار الیہ قریب کیلئے۔ ''ذاک'' متوسط کیلئے اور ''ذالک'' بعید کیلئے ہے (ج) یہ کہ یہ لام مخاطب کا بعد دوری بیان کرنے کیلئے لایا جاتا ہے. (النحو الیسیر، ص: ۲۹)

فائدہ:...... یہ بات یاد رہے کہ یہ لام سب صیغوں میں نہیں لگتا، بلکہ مفرد مذکر، مؤنث میں لگتا ہے جیسے: ذَالِکَ، تِلْکَ اور اُولیٰ میں جیسے اُولٰئِکَ. اور تثنیہ مذکر ومؤنث اور ''اولاء'' میں نہیں لگتا، بنی تمیم کی لغت میں اسمائے اشارہ کے کسی صیغہ کے آخر میں لام نہیں لگتا۔ (النحو الیسیر)

☆...... لام کے باب میں اصل یہ ہے کہ اس لام پر (ذَالک) سکون ہو اس پر کسرہ (زیر) دو وجہ سے پڑھا جاتا ہے (الف) التقائے ساکنین سے بچنے کیلئے (ب) یا اس لام، اور حرف جر میں فرق کرنے کیلئے جیسے ذَالک میں کبھی لام پر سکون ہی رکھتے ہوئے التقائے ساکنین سے بچنے کیلئے پہلے ساکن کو ہی حذف کر دیتے ہیں جیسے ''تِـــیْ'' سے تِلْکَ. یہ اصل میں تِیْلَکَ تھا۔ (مزید تفصیل کیلئے، النحو الیسیر، ص: ۳۰)

بحث عدد و معدود

☆...... عربی میں عدد و معدود ایک اور دو کا عدد استعمال نہیں ہوتا، بلکہ معدود ہی مفرد اور تثنیہ کی شکل عدد کو بیان کرتا ہے۔ جیسے: کتاب و کتابان.

☆...... ۳ سے دس تک کے عدد کے بعد معدود ہمیشہ جمع استعمال ہوگا۔ جیسے: عِنْدِیْ

عَشَرَةُ كُتُبٍ . اگر یہ معدود مذکر ہے تو عدد مؤنث آئے گا جیسے :اَرْبَعَةُ كُتُبٍ وَ خَمْسَةُ طُلَّابٍ. (الطریقہ العصریہ،ص:۱۱۸ج ۱)

قاعدہ:......۱۱سے عدد۱۹تک مرکب ہوتا ہے اور اس کا معدود ہمیشہ مفرد اور مفتوح ہوتا ہے اور یہی قاعدہ ۹۹ تک چلتا ہے اور ہمیشہ ۱۱/اور۱۲/عدد کے دونوں جزء مذکر ہونگے ،اگر معدود مذکر ہے (ورنہ دونوں مؤنث ہونگے) جیسے :اَحَدَ عَشَرَ كِتَابًا اور اِثْنَا عَشَرَ كِتَابًا .اورعدد،۱۳ سے۱۹تک پہلا جزٔ مؤنث اور دوسرا جزٔ مذکر استعمال ہوگا جیسے:ثَلَاثَةَ عَشَرَ كِتَابًا . (الطریقہ العصریہ،ص:۱۲۲ج ۱)

قاعدہ:......۱۱،اور۱۲کے دونوں اجزاء مؤنث ہوں گے ۔معدود اگر مؤنث ہے ۔جیسے مذکورہ مثالوں میں ۔اور۱۳/سے ۱۹تک پہلا جزءمذکر اور دوسرا جزءمؤنث ہوگا جیسے: ثَلَاثَ عَشَرَةَ سَاعَةً. (الطریقہ العصریہ،ص:۱۲۴ج ۱)

قاعدہ:......۲۱ سے ۹۹ تک عدد کی تمیز مفرد اور منصوب ہوتی ہے۔اور ہر دہائی کے بعد پہلے دوعدد کا پہلا جزءمذکر کے ساتھ مذکر ہوگا،جیسے :وَاحِدٌ وَّعِشْرُوْنَ رَجُلاً .اِثْنَانِ وَعِشْرُوْنَ رَجُلاً. ورنہ مؤنث آئے گا جیسے :اِحْدیٰ وَّعِشْرُوْنَ سَاعَةً. بیس اور اس کے بعد کی دہائیوں کے بعد تین سے نو تک کا عدد مذکر تمیز کے ساتھ مؤنث آئے گا جیسے :ثَلَاثَةٌ وَّعِشْرُوْنَ كِتَابًا.(طریقہ عصریہ،ص:۱۲۶،ج ۱)

نوٹ:......معدود کونحوی اصطلاح میں تمیز کہتے ہیں ۔(ایضاً ص:۱۲۴ج ۱)

قاعدہ:......۲۱سے ۹۹ تک عدد کی تمیز،مفرد اور منصوب ہوتی ہے۔

قاعدہ:......بیس اور اس کے بعد کی دہائیوں کے بعد۳/سے ۹ تک کا عدد مؤنث تمیز کے ساتھ مذکر استعمال ہوگا،جیسے:ثَلَاثٌ وَّعِشْرُوْنَ سَاعَةً،تِسْعٌ وَّعِشْرُوْنَ سَاعَةً. (طریقہ عصریہ،ص:۱۲۸ج ۱)

قاعدہ:......سو کی تمیز مفرد اور مجرور ہوتی ہے جیسے :مِائَةُ كِتَابٍ۔اگر سو کے ساتھ چھوٹا

عدد بھی آ جائے تو تمیز چھوٹے عدد کے تابع ہوگی، جیسے: مِائَةٌ وَّعَشَرَةُ كُتُبٍ، مِائَةٌ وَّخَمْسَةٌ وَّاَرْبَعُوْنَ كِتَابًا. (الطریقہ العصریہ، ص:۱۳۰ ج ۱)

قاعدہ:...... اَلْفٌ وَّمِلْيُوْنٌ کے بعد تمیز مفرد مجرور آئے گی اور مذکر و مؤنث اس میں دونوں برابر ہیں اگر ان کے ساتھ چھوٹا عدد بھی ہو تو تمیز اس کے تابع ہوگی۔ (الطریقہ العصریہ، ص:۱۳۴ ج ۱)

اہم اور ضروری قواعد نحو

قاعدہ:...... اسم موصول کے بعد ہمیشہ جملہ آتا ہے کبھی جملہ اسمیہ، کبھی جملہ فعلیہ، جیسے: فَرِحَ الَّذِیْ نَجَحَ فِی الْاِمْتِحَانِ. سَلَّمْتُ عَلَی الَّذِیْ هُوَ اُسْتَاذٌ۔ (مزید کیلئے، لسان القرآن، ص:۲۸۸ ج ۱)

قاعدہ:...... اگر ہر، یا "ہر ایک" کا مفہوم ادا کرنا ہو تو "كُلُّ" کا مضاف الیہ مفرد اور نکرہ لایا جاتا ہے، جیسے: كُلُّ طَالِبٍ۔ (ہر ایک طالب علم). كُلُّ شَیْءٍ. (ہر چیز) كُلُّ وَاحِدٍ. (ہر ایک)

☆...... جمع تکسیر کی صفت واحد مؤنث لائی جاتی ہے جیسے: اَلْحُرُوْفُ الْجَارَّةُ.

(النحو الیسیر، ص: ۱۱۱)

قاعدہ:...... اگر "پورا کا پورا" یا "سارا کا سارا" کا مفہوم ادا کرنا ہو تو "كل" کا مضاف الیہ اور معرف باللام ہوگا۔ جیسے: كُلُّ الْكِتَابِ. (پوری کتاب)

قاعدہ:...... اگر عربی میں تمام یا سب کا مفہوم ہو تو "كُلُّ" کا مضاف الیہ جمع اور معرف باللام ہوتا ہے جیسے: كُلُّ الطُّلَّابِ (سب طالب علم یا تمام طلبہ) اور یہاں "كُلُّ" کے بجائے "جَمِيْعُ" بھی استعمال کیا جا سکتا ہے۔ (لسان القرآن، ص:۵، ۱۴۴ ج ۱)

قاعدہ:...... "بعض" کا مضاف الیہ معرف باللام اور جمع بھی ہو سکتا ہے، جیسے: بَعْضُ

الـطُّلَّابِ ۔اور اس صورت میں جبکہ بہت سوں میں سے کچھ کا اظہار کرنا ہوتو،اور مفرد اور معرف باللام بھی ہوسکتا ہے۔جب ایک چیز کے کچھ حصے کا اظہار کرنا ہوتو اس وقت (بَعْضُ الْكِتَابِ) کہہ سکتے ہیں۔(لسان القرآن،ص:۱۴۵ج۱)

قاعدہ:......شبہ جملہ: جو جارومجرور سے مرکب ہوتا ہےاور ظرف اور اس کے مضاف الیہ سے بھی مرکب ہوسکتا ہے جیسے:لَيْسَ الْمُبْتَدِعُ عَلَى بَصِيْرَةٍ،وَلَيْسَ الْحُكَّامُ بِعَادِلِيْنَ.(لسان القرآن،ص:۲۶۸ج۱)

اکثر ایسا ہوتا ہے کہ''شبہ جملہ مبتدا سے پہلے آتا ہےتو اسی صورت میں مبتدا نکرہ ہوتا ہے''۔جیسے:فِي الْفَصْلِ طَالِبٌ.(لسان القرآن،ص:۷۳ج۱)

☆......ضمیر متصل کی صورت میں فاعل کا مقدم ہوناواجب ہے جیسے:ضَرَبْتُ زَيْدًا ۔ اگر مفعول إِلَّا کے بعد واقع ہوتو فاعل کا مقدم کرناواجب ہے جیسے:مَاضَرَبَ زَيْدٌإلَّا عَمْرًوا.(كتاب النحو،ص:۲۹)

☆......جب سوال کا جواب''نَعَمْ یا بَلٰی''سے ہوتو فعل اور فاعل دونوں حذف ہوجاتے ہیں،جیسے:اَقَامَ زَيْدٌ ؟جواب:نَعَمْ.(كتاب النحو،ص:۲۹)

☆......<u>لدیٰ اور عند میں فرق</u>:یہ ہے کہ عند عام ہےاور لدیٰ خاص ہے کیونکہ لدیٰ میں چیز کا موجود ہونا ضروری ہے،اور عند میں نہیں۔(كتاب النحو،ص:۵۱)

بحث منصرف وغیر منصرف

☆......کل غیر منصرف کے اوزان نو ہیں،جو مندرجہ ذیل اشعار میں بیان کردیے گئے ہیں:

عَدْلٌ وَّوَصْفٌ وَتَانِيْثٌ وَّمَعْرِفَةٌ وَعُجْمَةٌ ثُمَّ جَمْعٌ ثُمَّ تَرْكِيْبٌ

وَالنُّوْنُ زَائِدَةٌ مِّنْ قَبْلِهَا اَلِفٌ وَوَزْنُ فِعْلٍ وَهٰذَاالْقَوْلُ تَقْرِيْبٌ

پیغمبروں کے نام منصرف وغیر منصرف پر دو اشعار

گرہمی خواہی کہ دانی نام ہرپیغمبرے
تا کدام است اے برادر نزدنحوی منصرف
صالح وہود ومحمد باشعیب ونوح لوط
منصرف داں ہمہ باقی ہمہ لا ینصرف

(مصباح المنیر، ص: ١٢٦)

اقسام غیر منصرف

عدل:......نحویوں کی اصطلاح میں اسم کے اصلی صورت سے نکل کر دوسری صورت میں چلے جانے کو عدل کہتے ہیں۔ عدل کی دو قسمیں ہیں (۱) تحقیقی یعنی جس کی کوئی اصل ہو جیسے: ثُلٰثُ کہ اس کے معنی ہیں ''تین، تین'' اس سے معلوم ہوا کہ اس کی اصل ''ثَلٰثَةٌ وَّثَلٰثَةٌ'' ہے۔ (۲) عدل تقدیری: یہ ہے کہ جس کی کوئی اصل نہ ہو، بلکہ مان لی گئی ہو جیسے: عُمَر کو عامر سے بنایا گیا۔

☆......عدل وہ اسم ہے اصلی صیغہ سے بغیر کسی قاعدۂ صرفی کے نکالا گیا ہو جیسے، ثُلٰثُ وَمَثْلَثُ۔ جو اصل میں ثَلٰثَةٌ ثَلٰثَةٌ تھا اور یہ عدل تحقیقی کی مثال ہے۔

☆......عدل تقدیری: کبھی عدل کا وزن اسم سے نکالا جاتا ہے۔ لیکن اس کی کوئی اصل نہ ہو جیسے، عُمَرُ و زُفَرُ۔ یہ غیر منصرف ہے اس میں سوائے علمیت کے اور کوئی علت منع صرف کی ان میں نہیں، لہذا ان کو عَامِرٌ و زَافِرٌ سے (فرضا) معدول مان لیا گیا ہے، اور اسی کو عدل تقدیری کہتے ہیں. (کتاب النحو، ص: ۱۵)

اوزانِ عدل رابتمامی تو شش شمر
مَفْعَلُ وَفُعَلُ مِثَالُهُمَا مَثْلَثُ وَعُمَرُ
فَعْلِ ست وہم چوں اَمْسِ فُعَالُ ست چوں ثُلَاثُ
دیگر فَعَالِ داں تو قَطَامِ وفِعْلِ وسِحْرِ

(صلاح التعبیر شرح نحو میر: ۱۴۶)

☆......عجمہ جو اسم عربی کے علاوہ دوسری زبان میں علم ہو اور تین حرف سے زائد ہو جیسے: اِبْرَاهِیْمُ، یا ثلاثی متحرک الاوسط ہو جیسے: شَتَرَ (نام قلعہ)۔ اور جو مؤنث ثلاثی ساکن الاوسط غیر عجمی ہو تو اس کو منصرف اور غیر منصرف دونوں طرح پڑھنا جائز ہے، جیسے: ھِنْدٌ و ھِنْدُ. اگر عجمہ ہو تو پھر ضرور غیر منصرف ہوگا، جیسے: مَاهُ، جُوْرُ (شہر در عجم)

.(کتاب النحو، ص: ۱۶)

عجمہ:......وہ اسم ہے جو عربی کے علاوہ کسی زبان میں علم ہو اور اسکی شرائط یہ ہیں: (۱) تین حرفی سے زائد ہو جیسے: اِبْرَاهِیْمُ، (۲) یا تین حرفی ہو مگر متحرک الاوسط ہو جیسے شَتَرُ (نام قلعہ)۔ (علم النحو، ص: ۲۳)

☆......ترکیب وہ دو کلمے ہیں جو اضافت واسناد کے بغیر مرکب ہو گئے ہوں جیسے: بَعْلَبَکُّ (نام شہر). (کتاب النحو، ۱۶)

☆......الف نون زائدتان: جب علم کے آخر میں ہوں جیسے: عُثْمَانُ، یا اس صفت کے آخر میں ہوں جو فُعَلَانٌ کے وزن پر ہو اور اس کی مؤنث میں ''ۃ'' نہ ہو جیسے: سُکْرَانُ. یا ایسا اسم ہو جس کی مؤنث ہی نہ آتی ہو، جیسے رَحْمٰنُ ہے. (کتاب النحو، ص: ۱۶)

☆......الف ونون زائدتان: اگر اسم کے آخر میں ہوں تو وہ اسم عَلَمْ ہو جیسے: عُثْمَانُ وَعِمْرَانُ۔ پس سَعْدَانٌ غیر منصرف نہیں، کیونکہ وہ علم نہیں ہے بلکہ جنگلی گھاس

کو کہتے ہیں۔ اگر الف ونون زائدتان صفت میں ہوں تو اس کی مؤنث فَعْلَانَةٌ کے وزن پر نہ ہو، جیسے: سَكْرَانُ غیر منصرف ہے کیونکہ اس کی مؤنث سَكْرَانَةٌ نہیں آتی ہے اور نَدْمَانٌ غیر منصرف نہیں کیونکہ اس کی مؤنث نَدْمَانَةٌ آتی ہے۔ (علم النحو، ص: ۲۳، ۲۴)

وزن فعل:...... یعنی کسی اسم کا فعل کے وزن پر ہونا جیسے: اَحْمَدُ ہے۔ یا اس کے ابتدا میں حروف مضارع یعنی "اُتین" میں سے کوئی حرف آیا ہو جیسے: اَحْمَدُ وَتَغْلِبُ۔ اس میں (۱) نام قبیلہ (۲) علمیت ہے. (کتاب النحو، ۱۶، علم النحو، ۲۴)

قاعدہ:...... غیر منصرف پر جب الف لام داخل ہو یا اضافت ہو تو اس کو حالت جری میں کسرہ دیا جاتا ہے۔ جیسے: صَلَّيْتُ فِيْ مَسَاجِدِهِمْ وَذَهَبْتُ اِلَى الْمَقَابِرِ. (علم النحو ص: ۲۴)

☆...... تمام اسباب منع صرف میں پانچ سبب اسم نکرہ میں پائے جاتے ہیں: (۱) عدل تحقیقی (۲) وزن فعل (۳) تانیث بالالف (۴) جمع منتہی الجموع (۵) فَعْلَانٌ صفتی جس کی مؤنث فَعْلَانَةٌ نہ ہو۔ (کتاب النحو، ص: ۱۶)

☆...... اسباب منع صرف میں سے چھ سبب اسم معرفہ میں پائے جاتے ہیں (۱) عدل تقدیری (۲) تانیث بالتاء (۳) عجمہ (۴) ترکیب (۵) وزن فعل (۶) اور فَعْلَانٌ جبکہ علم ہو۔ (کتاب النحو، ص: ۱۷)

☆...... نسبت تقییدی: مضاف اور مضاف الیہ کے درمیان، یا صفت موصوف کے مابین نسبت کو، نسبت تقییدی کہتے ہیں۔ (مفتاح العوامل شرح مأۃ عامل، ص: ۷۷)

اقسام اضافت

☆...... جس اضافت میں مضاف اسم جامد ہو اس کو اضافت معنوی کہتے ہیں۔ اور جس

میں مضاف اسم مشتق ہو اس کو اضافت لفظی کہتے ہیں۔ (خلاصۃ النحو، ص: ۱۴)

☆...... اضافت معنوی کی تین قسمیں ہیں (۱) اضافت بیانیہ یا اضافت بمعنی "مِنْ" ہو، جیسے: خَاتِمُ فِضَّةٍ اَیْ مِنْ فِضَّةٍ. (۲) اضافت لامیہ یا اضافت بمعنی لام جیسے: غُلَامُ زَیْدٍ اے غُلَامٌ لِزَیْدٍ۔ (۳) اضافت ظرفیہ یا اضافت بمعنی فی جیسے: صَائِمُ النَّهَارِ، قَائِمُ اللَّیْلِ۔ جس میں فعل کے واقع ہونے کے وقت کا بیان ہوا۔ (خلاصۃ النحو از مولانا ولایت حسین صاحب، ص: ۱۴)

اقسام ظروف

☆...... ظرف کی دو قسمیں ہیں: (۱) ظرف زمان (۲) ظرف مکان پھر ہر ایک کی دو قسمیں ہیں (۱) ظرف محدود (۲) ظرف مبہم۔ اب ظرف کی چار قسمیں ہوئیں: (۱) ظرف زمان محدود (۲) ظرف زمان مبہم (۳) ظرف مکان محدود (۴) ظرف مکان مبہم۔ اور یَوْمٌ، لَیْلَةٌ، شَهْرٌ، سَنَةٌ، اُسْبُوْعٌ یہ ظرف زمان محدود ہے۔ اور دَهْرٌ، حِیْنٌ، زَمَانٌ، وَقْتٌ، عَصْرٌ یہ ظرف زمان مبہم ہے، خَلْفَکَ، اَمَامَکَ، عِنْدَکَ یہ ظرف مکان محدود ہے، دَارٌ، مَسْجِدٌ، بَیْتٌ یہ ظرف مکان مبہم ہے۔ پہلی تینوں قسموں میں "فی" پوشیدہ ہے جب کہ چوتھی قسم میں "فی" کو ظاہر کرنا پڑتا ہے۔ (خلاصۃ النحو، ص: ۱۲)

☆...... اسم ظرف کے وزن: مفتوح العین و مضموم العین اور ناقص سے مطلقاً مفعل (بفتح عین) کے وزن پر آتا ہے۔ جیسے: مَفْتَحٌ وَمَنْصَرٌ وَمَرْمًی اصل میں یہ مَرْمَیٌ تھا۔ اور مکسور العین سے اور مثال سے مطلقاً بروزن مفعل (بکسر العین) آتا ہے۔ جیسے مَضْرِبٌ وَمَوْقِعٌ ہے۔ (علم الصیغہ مترجم اردو، ص: ۳۴)

اسم ظرف کے اوزان پر ایک شعر، افادۃً درج ہے۔ (از فرائد منثورہ، ص: ۵۱)

ظرف یَفْعِلُ مَفْعِلٌ ست إلاَّ ز ناقص اے کمال
غیر یَفْعِلُ مَفْعَلٌ آید دائمًا إلَّا مثال

☆......اسم ظرف مثال واوی سے مَفْعِلٌ کے وزن پر" خواہ مضارع کا عین کلمہ مکسور ہو یا مفتوح جیسے مَوْرِدٌ، مَوْعِدٌ، مَوْجِلٌ "۔آتا ہے، ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے مضارع مجہول کے وزن پر بجائے علامت مضارع کے میم مضموم لگا کر بناتے ہیں جیسے: مُنْحَدَرٌ، مُضْطَرَبٌ، مُزْدَحَمٌ وغیرہ۔ (مصباح اللغات، ص:۷)

☆......ظروف غیر مبنی کو جب جملہ کی طرف اضافت کریں تو مبنی بر فتحہ ہو جاتے ہیں، جیسے: هٰذَا يَوْمَ يَنْفَعُ الصَّادِقِيْنَ صِدْقُهُمْ ۔ یوم اور حین کو جب "إِذْ" کی طرف مضاف کریں گے تو "إِذْ" کو تنوین جری کے ساتھ پڑھا جائے گا، جیسے: يَوْمَئِذٍ، وَحِيْنَئِذٍ۔ اصل میں یہ يَوْمَ إِذْ كَانَ كَذَا تھا۔ (کتاب النحو، ص: ۵۱)

☆......جب خبر ظرف یا جار مجرور ہو تو اس سے پہلے کوئی فعل یا شبہ فعل مقدر مانا جاتا ہے، جیسے: عِنْدِیْ مَالٌ اَیْ مَوْجُوْدٌ. زَيْدٌ فِي الدَّارِ اَیْ اِسْتَقَرَّ زَيْدٌ فِيْ الدَّارِ.

(کتاب النحو، ص: ۱۹)

☆......ظرف کی چار قسمیں (۱) زمان محدود (۲) مبہم محدود (۳) مکان محدود (۴) مکان مبہم۔ ہر ایک کی مثال زمان محدود کی مثال صُمْتُ شَهْرًا ۔ زمان مبہم کی مثال سَافَرْتُ دَهْرًا. مکان محدود کی مثال جَلَسْتُ فِي الدَّارِ. مکان مبہم کی مثال جَلَسْتُ خَلْفَكَ ۔ (ماخوذ از مسودہ مولانا عبدالرشید صاحب شیخ الحدیث اشرف المدارس)

ظرف مستقر اور ظرف لغو میں فرق

ظرف مستقر کہتے ہیں جب حروفِ جارہ کے متعلق کو حذف کیا جاتا ہے تو اس وقت حرف جار کو حذف کرنا جائز نہیں کیونکہ اس وقت متعلَّق اور متعلِّق. دونو کے

دونوں کا حذف ہونا لازم آیگا وہ جائز ہے اسی وجہ سے اسے ظرف مستقر کہا جاتا ہے بخلاف ظرفِ لغو کے کہ اس کے اندر اپنا متعلق مذکور ہونے کی وجہ سے حذف ہونے کی گنجائش باقی ہے لہذا بہ نسبت ظرف مستقر اس میں کچھ نقص باقی ہے یہی وجہ ہے کہ مستقر کے مقابلے میں اسے ظرف لغو کہا جاتا ہے یا یوں کہا جائیگا کہ ظرف لغو میں متعلق مذکور ہونیکی وجہ سے صریح ہوا ہے بخلاف ظرف مستقر کے کہ اس میں متعلق محذوف ہونے کی وجہ سے بمنزلہ کنایہ ہے اور قاعدہ مسلمہ ہے "اَلْکِنَایَةُ اَبْلَغُ مِنَ التَّصْرِیْحِ" اسی وجہ سے ابلغ کا ظرف مستقر کے ساتھ اور غیر ابلغ کا ظرف لغو نام رکھا گیا ہے۔ (مآرب الطلبہ)

بحث اسم تفضیل

☆......اسم تفضیل کا استعمال تین صورتوں کے علاوہ جائز نہیں مگر جب مفضل علیہ معلوم ہو اور معین ہو تو اس وقت اس کا حذف جائز ہوتا ہے، جیسے: اَللّٰهُ اَکْبَرُ یعنی اَکْبَرُ کُلِّ شَیْءٍ یا اَکْبَرُ مِنْ کُلِّ شَیْءٍ ہے. (کتاب النحو، ص: ۵۱)

☆......(۱) اسم تفضیل کی تین صورتوں میں سے دو کا جمع کرنا بھی جائز ہے جیسے: زَیْدٌ الْاَفْضَلُ مِنْ عَمْرو. (۲) اسم تفضیل کے استعمال کی تینوں صورتوں میں اس کا فاعل ضمیر ہوتی ہے اور اسم تفضیل اسم ضمیر میں عمل کرتا ہے، اسم مظہر میں نہیں کرتا، مگر ایسی صورت میں کہ اسم تفضیل باعتبار لفظ کے صفت کسی چیز کی ہو اور باعتبار معنی کے صفت کسی ایسی چیز کی ہو کہ پہلی شے، اور اس کے غیر میں مشترک ہے اور نیز اسم تفضیل منفی ہو جیسے مَارَاَیْتُ رَجُلاً اَحْسَنُ فِیْ عَیْنِهِ الْکُحْلُ مِنْهُ فِیْ عَیْنِ زَیْدٍ. یعنی میں کوئی ایسا آدمی نہیں دیکھا کہ اس کی آنکھ میں سرمہ بہت اچھا ہو اُس سرمہ سے جو زید کی آنکھ میں ہے۔ اس مثال میں "احسن" باعتبار لفظ کے رَجُلاً

کی صفت ہے اور حقیقت میں کُحل کی جو باعتبار چشم رجل کے مفضل اور باعتبار چشم زید کے مفضل علیہ ہے پس ''اَحْسَنُ'' نے اس جگہ کُحل اسم مظہر میں عمل کیا ہے۔

(کتاب النحو، ص: ۵۹)

☆......قاعدہ: اسم تفضیل کا فاعل اس کی ضمیر ہوتی ہے جو کہ اس میں پوشیدہ ہے اور اسم تفضیل کا فاعل ہمیشہ ضمیر اور پوشیدہ ہوگی، اسم ظاہر نہ ہوگی، اگر ہو تو بڑی شرطوں کے ساتھ ہوگی۔ (ہدیۂ صغیر، ص: ۱۱۵)

☆......اسم تفضیل کے استعمال کی دو صورتیں ہیں (۱) اسم تفضیل مفرد ہوگا خواہ اس کا موصوف تثنیہ وجمع ہی کیوں نہ ہو، (۲) اسم تفضیل کا صیغہ اپنے موصوف کے مطابق ہوگا یعنی مفرد، تثنیہ اور جمع میں۔ مثال مفرد، زَیْدٌ اَفْضَلُ الْقَوْمِ. میں زید موصوف مفرد ہے اسلئے اَفْضَلُ کو مفرد لایا گیا۔ مثال تثنیہ: اَلزَّیْدَانِ اَفْضَلَا الْقَوْمِ اس میں دونوں تثنیہ ہیں، مثال جمع جیسے: اَلزَّیْدُوْنَ اَفْضَلُوا الْقَوْمِ. یعنی اس میں اَلزَّیْدُوْنَ، موصوف جمع اور اَفْضَلُوْا صفت اور جمع بھی ہے اور دونوں میں مطابقت بھی ہے۔

☆......استعمال اسم تفضیل کی تین صورتیں ہیں۔ (۱) جب اسم تفضیل کا استعمال اضافت کے ساتھ کیا جائے گا تو اسم تفضیل ہمیشہ مفرد ومذکر آئے گا جیسے: زَیْدٌ اَفْضَلُ الْقَوْمِ. (۲) جب الف لام کے ساتھ استعمال کیا جائے گا تو اس میں اس کی مطابقت موصوف کے ساتھ واجب ہے یعنی واحد، تثنیہ، وجمع میں، جیسے: زَیْدٌ الاَفْضَلُ، اَلزَّیْدَانِ الاَفْضَلَانِ، اَلزَّیْدُوْنَ الاَفْضَلُوْنَ.

☆......اسم تفضیل جب حرف ''مِنْ'' کے ساتھ استعمال ہو تو اسم تفضیل کو ہمیشہ مفرد مذکر لانا ضروری ہوگا، جیسے: زَیْدٌ اَفْضَلُ مِنْ عَمْرٍو. (تیسیر النحو، ص: ۱۳۹)

☆......اسم تفضیل کے استعمال کی جو تین صورتیں ہیں تو اسم تفضیل میں فاعل مفرد، ضمیر

محذوف مانا جائے گا اور اسم تفضیل اسی میں عمل کرے گا اور اسم تفضیل اسم ظاہر میں کوئی عمل نہ کرے گا، خواہ اسم ظاہر فاعل ہو یا مفعول۔(تیسیر النحو ص: ۱۴۰)

☆......اسم تفضیل میں کبھی کبھی خلاف قیاس تبدیلی آتی ہے، مگر معنوں میں کوئی تبدیلی نہیں آتی، جیسے: خَیْرٌ وَشَرٌّ ہے جو اَخْیَرُ اور اَشَرُّ کے معنی میں ہیں. (مصباح المنیر، ص: ۱۳۰)

☆......مفضل علیہ کو حذف کردینے کے بعد اگر قرینہ سے معلوم ہوسکتا ہے، تو اس کا حذف کردینا کلام کو بلیغ بناتا ہے، جیسے: اَللّٰہُ اَکْبَرُ، اَللّٰہُ اَعْلیٰ، اصل میں اَللّٰہُ اَعْلیٰ مِنْ کُلِّ شَیْءٍ۔ یا اَکْبَرُ مِنْ کُلِّ شَیْءٍ. (المصباح المنیر، ص: ۱۳۰)

☆......اسم تفضیل اگر "مِنْ" کے ساتھ مستعمل ہو تو ہمیشہ واحد مذکر ہوتا ہے چاہے مصداق مذکر ہو یا مؤنث، واحد ہو یا جمع، مثال اَلصَّلٰوۃُ خَیْرٌ مِنَ النَّوْمِ اس میں صلوٰۃ مؤنث ہے خیر اسم تفضیل مذکر ہے، اسی طرح اَلرِّجَالُ خَیْرٌ مِنَ النِّسَاءِ . یہاں بھی رجال جمع ہے اور خیر اسم تفضیل مذکر واحد ہے۔(تخلیۃ الاسیر، شرح نحو میر)

☆......اگر اسم تفضیل الف لام کے ساتھ مستعمل ہو تو اس میں اسم تفضیل ہمیشہ مصداق کے مطابق ہوگا یعنی تذکیر و تانیث واحد و جمع میں، مثال: جَاءَ تْ زَیْنَبُ الْفُضْلیٰ . جَاءَ الرِّجَالُ الْاَفْضَلُوْنَ. (تخلیۃ الاسیر)

☆......اگر اسم تفضیل اضافت کے ساتھ مستعمل ہو اور مصداق مضاف الیہ سے خارج ہو جیسے: یُوْسُفُ اَحْسَنُ اِخْوَتِہٖ۔ تو اس میں بھی مطابقت شرط ہے۔

☆......اگر مصداق مضاف الیہ میں داخل ہو تو اس میں مطابقت کرنا نہ کرنا دونوں برابر ہیں، مثال: زَیْنَبُ اَفْضَلُ الْقَوْمِ اور فُضْلَی الْقَوْمِ۔ دونوں طرح صحیح ہے۔(تخلیۃ الاسیر، ص: ۱۵۸)

☆......اسم تفضیل کے صیغے صرف ثلاثی مجرد کے اوزان سے مستعمل ہیں بشرطیکہ ان

میں لون یا عیب کے معنی نہ ہوں اگر ہوں تو یہ صیغے صفت مشبہ ہوتے ہیں۔(المصباح المنیر، ۱۳۰)

☆......اسم تفضیل میں فضیلت اکثر فاعلیت کے اعتبار سے ہوتی ہے۔جیسے: اَضْرَبُ (زیادہ مارنے والا) لیکن کبھی کبھی مفعولیت کے اعتبار سے بھی تفضیل ہوا کرتی ہے۔ جیسے:اَعْرَفُ (زیادہ معروف) اَشْهَرُ (زیادہ مشہور یا مشہورتر).(المصباح المنیر، ص: ۱۳۰)

☆......اسم تفضیل میں تنوین نہیں آتی، کیونکہ وہ غیر منصرف ہے دو وجہ سے (۱) وزن فعل کی وجہ سے (۲) وصف (صفت مشبہ) کی وجہ سے، اور یہ دونوں اسباب منع صرف میں سے ہیں.(المصباح المنیر ،۱۳۰)

<u>اسمِ تفضیل اور صفتِ مشبّہ میں فرق:</u> واضح ہو کہ اسم تفضیل وہ اسم ہے جو بہ نسبت دیگر، موصوف کی صفات کی زیادتی پر دلالت کرے، اس کو افعل التفضیل بھی کہتے ہیں اور صفتِ مشبّہ وہ اسم ہے جو ایسی ذات پر دلالت کرے، جس میں صفت بطور ثبوت اور دائمی اعتبار سے ہو۔(مآرب الطلبہ ص:۸۸/۸۹،مصباح العوامل ص: ۱۵۳)

بحث حال ذوالحال

☆......ذوالحال اکثر معرفہ ہوتا ہے اور حال ہمیشہ نکرہ ہوتا ہے، لیکن اگر ذوالحال نکرہ ہو تو حال کو مقدم لانا واجب ہے۔ جیسے: جَاءَنِیْ رَاكِبًا رَجُلٌ. (کتاب النحو، ص: ۳۴)

☆......کبھی حال جملہ اسمیہ ہوتا ہے اس وقت واؤ اور ضمیر یا صرف واؤ کا جملہ میں ہونا ضروری ہے۔جیسے: لَا تَقْرَبُوا الصَّلٰوةَ وَاَنْتُمْ سُكَارٰى. الآية، كُنْتُ نَبِيًّا وَآدَمُ بَيْنَ الْمَاءِ وَالطِّيْنِ. (کتاب النحو، ص: ۳۴)

☆......حال جب جملہ فعلیہ ہو اور فعل اس میں مضارع مثبت ہو تو صرف ضمیر کافی ہے جیسے: جَاءَ نِیْ زَیْدٌ یَسْعٰی (زید دوڑتا ہوا میرے پاس آیا)

☆......جب فعل ماضی حال ہو تو اس پر حرف "قد" کا آنا ضروری ہے، جیسے: جَاءَ زَیْدٌ قَدْ خَرَجَ غُلَامُهٗ. (کتاب النحو، ص: ۳۴)

☆......حال کی چھ قسمیں ہیں: (۱) منتقلہ: یعنی وہ حال ہے جو ذوالحال سے منتقل ہو جائے اور اس کے ساتھ علی الدوام ثابت نہ رہے جیسے: جَاءَ نِیْ زَیْدٌ رَاکِبًا. یہاں رُکُوْب، یہ زید سے منتقل بھی ہوتا ہے۔ (۲) حال مؤکدہ: وہ ہے جو جزء جملہ کی تاکید کرے، جیسے: هُوَ الْحَقُّ لَارَیْبَ فِیْهِ۔ کہ قولہ لَارَیْبَ فِیْهِ. یہ اَلْحَق کی تاکید کر رہا ہے جو جزء جملہ ہے۔ (۳) حال متداخلہ: وہ حال ہے کہ جو حال اول کے معمول سے حال ہو جیسے: جَاءَ نِیْ زَیْدٌ یَقُوْمُ غُلَامُهٗ مَجْرُوْحًا رَأْسُهٗ ۔کہ مَجْرُوْحًا ۔حال ہے قولہ غلامہ سے جو معمول ہے حال اول "یَقُوْلُ" کے۔ (۴) حال مترادفہ: وہ حال ہے کہ جس کا عامل اور حال اول کا عامل ایک ہو جیسے: رَاَیْتُ زَیْدًا قَائِمًا عَامِلاً. کہ عَامِلاً اور قَائِمًا دونوں کا عامل ایک ہے۔ (۵) حال مقدرہ: وہ حال ہے کہ جس کا حصول زمانہ آئندہ میں مقدر ہو، اور ذوالحال بوقت اخبار اس حال پر نہ ہو جیسے: اُولٰئِکَ لَهُمْ جَنّٰتٌ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهَارُ خَالِدِیْنَ فِیْهَا اَبَدًا کہ جس وقت حق تعالیٰ نے یہ جملہ ارشاد فرمایا اس وقت خلود کہاں تھا؟ بلکہ دخول جنت کے بعد ہوگا تو بوقت خلود، اس کو مقدر کر لیا گیا۔ (۶) حال دائمہ: وہ حال ہے کہ جس پر ذوالحال علی الدوام ہوتا ہے اور کبھی اس سے منفک (جدا) نہیں ہوتا جیسے: کَانَ اللّٰهُ قَادِرًا۔ (فرائد منثورہ در تحقیقات کلمار مستورہ، ص: ۵۷)

☆......تمیز اور حال میں پہچان یہ ہے کہ حال وہ اسم ہے جو فاعل اور مفعول کی ہیئت بیان کرتا ہے، اور تمیز وہ ہے جو عدد کا یا وزن کا، یا پیمانہ کا ابہام کو دور کرتا

ہے۔ (تسہیل قواعد النحو)

<u>اوزان اور کیل، ایک شعر میں</u> :

پنج اند جان من تو مقادیر را شناس
کیل ست ووزن وعدد وذراع ست وہم قیاس

(سعیدیہ شرح کافیہ، ص:۷۲)

حال اور تمیز میں فرق

ان دونوں کے درمیان چند وجوہ سے فرق بیان کیا جاتا ہے (۱) تمیز اپنے ممیز کی ذات کو بیان کرتی ہے، بخلاف حال کے کہ وہ اپنے ذوالحال کی ہیئت اور صفت کو بیان کرتا ہے، جیسے: ''جاء نی زیدٌ راکِبا'' میں راکِباً ''زیدٌ '' ذوالحال کی ہیئت اور حالت کو بیان کرتا ہے۔ (۲) حال میں ''فی'' مقدر رہوتا ہے جیسے: جَآءَ نِیُ زَیْدٌ رَاکِباً کے معنی ہے جَآءَ نِیُ زَیْدٌ فِیُ زَمَانِ رُکُوبِہٖ'' کیونکہ حال کے اندر معنی ظرفیت موجود ہے، بخلاف تمیز کے کہ اس کے اندر مِنُ مقدر ہوتا ہے مثلاً : عِنْدِیُ اَحَدَعَشَرَدِرُھَمًا، اَیُ مِنُ دِرُھَمٍ۔ (۳) حال اکثر اسم مشتق سے بنتا ہے اور تمیز عموماً اسم جامد ہوتی ہے مثلاً ''مَافِی السَّمَاءِ قَدَرُ رَاحَۃٍ سَحَاباً'' یہاں سحابا تمیز ہے، اسم جامد ہے اور ضربتُ زیداً مشدوداً کے اندر مشدوداً حال اسم مشتق ہے۔

فائدہ:...... حال عموماً مشتق ہوتا ہے گاہِ بگاہ غیر مشتق سے بھی حال واقع ہوتا ہے جیسے: ''جَآءَ نِیُ زَیْدٌ تَمِیْماً '' البتہ اتنا ضروری ہے کہ وہ مشتق کے معنی میں ہو۔

(مآرب الطلبہ ص:۹۵)

☆...... حال کبھی جملہ اسمیہ ہوتا ہے، جیسے: لَاتَقُرَبُوا الصَّلٰوۃَ وَاَنْتُمْ سُکَارٰی، الآیۃ، کُنْتُ نَبِیًّا وَّآدَمُ بَیْنَ الْمَاءِ وَالطِّیْنِ۔ اس وقت واوٴ کا داخل ہونا واجب ہے

.(تسهیل قواعد النحو، ص: ۵۸)

☆......حال کبھی جملہ فعلیہ ہوتا ہے اس صورت میں فعل ماضی پر قد داخل کرنا ضروری ہے، جیسے جَآءَ زَیْدٌ قَدْخَرَجَ غُلَامُهٗ، اگر فعل مضارع مثبت ہو تو پھر ضمیر کافی ہے جیسے: جَآءَ زَیْدٌ یَسْعیٰ۔ اس میں "هُوَ" ضمیر ذوالحال، یَسْعیٰ حال ہے۔ (تسہیل قواعد النحو، ص: ۵۵)

☆......ذوالحال، اگر نکرہ ہو تو اس پر حال کو مقدم کرنا واجب ہے جیسے: جَآءَ نِیْ رَاکِبًا رَجُلٌ۔ مگر حال کی بھی تقدیم اس وقت ہے جبکہ وہ نکرہ ہو اور مفرد ہو، اگر حال جملہ واقع ہو تو اس صورت میں ذوالحال پر حال کو مقدم کرنا واجب نہیں ہے، جیسے: جَآءَ نِیْ رَجُلٌ وَعَلٰی کَتِفِهٖ سَیْفٌ. (تیسیر النحو، ص: ۶۵)

☆......قاعدہ حال: اگر ذوالحال نکرہ ہو تو حال ذوالحال پر مقدم ہوتا ہے، جیسے رَاَیْتُ رَاکِبًا رَجُلٌ، تو یہاں اگر حال کو مقدم نہ کریں تو "رَاَیْتُ رَجُلاً رَاکِبًا"۔ ہو تو اس صورت میں یہ موصوف، صفت ہو جائے گا، لہٰذا التباس سے خالی نہیں ہے، اگر راکبا کو رجلا پر مقدم کریں گے تو یہ التباس ختم ہو جائے گا، کیونکہ صفت کبھی بھی موصوف پر مقدم نہیں ہوتی۔

<u>حال متداخلہ اور حال مترادفہ میں فرق</u>: دونوں میں فرق یہ ہے کہ حال متداخلہ میں دونوں حالوں کے ذوالحال الگ الگ (یعنی دو) ہوتے ہیں اور حال مترادفہ کا ذوالحال ایک ہوتا ہے۔ حال متداخلہ کی مثال یہ ہے: جَآءَ نِیْ زَیْدٌ یَقُوْمُ غُلَامُهٗ مَجْرُوْحًا رَاْسُهٗ، اس مثال میں مَجْرُوْحًا غُلَامُهٗ سے حال ہے اور یَقُوْمُ غُلَامُهٗ، زَیْدٌ سے حال ہے۔ مترادفہ کی مثال یہ ہے: رَاَیْتُ زَیْدًا قَائِمًا عَامِلًا، اس مثال میں حال اول قَائِمًا اور حال ثانی عَامِلًا دونوں کا ذوالحال ایک ہے۔ (مقدمات علوم درسیہ: ۳۴۱، ہدیہ صغیر، :۹۲)

☆......اگر مستثنیٰ منہ مذکور نہ ہو تو پھر مستثنیٰ کا اعراب عامل کے موافق ہوگا، جیسے: فَهَلْ

يُهْلَكُ اِلَّا القوم الْفَاسِقُوْنَ. لَاتَقُوْلُوْاعَلَى اللّٰهِ اِلَّاالْحَقَّ ۔پہلی مثال میں "اَحَدٌ" مستثنیٰ منہ محذوف ہے اور دوسری مثال میں "شَيْئًا" محذوف ہے. (کتاب النحو، ص:۳۵)

☆......معرب وہ اسم ہے جو اپنے عامل کے ساتھ مرکب اور مبنی اصل کے ساتھ مشابہ نہ ہو۔ (بدر منیر، ص:۲۷)

اقسام اسم غیر متمکن

☆......اسم غیر متمکن کی آٹھ قسمیں ہیں: (۱) اسمائے ضمائر (۲) اسمائے اشارات (۳) اسمائے موصولات (۴) اسمائے افعال (۵) اسمائے اصوات (۶) اسمائے ظروف (۷) اسمائے کنایات (۸) مرکب عددی یا بنائی ۔پھر اسمائے ضمائر کی چھ قسمیں ہیں: (۱) مرفوع متصل (۲) مرفوع منفصل (۳) منصوب متصل (۴) منصوب منفصل (۵) مجرور متصل (۶) ضمائر مجرور متصل بالحروف. (خلاصة النحو مصنفه مولانا ولایت حسین ارکانی، ص:۱۵)

اوزان جمع قلت وکثرت

☆......جمع قلت کے چار وزن ہیں: (۱) اَفْعُلٌ چوں اَكْلُبٌ (۲) اَفْعَالٌ چوں اَقْوَالٌ (۳) اَفْعِلَةٌ چوں اَسْئِلَةٌ. (۴) فِعْلَةٌ چوں غِلْمَةٌ (۵) دو جمع سالم جو بغیر الف و لام کے ہیں یہ بھی جمع قلت پر دلالت کرتی ہیں۔ جیسے: مُسْلِمُوْنَ وَمُسْلِمَاتٌ ۔

☆......جمع کثرت کے دس اوزان مشہور ہیں: (۱) فِعَالٌ چوں عِبَادٌ (۲) فُعَّالٌ چوں خُدَّامٌ (۳) فُعَلَاءُ چوں عُلَمَاءُ (۴) فَعْلیٰ چوں مَرْضیٰ (۵) اَفْعِلَاءُ چوں اَصْدِقَاءُ، (۶) فَعَلَةٌ چوں طَلَبَةٌ. (۷) فُعُوْلٌ چوں نُجُوْمٌ (۸) فُعُلٌ چوں رُسُلٌ (۹)

فِعَلٌ چوں فِرَقٌ (۱۰) فِعْلَانٌ چوں غِلْمَانٌ. (خلاصة النحو، ص: ۹ ۱)

اسم جمع اور مطلق جمع میں فرق: اسمِ جمع اور مطلق جمع کے درمیان تین طریقوں سے فرق بیان کیا جاتا ہے (ا) اسم جمع اُس اسم کو کہتے ہیں جو "مَافَوْقَ الْاِثْنَیْنِ" پر دلالت کرے مگر جمع کے اوزان پر نہ ہو خواہ اس کیلئے مفرد ہو یا نہ ہو جیسے "رَهْطٌ، وَجَيْشٌ" کہ اسکا کوئی مفرد نہیں، بخلاف جمع کے کہ اس میں ان چیزوں کا ہونا ضروری ہے (ب) اسم جمع کی تصغیر لانے کیلئے اسکو مفرد کی طرف لوٹانے کی ضرورت نہیں، بخلاف مطلق جمع کے کہ اس میں مفرد کی طرف لوٹانا ضروری ہے (ج) اسم جمع خلافِ قیاس کی قبیل سے ہے، بخلاف جمع حقیقی کے کہ وہ موافق قیاس ہوتی ہے۔

فائدہ:...... جمع اور اسم جمع کے درمیان اہلِ لغت کے نزدیک کوئی فرق نہیں ہے البتہ نُحاۃ کے نزدیک مذکورہ تین فرق ہیں۔ (مفتاح الصرف ص ۱۱٦ و مآرب الطلبہ ص ۹۱، التقریر الحاوی ص: ۱۰۲ ج ۲، مؤلف مولانا فخر الحسن صدر المدرسین دار العلوم دیوبند ناشر مدنی کتب خانہ بفرزون کراچی)

☆...... جمع قلت کا استعمال، مجازاً جمع کثرت کی جگہ، اور جمع کثرت کا استعمال مجازاً جمع قلت کی جگہ ہو سکتا ہے، جیسے: ثَلٰثَةُ قُرُوْءٍ، میں قُرُوْءٌ جمع کثرت ہے، جو تین کیلئے استعمال کیا گیا ہے، حالانکہ اس کی جمع قلت اَقْرَاء موجود ہے۔ جمع قلت کے اوزان ایک شعر میں:

جمع قلت را چار است امثلہ
اَفْعُلٌ وَاَفْعَالٌ وَفِعْلَةٌ وَاَفْعِلَةٌ

یعنی جمع قلت کے چار وزن ہیں (۱) اَکْلُبٌ (۲) اَقْوَالٌ (۳) غِلْمَةٌ (۴) اَغْوِنَةٌ. (مہر منیر، ۸۰، ۵۷، بدر منیر، ۵۳)

☆...... شبہ جمع کی تعریف: شبہ جمع وہ ہوتی ہے جو جمع کا معنیٰ دے اور اس کے واحد و جمع

میں صرف ''ۃ'' سے تمیز ہو، جیسے: وَرَقَۃٌ سے وَرَقٌ، تَمْرَۃٌ سے تَمْرٌ. (تسهيل قواعد النحو، ص: ٦٦)

اسم جمع، جمع اوراسمِ جنس میں فرق: (ا) جمع وہ لفظ ہے جو ایک جنس کے دو سے زائد افراد پر دلالت کرے اور مفرد میں کچھ تغیر کر کے بنایا گیا ہو، جیسے رَجُلٌ سے رِجَالٌ وغیرہ (ب) اسم جمع وہ اسم ہے جو دو سے زیادہ افراد پر دلالت کرے ایک یا دو پر دلالت نہ کرے، لیکن اس کا مفرد نہ ہو جیسے رَکْبٌ، رَھْطٌ وغیرہ (ج) اسمِ جنس وہ اسم ہے جو ایک فرد پر یا دو فرد پر بھی دلالت کرے اور دو سے زیادہ پر بھی بولا جائے، لیکن اگر خاص ایک فرد کے معنی لینے ہوں تو آخر میں تاء یا یائے مشدد لگا دی جائے، جیسے تَمْرٌ اور رُوْمٌ سے تمرۃٌ و رُوْمِیٌّ وغیرہ۔ (مفتاح الصرف ص:۱۱۶)

اقسام معرب ومبنی

☆......کلمات عرب کی دو قسمیں ہیں (۱) معرب (۲) مبنی۔ پھر مبنیات کی کل چھ قسمیں ہیں: (۱) تمام حروف (۲) فعل ماضی (۳) امر حاضر معروف (۴) اسم غیر متمکن (۵) اسم متمکن جب ترکیب میں واقع نہ ہو (۶) فعل مضارع کے اخیر میں نون ثقیلہ ونون خفیفہ اور جمع مؤنث کا ہو۔ اور ان چھ میں سے پہلی تین قسمیں مبنی اصل ہیں اور آخری تین مبنی غیر اصل ہیں۔

☆......اور معرب کی صرف دو قسمیں ہیں (۱) اسم متمکن جبکہ ترکیب میں واقع ہو (۲) فعل مضارع جبکہ نون تاکید ونون جمع مؤنث سے خالی ہو. (النحو اليسير، ص: ۱۹)

بحث بدل ومبدل منہ

☆......بدل کل میں بدل کی مطابقت تذکیر وتانیث اور صیغہ میں مبدل منہ سے لازم ہے۔ بدل بعض اور بدل اشتمال میں صرف ضمیر کی مطابقت تذکیر وتانیث اور واحد،

تثنیہ وجمع میں کر لیتے ہیں۔اور بدل غلط میں سوائے اتحاد اعراب کے اور کچھ شرط نہیں ہے۔(کتاب النحو، ۴۴)

☆......بدل کل میں مبدل منہ اور بدل کا مدلول ایک ہی شئے ہوتی ہے جیسے: **مُحَمَّدٌ سَیِّدُ الْاَنْبِیَاءِ**.(مفتاح العوامل ،ص: ۱۲)

بدل الکل اور عطف بیان میں فرق: ان دونوں میں چند وجوہ سے فرق ہے: (۱) عطف بیان میں متبوع کو روشن کرنا ضروری ہے اور بدل میں ایسا نہیں (۲) عطف بیان میں متبوع مقصود ہے نہ کہ تابع ،جیسے: عبداللہ بن عمر میں، پس یہاں متکلم کا مقصود عبداللہ کہنا ہے نہ کہ ابن عمر لیکن عبداللہ بنسبت ابن عمر غیر مشہور ہونے کی وجہ سے وضاحت کیلئے ابن عمر کو بطور عطف بیان لایا گیا ہے، بخلاف بدل کے کہ اس میں تابع مقصود ہے نہ کہ متبوع جیسے: جَاءَ نِیْ زَیْدٌ اَخُوْکَ پس یہاں متکلم کا مقصود زید کہنا نہیں، بلکہ اَخُوْکَ کہنا مقصود ہے (۳) عطفِ بیان کیلئے عَلَم ہونا ضروری ہے (خواہ وہ لقب یا کنیت کی قبیل سے ہی کیوں نہ ہو) بخلاف بدل کے کہ وہ غیر علم بھی ہوسکتا ہے جیسے جَاءَ نِیْ زَیْدٌ اَخُوْکَ۔(۴) عطفِ بیان میں اسم ظاہر ہونا ضروری ہے بخلاف بدل کے۔ (۵) عطفِ بیان تکرار عامل کے حکم میں نہیں، بخلاف بدل کے کہ وہ تکرار عامل کے حکم میں ہے۔(مآرب الطلبہ ص:۱۰۸،۱۰۹)

ضمیر شان وضمیر قصہ

☆......ضمیر شان: جملہ سے پہلے کبھی ایک ضمیر غائب بلا مرجع آیا کرتی ہے جب یہ ضمیر مذکر کی ہو تو اس کو ضَمِیْرُ الشَّانِ، اور جب مؤنث کی ہو تو ضَمِیْرُ الْقِصَّۃِ کہتے ہیں۔اور یہ مبہم ہوتی ہے، اور جملہ مابعد اس کی تفسیر کرتا ہے، جیسے: هُوَزَیْدٌقَائِمٌ، کَاَنَّهٗ زَیْدٌ قَائِمٌ، اِنَّهَاهِنْدٌقَاعِدَۃٌ، وغیرہ.(کتاب النحو، ص: ۴۵)

☆......ضمیر کی دو قسمیں ہیں: ضمیر قصہ وضمیر شان ۔ اور ضمیر شان وہ ہے جو مذکر کیلئے ہوتی ہے جو معہود فی الذہن ہوتا ہے، جیسے: قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَد ۔ اور یہاں لفظ "اَللّٰهُ اَحَدٌ" سے پہلے لفظ "ھو" ضمیر شان ہے. (تیسیر النحو، ص: ۹٦)

☆......اور ضمیر قصہ وہ ہے جو مؤنث کیلئے ہو جیسے: اِنَّهَا زَيْنَبُ قَائِمَةٌ. یہاں "ھا" ضمیر جو زَيْنَبُ قَائِمَةٌ سے پہلے مذکور ہے اسی کو ضمیر قصہ کہتے ہیں ۔ (تیسیر النحو، ص: ۹٦)

☆...... <u>ضمیر مبہم کی تعریف</u>: جب ضمیر کا مرجع متعین اور معلوم نہ ہو تو سوال ہوتا ہے کہ اس ضمیر کو کس طرف راجع کریں، اسلئے مرجع نہ ہونے کی وجہ سے اس ضمیر کو ضمیر مبہم کہتے ہیں ۔ (مصباح العوامل، ص: ۳۱)

☆......علامہ تبریزی شارح حماسہؒ نے لکھا ہے، کہ چھ چیزوں میں "اضمار قبل الذکر" جائز ہے اور وہ یہ ہیں: خمر، حرب، فرس، معشوق، سیف، اور لفظ اللہ ۔ (مسودہ مقامات دوم، ص: ٦٨، از راقم)

بحث اسم موصول وصلہ

☆......اسم موصول: بغیر صلہ کے جملہ کا پورا جزء نہیں ہوسکتا اور صلہ اس کا جملہ خبریہ ہوتا ہے اور عائد ایک ضمیر ہو جو موصول کی طرف پھیرے، جیسے: اَلْخَنَّاسِ الَّذِىْ يُوَسْوِسُ. میں الَّذِىْ اسم موصول اور يُوَسْوِسُ فعل ضمیر "هُوَ" راجع بطرف موصول جو اس کا فاعل ہے فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ ہوا. (کتاب النحو، ص: ٤٦)

☆......اسم موصول وہ ہے جو اپنے صلہ کے بغیر مبتدا، خبر، فاعل اور مفعول وغیرہ نہ بن سکے جیسے: جَآءَ نِىْ الَّذِىْ طَلَبْتُهٗ. (مصباح المنیر، ص: ٤٤)

☆......صلہ: لغةً، اس کا معنی ملنا وملانا ۔ لیکن اصطلاح نحویوں میں صلہ اس جملہ کو کہتے ہیں جو اسم موصول کے بعد آوے، جیسے: جَآءَ نِىْ الَّذِىْ طَلَبْتُهٗ. (مصباح

المنیر، ۴۴)

☆......اسم موصول کا صلہ جملہ ہونا ضروری ہے۔ مرکبات غیر تامہ کہ جہاں مسند و مسند الیہ نہ ہوں، اسم موصول کا صلہ نہیں بن سکتے لیکن اگر الف ولام بمعنی الذی موصول ہو تو اس الف ولام بمعنی الذی کا صلہ جملہ ہونا ضروری نہیں ہے۔(مصباح العوامل، ص: ۱۶۱)

☆......شرط و جزا کے چند قواعد یہ ہیں: (۱) جس وقت شرط کی جزا جملہ اسمیہ ہو تو جزا پر ''فا'' کا لانا لازم ہے جیسے: اِنْ تَـأتِنِیْ فَانْتَ مُکْرَمٌ. (۲) اگر شرط کی جزا امر ہو تب بھی جزا پر ''فا'' کا لانا لازم ہے جیسے: اِنْ رَاَیْتَ زَیْدًا فَاَکْرِمْہُ. (۳) اگر جزا نہی ہو تب بھی ''فا'' لانا لازم ہے جیسے: اِنْ اَتَاکَ عَمْرٌ و فَلَا تُھِنْہُ ۔ (۴) ایسا ہی جس وقت شرط کی جزا جملہ ہو تب بھی ''فا'' کا لانا لازم ہے جیسے: اِنْ اَکْرَمْتَنِیْ فَجَزَاکَ اللّٰہُ خَیْرًا ۔(ہدیہ صغیر، ص: ۸۴)

بحث منادیٰ

(۱)......منادی مفرد چاہے معرفہ ہو یا نکرہ، دونوں صورتوں میں مبنی بر رفع ہوتا ہے جیسے: یَازَیْدُ، یَارَجُلُ ۔ (۲) منادیٰ پر جب الف لام استغاثہ داخل ہو تو منادیٰ مجرور ہوتا ہے۔ جیسے: یَالَلْاَمِیْرِ لِزَیْدٍ ۔ (۳) اخیر میں الف استغاثہ کے لاحق ہونے سے مفتوح ہوتا ہے مگر اس وقت اُس پر لام نہیں ہوتا جیسے: یَازَیْدَا و یَازَیْدَاہْ. (کتاب النحو، ص: ۳۱)

☆......اگر منادیٰ معرف باللام ہو تو حرف ندا اور منادیٰ کے درمیان مذکر کیلئے ''اَیُّھَا'' اور مؤنث کیلئے ''اَیَّتُھَا'' کا فصل لاتے ہیں، مذکر کیلئے، جیسے: یَااَیُّھَا النَّبِیُّ. اور مؤنث کیلئے، جیسے: یَااَیَّتُھَا الْمَرْاَۃُ. مگر لفظ ''اللہ'' پر جب حرف ندا داخل ہوگا تو ''اَیُّھَا، اَیَّتُھَا''

فصل درمیان میں نہیں لایا جائے گا، بلکہ یَا اَللّٰہُ کہا جائے گا، اور ندا میں جب ''زیدُ'' کو کھینچیں گے تو زید کی دال پر ضمہ نہیں پڑھیں گے بلکہ فتحہ کر کے الف لائیں گے، جیسے: یَازَیْدَاہُ۔ کبھی یا اَبِیْ یَااُمِّیْ کی یائے متکلم کو حذف کر کے ''تاء'' لگاتے ہیں جیسے: یَااَبَتِ یَااُمَّتِ کہتے ہیں۔ (کتاب النحو، ص: ۱۳، ملفوظات فقیہ الامت ششم، ص: ۲۲)

☆...... جب منادیٰ معرف باللام ہو تو منادیٰ اور حرف ندا کے درمیان لفظ ''اَیُّھَا'' مذکر کیلئے، اور ''اَیَّتُھَا'' مؤنث کیلئے لاتے ہیں۔ جیسے: یَااَیُّھَاالْاِنْسَانُ مَاغَرَّکَ بِرَبِّکَ الْکَرِیْمِ. یَااَیَّتُھَاالنَّفْسُ الْمُطْمَئِنَّةُ، اِرْجِعِیْ اِلٰی رَبِّکِ الخ. یہ اسلئے کیا جاتا ہے تاکہ دونوں (ندا و منادیٰ) کو جوڑا جا سکے اور آسان ہو جائے۔ کیونکہ یَا الْاِنْسَانُ اسی طرح، یَاالنَّفْسُ وغیرہ بولا نہیں جاتا۔ (تیسیر القرآن، تفسیر عم، ص: ۵۰)

☆...... منادیٰ مفرد سے مراد یہ ہے کہ یہ مضاف اور مشابہ مضاف نہ ہو، نکرہ غیر معین نہ ہو، چاہے تثنیہ ہو جمع ہو کیونکہ مفرد جس وقت مضاف کے مقابلے میں ہوگا اس وقت مفرد میں تثنیہ جمع سب داخل ہونگے، جیسے: یَازَیْدَانِ یَامُسْلِمُوْنَ وغیرہ (ہدیہ صغیر، ص: ۸۷)

بحث اسم تصغیر

(۱)...... مصغر وہ اسم ہے جس میں تصغیر کی گئی ہو۔ تصغیر صرفیوں کی اصطلاح میں لفظ میں ایسی تبدیلی کرنے کو کہتے ہیں، جو کسی کی حقارت یا قلت یا عظمت پر دلالت کرے، جیسے: رُجَیْلٌ. (حقیر سا آدمی، یا چھوٹا سا آدمی)۔ (النحو الیسیر ص: ۱۵)

☆...... اسم تصغیر کے چند قاعدے ہیں (۱) ثلاثی مجرد سے اسم تصغیر فعیل کے وزن پر آتا ہے جیسے عَبْدٌ سے عُبَیْدٌ، رَجُلٌ سے رُجَیْلٌ ہے۔ (۲) اگر مؤنث معنوی ثلاثی ہو تو اسم تصغیر میں (ۃ) ظاہر کی جاتی ہے جیسے اَرْضٌ سے اُرَیْضَةٌ، شَمْسٌ سے

شُمَیْسَۃٌ ہے، البتہ اس کیلئے شرط یہ ہے کہ التباس کا خطرہ نہ ہو مثلاً: خَمْسٌ کی جب تصغیر بنانی ہوگی، جب معدود مؤنث ہو تو خُمَیْسٌ کہیں گے، نہ کہ خُمَیْسَۃٌ ورنہ خَمْسَۃٌ کی تصغیر سے مشابہ ہو جائے گا جو معدود مذکر کیلئے ہے۔ (۳) اگر کسی کلمہ میں حرف علت ہو اور تعلیل ہو چکی ہو تو تصغیر بناتے وقت وہ اپنے اصل کی طرف لوٹ جائے گا، جیسے: بَابٌ کی تصغیر بُوَیْبٌ اور نَابٌ کی تصغیر نُیَیْبٌ ہوگی۔ (از ڈائری مؤلف)

بحث اسم منصوب بنزع الخافض

☆......اسم منصوب بنزع الخافض: یعنی اگر حرف جر کو کلمہ سے نکال دیں، اور مراد لیں تو حرف جر کی وجہ سے مدخول سابق کو نصب آیا کرتا ہے اس کو نحاۃ کی اصطلاح میں منصوب بنزع الخافض کہتے ہیں۔ مثال جَآءَنِیْ یہ اصل میں جَآءَ اِلَیَّ ہے۔ نیز نصب بنزع الخافض سماعی ہے قیاسی نہیں، اور سماعی کا استعمال اپنے مواضع میں محصور ہوتا ہے کثیر الوقوع نہیں ہوتا۔ اور نصب بنزع الخافض کیلئے شرط ہے کہ حذف جار کی صورت میں بعینہ اس حالت پر ہو جو وجود جار کی صورت میں تھی، جیسے: مَرَرْتُ الدِّیَارَ۔ کہ دراصل مَرَرْتُ بِالدِّیَارِ تھا اور لفظ ''الدیار'' ہر دو حالت میں معرف باللام ہے۔ (علمی جواہر پارے، ص: ۱۶، مصباح المنیر ص: ۴۴ و معلم الانشاء اول)

☆......اسم منصوب بنزع الخافض وہ اسم ہے جس میں ''فی'' مقدر ہوتا ہو، جیسے: جَلَسْتُ مَسْجِدًا اَیْ فِیْ مَسْجِدٍ. (تسہیل قواعد النحو، ص: ۶۳)

☆......اسم جمع: اسے کہتے ہیں جس کی واحد نہ ہو جیسے: قَوْمٌ، خَیْلٌ، رَھْطٌ. (تسہیل النحو، ص: ۶۶)

اسم جنس، علم جنس اور علم شخصی کا فرق

تینوں کے درمیان فرق یہ ہے کہ اسم جنس وہ ہے جس کو واضع نے افراد سے

قطع نظر کر کے مفہوم کلی کیلئے وضع کر کے محض نفس ماہیت کا تصور کیا ہو، جیسے لفظ اسدٌ کہ اس کو واضع نے ماہیت حیوان مفترس کیلئے وضع کیا ہے، اس میں افراد کا کوئی لحاظ نہیں، علم جنس وہ ہے کہ جس کو واضع نے وضع کرتے وقت ماہیت کو خصوصیتِ ذہنیہ کے ساتھ تصوّر کیا ہو، جیسے حَضَاجِر کہ اس کی وضع ضع کیلئے خصوصیات ذہنیہ کے ساتھ یعنی ''عَظِیْمُ الْبَطْنِ'' کو مدّ نظر رکھتے ہوئے کی گئی ہے علم شخصی اس کو کہتے ہیں جس کو واضع نے وضع کرتے وقت ماہیت کو خصوصیاتِ شخصیہ کے ساتھ تصوّر کیا ہو، جیسے: زَیْدٌ کہ یہاں وضع کرتے وقت ماہیتِ انسان کے ساتھ تشخصاتِ خارجیہ یعنی دست، پاوغیرہ کا بھی تصوّر کیا گیا ہے۔ (مآرب الطلبہ ص: ۱۸۵)

☆......عربی میں فُعْلیٰ کے وزن پر اسم جمع صرف دو آتے ہیں (۱) حُجْلیٰ (۲) ظُرْبیٰ. (ظفر المحصلین، ص: ۲۶۵)

☆......(۱) صرف واحد میں تبدیلی حرکت سے بنتی ہے جیسے اَسَدٌ سے اُسُدٌ ۔ (۲) کبھی واحد میں سے کوئی حرف حذف کر کے، جیسے: رَسُوْلٌ سے رُسُلٌ ۔ (۳) کبھی کسی حرف کی زیادتی سے بنتی ہے جیسے: رَجُلٌ سے رِجَالٌ. اور جمع مکسر کی دو قسم ہیں۔ قلت و کثرت. (تسہیل قواعد النحو)

☆......اگر کم خبریہ کی تمیز میں فصل ہوتا ہے تو اس میں ''مِنْ'' کا لانا واجب ہے۔ جیسے: کَمْ اَھْلَکْنَامِنْ قَرْیَۃٍ. (تسہیل قواعد النحو، ص: ۳۴)

☆...... جو اشیاء صدارت کلام کو چاہتی ہیں وہ کل چھ ہیں جیسا کہ اس قطعہ سے معلوم ہوسکتا ہے:

شش چیز بود مقتضیٰ صدر کلام — درفصیحاں شد ایں نظم تمام
شرط و قسم و تعجب واستفہام — نفی آمد ولام ابتدا گشت تمام

(حاشیہ سعیدیہ شرح کافیہ، ص:۳۴)

بحث تذکیر وتانیث

☆......عربی میں ہواؤں کے نام مؤنث ہیں، جیسے: قَبُوْلٌ، دَبُوْرٌ، حَصِیْفٌ، حَرُوْرٌ، سَمُوْمٌ۔ وغیرہ۔ (معلم الانشأ اول)

☆......عربی میں مؤنث لفظی کی تین قسمیں ہیں (۱) تائے تانیث لفظی جیسے: طلحة، (۲) الف مقصورہ جیسے حُبْلٰی، (۳) الف ممدودہ، جیسے: حَمْرَاءُ۔

☆......عربی میں مؤنث معنوی کی چار قسمیں ہیں: (۱) تمام ملکوں، شہروں، قبیلوں اور جماعتوں کے نام مؤنث ہیں، جیسے: مصر، ھند، دہلی، قریش، مسلم لیگ وغیرہ۔ (۲) تمام عورتوں کے نام مؤنث ہیں جیسے مریم، ہند وغیرہ۔ (۳) ہوا کیلئے جو اسماء ہیں وہ تمام مؤنث ہیں، مثلاً: ریح، صَبَا، قَبُوْل، جُنُوْب، شِمَال، دَبُوْر، صَیُف، حَرُوْر، سَمُوْم، صَرْصَرْ، نکباء. (۴) جسم کے وہ اعضاء جو جفت ہیں، مگر یہ قاعدہ کلیہ نہیں ہے کیونکہ مرفق، خد، الحاجب، صَدْغ اور اَللُّحی مذکر ہیں. (معلم الانشاء اول)

☆......یادرہے کہ مؤنث کی علامتیں آٹھ ہیں جو مندرجہ ذیل اشعار میں مذکور ہیں:

ہشت علامات مؤنث رابداں ÷ تائے ساکن، تائے متحرک را بخواں

الف مقصورہ وممدودہ راشمار ÷ بعد ازاں کسرہ بداں اے یار غار

تائے مقدرہ یائے ساکن رابگیر ÷ بعد ازاں ہم نون مفتوح راپذیر

(إظهار الصدف: ۶۳)

☆......مؤنث سماعی کے قاعدے یہ ہیں (الف) وہ سارے اسماء جو مؤنث کے اعلام ہوں جیسے: مریم، زینب وغیرہ، یا وہ اسماء جو طبقہ اناث کے ساتھ مختص ہوں جیسے اخت، ام وغیرہ۔ یا وہ سارے اسماء جو شہر یا قبیلہ کے نام پر ہوں جیسے: مصر، دہلی، قریش وغیرہ۔ یہ

سب مؤنثات سماعیہ ہیں۔(ب) وہ اعضاء انسانی جو دو، دو ہوں وہ سب (اکثر) مؤنث ہیں، مگر صُدْغٌ، مِرْفَقٌ، حَاجِبٌ، خَدٌّ مذکر ہے۔(ج) ہوا کیلئے جو اسماء ہیں وہ تمام مؤنث ہیں، مثلاً: رِیح، صَبا، قَبُول، جُنُوب، شِمَال، دَبُور، صَیف، حَرُوْر، سَمُوْم، صَرْصَرْ، نکباء۔(د) تمام حروف تہجی مؤنث ہیں، (ھ) شراب کے تمام نام مؤنث سماعی ہیں جیسے: خمر وغیرہ (و) دوزخ کے تمام نام مؤنث سماعی ہیں جیسے سَقَرٌ، سَعِیْرٌ، جَحِیْمٌ وغیرہ۔(مقدمہ مصباح اللغات، ص:۱۰، بدر منیر ۴۹، المصباح المنیر، ص: ۵۷)

☆......مؤنث کی دو صورتیں ہیں (۱) مؤنث برائے ذوی العقول، جیسے: اَلْمَرْأَةُ، اَلْمُسْلِمَةُ. (۲) مؤنث برائے غیر ذوی العقول جیسے: اَلنَّاقَةُ اور فعل کو مؤنث لانا، مؤنث حقیقی ذو العقول میں واجب ہے، نہ کہ غیر ذوی العقول میں۔(تخلیۃ الاسیر، ۱۳۳)

☆......کسی کلمہ کے آخر میں اگر الف مقصورہ ہو اور وہ الف مقصورہ کلمہ کا جزء ہو تو وہ مؤنث نہیں کہلائے گا، جیسے موسیٰ، عیسیٰ، وغیرہ، اگر یہ کلمہ کا جزء نہ ہو بلکہ علامت تانیث ہو تو مؤنث کہلائے گا جیسے: حُبْلیٰ وغیرہ۔(المصباح المنیر، ص: ۵۶)

☆......وہ الفاظ جو تذکیر و تانیث دونوں طرح جائز ہیں وہ یہ ہیں، کہ تمام شہروں کے نام بتاویل مَوْضِعٌ مذکر ہیں، اور بتاویل بُقْعَةٌ مونث ہیں۔(بدر منیر، شرح نحو میر:۴۹)

☆......جو اسماء مذکر و مؤنث کیلئے مستعمل ہیں وہ فَعِیْلٌ وَفَعُوْلٌ کے وزن پر اکثر آتے ہیں، تو ان میں بلا علامت تانیث صفت وموصوف میں مطابقت ہوگی، اور جن اسماء میں "ت" تانیث کے معنی میں استعمال نہ ہو جیسے: عَلَّامَةٌ، تو ان کو مذکر شمار کریں گے۔اور جو اسماء بغیر تائے تانیث مؤنث کیلئے آویں جیسے: حَائِضٌ، طَالِقٌ، تو ان کو حکماً مؤنث شمار کیا جائے گا۔(المصباح المنیر، ص: ۱۳۹)

☆......وہ اسماء جن میں تذکیر و تانیث دونوں جائز ہیں، ان میں مشہور یہ ہیں:

إِبِطٌ، إِبْهَامٌ، إِزَارٌ، بَلَدٌ، جَرَادٌ، حَالٌ، حَانُوتٌ، دِرْعٌ، دَلْوٌ، رَوْحٌ، زُقَاقٌ، سَبِيلٌ، سُرىٰ، سَرَاوِيلُ، سَلاحٌ، سِكِّيْنٌ، سُلَّمٌ، سِلْمٌ، سَمَاءٌ، سُوقٌ، صَاعٌ، ضُحىٰ، طُرُشٌ، طَرِيْقٌ، عَجزٌ، عَضُدٌ، عِقَابٌ، عَقْرَبٌ، عُنُقٌ، عَنْكَبُوتٌ، فِرْدَوسٌ، فَهْدٌ، قِدْرٌ، قَضَاءٌ، قَمِيصٌ، كَبِدٌ، لِسَانٌ، مِسْكٌ، مِلْحٌ، مِنْجَنِيقٌ، مُوسىٰ، نَفْسٌ، وَرَاءٌ، اور انہی کے ساتھ حروف تہجی بھی لاحق ہیں۔(مقدمہ مصباح اللغات، ص:۱۰)

بحث صفت وموصوف

☆......اسم صفت کی پانچ قسمیں ہیں: (۱) اسم فاعل جیسے: عَالِمٌ (۲) اسم مفعول جیسے: مَعْلُوم، (۳) صفت مشبہ جیسے: عَلِيْمٌ (۴) اسم تفضیل جیسے: اَعْلَمُ (۵) اسم مبالغہ جیسے: عَلَّامٌ وَعَلَّامَةٌ۔ اور صفت عموماً اسمائے صفات سے لائی جاتی ہے، مگر کبھی صفت کیلئے جملہ یا شبہ جملہ بھی آتا ہے۔(معلم الانشاء اول، ص: ۱۹)

☆......موصوف اگر کسی غیر عاقل کی جمع ہوتو صفت عموماً واحد مؤنث ہی آتی ہے جیسے اَلشَّجَرَاتُ الطَّوِيْلَةُ۔(معلم الانشاء اول، ص: ۲۰)

بحث تاکید معنوی

☆......تاکید معنوی آٹھ الفاظ ہیں، جس میں سے نَفْسٌ، عَيْنٌ واحد تثنیہ اور جمع کیلئے آتے ہیں۔ اور كِلَا وَكِلْتَا یہ دونوں تثنیہ کیلئے، اور كُلٌّ، اَجْمَعُ، اَكْتَعُ، اَبْصَعُ یہ صرف جمع کیلئے استعمال ہوتے ہیں۔(تسہیل قواعد النحو، ص: ۵۶)

بحث جملہ انشائیہ

☆......عرض کی تعریف یہ ہے کہ عرض وہ جملہ انشائیہ ہے جس میں کسی چیز کی درخواست نرمی سے کی جائے، جیسے: اَلَا تَنْزِلُ بِنَا فَتُصِيْبَ خَيْرًا. (تسہیل قواعد

النحو، ص: ۷۲)

☆......قرآن پاک میں جہاں جہاں جملہ انشائیہ آیا ہے اس میں جملہ خبریہ پوشیدہ ہوتا ہے مثلاً جنت کی خبروں سے جنت کی طلب اور اس کے اعمال کا حکم ثابت ہوتا ہے، اسی طرح جہنم کی خبروں سے پناہ مانگنا اور اس کے اعمال سے احتراز مقصود ہوتا ہے.

(تسہیل قواعد النحو، ص: ۷۲)

چند اہم الفاظ کے نحوی تحقیق

☆......الف لام: جب کسی جمع پر داخل ہوتا ہے تو وہ جمع کے معنی میں نہیں رہتا بلکہ استغراق کے معنی میں بدل جاتا ہے۔ (ازتقریر مولانا سرفراز صفدر صاحب مدظلہ)

☆......مشبہ اور مشبہ بہ میں وجہ تشبیہ صرف ایک ہی چیز ہوتی ہے۔ (ازتقریر مولانا سرفراز صفدر صاحب مدظلہ)

☆......اسم مرہ: جو مصدر فعل کے عدد کو بیان کرے، اس کو اسم مرہ کہتے ہیں اس کا وزن فَعْلَةٌ ہے اور جو مصدر فعل کی نوعیت کو بیان کرے اس کو اسم نوع کہتے ہیں اور وزن اس کا فِعْلَةٌ ہے۔ (تسہیل قواعد النحو، ص: ۳۸)

☆......قیام یہ قائم کی جمع نہیں ہے بلکہ مصدر ہے بمعنی قائمین، اور یہ واحد، جمع سب کیلئے مستعمل ہے. (معلم الانشاء اول)

☆......ابوحنیفہ: لفظ اب، اور ابن کی نسبت جب کسی غیر ذوی العقول کی طرف کی جاتی ہے تو اس کا معنی ''والا'' کیا جاتا ہے. (معلم الانشاء اول)

☆......سُبحان: یہ تعجب کیلئے بھی ہوتا ہے، اور تعجب کیلئے وہاں ہوتا ہے جہاں عادت سے بڑھ کر واقعہ ظاہر کرنا مقصود ہوتا ہے. (معلم الانشاء اول)

☆......بِجَانِبِ الْغَرْبِيِّ: کوفیین کے نزدیک یہاں جانب موصوف ہے اور غرب

صفت ہے ان کے نزدیک موصوف کی اضافت، صفت کی طرف بلا قید جائز ہے۔ جیسے مثال مذکور میں ہے، لیکن بصریین کے نزدیک بلا قید جائز نہیں، اس لئے وہ یوں قید لگاتے ہیں اے بِجَانِبِ الْمَكَانِ الْغَرْبِيِّ. (معلم الانشاء اول)

☆ ...... وَيْكَأَنَّ: یہاں "وَیْ" بمعنی اتعجب کے ہے اور اسم فعل ہے اور کأنّ حرف تشبیہ ہے۔ (معلم الانشاء اول)

☆ ...... سَهْلٌ: یہ لفظ عربی ہے اگر یہ نکرہ پر داخل ہو تو تعمیم افراد کیلئے ہوتا ہے۔ اگر "ماء" پر داخل ہو تو تعمیم اجزا کیلئے ہوتا ہے۔ (معلم الانشاء اول)

☆ ...... جملہ اسمیہ اور مرکب توصیفی میں فرق یہ ہے کہ مرکب توصیفی میں دونوں اجزاً تعریف اور تنکیر میں یکساں ہوتے ہیں۔ لیکن جملہ اسمیہ میں پہلا جزء معرفہ اور دوسرا جزء نکرہ ہوتا ہے. (عربی کا معلم اول)

☆ ...... مرکب تام، جملہ اور کلام ایک ہی چیز کا نام ہے۔ یعنی مرکب تام کو کلام اور جملہ بھی کہتے ہیں. (عربی کا معلم اول، ص: ۲۲)

☆ ...... ایک شئے کی کئی کئی خبریں ہوسکتی ہیں جیسے: لَا غُلَامَ رَجُلٍ ظَرِيْفٌ فِي الدَّارِ. یہاں "لا" کا اسم غلامُ رجلٍ ہے اور ظریف خبر اول مَوْجُوْدٌ فِي الدَّارِ متعلق سے ملکر خبر ثانی، پھر جملہ اسمیہ ہوا۔ (ہدیہ صغیر، ص: ۷۲)

قاعدہ: ...... مشہور قاعدہ ہے کہ ہر لفظ نکرہ اضافت کے بعد معرفہ ہو جاتا ہے، مگر اس قاعدہ سے یہ الفاظ (غیر، سوی، شبہ، مثل اور نظیر وغیرہ) مستثنیٰ ہیں کیونکہ یہ الفاظ اضافت کی وجہ سے معرفہ نہیں بنتے۔ اور اہل عرب ان حروف کو "حروف متوغلة في الابهام" (یعنی وہ حروف کہ جن میں انتہائی درجہ کا ابہام پایا جاتا ہے) کہتے ہیں۔ ان کی مثال: جیسے جَاءَ رَجُلٌ مِثْلَكَ اَوْ سِوَاكَ اَوْ شِبْهُكَ اَوْ نَظِيْرُكَ اَوْ غَيْرُكَ. (یعنی آیا کوئی آدمی تمہارے مثل یا تمہارے سوا

یاتمہارا مشابہ یاتمہارے نظیر یاتمہارے غیر)۔(المعجم الوسیط فی الاعراب ،ص:۲۱۳)

بحث مرکبات نحوی

چھ مرکبات نحوی دو اشعار میں:

بود ترکیب نزد نحویاں شش — بیادش گیر از خائف زفوتی
اضافی داں وتوصیفی ومزجی — وتعدادی واسنادی وصوتی

یعنی مرکبات نحوی چھ ہیں (۱) مرکب اضافی جیسے: غُلَامُ زَیْدٍ (۲) مرکب توصیفی، جیسے: رَجُلٌ عَالِمٌ (۳) مرکب منع صرف (مزجی) جیسے: بَعْلَبَکَّ (۴) مرکب بنائی (تعدادی) جیسے: اَحَدَعَشَرَ (۵) مرکب اسنادی (مرکب مفید) جیسے: زَیْدٌ قَائِمٌ (٦) مرکب صوتی، جیسے سیبویہ۔(تخلیۃ الاسیر، ص: ۳۴)

فائدہ:۔ مرکب اسنادی کو مرکب مفید، جملہ، کلام، اسناد تام، مرکب تام بھی کہا جاتا ہے۔اور مرکب غیر مفید تین ہیں۔مرکب اضافی، مرکب بنائی اور مرکب منع صرف۔

بحث حصر

حصر کی دو قسمیں ہیں (۱) حصر استقرائی (۲) حصر عقلی۔حصر عقلی یہ ہے کہ جس میں نفی واثبات کے ذریعہ اقسام (حصر) بیان کیے جائیں۔حصر استقرائی وہ ہے جس میں جس قدر قسمیں (حصر کی) معلوم ہوسکیں ان کو بیان کردیا جائے۔(مصباح المنیر، ۱۲)

☆......دلیل حصر کی چار قسمیں ہیں (۱) عقلی (۲) قطعی (۳) استقرائی (۴) جعلی۔ حصر عقلی وہ ہے کہ جس میں محض اقسام (حصر) کے ملاحظہ سے جزم بالانحصار حاصل ہوجائے جیسے یوں کہیں کہ شئے یا موجود ہوگی یا معدوم، اب تیسری چیز کا احتمال باقی نہ رہا۔حصر قطعی وہ یہ ہے کہ ایسی دلیل سے حاصل ہو جو قسم آخر کے محال ہونے پر دلالت کرے جیسے ہر شئے یا واجب ہوگی یا ممکن، تو کسی تیسری قسم کا وجود از روئے دلیل محال

ہے۔ حصر استقرائی، یہ ہے کہ جو تتبع وتلاش سے حاصل ہوا ہو جیسے ابواب ثلاثی مجرد کا چھ میں منحصر ہونا۔ حصر جعلی وہ ہے کہ جو محض تمایز سے کہ جس کا لحاظ تقسیم کرنیوالا کیا کرتا ہے حاصل ہوا گر کوئی کہے کہ نفس کلمہ میں ہونے کا مطلب یہ ہے کہ کلمہ معنی پر دلالت کرے اور "اَنْ تَدُلَّ" کا معنی بھی یہی مطلب ہے۔

حصر اور اختصاص میں فرق: ان دونوں میں فرق یہ ہے کہ اختصاص یہ خصوص سے ماخوذ ہے جو دو چیزوں سے حاصل ہوتا ہے، ایک معنی عام دوسرے معنی خاص مثلاً "ضَرَبْتُ زَیْداً" ہے جو ایک ضرب عام کی خبر دے رہا ہے اس کے اندر تین چیزیں ہیں (ا) ضرب مطلق (ب) ضرب کا آپ سے صادر ہونا (ج) ضرب کا زید پر واقع ہونا تو اس میں خصوصیت آ گئی۔ خلاصہ یہ ہے کہ اس میں دو جہتیں ہیں یا تو اس جہت کے عموم کا قصد ہوتا ہے، یا جہت خصوص کا۔ اور جہت خصوص ہی کو اختصاص کہتے ہیں اور حصر اس کو کہتے ہیں جس میں جہتِ خصوص ثابت ہونے کے ساتھ ساتھ جہتِ عام کی نفی بھی کی جائے، گویا دونوں جہت سے خصوص ہو، جس کی تعبیر ما اور لا اور اِنّما سے کی جاتی ہے مثلاً "مَاضَرَبْتُ اِلاَّزَیْداً" (میں نے زید ہی کو مارا اور کسی کو نہیں مارا) اس میں آپ کیلئے ضربیت زید ثابت کی گئی ہے اور زید سے غیر کی ضربیت کی نفی کی گئی ہے، نیز یہ بھی مخفی نہ رہے کہ کلام عرب میں چند جگہ حصر ہوتا ہے۔ (ا) اِنّما کے بعد، جیسے: "اِنَّمَا الاَعْمَالُ بِالنِّیَّاتِ" (ب) اثبات بعد النفی و النفی بعد الاثبات یفیدُ الحصر، کمافی قوله تعالیٰ: "وَمَاخَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلاَّ لِیَعْبُدُوْنِ" (ج) تقدیم ماحقه التاخیر یفید الحصر و تاخیر ماحقه التقدیم یفید الحصر کَمَافِیْ قَوْلِهٖ تَعَالیٰ: اِیَّاکَ نَعْبُدُ" یہاں ضمیر منصوب منفصل فعل پر مقدم ہے، اس کی وجہ سے اس کے معنی یہ ہوتے ہیں کہ "نَخُصُّکَ بِعِبَادَةٍ لاَنَعْبُدُ غَیْرَکَ (د) جب خبر اور مبتدا دونوں معرفہ ہوں، جیسے: "زَیْدٌ هُوَ الْقَائِمُ" یعنی قیام زید ہی میں منحصر ہے، مگر یہ یاد رہے کہ مبتدا اور خبر دونوں کا معرفہ ہو کر حصر کا فائدہ دینا یہ قاعدہ کلیہ نہیں ہے، بلکہ اکثریہ ہے۔ (سعیدیہ شرح کافیہ ص:۳۰، مآرب الطلبہ ص:۱۰۶، ۱۰۷)

کل مبنیات

☆......مبنیات کل سات ہیں:(۱) ضمائر،(۲) اسمائے اشارات (۳) اسمائے موصولات،(۴)اسمائے کنایات (۵) اسمائے افعال (۶) اسمائے اصوات (۷) اسمائے ظروف ۔ اور مبنی اصل تین چیزیں ہیں ۔(الف) فعل ماضی (ب) امر حاضر معروف (ج) جملہ حروف ،اور جو ان تین چیزوں سے مشابہت رکھتے ہیں وہ بھی مبنی ہیں مگر وہ کتنے ہیں اس کی کوئی حد نہیں ہے صرف کلام عرب کے سماع پر موقوف ہیں۔
(المصباح المنیر ۱۶٦)

☆......مَبْنِیٌّ: یہ مَرْمِیٌّ کے وزن پر اسم مفعول کا صیغہ ہے از ضرب،مصدر بناء ہے بمعنی برقرار رہنا اور متغیر نہ ہونا. (بدر منیر،۲٦،المصباح المنیر ۱٦٦)

☆......اسمائے کنایات وہ ہیں جو عدد مبہم یا کلام مبہم پر دلالت کرے، جیسے:كَمْ، كَذَا

☆...... مثال کے لغوی معنی ہیں ''ایک جیسا''۔اور مہموز کے لغوی معنی ہیں کوزا پشت، ٹیڑھی کمر والا۔(ہدیہ صغیر)

بحث اسمائے ستہ مکبرہ

☆......اسمائے ستہ مکبرہ کے اعراب حرفی کی چار شرطیں ہیں (۱) یہ واحد ہوں (یعنی تثنیہ،جمع نہ ہوں)۔(۲) مکبرہ ہوں (مصغرہ نہ ہوں)۔(۳) مضاف ہوں (غیر مضاف نہ ہوں)۔(۴) وہ مضاف غیر یائے متکلم کی طرف ہوں ،تو اَبٌ وغیرہ کا اعراب بالحروف یعنی واؤ، الف، اور یاء کے ساتھ ہوگا جو کہ اعراب بالحروف ہے،اگر مذکورہ شرائط نہ پائی گئی تو (الف) اگر وہ واحد نہ ہوں بلکہ تثنیہ وجمع ہوں اس صورت میں اس میں تثنیہ وجمع کا اعراب ہوگا مثال:جَآءَ نِیْ اَبَوَانِ رَأَیْتُ اَبَوَیْنِ مَرَرْتُ بِأَبَوَیْنِ (ب) اگر وہ مصغر ہو تو اس میں مفرد منصرف صحیح کا اعراب ہوگا جیسے: جَآءَ نِیْ

اُبیٌّ رَأیتُ اُبَیًّا مَرَرتُ بِاُبَیٍّ (ج) اگر وہ یائے متکلم کی طرف مضاف ہو تو اس میں تقدیری اعراب ہوگا جیسے: جَاءَ نِی اَبِی رَأیتُ اَبِی مَرَرتُ بِاَبِی (د) اگر مضاف ہی نہ ہو تو اس میں مفرد منصرف صحیح کا اعراب ہوگا جیسے: جَاءَ نِی اَبٌ ،رَاَیتُ اَخًا ، مَرَرتُ بِحَمٍ. (ہدیہ شبیر، ص:۷۶)

☆......اسمائے ستہ مکبرہ کی اصلی حالتیں یہ ہیں (۱) اب: اصل میں ابوٌ تھا، (۱) اخ: یہ اصل میں اخو تھا، (۳) حم: یہ اصل میں حمو تھا، (۴) ھن: اس کی اصل ھنو تھا، یہ چاروں معتل لام واوی ہیں۔ (۵) فم: اصل میں فوہ تھا۔ یہ اجوف واوی ہے، (۶) ذو، اس کے بارے میں اختلاف ہے عِندَالبَعضِ "ذوو" تھا، وعند البعض "ذوی" تھا، وغیر ذالک اور یہ لفیف مقرون ہے۔ (ہدیہ شبیر، ص:۷۶)

بحث اضافت لفظی وتقدیری

☆......اضافت کی تین قسمیں ہیں (۱) اضافت تملیکیۃ، جیسے: غُلَامُ زَیدٍ (۲) اضافت بیانیہ جیسے: خَاتِمُ فِضَّۃٍ (۳) اور اضافت ظرفیہ جس میں مضاف الیہ مضاف کا ظرف ہوتا ہے جیسے: ضَربَ الیُومَ اَیْ ضَربَ فِی الیُومِ. (المصباح المنیر، ص: ۱۳۲)

☆......اسم مضاف صورۃً مضاف الیہ کو جر دیتا ہے مگر حقیقت یہ ہے کہ مضاف الیہ کا جر دینے والا حرف جر محذوف ہوتا ہے جو عبارت سے اس وجہ سے نکالدیا ہے کہ مضاف اور مضاف الیہ کے درمیان میں فاصلہ نہ ہو جائے جیسے: غُلَامُ زَیدٍ. یہ اصل میں غُلَامُ لِزَیدٍ تھا اس کو اضافت تقدیری کہتے ہیں، اور اضافت تقدیری کی تین قسمیں ہیں۔ (۱) اضافت بتقدیر لام جیسے ابھی گذرا۔ (۲) اضافت بتقدیر فی جیسے: صَلٰوۃُ اللَّیلِ .ای صَلوۃٌ فِی اللَّیلِ. (۳) اضافت بتقدیر من جیسے: خاتمُ فِضَّۃٍ ای خاتمُ من فِضَّۃٍ ۔ (ہدیہ صغیر، ۱۱۶)

☆......<u>اضافت معنوی کا فائدہ:</u> اس کا فائدہ حسب ذیل ہے (۱) مضاف کا معرفہ

بنانا اگر وہ معرفہ کی طرف مضاف ہو، جیسے: غُلَامُ زَیْدٍ (۲) اگر مضاف کی اضافت نکرہ کی طرف کی گئی ہو تو تخصیص پیدا کرنا جیسے: غُلَامُ رَجُلٍ یہاں عورت کو رجل کہہ کر خارج کر دیا گیا ہے۔

☆...... اضافت لفظی کا فائدہ: اس کا فائدہ یہ ہے کہ صرف لفظوں میں تخصیص ہو جاتی ہے، جیسے: تنوین، نون تثنیہ، نون جمع وغیرہ کلام سے حذف کر دیئے جاتے ہیں۔

☆...... اضافت لفظیہ کی پہچان: اس کی پہچان یہ ہے کہ مضاف ایسا صفت کا صیغہ ہو جو اپنے معمول کی طرف مضاف واقع ہو جیسے: ضَارِبُ زَیْدٍ۔ میں ضارب صیغہ صفت ہے جو اپنے معمول زید کی طرف مضاف ہے اور یہ اضافت لفظی ہے۔ (تیسیر النحو، شرح ہدایۃ النحوص: ۷۶، ۷۷)

☆...... جس اضافت کا مضاف محذوف ہو اس سے تمیز واقع ہونے کی نظیر کلام عرب میں نہیں ہے۔ (فرائد منثورہ، درتحقیقات کلمات مستورہ، ۱۵)

☆...... اَیٌّ وَاَیَّةٌ: یہ تنہا اسم موصول نہیں بنتے بلکہ ان کا مضاف الیہ ضمیر جمع مذکر غائب ہوا کرتا ہے، جیسے: اَیُّهُمْ اَشَدُّ عَلَى الرَّحْمٰنِ عِتِيًّا. (المصباح المنیر، ۴۶)

☆...... اَیٌّ: یہ تنہا ہو تو استفہام کے معنی میں استعمال ہوتا ہے جیسے: اَیُّکُمْ مِثْلِی.

☆...... وہ اسمائے ظروف جو زمان معین پر دلالت کرتے ہیں وہ معرب ہوتے ہیں، جیسے: یَوْمَ الْجُمُعَةِ، وَقْتَ الظُّهْرِ وغیرہ۔ لیکن وہ ظرف زمان جو مبہم زمانہ پر دلالت کرتے ہیں وہ سب مبنی ہیں. (المصباح المنیر، ص: ۴۶، ۴۸)

☆...... کبھی قرینہ کے موجود ہونے کی وجہ سے نکرہ بھی شئے معین پر دلالت کرتا ہے جیسے عِنْدِیْ رَجُلٌ۔ تو ایسے نکرہ کو نحوی حضرات نکرہ مخصصہ کہتے ہیں۔

نکرہ اور الف ذہنی کے درمیان فرق: الفِ ذہنی اور نکرہ دونوں استعمال کے اعتبار سے غیر متعین افراد پر دلالت کرنے میں متحد ہیں، پھر دونوں میں فرق یہ ہے کہ نکرہ وضع

کے اعتبار سے حقیقت کے بعض غیر متعین افراد پر دلالت کرتا ہے اور معرفہ بلام عہدِ ذہنی وضع کے اعتبار سے نفسِ حقیقت پر دلالت کرتا ہے، لیکن قرینہ کی وجہ سے بعض افراد پر دلالت کرتا ہے، اس میں جو بعضیت آتی ہے وہ قرینہ کی وجہ سے آتی ہے، تو خلاصہ یہ نکلا کہ اسم نکرہ اور اسم معرفہ بلام ذہنی (الف لامِ ذہنی) قرینہ کے اعتبار سے دونوں برابر ہیں کہ ہر ایک سے بعض غیر متعین افراد مراد ہوتے ہیں اور باعتبارِ ذات اور اصلی وضع دونوں مختلف ہیں کہ نکرہ فرد کیلئے موضوع ہے اور معرفہ بلام عہد ذہنی (الف ذہنی) باعتبار ذات حقیقتِ متّحدہ کیلئے موضوع ہے، یہی وجہ ہے کہ اس پر معرفہ کے احکام جاری ہوتے ہیں اور قرینہ کے اعتبار سے نکرہ کا سا معاملہ کیا جاتا ہے۔ (المصباح المنیر، ص: ۵۵، مأرب الطلبہ، ص: ۹۴)

☆...... اَلْـمُسْـلِمُوْنَ وَالْـمُسْلِمَاتُ: یہ دونوں جمع سالم ہیں (جو دس سے کم پر دلالت کرتے) لیکن جب ان میں الف لام استغراق داخل ہوتا ہے تو یہ دس سے زائد پر بھی دلالت کرتے ہیں، جیسے: اِنَّ الْـمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ وَالْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ. (المصباح المنیر، ۶۳)

☆...... بدانکہ اَن الخ، اَن ناصبہ چھ حروف کے بعد مقدر رہ کر فعل مضارع کو اسلئے نصب دیتا ہے، کیونکہ حروف جارہ حتی وغیرہ فعل پر داخل نہیں ہوسکتے، لہٰذا اَن مصدریہ داخل ہو کر فعل مضارع کو مصدر کے معنی میں کر دیتا ہے، پس اس وقت حتی وغیرہ کا دخول درست ہوتا ہے. (المصباح المنیر، ۹۳)

☆...... جواب قسم میں ''لام'' اور ''قد'' دونوں کا لانا اولیٰ ہے یہ اس صورت میں ہے جبکہ جواب قسم جملہ ہونے کے ساتھ فعل ماضی مثبت بھی ہو، لیکن نعم اور بئس میں صرف لام کا لانا کافی ہے، لیکن اگر جواب قسم ماضی کے بجائے فعل مضارع مثبت ہو تو اس کے شروع میں لام اور آخر میں نون تاکید شامل کرتے ہیں، جیسے: وَاللّٰہِ لَاَقْتُلَنَّ عَمْرواً۔

اگر فعل مضارع سے پہلے اس کا کوئی متعلق ہواور اس میں لام مذکور ہوتو جواب قسم میں صرف لام کا لے آنا کافی ہے، جیسے: لَئِنْ مُّتُّمْ اَوْ قُتِلْتُمْ لَاِلَی اللّٰہِ تُحْشَرُوْنَ ۔اور جواب قسم جب فعل مضارع منفی ہوتو کبھی کبھی حرف نفی کو حذف کردیا جاتا ہے، جیسے: تَاللّٰہِ تَفْتَئُو تَذْکُرُ یُوْسُفَ ۔اصل میں لاتفتئو تھا یہاں پر "لا" کو حذف کردیا گیا ہے۔(مصباح العوامل، ص:۳۳)

☆......مضمون جملہ: یہ ایک اصطلاحی لفظ ہے۔یعنی مضمون جملہ کہتے ہیں کہ مسند کا مصدر لے کر مسندالیہ کی طرف اضافت کردینا جیسے: زَیْدٌ قَائِمٌ میں قیام زید، اور ضَرَبَ زَیْدٌ، میں ضربِ زید، اور اَکَلَ زَیْدٌ میں اکلِ زید وغیرہ.(مصباح العوامل، ص: ۳۹)

☆......سوال: "وَالصَّلٰوۃُ عَلَی النَّبِیِّ الخ"، یعنی صلوٰۃ کے بعد کلمہ کا استعمال مناسب نہیں ہے، کیونکہ "علی" مضرت پر دلالت کرتا ہے، پھر کیوں "الصلوٰۃ" کے بعد "علی" لایا گیا؟

☆......الجواب:۔ "علی" مضرت کیلئے اس وقت ہوتا ہے جب لفظ دعا کا صلہ "علی" ہوتا، اور یہاں ایسا نہیں ہے۔(تحفۂ سعیدیہ، ص:٦)

☆......لفظ "کان" کی کئی قسمیں ہیں: (۱) کان شانیہ یعنی جس کا اسم ضمیر شان ہو۔ (۲) کان تامہ، کَانَ الْمَطَرُ (بارش ہوگئی)۔(۳) کان زائدہ (۴) کان ناقصہ، علامہ صاحب لباب کی رائے میں کان شانیہ کو ہی کان ناقصہ کہا جاتا ہے۔(مصباح العوامل، ص: ۸۵)

☆......قرآن پاک میں لفظ "کَانَ" پانچ معانی کیلئے استعمال ہوا ہے، (۱) کان ازل اور ابد کے معنی میں جیسے: وَکَانَ اللّٰہُ عَلِیْمًا حَکِیْمًا. (۲) کَانَ ماضی کے معنی میں انقطاع کے ساتھ، وَکَانَ فِی الْمَدِیْنَۃِ تِسْعَۃُ رَھْطٍ. (نمل:۴۸) اور کَانَ کے

معانی میں اصل یہی ہے، جیسے: کَانَ زَیْدٌ صَالِحًا اَوْ فَقِیْرًا. (۳) کَانَ بمعنی حال ہو، جیسے: اِنَّ الصَّلٰوۃَ کَانَتْ عَلَی الْمُؤْمِنِیْنَ کِتٰبًا مَوْقُوْتًا۔ اور لفظ "کَانَتْ" ماضی پر دال ہے، حالانکہ نماز، فی الحال اور تا قیامت مسلمانوں پر فرض کی گئی ہے (۴) کَانَ بمعنی استقبال کے معنی میں جیسے: وَکَانَ مِنَ الْکَافِرِیْنَ. یعنی صار (ہوگیا)۔ (نکات القرآن، ص:۷۸)

☆......سوال: "فِیْ عِیْشَۃٍ رَاضِیَۃٍ" میں "رَاضِیَۃٍ" کے اندر فاعل نسبتی ہے مگر اس میں تائے تانیث موجود ہے؟ الجواب: یہ تاء مبالغہ کی ہے۔ تانیث کی نہیں ہے، لہذا کوئی اشکال نہیں۔ (تحفۂ سعیدیہ، ص:۵۱)

☆......سوال: ۔ اسباب منع صرف پائے جانے سے آخر کیوں (منصرف) غیر منصرف ہو جاتا ہے، اور کسرہ تنوین کو کیوں روک دیا جاتا ہے؟

الجواب: ۔ جس وقت کسی اسم معرب میں دو سبب یا ایک سبب قائم مقام دو سبب پایا جاتا ہے تو اس وقت وہ فعل کے مشابہ ہو جاتا ہے چنانچہ فعل بھی اپنے وجود میں دو چیزوں کا محتاج ہے (۱) فاعل کا، (۲) فعل مشتق ہونے میں مصدر کا محتاج ہے، کیونکہ اگر مصدر نہ ہوں تو فعل کس چیز سے مشتق ہوگا۔ لہذا فعل بھی دو چیزوں کا یعنی ایک فاعل کا دوسرا مصدر کا محتاج ہوا۔ اور یہ دونوں (فاعل، مصدر) اصل ہوئے اور فعل فرع ہوگیا۔ ایسا ہی غیر منصرف بھی دو سبب کے محتاج ہونے میں فعل کے ساتھ شریک ہے۔ لہذا ان کی مشابہت فعل سے ہوگی، اسلئے جب فعل میں کسرہ تنوین نہیں آسکتی تو غیر منصرف میں بھی کسرہ تنوین نہیں آئے گی، کیونکہ کسرہ تنوین اسم معرب کا خاصہ ہے۔ (ہدیہ صغیر، ۵۲)

بحث کم استفہامیہ وخبریہ

☆......قاعدہ کم استفہامیہ وکم خبریہ: کم استفہامیہ اپنی تمیز کو نصب دیتا ہے اور کم خبریہ

اپنی تمیز کو بوجہ مضاف الیہ ہونے کے جر دیتا ہے جیسے کَمْ مَالٍ وَ کَمْ دَارٍ. لیکن اگر کم خبریہ اور اس کی تمیز کے درمیان کوئی چیز حائل ہو جائے تو اس وقت کم خبریہ بھی اپنی تمیز کو نصب دیئے گا، جیسے: کم عندی دارًا. (ھدیہ صغیر، ص:۱۱۸)

☆......کم اور کذا کے مبنی ہونے کی وجہ یہ ہے کہ کم استفہامیہ ہمزۂ استفہام کے معنی کو متضمن ہوتا ہے اور کم خبریہ کو کم استفہامیہ پر محمول کرلیا گیا ہے۔ اور کذا یہ کاف تشبیہ اور ''ذا'' اسم اشارہ سے مرکب ہونے کی وجہ سے مبنی ہے۔ (ایضاح المطالب، ص: ۱۲۱، معراج النحو، ص:۱۰۵)

☆......کم استفہامیہ کا مابعد مفرد منصوب ہوتا ہے تمیز واقع ہونے کی بناء پر (اور یہ اہل عرب سے اسی طرح سنا گیا ہے) اور کم خبریہ کا مابعد مجرور اور مفرد ہوتا ہے (کم مال انفقته). اور کم خبریہ کا مابعد کبھی جمع کا صیغہ ہوتا ہے، جیسے: کم رجال لقیتھم۔ اور کم خبریہ کے مابعد (مدخول) کے مفرد مجرور ہونے کی وجہ یہ ہے کہ جب کم خبریہ تکثیر کیلئے ہوتا ہے تو وہ عدد کثیر کے مشابہ ہو گیا جیسے کثرت کے معنی مائۃ الف دیتے ہیں اور قاعدہ ہے (کہ کم اعداد میں سے ہے، اور عدد کیلئے تین مرتبے ہیں: قلیل، کثیر اور متوسط۔ پس مناسب یہ ہے کہ کم کی تمیز عدد کے مراتب ثلثہ کی تمیز کی طرح ہو۔) کہ عدد کثیر مفرد کی تمیز ہمیشہ مجرور ہوتی ہے۔ اور یہی حال اس تمیز کا بھی ہے جو اس کے مشابہ ہو (وہ بھی مجرور مفرد ہوگی) اور مجموع کے تمیز واقع ہونے کی وجہ یہ ہے کہ کم خبریہ کثرت کی تصریح میں عدد صریح الکثرۃ کے مانند نہیں ہے، اسلئے صریح معنی کی نیابت کی وجہ سے اس کی تمیز کو جمع لے آتے ہیں۔ (ایضاح المطالب، ص: ۱۲۱، معراج النحو، ص:۱۰۵)

☆......جاننا چاہیئے کہ کم دونوں صورتوں میں منصوب واقع ہوتا ہے (یعنی جبکہ وہ استفہامیہ ہو یا خبریہ ہو) تو یہ محلا منصوب ہوگا، اس طرح یہ محلا مجرور اور مرفوع بھی ہوتا ہے۔ اور کم خبریہ

واستفہامیہ کے منصوب ہونیکی پہچان یہ ہے کہ جب کم کے بعد کوئی فعل یا شبہ فعل مذکور ہو جو اس کی ضمیر کی وجہ سے اس سے بے پرواہ نہ ہو (غیر مشغول کی قید سے) جیسے: کَمْ رَجُلاً ضَرَبْتَ وَکَمْ رَجُلاً ضَرَبْتَهُ۔ اور کم محلاً منصوب ہوگا فعل مذکور کا مفعول بہ ہونے کی وجہ سے، کم استفہامیہ کی مثال. کَمْ رَجُلاً ضَرَبْتُ۔ کم خبریہ ہے اور ضَرَبْتُ کا مفعول ہونے کی وجہ سے محلاً منصوب ہے۔ دوسری مثال کم خبریہ کی یہ ہے کَمْ رَجُلٍ مَلَکْتُ، اور کم محلاً منصوب ہے مفعول بہ ہونے کی وجہ سے۔ اور اسی طرح کَمْ ضَرْبَةً ضَرَبْتَ۔ کم استفہامیہ کی مثال ہے۔ اور کم منصوب ہے مصدر ہونے کی وجہ سے اور کَمْ ضَرْبَةٍ ضَرَبْتُ . کم خبریہ کی مثال ہے، اور کم محلاً منصوب ہے، مفعول مطلق یا مصدر ہونے کی بناء پر۔ اسی طرح کَمْ یَوْمًا سِرْتَ میں کم استفہامیہ ہے اور مفعول فیہ ہونے کی بناء پر محلاً منصوب ہے۔ (معراج النحو، ص: ۷، ۱۰۶)

☆...... اور کم محلاً مجرور ہوتا ہے جبکہ اس کے ماقبل کوئی حرف (جر) واقع ہو یا مضاف ہو اور کم اس کا مجرور یا مضاف الیہ ہو مثلاً کم استفہامیہ کی مثال بِکَمْ رَجُلاً مَرَرْتَ (تو کتنے آدمیوں کے قریب سے گذرا)۔ اور کم خبریہ کی مثال عَلٰی کَمْ رَجُلٍ حَکَمْتُ (کتنے ہی مرد ہیں جن پر میں نے حکم کیا) مثال کم استفہامیہ کی جس سے پہلے مضاف ہو جیسے غُلَامَ کَمْ رَجُلاً ضَرَبْتَ (کتنے مرد کے غلاموں کو تو نے مارا) اور کم خبریہ کی مثال جس سے پہلے مضاف ہو جیسے: مَالَ کَمْ رَجُلٍ سَلَبْتُ (میں نے کتنے ہی آدمیوں کے اموال چھین لئے)

☆...... اسی طرح کم محلاً مرفوع بھی ہوتا ہے، جبکہ مذکورہ بالا دونوں چیزیں نہ ہوں یعنی اس سے پہلے نہ حرف جر ہو نہ مضاف ہو تو کم مرفوع ہوتا ہے اور محلاً مبتدا ہو کر اگر ظرف واقع نہ ہو جیسے کم استفہامیہ کی مثال، جبکہ محلاً مرفوع ہو مبتدا ہونے کی وجہ سے جیسے: کَمْ رَجُلاً اَخُوْکَ۔ (کتنے مرد تیرے بھائی ہیں)، کم ممیّز، رَجُلاً تمیز سے ملکر مبتدا، اور

اَخُــوکَ اس کی خبر ہے۔اور مثال کم خبریہ کی جب کے مبتدا ہونے کی وجہ سے محلاً مرفوع ہے۔جیسے: کَـمُ رَجُلٍ ضَرَبْتُهُ (کتنے ہی مرد ہیں میں نے ان کو مارا) کم ممیز مضاف ہے،اور رَجُلٍ،تمیز مضاف الیہ سے ملکر مبتدا ضَرَبْتُهُ،اس کی خبر ہے. (معراج النحو،ص:۱۰۷)

☆......قولہ إن كان ظرفًا الخ:کم استفہامیہ اور خبریہ محلا مرفوع ہوتا ہے خبر ہونے کی وجہ سے اگر ظرف ہو جیسے کم استفہامیہ کی مثال کَمْ یَوْمًاسَفَرُکَ۔یہاں کم یوما ،خبر مقدم ہے اور سَفَرُکَ مبتدا مُوخر ہے۔اور کم خبریہ کی مثال (جو کم محلا مرفوع ہے،خبر ہونے کی وجہ سے) کَمْ شهر صومی (کتنے مہینے ہیں میرے روزے)۔(معراج النحو،ص: ۱۰۷)

☆......قولہ وَقَدْيُحذَفُ فِيْ مِثْلِ كَمْ مَالُكَ وَكَمْ ضَرَبْتَ: یعنی کبھی کم کی تمیز کو قرینہ موجود ہونے کی وجہ سے حذف کر دیا جاتا ہے۔جیسا کہ مثال مذکورہ میں ہے اور کم مَـالُکَ میں تمیز حذف ہونے کا قرینہ یہ ہے کہ کم معرفہ پر داخل نہیں ہوتا،پس معلوم ہوا کہ یہاں تمیز محذوف ہے ای کَمْ دِرْهَمًا۔اور دِرْهَمٍ مَالُکَ۔اور مثال ثانی یعنی کـم ضـربت. میں حذف تمیز کا قرینہ یہ ہے کہ کم فعل پر داخل نہیں ہوتا،پس اس میں بھی تمیز محذوف ہے۔ای کَمْ مَرَّةً اور کَـمْ مَـرَّةٍ ضربت ہے۔(هکذافی ایضاح المطالب،شرح كافيه،ص: ۱۲۳)

☆......ظروف کا متعلق اگر ظاہر ہو تو مقدر کرنے کی ضرورت نہیں ہوگی ورنہ متعلق ہمیشہ فعل اور حروف قسمیہ کا متعلق ہمیشہ ”اُقْسِـــمُ“ فعل مقدر مانا جائے گا باقیوں میں قرینہ کا اعتبار ہوگا۔اگر زمان ومکان یا فعل یا صفت کے خاص قرائن ہوں تو وہی معتبر ہونگے ،اور اگر کوئی قرینہ نہیں تو عام صفت کا صیغہ مقدر مانا جائے گا۔(ماخوذ از مسودہ مولانا عبدالرشید صاحب شیخ الحدیث اشرف المدارس)

☆...... ظرف کی دو قسمیں ہیں (۱) ظرف مستقر (۲) ظرف لغو۔ ظرف لغو وہ ہے کہ جس کا متعلق افعال عامہ سے مقدر ہو۔ اور افعال عامہ چار ہیں جو اس شعر میں مذکور ہیں :

افعال عامہ چہار ست نزد اربابِ عقول

کون ست ثبوت ست و جود ست وحصول

☆...... تنوین وہ نون ساکن ہے جو کلمہ کی آخری حرکت کی تابع ہو، اور تاکید فعل کیلئے نہ آتی ہو، اور تنوین کی پانچ قسمیں ہیں جو کسی نے ایک شعر میں کہی ہیں:

ترنم وتقابل ، تمکن وعوض — بہ تنکیر پنجم شدا ے یار غار

اور عربی میں تنوین کی تعریف یوں کی جاتی ہے:

التنوین نون الساکنة تتبع حرکة اٰخِرِ الکلمةِ لالتاکید الفعل.

☆...... لفظ ''معبر عنہ'' اگر ایک حرف ہے تو اس کو اسم خاص یا مشترک سے تعبیر کیا جائے گا جیسے ضربت میں ''تُ'' کو فاعل نہیں کہیں گے، بلکہ ''ت'' کو فاعل یا ضمیر مرفوع متصل کہینگے ، اگر دو حرف ہیں تو ان کو ''ذوات'' سے تعبیر کیا جائے گا ماسوائے ضمیر متصل کے۔ کیونکہ ضمیر متصل میں اولیٰ یہ ہے کہ اسم مشترک سے تعبیر کیا جائے۔ مثلاً ضـــربنـــا میں ضمیر مرفوع متصل کہنا اولیٰ ہے اس سے کہ ''نا'' کو فاعل کہا جائے۔

(ماخوذ از مسودہ مولانا عبدالرشید صاحب شیخ الحدیث اشرف المدارس)

بحث ''الف لام''

☆...... ال (الف لام) کی دو قسمیں ہیں (۱) اسمی (۲) حرفی ۔ اسمی وہ ہے جو اسم فاعل واسم مفعول پر داخل ہو، اور حرفی وہ ہے جو اسم فاعل ومفعول پر داخل نہ ہو۔ پھر حرفی کی دو قسم ہیں (ا) زائدہ (ب) غیر زائدہ۔ پھر زائدہ کی دو قسمیں ہیں ایک لازم دوسرا غیر لازم۔ پھر لازم کی دو قسمیں ہیں (۱) عوضی (۲) غیر عوضی ۔ پھر غیر زائدہ کی

چار قسمیں ہیں (۱) استغراقی (۲) جنسی (۳) عہد خارجی (۴) عہد ذہنی۔ (ماخوذ از مسودہ مولانا عبدالرشید صاحب شیخ الحدیث اشرف المدارس)

☆......الف لام کے مدخول سے افراد مراد ہونگے یا ماہیت۔ اگر ماہیت مراد ہو تو الف لام جنس کا ہوگا۔ اگر افراد مراد ہونگے تو کل افراد مراد ہونگے یا بعض۔ اگر کل افراد مراد ہیں تو الف لام استغراقی ہے، اگر بعض افراد مراد ہیں تو دو حال سے خالی نہیں یا تو بعض ظاہر میں متعین ہونگے یا غیر متعین، اگر بعض متعین افراد (ظاھـرًا) ہیں تو الف لام عہد خارجی ہے، اگر بعض (خارج میں) غیر متعین افراد مراد ہیں تو عہد ذہنی ہے۔ (ماخوذ از مسودہ مولانا عبدالرشید صاحب شیخ الحدیث اشرف المدارس)

☆......مشہور قاعدہ ہے کہ اعلام (ناموں) پر الف لام داخل نہیں کیا جاتا۔ مگر جو اعلام وصفیت سے علمیت کی طرف منتقل کئے گئے ہوں تو ان پر الف لام کا داخل ہونا جائز ہے جیسے: الحسن والحسین، الحارث والعباس وغیرہ۔ (فرائد منثورہ)

☆......واضح ہو کہ الف ولام کی اول دو قسمیں ہیں (۱) زائدہ (۲) غیر زائدہ۔ زائدہ وہ ہے جس کو محض تحسین کلام کیلئے لایا جائے جیسے: اَلْحَسَنُ وَالْحُسَيْنُ . اس میں الف لام محض تحسین کلام کیلئے ہے۔ اور غیر زائدہ وہ ہے جو اسم پر داخل ہوتا ہے اور تعریف کا فائدہ دیتا ہے، اور یہ سوائے اسم کے اور کسی چیز پر داخل نہیں ہوتا بخلاف اول کے۔ پھر الف لام غیر زائدہ کی دو قسمیں ہیں (الف) اسمی (ب) حرفی۔ اسمی وہ ہے جو اسم فاعل یا اسم مفعول پر داخل ہو کر اَلَّذِیْ کے معنی میں ہو مثال اَلضَّارِبُ وَالْمَضْرُوْبُ .

☆......الف لام حرفی کی چار قسمیں ہیں (۱) جنسی (۲) استغراقی (۳) عہد خارجی (۴) عہد ذہنی۔ الف لام استغراقی کی مثال اِنَّ الْاِنْسَانَ لَفِیْ خُسْرٍ۔ الف لام جنسی کی مثال اَلرَّجُلُ خَيْرٌ مِّنَ الْمَرْأَةِ. الف لام عہد خارجی وہ ہے جس میں اپنے

مدخول کی طرف اشارہ ہوایسے فرد واحد میں متحقق ہونے کی حیثیت سے جو کہ متکلم و مخاطب دونوں کو معلوم ہواور اس کو عہد ذکری وعہد حسی بھی کہتے ہیں جیسے: کَمَا اَرْسَلْنَا إِلىٰ فِرْعَوْنَ رَسُوْلاً فَعَصى فِرْعَوْنُ الرَّسُوْلَ الخ. الف لام عہد ذہنی: وہ ہے جو اپنے مدخول کی ماہیت کی طرف مشیر ہوایسے فرد واحد میں متحقق ہونے کی حیثیت سے جو اپنے متکلم میں مفروض ہواور خارج میں متکلم ومخاطب کسی کو معلوم نہ ہو، جیسے: وَاَخَافُ اَنْ یَّأْکُلَهُ الذِّئْبُ. اس کے علاوہ ایک اور قسم الف لام کی ہے جس کو الف لام عہد حضوری کہا جاتا ہے۔ الف لام عہد حضوری: وہ ہے جو شئے حاضر اور شئے مشاہد پر داخل ہوتا ہے جیسے اَلْیَوْمَ اَکْمَلْتُ لَکُمْ دِیْنَکُمْ الخ۔ اور جَاءَ نِیْ هٰذَا الرَّجُلُ۔ اور یَا اَیُّهَا الرَّجُلُ وغیرہ۔ (فرائد منثورہ در تحقیقات کلمات مستورہ، ص:۵۶)

☆...... بوقت ترکیب الفاظ کی ایسی حیثیت ظاہر کی جائے جس سے اعراب مخصوص کا استحقاق ہو مثلاً اسم موصول، اسم اشارہ، مضاف پر اکتفاء نہ کیا جائے، بلکہ تعین کرے کہ مبتدا بن رہا ہے یا خبر بن رہی ہے، یا فاعل بن رہا ہے۔ اگر انواع متعدد ہوں تو نوع کا تعین کیا جائے۔ مثلاً مفعول بن رہے ہیں تو اول، دوم، اور سوم کا تعین کرنا ہوگا، اگر فعل ہے تو یہ تعین کرنا ہوگا کہ ماضی ہے یا مضارع، یا امر ہے۔ اگر فعل مبنی ہے تو یہ تعین کرنا ہوگا کہ کس پر مبنی ہے کہ مبنی بر سکون ہے یا مبنی بر فتح۔ یا مبنی بر ضمہ ہے۔ (ماخوذ از مسودہ مولانا عبدالرشید صاحب شیخ الحدیث اشرف المدارس)

☆...... علامات معرفت در ترکیب: فاعل کی نشانی (نے) مفعول بہ کی علامت (کو) مفعول معہ کی علامت (اکٹھے، ساتھ) مفعول فیہ (بیچ میں، میں) مفعول لہ کی نشانی (واسطے، کیلئے) حال کیلئے (اس حال میں، درآں حالیکہ، حال ہونا)، تمیز کیلئے (از روئے) مضاف الیہ کیلئے (کا، کی، کے، را، ری، رے) بدل کیلئے۔ (یعنی، سو، جو، ایسا)۔ (ماخوذ از مسودہ مولانا عبدالرشید صاحب شیخ الحدیث اشرف المدارس)

☆ ......لَعَمْرِیْ اَوْلَعَمْرُکَ: یہاں لام قسم کیلئے استعمال ہے۔ (اور اس جیسے الفاظ کے استعمال میں لفظ "خَالِقْ" محذوف مانیں گے، تا کہ غیر اللہ کی قسم کھانا لازم نہ آئے)۔ جیسے: لَعَمْرِیْ میں "لَخَالِقُ عُمْرِیْ" کہیں گے، اور جب قسم کیلئے لاتے ہیں تو عین کو مفتوح پڑھتے ہیں۔ (تسہیل قواعد النحو، ص:۲۶)

☆ ......عُمَرُ: بمعنی حیات، زندگی۔ عام طور پر یہ "بضم عین" مستعمل ہوتی ہے مگر یاد رہے کہ جب لام قسم اس پر داخل ہوتا ہے اس کا عین مفتوح ہو جاتا ہے چنانچہ شعر میں ہے:

هٰذَالَعَمْرِیْ فِیْ فَعَالِ الْبَدِیْعُ . (فرائد منثورہ)

☆ ......عمرو: کو واؤ کے ساتھ اور "عمر" کو بغیر واؤ کے ساتھ لکھتے ہیں، اس کی وجہ یہ ہے کہ کسی کو حضرت عمرؓ کے نام سے غلط فہمی نہ ہو۔ اور یہ عمر غیر منصرف ہے۔ مگر اس میں ایک بات قابل لحاظ یہ ہے کہ حالت نصب میں عمرو کو "عمروًا" نہیں لکھا جائے گا بلکہ عمرًا تنوین کے ساتھ بغیر واؤ کے لکھا جائے گا، اس لئے کہ عمرًا کے الف سے خود تمیز ہو جائے گی کہ یہ حضرت عمرؓ کا نام نہیں ہے، کیونکہ عمر کے لفظ میں بوجہ اس کے غیر منصرف ہونے کے، اخیر میں از روئے رسم الخط الف نہیں لکھا جاتا۔ (فرائد منثورہ، ص:۵۹)

☆ ......غیر ذوی العقول کی جمع، واحد مؤنث اور جمع مؤنث دونوں طرح مستعمل ہے، جیسے: اَشْهُرٌ مَعْلُوْمَاتٍ، وَمَعْلُوْمَةٍ. اَيَّام مَعْدُوْدَاتٍ. (منیۃ الادب، ص: ۵۹ ج ۲)

☆ ......اسم جامد جب حال واقع ہو تو بعض نحاۃ کی رائے ہے کہ وہ مشتق کی تاویل میں ہو کر حال ہوگا چنانچہ انہوں نے بنيت له حِسَابُهٗ بَابًابَابًا، تاویل یوں کی کہ وہ بنيت له حسابه مفصلا باعتبار ابواب کی تاویل میں۔ دوسرا فریق کہتا ہے کہ اسم جامد بلا تاویل حال واقع ہوتا ہے۔ نیز اسم جامد در وقوع حال مثل اسم مشتق ہے۔ (منیة

الادب، ص: ۳۸ ج ۱)

☆......اہل عرب کے نزدیک وزن الفاظ کی تین قسمیں ہیں (۱) وزن صرفی (۲) وزن عروضی (۳) وزن صوری۔

وزن صرفی:......وہ وزن ہے کہ موزون اور موزون بہ کے درمیان تین چیزوں میں مطابقت ہو۔ اول: حرکات وسکنات میں، کہ متحرک کے مقابل متحرک، اور ساکن کے مقابل ساکن ہو۔ دوم: حرکات کی خصوصیات میں کہ فتحہ کے مقابل فتحہ اور کسرہ کے مقابل کسرہ اور ضمہ کے مقابل ضمہ ہو۔ سوم: حروف اصلیہ وزائد میں کہ اصلی کے مقابل میں اصلی ہو اور زائد کے مقابل میں زائد ہو، جیسے: اجتنب بروزن افتعل. اور علم صرف میں جب کوئی وزن بغیر کسی قید کے مذکور ہو تو یہی وزن صرفی مراد ہوتا ہے۔

وزن صوری:......وہ وزن ہے کہ موزون اور موزون بہ کے درمیان پہلی دو چیزوں میں مطابقت ہو اگر چہ تیسری چیز میں مطابقت نہ ہو جیسے اکابر، کہ وزن صوری کے اعتبار سے یہ بروزن مفاعل بھی ہے اور بروزن افاعل بھی۔ حالانکہ وزن صرفی کے اعتبار سے یہ صرف بروزن افاعل ہے. (علم الصیغہ مترجم، ص: ۱۳۱)

وزن عروضی:......وہ وزن ہے کہ موزون اور موزون بہ کے درمیان پہلی چیز میں مطابقت ہو اگر چہ دوسری اور تیسری چیز میں مطابقت نہ ہو جیسے اکابر ومساجد وقواعد۔ کہ وزن عروضی کے اعتبار سے ان میں سے ہر لفظ مفاعل "بفتح میم" کے وزن پر بھی ہے اور مفاعل "بضم میم" کے وزن پر بھی نیز افاعل کے وزن پر بھی اور فواعل کے وزن پر بھی، حالانکہ وزن صوری کے اعتبار سے مذکورہ تینوں الفاظ میں کوئی بھی مُفاعل "بضم میم" کے وزن پر نہیں۔ البتہ مَفاعل "بفتح میم" اور افاعل وفواعل کے وزن پر ہر ایک لفظ ہے وزن صرفی کے اعتبار سے ہر لفظ کا وزن علیحدہ ہے کہ اکابر بروزن افاعل، مساجد بروزن مفاعل اور قواعد بروزن فواعل ہے ایک اور

مثال سے اس طرح سمجھو کہ طعام وادام وزکام ورغیف وصبور وزن عروضی کے اعتبار سے پانچوں بروزن فَعُولٌ ہیں، حالانکہ وزن صوری وصرفی کے اعتبار سے طعام بروزن فعال اور ادام بروزن فعال اور زکام بروزن فُعال، رغیف بروزن فعیل، صبور بروزن فعول ہیں.(علم الصیغہ مترجم ص: ۱۳۱، ۱۳۲)

☆......قاعدہ: كُلُّ جَمْعٍ فِيْ حُكْمِ التَّانِيْثِ: کی بناء پر الفاظ جمع عموماً مؤنث مستعمل ہوتے ہیں۔مگر یاد رہے کہ ہروہ جمع جس کے حروف اس کے واحد سے کم ہوں تو اس کی تذکیر بھی جائز ہے کمافی قولہ تعالیٰ: يُحَرِّفُوْنَ الْكَلِمَ عَنْ مَوَاضِعِهٖ یہاں ضمیر واحد مذکر لفظ "الکلم" کی طرف راجع ہے، حالانکہ وہ جمع ہے کلمة کی۔ایسے ہی اسم تفضیل خواہ مذکر ہو یا مؤنث، جب "مِنْ" تفضیل کے ساتھ مستعمل ہو تو اس میں تذکیر و تانیث برابر ہے جیسے اَلصَّلوٰةُ خَيْرٌ مِّنَ النَّوْمِ ۔(فرائد منثورہ، ص:۶۱)

☆......یہ قاعدہ بھی مشہور ہے کہ لفظ "اللہ، محبوب اور خیل" وغیرہ کی طرف ضمیر راجع کرنے کیلئے پہلے ان کا ذکر ناضروری نہیں ہوتا کیونکہ یہ چیزیں ہمیشہ ذہن میں ہوتی ہیں۔(مسودہ درس حماسہ، ص:۱۲۶)

☆......صیغہ منتہی الجموع کی جمع تکسیر تو نہیں آتی، لیکن جمع سالم آتی ہے جیسے ضَوَارِب کی جمع ضَوَارِبَاتٌ، اور اَفَاضِلُ کی جمع اَفَاضِلُوْنَ ہیں۔(مصباح اللغات، ص:۱۴)

☆......نسبت کے قاعدے: اگر اسم کے آخر میں تیسرا حرف الف مقصورہ ہو تو واؤ سے بدل دیا جائے گا جیسے عصا سے عصوی، اور فتیٰ سے فتوی ہیں۔(مصباح اللغات، ص:۱۴)

☆......اسم مرة واسم نوع: اسم مرة وہ مصدر ہے جو ایک مرتبہ فعل کے واقع ہونے کو ظاہر کرے، اور اسم نوع وہ اسم ہے جو فعل کی ہیئت اور نوع کو بتلائے۔ثلاثی مجرد سے اسم مرّة کا وزن فَعْلَةٌ کے وزن پر آتا ہے جیسے ضَرَبْتُ ضَرْبَةً. جَلَسْتُ جَلْسَةً

وغیرہ۔ (مصباح اللغات، ص:۷)

☆......ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے جس باب کا اسم مرّۃ بنانا مقصود ہو اسی باب کے مصدر کے وزن پر تاء کی زیادتی کے ساتھ لاتے ہیں جیسے اِلْتَفَتُّ اِلْتِفَاتَةً، اِنْطَلَقْتُ اِنْطِلَاقَةً. اور اگر ثلاثی مجرد وغیرہ مصادر کے آخر میں ''ت'' ہو تو اسم مرۃ لانے کی صورت میں کسی ایسی چیز کا لانا ضروری ہے جس سے وحدت ظاہر ہو جیسے ضَرَبْتُهٗ ضَرْبَةً وَاحِدَةً۔ اسم نوع کا وزن ثلاثی مجرد فِعْلَةٌ کے وزن پر آتا ہے جیسے: وَقَفَ وِقْفَةَ الْاَسَدِ وَمَشىٰ مِشْيَةَ الْمُخْتَالِ. اور ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے اسم مرّۃ کے وزن پر آتا ہے، جیسے: حَسَنُ الْاِنْطَلَاقَةِ، قَبِيحُ الْمُعَاشَرَةِ۔ (مقدمہ مصباح اللغات، ۸)

☆......ثلاثی مجرد سے اسم ظرف خواہ زمانی ہو یا مکانی مَفْعَلٌ کے وزن پر آتا ہے، جبکہ مضارع کا عین کلمہ مضموم یا مفتوح ہو، جیسے مَنْصَرٌ، مَفْتَحٌ وغیرہ اگر مضارع کا عین کلمہ مکسور ہو تو مَفْعِلٌ کے وزن پر آتا ہے جیسے مَجْلِسٌ، مَنْزِلٌ وغیرہ مگر اس قاعدہ سے مندرجہ ذیل الفاظ مستثنیٰ ہیں: مَسْجِدٌ، مَشْرِقٌ، مَغْرِبٌ، مَطْلِعٌ، مَجْزِرٌ، مَرْفِقٌ، مَغْرِقٌ، مَسْكِنٌ، مَنْسِكٌ، مَنْبِتٌ، مَسْقِطٌ. (مقدمہ مصباح اللغات، ص:۸)

☆......مثال سے اسم ظرف ہمیشہ مَفْعِلٌ کے وزن پر اور ناقص سے ہمیشہ مَفْعَلٌ کے وزن پر آتا ہے جیسے: مَوْعِدٌ، مَوْجِلٌ، مَطْوىٰ، مَرْمىٰ۔ اور ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے مصدر میمی کی مانند ہے جیسے اَدْخَلَ سے مُدْخَلٌ. اَخْرَجَ سے مُخْرَجٌ، اَخْدَعَ سے مُخْدَعٌ ہے۔ (مقدمہ مصباح، ص:۸)

☆......اسم آلہ وہ اسم ہے جو فعل سے مشتق نہ ہو اس کیلئے کوئی ضابطہ نہیں ہے، بہت سے مختلف اوزان پر آتا ہے جیسے: قَدُومٌ، سِكِّينٌ، فَأْسٌ وغیرہ۔ (مصباح، ص:۸)

☆......اسم تفضیل کا صیغہ معروف سے اور ثلاثی مجرد سے بنا کرتا ہے لیکن بعض الفاظ

بطور شذوذ کے مجہول سے اور ابواب غیر ثلاثی مجرد سے بھی آتے ہیں جیسے: "العَوْدُ اَحْمَدُ"۔ میں اَحْمَدُ، حُمِدَ سے ہے۔ کبھی اسم تفضیل اسم جامد سے بھی آتا ہے۔ اور وہ مادے جو رنگ وعیب یا حلیہ پر دلالت کرتے ہوں اس سے اسم تفضیل کا صیغہ نہیں آتا، بلکہ اسی وزن پر صفت کا صیغہ آتا ہے۔ اور خَیرٌ و شَرٌّ یہ دونوں اصل میں اَخْیَرُ وَاَشَرُّ تھے، کثرت استعمال سے ہمزے ساقط ہوگئے۔ (مصباح اللغات، ص:۹)

☆......اسم منقوص میں اگر "ی" حذف ہوگئی تو حالت تثنیہ میں پھر لوٹ آئے گی جیسے رَامٍ. رَامِیَانِ. دَاعٍ دَاعِیَان. (مصباح اللغات، ص:۱۰)

☆......اسم مقصور وہ اسم معرب ہے جس کے آخر میں الف ہو اور اس کے بعد ہمزہ نہ ہو جیسے عَصَا، رَحیٰ۔ اگر الف تیسری جگہ ہو اور کسی سے بدل کر آیا ہو تو تثنیہ بنانے کی حالت میں اصل کی طرف لوٹ جائے گا، جیسے: عصا سے عصوان. فتیٰ سے فتیان. اور اگر چوتھی جگہ یا اس سے زائد ہو تو یاء سے بدل جائے گا، جیسے: ذکری سے ذکریان، قھقران، خوزلان شاذ ہیں۔ قیاس کا تقاضا تھا کہ قھقریان، خوزلیان ہوتے ۔ (مصباح اللغات، ص:۱۰)

☆......اسمائے ممدودہ: اسم ممدود، وہ اسم ہے جس کے آخر میں ہمزہ ہو اور اس سے پہلے الف زائدہ ہو، جیسے: صفراء، خضراء. میں میں اسماء ممدودہ کا تثنیہ بنانے کی صورت، الف اگر تانیث کیلئے ہو تو ہمزہ کو واؤ سے بدل لیں گے، جیسے: خضراء سے خضراوان ہے، بشرطیکہ الف سے پہلے واؤ نہ ہو۔ اور اگر ہو تو ہمزہ کا باقی رکھنا ضروری ہے تاکہ دو واؤ جمع نہ ہو جائیں جیسے عشواء سے عشواءان ہے۔ اور اگر ہمزہ اصلی ہو تو اس وقت بھی باقی رکھنا ضروری ہے جیسے لألأ سے لألأان. قرّاء سے قراءان وغیرہ۔ اور اگر ہمزہ نہ تو اصلی ہو اور نہ تانیث کیلئے تو دونوں صورتیں جائز ہیں، ہمزہ کو واؤ سے بدلنا بھی اور باقی رکھنا بھی جیسے سماء سے سماءان اور سماوان۔ اور ایسے اسماء جن کا لام کلمہ محذوف

ہواور اس کے عوض میں کچھ نہ ہوتو تثنیہ بنانے میں لام کلمہ واپس آئے گا جیسے اَبٌ کہ اصل میں اَبَوٌ تھا تو حالت تثنیہ میں ابوان ہوگا ایسے ہی اخوان غدوان وغیرہ لیکن فَمٌ اور یَدٌ میں واؤ واپس نہیں آئے گا فَمَانِ ،یَدَانِ ہی کہا جائے گا۔(مصباح،ص:۱۰)

☆......بعض اسماء ایسے ہیں جن کا تثنیہ نہیں آتا جیسے:بَعْضُ اَجْمَعُ،جمعاء کل ، غریب ،دیار و غیرہ اور وہ اسماء عدد اور اسم تفضیل جس کا استعمال ''مِنْ'' سے ہو، جیسے الیدان افضل من الرجلین.(مصباح،ص:۱۱)

☆......اسم جمع : اسم جمع وہ اسم ہے جس سے جمع کے معنی ظاہر ہوں اور اس کیلئے اس مادہ سے مفرد نہ ہو، جیسے:خَیْلٌ ،قَوْمٌ ،رَھْطٌ ،جَیْشٌ.

☆......شبہ جمع :وہ اسم ہے جو جمع کے معنی کو ظاہر کرے اور واحد و جمع میں ''ۃ'' کی وجہ سے امتیاز ہو، جیسے:وَرَقٌ کا مفرد وَرَقَۃٌ ۔ثَمَرٌ کا مفرد ثَمَرَۃٌ ہے۔اور یہ بھی اسی قبیل سے ہے کہ وہ واحد و جمع میں یائے نسبتی کی وجہ سے مفروق ہو جیسے الرومی ،رومیوں میں سے ایک ۔المجوسی ، مجوسیوں میں سے ایک ،لیکن پہلا والا ،(وَرَقٌ ،وَرَقَۃٌ) یہ غیر ذوی العقول کیلئے ہے اور دوسرا (الرومی ،المجوسی) ذوی العقول کیلئے ۔اور ہر اسم جمع اور شبہ جمع کی جمع مفردات کی طرز پر آتی ہے جیسے قَوْمٌ کی جمع اَقْوَامٌ ،رُفْقَۃٌ کی جمع رُفَقٌ ،نَجْمٌ کی جمع اَنْجَمٌ وغیرہ.(مصباح اللغات،ص:۱۲)

اقسام صفت مشبہ

☆......صفت کی پانچ قسمیں ہیں (۱) اسم فاعل (۲) اسم مفعول (۳) صفت مشبہ (۴) اسم تفضیل (۵) اوزان مبالغہ ۔اور جو صیغہ صفت فعلان کے وزن پر ہو اس کی مؤنث فَعْلیٰ کے وزن پر آتی ہے جیسے عَطْشَانٌ سے عَطْشیٰ ،سَکْرَانٌ سے سَکْریٰ ۔اور جو صفت کا صیغہ افعل کے وزن پر آتا ہو اس کی تانیث فعلاء کے وزن

پر آتی ہے جیسے اَبْیَضُ سے بَیْضَاءُ، اَسْمَرُ سے سَمْرَاءُ وغیرہ۔ اسم تفضیل کیلئے مؤنث فُعْلٰی ہے جیسے اَکْرَمُ سے کُرْمٰی. اَصْغَرُ سے صُغْرٰی، لیکن اگر ناقص واوی ہو تو واؤ کو یاء سے بدل دیتے ہیں جیسے: اَحْلٰی سے حُلْیَا. اَدْنٰی سے دُنْیَا وغیرہ۔

(مصباح اللغات، ص:۱۳)

مصادر کی تفصیل

مصدر کی تین قسمیں ہیں: (۱) مصدر اصلی (۲) مصدر میمی (۳) مصدر صناعی۔ مصدر اصلی ایسے معنی پر دلالت کرتا ہے جو ذات سے خالی ہو، اس کے شروع میں میم نہ ہو، اور آخر میں ایسی یاء مشددہ زائدہ نہ ہو جس کے بعد تاء تانیث ہو، جیسے: عِلْمٌ، فَضْلٌ، فَهْمٌ، ضَرْبٌ۔ (جب مطلق مصدر بولا جاتا ہے تو یہی قسم مراد ہوتی ہے اور اسی قسم کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ سماعی ہے)۔

(۲) مصدر میمی ایسے معنی پر دلالت کرتا ہے جو ذات سے خالی ہو، اس کے شروع میں میم ہو اور آخر میں ایسی یاء مشددہ زائدہ نہ ہو جس کے بعد تاء تانیث ہو جیسے: مَطْلَبٌ، مَعْدَلٌ، مَجْلَبَةٌ (مصدر میمی کی یہ قسم قیاسی ہے۔ ثلاثی مجرد سے مصدر میمی مَفْعَلٌ کے وزن پر آئے گا۔ البتہ سات الفاظ اس قاعدہ سے مستثنیٰ ہیں۔ مَجِیْءٌ، مَرْجِعٌ، مَسِیْرٌ، مَصِیْرٌ، مَشِیْبٌ، مَرْفِقٌ، مَقِیْلٌ. غیر ثلاثی مجرد سے مصدر میمی مضارع مجہول کے وزن پر ہوگا صرف علامت مضارع کی جگہ میم مضموم لگایا جائے گا، جیسے: مُنْحَدَر، مُضْطَبَر، مُزْدَحَم.

(۳) مصدر صناعی: ہر وہ لفظ ہے جس کے آخر میں یاء مشددہ زائدہ ہو اور اس کے بعد تاء تانیث مربوطہ زیادہ کردی گئی ہو جیسے أَسَدٌ سے اَسَدِیَّة. اِنْسَان سے اِنْسَانِیَّة، اِشْتِرَاک سے اِشْتِرَاکِیَّة۔ مصدر کی یہ قسم بھی قیاسی ہے۔

☆...... جب مصدر، فاعل یا مفعول کی طرف بواسطہ جار یا بلا واسطہ جار مضاف ہوتا ہے تو اس کا عامل وجوبًا محذوف ہوتا ہے، جیسے: حَمْدُ الْقَادِرِ. یہاں حَمْدًا اپنے مفعول کی طرف بواسطہ لام مضاف ہے لہذا عامل حذف کر دیا گیا تو اصل میں نحمد حمدًا ہے. (تحفة الادب، ص: ۴۱)

اوزانِ مصدر اصلی

مصدر اصلی یا مصدر مطلق کی دو قسمیں ہیں (۱) ثلاثی (۲) رباعی۔ پھر ان میں سے ہر ایک کی دو دو قسمیں ہیں: مجرد، مزید۔ آنے والے قواعد کے اعتبار سے مصدر کی دو قسمیں کی جاتی ہیں: ثلاثی مجردِ، غیر ثلاثی مجرد (ثلاثی مزید، رباعی مجرد، رباعی مزید)۔ مصدر کا فعل یا ثلاثی مجرد ہوگا یا غیر ثلاثی مجرد ہوگا۔

فعل ثلاثی مجرد کا پہلا حرف ہمیشہ مفتوح ہوتا ہے۔ دوسرا حرف کبھی مفتوح ہوگا، جیسے ضرب کبھی مجرور ہوگا جیسے: سَمِعَ کبھی مضموم ہوگا جیسے: کَرُمَ۔

اسم مصدر، نفسِ مصدر اور علمِ مصدر میں فرق: واضح ہو کہ مطلق مصدر کی تین قسمیں ہیں (ا) اسم مصدر (ب) علم مصدر (ج) نفسِ مصدر؛ اب تینوں کے درمیان فرق یہ ہے: کہ اسم مصدر وہ ہے جو معنیٰ حدوثی پر دلالت تو کرتا ہے، لیکن مشتق منہ نہ ہو مثلاً سُبحانَ اور علمِ مصدر وہ ہے، جو نہ مشتق منہ ہو نہ معنیٰ حدوثی پر دلالت کرے بلکہ، کسی کا علم ہو مثلاً: عثمان، سبحان بھی علم مصدر ہے، جبکہ بلا اضافت استعمال ہو۔ اور نفسِ مصدر وہ ہے، جو مشتق منہ ہونے کے ساتھ معنیٰ حدوثی پر بھی دلالت کرے مثلاً النصر۔ (مآرب الطلبہ ص:۹۲ ج۱)

☆...... مصدر میمی: وہ مصدر ہے جس کے شروع میں میم ہو اور یہ ثلاثی مجرد سے عمومًا

مَفْعَلٌ کے وزن پر آتا ہے جیسے: مَخْرَجٌ بمعنی خُرُوْجٌ . مَدْخَلٌ بمعنی دُخُوْلٌ . مَقَالٌ بمعنی قَوْلٌ ۔اور صرف سات مصدر میمی (ثلاثی مجرد سے) مَفْعِلٌ کے وزن پر آتے ہیں(۱) اَلْمَرْجِعُ (لوٹنا)۔(۲) اَلْمَرْفِقُ (نرمی کرنا). (۳) اَلْمَجِیْءُ (آنا)۔(۴) اَلْمَقِیْلُ (قیلولہ کرنا). (۵) اَلْمَشِیْبُ (بوڑھا ہونا)۔(۶) اَلْمَسِیْرُ (سیر کرنا) ، (۷) اَلْمَصِیْرُ (لوٹنا)۔اور یہی مصدر میمی غیر ثلاثی مجرد سے اسم مفعول کے وزن پر آتے ہیں، جیسے مُخْرَجٌ و مُدَحْرَجٌ وغیرہ۔ (تحفہ سعیدیہ، ص:۴۴)

☆......مصدر میمی: یہ ثلاثی مجرد سے مَفْعَلٌ کے وزن پر آتا ہے جیسے مَنْظَرٌ، مَضْرَبٌ، مَرْمٰی وغیرہ، لیکن اس قاعدے سے یہ سات الفاظ مَجِیْءٌ، مَرْجِعٌ، مَسِیْرٌ، مَصِیْرٌ، مَشِیْبٌ، مَرْفِقٌ اور مَقِیْلٌ مستثنیٰ ہیں۔ (مقدمہ مصباح اللغات، ص:۷)

اسم کی دوسری بحث

<u>تعریف اسم پر اعتراض اوراس کا جواب:</u> اسم وہ کلمہ ہے جو بغیر ازمنۂ ثلاثہ کے معنی مستقل پر دلالت کرے۔ جیسے رَجُلٌ ضَارِبٌ. اور فعل کی تعریف میں دلالت علی الزمان ہونے اور اسم میں نہ ہونے کی قید ہے۔ اس پر اعتراض ہوتا ہے کہ اسم کی یہ تعریف جامع ومانع نہیں ہے۔ کیونکہ بعض اسماء ایسے ہیں کہ ازمنۂ ثلثہ میں سے کسی ایک پر دلالت کرتے ہیں جیسے لفظ "اَلْمَاضِیُ وَاَمْسِ وَلَفْظُ اَلْحَالُ وَالآنَ وَلَفْظُ اَلْمُسْتَقْبِلُ وَغَدًا " لہذا، ان تمام اسماء پر فعل کی تعریف صادق آتی ہے نہ کہ اسم کی؟

جواب: یہ ہے کہ اسم وفعل کی تعریف پر دلالت سے مراد دلالت بالھیئۃ ہے نہ کہ دلالت بالمادہ۔ چنانچہ فعل میں ضروری ہے کہ وہ زمانہ پر بالھیئۃ دلالت کرے۔ دلالت بالمادہ کافی نہیں ہے، جیسے: ضَرَبَ ۔اور اسم میں ضروری ہے کہ وہ زمانہ پر دلالت بالھیئۃ نہ کرتا ہو۔ دلالت بالمادہ ہو جائے تو مضر نہیں جیسے الآن الماضی

وغیرہ۔(تسہیل علم الصیغہ :۲۳، مفتی محمد رفیع صاحب)

☆...... افعال الشروع: یہ وہ افعال ہیں جو اس بات پر دلالت کرتے ہیں کہ اسم نے ان کی خبر کو حاصل کرنے کی سعی شروع کردی ہے۔وہ یہ ہیں: اَنْشَأَ. طَفِقَ، اَخَذَ، جَعَلَ، عَلِقَ جیسے اَنْشَأَ زَیْدٌ یَکْتُبُ (زید نے لکھنا شروع کردیا)۔(النحو الیسیر ،ص:۹۲)

☆......افعال تصییر : (جو صار کے معنی میں ہوں) یہ ہیں: جَعَلَ، اِتَّخَذَ، تَخَذَ، وَهَبَ، تَرَکَ اور اَرَدَ۔(النحو الیسیر ،۸٦)

☆...... بحث اَنْ، لَنْ، کَیْ ،إذَنْ :امام فراءؒ کے نزدیک "لَنْ" اصل میں "لا" تھا، الف کو خلاف قیاس نون سے بدل دیا گیا۔اور امام خلیل کے نزدیک "لَنْ" اصل میں "لاأن" تھا تخفیف کیلئے ہمزہ کو حذف کردینے کے بعد اجتماع ساکنین سے الف کلمہ حذف ہوگیا۔اور امام سیبویہ کے نزدیک "لن" ایک مستقل حرف ہے اس میں کسی قسم کی تعلیل و تغیر نہیں ہوئی۔اور "لَنْ" کے معنی میں بھی اختلاف ہے۔جمہور علماء نفی تاکیدی کے معنی میں کہتے ہیں جیسے لَنْ یَّفْعَلَ کے معنی "ہرگز نہیں کرے گا وہ ایک مرد"۔ اور بعض علماء نفی تابیدی کے معنی میں کہتے ہیں چنانچہ قولہ تعالیٰ: ﴿اِنَّ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا وَمَاتُوْا وَهُمْ کُفَّارٌ فَلَنْ تُقْبَلَ تَوْبَتُهُمْ﴾ میں نفی ابدی مراد ہے کہ جن کفار کا انتقال حالت کفر میں ہوگیا ہے ان کی توبہ کسی وقت قبول نہ ہوگی۔

لیکن جمہور علماء اس کے جواب میں کہتے ہیں :قَوْلُهٗ تَعَالیٰ: ﴿لَنْ تَرَانِیْ﴾ میں لن کے معنی نفی ابدی مراد نہیں ہوسکتے ، کیونکہ جنت میں دیدار خداوندی نصیب ہوگا اور "لَنْ تُقْبَلَ تَوْبَتُهُمْ" میں نفی ابدی کا مفید لفظ لن نہیں ہے بلکہ وہ آیات واحادیث کثیرہ ہیں، جن سے کفار کا ہمیشہ ہمیشہ جہنم میں رہنا معلوم ہوتا ہے۔

اَنْ: ۔ یہ ماضی اور مستقبل دونوں پر داخل ہوتا ہے اور عمل صرف مستقبل میں کرتا ہے اور فعل کو مصدر کے معنی میں کردینے کی وجہ سے ان مصدریہ کہلاتا ہے۔اَن کا

دخول افعال متصرفہ کے ساتھ خاص ہے اور افعال غیر متصرفہ پر داخل نہیں ہوتا۔

اور اَنْ چھ چیزوں کے بعد مقدر ہو کر بھی فعل مضارع کو نصب دیتا ہے (۱) حَتّٰی کے بعد، جیسے: مَرَرْتُ حَتّٰی اَدْخُلَ الْبَلَدَ. یہ اصل میں حَتّٰی اَنْ اَدْخُلَ الْبَلَدَ تھا۔ (۲) لام جحد کے بعد۔ یعنی وہ لام جو کان منفی کے جواب میں واقع ہو، جیسے مَاكَانَ اللّٰهُ لِيُعَذِّ بَهُمْ، اَیْ لِاَنْ يُّعَذِّبَهُمْ. (۳) اس اَوْ کے بعد جو اِلٰی، یا اِلاّ کے معنی میں ہو جیسے لَاَلْزِمَنَّکَ اَوْتُعْطِيَنِیْ حَقِّیْ، ای اَوْاَنْ تُعْطِيَنِیْ حَقِّیْ ۔ (۴) واؤصرف کے بعد جیسے لَاتَنْـهَ عَنْ خُلُقٍ وَتَأْتِیَ مِثْلَهُ. اَیْ وَاَنْ تَأْتِیَ مِثْلَهُ ۔ (۵) لام کی کے بعد جیسے اَسْلَمْتُ لِاَدْخُلَ الْجَنَّةَ اَیْ لِاَنْ اَدْخُلَ الْجَنَّةَ ۔ (۶) وہ فا جو امر وغیرہ کے جواب میں واقع ہوتی ہے، اس کے بعد بھی ان مقدر ہوتا ہے جیسے: اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِیْ فَاَفُوْزَ اَیْ فَاَنْ اَفُوْزَ ۔ (توضیحات، ص:۱۶،۱۵)

☆......اضافت لفظی تعریف کا فائدہ نہیں دیتی اور اضافت لفظی میں یہ شرط ہے کہ صفت میں زمانہ حال یا استقبال پایا جائے۔ (فیوض عثمانی، ص:۷)

☆......اجتماع ساکنین کی دو قسمیں ہیں (۱) جائز (۲) ممتنع۔ پھر جائز کو علی حدہ بھی کہتے ہیں وہ یہ کہ جس کا پہلا ساکن حرف لین ہو خواہ وہ مدہ ہو یا غیر مدہ۔ اور دوسرا ساکن مدغم ہو۔ بعض کے نزدیک دونوں کا ایک کلمہ میں ہونا شرط ہے، جیسے: دابة اور خویصة، بعض کے نزدیک عام ہے چاہے ایک کلمہ میں ہو یا دو کلمہ میں۔ دوسرا جو ممتنع ہے اس کو ساکن علی غیر حدہ کہتے ہیں۔ اور ساکن علی غیر حدہ وہ ہے جو علی حدہ کے غیر ہو، جیسے: الآن، اور الحسن، عند ک۔ (فیوض عثمانی، ص:۲۴)

☆......صرفی حضرات نے وزن فعل کیلئے فا کلمہ، عین کلمہ اور لام کلمہ (فعل) کی اس خاص ترتیب کو کیوں اختیار کیا اور علف یا لفع یا فلع یا عفل وغیرہ کو کیوں اختیار نہ کیا؟ جواب: کیونکہ کوئی فعل (کام) کردن یعنی کرنے کے معنی سے خالی نہیں

ہے اور یہ معنی فعل کا ہے۔ بخلاف دوسری ترتیبوں اور لفظوں کے کیونکہ علف کے معنی تو گھاس وغیرہ کے ہیں، باقی دوسرے الفاظ مہمل ہیں۔ اس لئے فعل کو اختیار کیا۔ (تبیان شرح میزان، ص:۱۱)

☆......اَنْ: یہ اَنَّ کا مخفف ہے (وہ ناصب نہیں ہے) اور یہ اکثر اسم پر داخل ہوتا ہے اور فعل پر داخل ہونے کی صورت میں فعل اور اس اَن کے درمیان فاصلہ ہونا ضروری ہے جیسے: عَلِمَ اَنْ سَیَکُوْنُ میں اَنْ اور یَکُوْنُ کے درمیان سین کا فاصلہ ہے۔

☆......قولہ، کَیْ: یہ تاکہ کے معنی میں مستعمل ہے جیسے: اَسْلَمْتُ کَیْ اَدْخُلَ الْجَنَّۃَ۔ اس لئے اس کی کو سببیہ کہا جاتا ہے اور کبھی کَیْ پر لام بھی داخل ہوتا ہے جیسے لِکَیْ اَدْخُلَ الْجَنَّۃَ.

☆......قولہ إذَنْ: ۔ یہ جواب مکافات کیلئے مستعمل ہے جیسے: آتِیْکَ الْیَوْمَ کے جواب میں کہا جاتا ہے إذَنْ اُکْرِمَکَ. اور اِذَنْ غیر مستقبل پر داخل نہیں ہوتا فعل سے مؤخر ہونے کی صورت میں اس کا عمل باطل ہو جاتا ہے اور اذن اگر وسط کلمہ میں ہو تو اذن کو عامل بنانا اور اس کے عمل کو باطل کرنا دونوں جائز ہیں جیسے: اَنَا اِذَنْ اُکْرِمُکَ .

(توضیحات الوضیحہ)

☆......قولہ لَمْ: یہ حرف جزم ہے جو مستقبل پر داخل ہو کر مستقبل کو ماضی منفی کے معنی میں کر دیتا ہے اور حروف شرط کے مانند لم بھی فعل مضارع کو جزم دیتا ہے اور جزم یہ فعل کی خصوصیات میں سے ہے جس طرح کہ کسرہ اسم کی خصوصیات میں سے ہے۔

(توضیحات، شرح علم الصیغہ)

☆......مختلف فنون کی کتابوں میں لکھا ہے کہ لفظ "عمرو" کو واوٗ، فتحۂ عین کے ساتھ لکھا جاتا ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ کسی کو حضرت عمرؓ کے اسم گرامی کے ساتھ غلط فہمی نہ

ہو، مگر لفظ ''عمرٗو'' کو حالت نصب میں ''عَـمْرًا'' تنوین کے ساتھ بغیر واؤ کے لکھا جائے گا کیونکہ اس وقت عَـمْـرًا کے الف سے خود تمیز ہو جائے گی کیونکہ حضرت عمرؓ کا اسم گرامی، بوجہ غیر منصرف ہونے کے، اس کے اخیر میں الف نہیں لکھا جاتا ہے۔ اور لفظ ''عمر'' حیات وزندگی کے معنی کیلئے عام طور پر بضم عین مستعمل ہوتا ہے، لیکن جب اس میں لام قسمیہ داخل ہو تو عین مفتوح ہو جاتا ہے، جیسے: هٰذَا الْعَمْرِیُ فِی الْفَعَالِ بدیعٌ ۔
(فرائد منثورہ، ص: ۵۹، ۶۱)

☆......مشہور قاعدہ ہے ''کُلُّ جَمْعٍ فِیْ حُکْمِ التَّانِیْثِ'' اس کی بناء پر عموماً الفاظ جمع مؤنث استعمال ہوتے ہیں۔ مگر یہ یاد رہے کہ ہر وہ جمع جس کے حروف اس کے واحد سے کم ہوں اس کی تذکیر بھی جائز ہے کما فی قوله تعالیٰ: یُحَرِّفُوْنَ الْکَلِمَ عَنْ مَوَاضِعِهٖ. اس میں مَوَاضِعِهٖ کی ضمیر واحد مذکر لفظ ''اَلْکَلِمُ'' کی طرف راجع ہے، حالانکہ وہ جمع ہے کَلِمَةٌ کی۔ اسی طرح اسم تفضیل بھی خواہ مذکر ہو یا مؤنث، جب مِنْ تَفْضِیْلِیه کے ساتھ مستعمل ہو تذکیر وتانیث اس میں برابر ہو جاتی ہے جیسے: الصلوٰةُ خَیْرٌ مِّنَ النَّوْمِ۔ (فرائد منثورہ، ص: ۶۱)

☆......حال کی چھ قسمیں ہیں: (۱) منتقلہ (۲) مؤکدہ (۳) متداخلہ (۴) مترادفہ (۵) مقدرۃ (۶) دائمہ۔

اول منتقلہ: وہ حال ہے جو ذوالحال سے منتقل ہو جائے اور اس کے ساتھ علی الدوام ثابت نہ رہے، جیسے: جَاءَ نِیْ زَیْدٌ رَاکِبًا. کہ رُکُوْب، زید سے منفک و منتقل بھی ہوتا ہے۔

دوم مؤکدہ: وہ حال ہے جو جزو جملہ کی تاکید کرے جیسے: هُوَ الْحَقُّ لَارَیْبَ فِیْهِ۔ کہ لَارَیْبَ فِیْهِ یہ اَلْحَق کی تاکید کر رہا ہے جو جزو جملہ ہے۔

سوم متداخلہ: وہ حال ہے کہ جو حال اول کے معمول سے حال ہو جیسے: جَاءَ نِیْ زَیْدٌ یَقُوْمُ غُلَامُہٗ مَجْرُوْحًا رَأسُہٗ ۔ کہ یہاں "مَجْرُوْحًا" حال ہے "غُلَامُہٗ" سے جو معمول ہے حال اول "یَقُوْمُ" کا۔

چہارم مترادفہ: وہ حال ہے کہ جس کا عامل اور حال کا عامل ایک ہو جیسے: رَاَیْتُ زَیْدًا قَائِمًا عَامِلاً ۔ کے یہاں "عَامِلاً" اور حال اول "قَائِمًا" کا عامل ایک ہے۔

پنجم مقدرہ: وہ حال ہے کہ جس کا حصول زمانہ آئندہ میں مقدر ہو اور ذوالحال بوقت اخبار اس حال پر نہ ہو، جیسے: اُولٰئِکَ لَھُمْ جَنّٰتٌ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِھَا الْاَنْھَارُ خَالِدِیْنَ فِیْھَا اَبَدًا. کہ یہاں جب اللہ تعالیٰ نے یہ جملہ ارشاد فرمایا اس وقت خلود کہاں تھا، بلکہ (وہ تو) دخول کے بعد ہوگا تو بوقت خلود اس کو مقدر کر لیا گیا۔

ششم دائمہ: وہ حال ہے کہ جس پر ذوالحال علی الدوام ہوتا ہے اور کبھی اس سے منفک نہیں ہوتا جیسے کَانَ اللّٰہُ قَادِرًا۔ (فرائد منثورہ، ص:۵٦،۵۷)

قاعدہ:...... تمیز چار چیزوں (عدد، وزن، پیمانہ اور پیمائش) کے ابہام کو دور کرتی ہے۔ جیسے عدد کی مثال: رَاَیْتُ اَحَدَعَشَرَ کَوْکَبًا ۔ وزن کی مثال: اِشْتَرَیْتُ کِیْلُوْ سَمْنًا. اور پیمانہ کی مثال: بِعْتُ قَفِیْزَیْنِ بُرًّا ۔ اور پیمائش کی مثال: وَھَبْتُ جَرِیْبَیْنِ اَرْضًا. (یعنی میں دو بیگے زمین بخشی)۔ (آسان نحو اول، ص:۲۲)

صلات کی وجہ سے معنی کی تبدیلی

ایک ہی لفظ کے معنی اختلاف صلات کی وجہ سے مختلف ہو جاتے ہیں۔ چنانچہ بطور نمونہ چند الفاظ ہدیہ ناظرین ہیں۔

(۱) قَامَ بِهِ: (بصلۂ با) بمعنی انتظام کرنا، نگہبانی کرنا۔ قَامَ لَهُ، (بصلۂ لام) بمعنی عزت وتعظیم کرنا۔ قَامَ اِلَيْهِ (بصلۂ الی) بمعنی ارادہ وقصد کرنا۔ قَامَ عَلَيْهِ، (بصلہ علی) بمعنی مداومت کرنا۔ قَامَ عَنْهُ، (بصلہ عن) بمعنی اعراض کرنا۔ قَامَ فِيْهِ، (بصلۂ فی) بمعنی شروع کرنا۔

(۲) شَغَلَ فِيْهِ: (بصلۂ فی) بمعنی مشغول ہونا، مشغول کرنا۔ شَغَلَ عَنْهُ (بصلۂ عن) معنی غافل کرنا۔

(۳) نَظَرَ لَهُ: (بصلہ لام) معنی رحم وشفقت کرنا۔ نَظَرَ اِلَيْهِ، (بصلۂ الی) بمعنی دیکھنا۔ نَظَرَ فِيْهِ، (بصلۂ فی) بمعنی غور کرنا۔

(۴) ضَرَبَ فِيْهِ: (بصلۂ فی) بمعنی چلنا۔ ضَرَبَ عَنْهُ، (بصلۂ عن) بمعنی اعراض کرنا. ضَرَبَ لَهُ، (بصلۂ لام) بمعنی مثال بیان کرنا۔

(۵) قَالَ عَنْهُ، (بصلۂ عن) بمعنی روایت کرنا۔ قَالَ اِلَيْهِ، (بصلۂ الیٰ) بمعنی تأمل کرنا۔ قَالَ عَلَيْهِ، (بصلۂ علی) بمعنی بہتان باندھنا۔ قَالَ بِهِ، (بصلۂ باء) حکم کرنا۔

(۶) دَفَعَ اِلَيْهِ: (بصلۂ اِلیٰ) بمعنی دینا۔ دَفَعَ عَنْهُ، (بصلۂ عن) بمعنی حفاظت ومدافعت کرنا۔

(۷) دَعَا اِلَيْهِ، (بصلۂ الی) بمعنی بلانا. دَعَا لَهُ، (بصلۂ لام) بمعنی دعا کرنا. دَعَا عَلَيْهِ، (بصلۂ علی) بمعنی بددعا کرنا۔

(۸) رَغِبَ فِيْهِ، (بصلۂ فی) بمعنی رغبت کرنا. رَغِبَ اِلَيْهِ، (بصلہ الی) بمعنی رغبت کرنا. رَغِبَ عَنْهُ، (بصلۂ عن) بمعنی اعراض کرنا۔

(۹) سَقَطَ مِنْهُ (بصلہ من) بمعنی نکلنا، باہر آنا، حقیر ہونا. سَقَطَ فِيْهِ، (بصلۂ فی) بمعنی غلطی کرنا، لغزش ہونا۔ سَقَطَ اِلَيْهِ، (بصلۂ الیٰ) بمعنی نازل ہونا

سَقَطَ عَلَيۡهِ، (بصلهٔ علی) بمعنی مطلع ہونا۔

(۱۰) سَلِمَ مِنۡ عَيۡبٍ: بمعنی عیب سے پاک ہونا۔ سَلَّمَ عَلَيۡهِ: بمعنی السلام علیکم کہنا۔ سَلَّمَ اِلیٰ: یعنی سپرد کرنا، سونپنا، حوالہ کرنا۔ سَلَّمَ بِالۡاَمۡرِ: یعنی تسلیم کرنا، مان لینا اور قبول کرنا۔ (القاموس الفرید،ص:۳۱۱،فرائد منثورہ ص:۴۴)

اختلافِ حرکات کی وجہ سے اختلاف معنی

ایک ہی لفظ کی مختلف حرکات کی وجہ سے مختلف معانی ہوتے ہیں، چنانچہ

(۱) الغَمرُ (بفتح غین) بمعنی زیادہ پانی، الغُمر (بضم غین) بمعنی ناتجربہ کار، الغِمر (بکسر غین) بمعنی کینہ۔

(۲) القَصَاصُ (بفتح قاف) بمعنی ایک قسم کا درخت۔ القُصَاصُ (بضم قاف) بمعنی بال نکلنے کی جگہ، اَلۡقِصَاصُ، بکسر قاف، بمعنی بدلہ، قصاص۔

(۳) اَلۡحَمامُ (بفتح حاء) بمعنی کبوتر، الحُمَامُ (بضم حاء) ایک شخص کا نام، الحِمَامُ (بکسر حاء) بمعنی موت۔

(۴) اَلۡخَرقُ (بفتح خاء) بمعنی سوراخ، کشادگی، الخُرَقُ (بضم خاء) بمعنی نادانی، سختی، اَلۡخِرَقُ (بکسر خاء) بمعنی کامل سخی۔

(۵) اَلشَّرۡبُ (بفتح شین) بمعنی پینے والی جماعت، اَلشُّرۡب (بضم شین) بمعنی پینا، اَلشِّرۡب (بکسر شین) بمعنی پانی کا حصہ۔

(۶) اَلۡقَصَّةُ (بفتح قاف) بمعنی چونا، اَلۡقُصَّةُ (بضم قاف) بمعنی پیشانی کے بال، اَلۡقِصَّةُ (بکسر قاف) بمعنی واقعہ۔

(۷) اَلۡعَرۡضُ (بفتح عین) بمعنی چوڑائی، اَلۡعُرۡضُ (بضم عین) بمعنی کنارہ، اَلۡعِرۡضُ (بکسر عین) بمعنی آبرو۔

(۸) اَلْبَرُّ (بفتح باء) بمعنی خشکی، اَلْبُرُّ (بضم باء) گیہوں، اَلْبِرُّ (بکسر باء) بمعنی نیکوئی، نیکی۔

(۹) اَلْحَرُّ (بفتح حاء) بمعنی گرمی، اَلْحُرُّ (بضم حاء) بمعنی آزاد، اَلْحِرَ ُ(بکسر حاء) بمعنی فرج۔

(۱۰) اَلدعوۃُ (بفتح الدال) بمعنی دعوت دینا، بلانا، پکارنا۔ از باب نصر ینصر، اَلدِّعْوَۃُ (بکسر الدال) بمعنی حسب، نسب ثابت کرنا۔ اَلدُّعْوَۃُ (بضم الدال) بمعنی میدان جنگ میں بلانا۔ (مسودۂ مقامات از راقم، مصباح اللغات، فرائد منثور، ص: ۴۵)

اشعار مفیدہ در علوم عدیدہ

(برائے نحو، صرف، منطق، فقہ)

هفت معنی نحو دارد جملہ را از من بجو قصد ومقدار وقبیلہ نوع وشرع شبہ وسو
رفع ونصب وجر وجزم ایں ہر چہار از برائے معرب آمد اختیار
ضم وفتح وکسر ووقف اندر شمار از برائے مبنی آمد ہر چہار
ضمہ وفتحہ وکسرہ ہم سکون ایں ہمہ را مشترک داں یاد دار
مبنی آں باشد کہ ماند برقرار معرب آں باشد کہ گردد بار بار
افعال عموم نزد ارباب عقول کون ست وجود ست وثبوت وحصول
مصدر تفعیل آمد پنج تا اندر خیال تفعلۃ تفعال وفعال وفعال آمد فعال
بشنو از من آنچہ آید بروزنش یادگیر تذکرہ تکرار وکذاب وسلام آمد کتاب
ہر آں ماضی کہ گردد چار حرفی علامت غابرش ضم پیش صرفی
صرفیاں را مغز باید چوں سگاں نحویاں را مغز باید چوں شہاں

صرف را چوں مادر علوم داں — نحو را نیز باید شمرد پدراں

آمده ماضی بمعنی مضارع چند جا — عطف ماضی برمضارع درمقام ابتدا

بعد موصول وندا ولفظ حیث وکلما — درجزاء وشرط عطف ہردو باشد دردعا

صلوٰۃ را معنی آمد درلغت چار — درود وتسبیح ورحمت استغفار

ولی رامعنی آمد درلغت چار — حبیب ومالک وصاحب سزاوار

ممیّز از عدد برسه جهت داں — زسه تاده همه مجموع ومجرور

زده تاصد همه منصوب ومفرد — زصد برتر همه مفرد ومجرور

منطق وحکمت زبهر اصطلاح — گربخوانی اندکے باشد مباح

دلالت سه قسم ست بمنطق تمام — تطابق تضمن دگر التزام

پنج کلی یاد دار اے نیک نام — نوع جنس وفصل خاصه عرض عام

جنس وفصل ونوع وخاص وعرض عام — جمله را ایساغوجی کردند نام

درتناقض ہشت وحدت شرط داں — وحدت موضوع ومحمول ومکاں

وحدت شرط واضافت جزوکل — قوت وفعل ست درآخر زماں

صغریٰ رامحمول سازی کبریٰ راموضوع نیز — شکل اول باتیقن می شمار ایں اے عزیز

گربودمحمول ہردو شکل ثانی می شود — گربودموضوع ہردوشکل ثالث می شود

عکس اول شکل رابع حاصل آید بیگماں — گفته ام ایں چند مصرع ازبرائے طالباں

علم دیں فقه ست وقرآن وحدیث — ہرکه خواند غیر ازیں گردد خبیث

ابویوسف حنیفه گشت شیخین — محمد باحنیفه گشت طرفین

ابویوسف محمد صاحباں شد — میان مؤمناں ایشاں عیاں شد

حر صحیح بالبلوغ مذکر — مقیم وذو عقل لشرط وجوبها

مصر وسلطان ووقت وخطبة — واذن کذا جمع لشرط ادائها

بقول واحد واحمد کرام ست — نکاح چاردہ زن را حرام ست
یکے ام ودیگر خالہ ودختر — دگر خوشدامن وعمہ وخواہر
برادر زادی ودایہ ودادی — دخ دختر ودخ خواہر ونانی
ربیبہ وپسرزادی حرام ست — ہرآں مؤمن کند کافر تمام ست
وَضو را در وِضو داشتہ وُضو کن — مصلی در زمین کردہ نماز کن
فرائض الحج کلها لثلاثة — طواف واحرام ووقوف بعرفة
طواف وسعي والوقوف بمشعر — وتحليق رأس واجب رمي جمرة
حسد کے معنی سن لے صاحب خیر — تمنائے زوالِ نعمت غیر
غبطہ کے معنی سن لے صاحب خیر — تمنائے مثالِ نعمت غیر
لاتنه عن خلق وتاتيه مثله — عار عليك اذا فعلت عظيم
سير وآداب وتفسير وعقائد — فتن ،اشراط واحكام ومناقب
تنازع قوم في البخاري ومسلم — لدیّ فقالوااىّ ذين يقدم
فقلت لقد فاق البخاري صحةً — كما فاق في حسن الصناعة مسلم
كان البخاري حافظًا ومحدثًا — جمع الصحيح مكمل التحرير
ميلاده صدق ومدة عمره — فيها حميد وانقضى في نور
الترمذي محمد ذو زين — عطر مداه وعمره في عين
وحق حصر اربع المذاهب — فكل منه محمول الرجال
فانْ اخترتَ مذهب ابي حنيفه — فلاتحظر من الباقي ببال
والاسلام شرط عذروضرب ونية — ومسح وتعميم صعيد مطهر
وسنة سمي وبطن وفرج — ونفض ورتب وآل اقبل وتدبر

(مقدمۂ دورہ حدیث، حاشیۂ قدوری، تحفۃ الطلبہ، ہمارب الطلبہ، فرائد منثورہ، ص:۵۱تا۵۴)

عام استعمال میں غلطیاں

غلط	صحیح	غلط	صحیح
قرآن مُتَرَجَّم	قرآن مُتَرْجَم	مِفْعولِ مُطْلَق	مَفعول مُطْلَق
سُلُّمُ الْعُلُوْم	سُلَّمُ الْعُلُوْم	حُسَّامِیْ	حُسَامِیْ
کَلامِ مَوْجِب	کَلامِ مَوْجَبْ	حِمَاسَه،حَمَّاسَه	حَمَاسَه
طُوْل وعَرَض	طُوْل وعَرض	جِهْلِ مرکب	جَهْلِ مرکب
طلباء ج: طالب	طلباء ج:طلیب	......	طلبه ج :طالب
المولانا	مولانا	فِعَلْ(مص)	فِعْلُ
مُنْکِرْ نِکِیْر	مُنْکَرْ نَکِیْر	ضُمّه(پیش)	ضَمّه
جَمْهُوْر	جُمْهُوْر	قرأتُ الصلوٰۃ	صَلَّیْتُ
جَمادِیَ الاُوْلیٰ	جُمَادَی الْاُولیٰ	عَمَامَهُ(عربی)	عِمَامَه
مِیْزَان مُنْشَعَبْ	مِیْزَان وَمُنْشَعِبْ	نَحُوْمِیْر	نَحْومِیْر
شب قدر کی رات	شب قدر	هدَایَةُالنُّحُوْ	هدَایَةُ النَّحو
لُغاتِ کِشْوَرِی	لُغَاتِ کِشْوَرِی	اِسْتِحْصَال	اِسْتِیْصَال
عِجزُ	عَجز	بحر الرائق	البحر الرائق
تکبیر تحریمه	تکبیر تحریم	تصوَّر	تصوُّر
تِعْدَاد	تَعْدَاد	مَعْرَفَهْ	مَعْرِفَه
نِسَائِیْ شریف	نَسَائِیْ شریف	مُطْرِدْ،شاذ	مُطَّرِدْ،شاذ

مُحَبَّتْ	مَحَبَّتْ	مُنَاظِرَہ	مُنَاظَرَہ
تین طِلَاقْ	تین طَلَاقْ	صاحِبْ	صاحَبْ
ماضی مَطْلَقْ	ماضی مُطْلَقْ	نُوْعٌ	نَوْعٌ
مُنْطِقْ	مَنْطِقْ	دِلَالَتْ	دَلَالَتْ
جملۂ اوّل	جملۂ اولیٰ	جملۂ ثانی	جملۂ ثانیہ
شِیْخٌ	شَیْخٌ	ایمان مُجَمَّلْ	ایمان مُجْمَلْ
صفت اوّل	صفت اُوْلیٰ	صُوْرَتِ اَوّل	صُوْرَتِ اُوْلیٰ
صفت ثانی	صفت ثانیہ	جَمَادِی الثانی	جُمَادَی الثَّانِیَہ
مُبْدَّلْ مِنْہٗ	مُبْدَلْ مِنْہٗ	تَہَجَّدُ	تَہَجُّدْ
عِلَمٌ	عِلْمٌ	سُوَمْ	سِوَم/سویم
حَیْوَان	حَیَوَان	نگھت	نکھت
بِنُوْرِیْ	بَنُوْرِیْ	مُؤَنِّثْ	مُؤَنَّثْ

(تقریر مفتی رشید احمد صاحبؒ، مآرب الطلبہ، فرائد منثورہ، ص:۵۸)

اصطلاحاتِ علماء

مخفف	مکمل	مخفف	مکمل	مخفف	مکمل
بَسْمَلَۃ	بسم اللہ الخ	حَمْدَلَۃ	الحمدللہ	ھَیْلَلَۃ	لاالہ الااللہ
سَمْعَلَۃُ	السلام علیکم الخ	حَوْقَلَۃُ	لاحول ولاقوۃ	حَیْعَلَۃُ	حیَّ علی الصلوٰۃ
سَبْحَلَۃُ	سُبْحَانَ اللہ	حَیْفَلَۃُ	حی علی الفلاح	تَلْبِیَۃُ	لبیک،لبیک

ج:	جمع	جج	جمع الجمع	س	سوال
مع:	معرب	ھ،ھج	ھجری	ع:	عیسوی
المص	المصنف	الش	الشارح	ھف	ھذاخلف
کک	کذلک	ح	حینئذٍ	ہِ	ھھنا
مم	ممنوع	لانم	لانسلم	یقہ	یقال
الظہ	الظاھر	بطہ	باطل	ن،نـــ	نسخہ
الآیۃ	الیٰ آخر الآیۃ	تعہ،تع	تعالیٰ	رح، رحہ	رحمہ اللہ تعالیٰ
عہٗ	علیہ السلام	رضہؓ	رضی اللہ عنہ	صلعمؐ	صلی اللہ علیہ وسلم
عط	عطف	الخ،اھ	الیٰ آخرہٖ	اھ	انتھیٰ
۱۲	حد	ص	صفحہ	مص	مصدر

(مقدمات علوم درسیہ،ص:۱۲۰،ما رب الطلبہ،ص:۲۴،۲۳،فرائد منثورہ،ص:۵۸،۵۹)

عربی میں مؤنثاتِ سماعیہ

کسی بھی زبان میں مذکر ومؤنث کا جاننا انتہائی اہم ہے اور اس کے بغیر کوئی ماہر فن وزبان کا دعویٰ نہیں کرسکتا، خصوصاً مؤنث سماعی کا جاننا اور بھی اہم ہوتا ہے کیونکہ اس کیلئے کوئی قاعدہ کلیہ نہیں ہوتا ہے۔ صرف اہل لسان کے استعمال پر موقوف ہوتے ہیں یہاں ہم عربی زبان کے چند اہم مؤنث سماعی کو حروف تہجی کے طور پر نقل کر رہے ہیں، امید ہے اس سے کافی تک مؤنثاتِ سماعیہ کا جاننا آسان ہوجائے گا۔ اور حروف تہجی، الف، باء، تاء، جیم وغیرہ اور حروف جارہ میں سے مِنْ، عَنْ، فِی وغیرہ میں مذکر ومؤنث دونوں طرح جواز لکھا ہے۔ (مہر منیر،ص:۵۳)

الفاظ	معنی	الفاظ	معنی	الفاظ	معنی
اَرْضٌ	زمین	اَمَامٌ	آگے	اَرْنَبٌ	خرگوش
آلٌ	اہل وعیال	اِنْسٌ	انسان	اِصْبَعٌ	انگلی
اِسْتٌ	سرین	اَمَانٌ	امن	اِبْهَامٌ	انگلی
اِبِطٌ	بغل	اَفْعیٰ	سانپ	اُفُقٌ	کنارۂ آسمان
اُذُنٌ	کان	اِبِلٌ	اونٹ	اَوَانٌ	وقت
اَرْویٰ	سیراب کرنا	اَوٰی	پناہ لینا	اَرِیْبٌ	دانا
اثر	نشان/نقش	اَرْبَعَاء	صحن	اَتَانٌ	گدھی
بِئْرٌ	کنواں	بِنْصَرٌ	چھنگلی کے ساتھ والی انگلی	اِزَارٌ	لنگی
بَعِیْرٌ	اونٹ	بَاذِلٌ	دہندہ	بَغَلٌ	خچر
بَیْتٌ	مذکر/مؤنث	بَقَرٌ	گائے	بِسَاطٌ	بچھونا
بَخِیْلٌ	کنجوس	بَلَدٌ	شہر	بَاعٌ	ایک ہاتھ
تِبْرٌ	خالص سونا	تَمَرٌ	کھجور	تداویٰ	دوا کرنا
ثَریٰ	نمناک مٹی	ثِمَانٌ	آٹھ	ثَدْیٌ	پستان
ثُعْبَانٌ	سانپ	ثُرَیَّا	ستارہ	ثاقب	تیز ہوا
ثَعْلَبٌ	لومڑی	جَنُوْبٌ	دکھنی ہوا	جَرَادٌ	ٹڈی
جَهَنَّمُ	دوزخ	جَحِیْمٌ	جہنم	حُرُوْب	لڑائیاں
جَفَانٌ	پلک	حَانُوْتٌ	دوکان	حَرْبٌ	لڑائی
حَالٌ	کیفیت	حَرُوْرٌ	دھوپ کی گرمی	حَدِیْدٌ	لوہا

حَضَاجِرٌ	کفتار (بجو)	خَمْرٌ	شراب	خَیْلٌ	گھوڑے
خِنْصَرٌ	چھنگلی	خَدَّان	رخسار	دَبُوْرٌ	پچھوائی ہوا
دَارٌ	گھر	دَلْوٌ	بالٹی/ڈول	دُبُرٌ	حلقہ سرین
دِرْعٌ	زرہ	ذَهَبٌ	سونا	ذِرَاعٌ (کلائی)	کہنی تا ہتھیلی
ذَکَاءٌ	ہوشیار/ذہانت	ذِرْعٌ	مذکر/مؤنث	ذُنُوْبٌ	گناہ
رِیْحٌ	ہوا	رِجْلٌ	پیر	رَحِمٌ	بچہ دانی
رَحیٰ	چکی	روح	جان	زُقَاق	گلی
سُوْقٌ	بازار	سِلْمٌ	صلح	سَمُوْمٌ	گرم ہوا
سَبِیْلٌ	راستہ	سُلَّمٌ	سیڑھی	سَرَاوِیْلٌ	پاجامہ
سَقَرٌ	دوزخ	سَعِیْرٌ	جہنم	سَرْطَانٌ	کیکڑا
سِکِّیْنٌ	مذکر/مؤنث	سِنٌّ	دانت	سَاقٌ	پنڈلی
شَمْسٌ	سورج	شِمَالٌ	بادشمالی	سَمَاءٌ	آسمان
صَلَاحٌ	دوستی/نیک بختی	صَدْرٌ	سینہ	صِرَاطٌ	راستہ
صُعُوْدٌ	چڑھنا	صُوْفٌ	اون	صَبَا	پروائی ہوا
ضُحیٰ	چاشت	ضَبُعٌ	بجو	ج ضبوان	مقابل دبور
طَرِیْقٌ	راستہ	طُغْیَانٌ	سرکشی	صَاع	ایک پیمانہ
ظَهْرٌ	پیٹھ	ظُهُوْرٌ	ظاہر ہونا	ضَرَبٌ	سفید گاڑھا شہد
عَیْنٌ	آنکھ	عَرِیٌ	برہنہ	عجز	سرین
عِقَبٌ	ایڑی	عَطَشٌ	پیاسا	عَضُدٌ	بازو

عَشَاء	طعام اللیل	عُرُوْضٌ	میزان الشعر	عُرُسٌ	دلہن
عَقْرَبٌ	بچھو	عَصَا	لاٹھی	عُنُقٌ	گردن
عِقَابٌ	عذاب	عَنْكَبُوْتٌ	مکڑی	عُرُوْضٌ	اوزان شعر
غَنَمٌ	بکری	غَوْلٌ	بھوت	غنا	بے نیازی
فَأْسٌ	کلہاڑی	فَخِذٌ	ران	فَهَدٌ	چیتا
فَخْتٌ	چاند	فِرْدَوْسٌ	فردوس	فُلْكٌ	کشتی
فَرَسٌ	گھوڑا	فَارِسٌ	گھڑسوار	فجر	صبح، سحر
قَوْسٌ	کمان	قدرت	طاقت	قَفَا	گدی
قُدُوْمٌ	کلہاڑی	قضاء	تقدیر	قِدْر	ہانڈی
قَوْلٌ	گفتار	قَدَمٌ	پیر	قَلْبٌ	دل
قَبْلٌ	آگے، پہلے	قَبُوْلٌ	بادصبا	قمیص	کرتا
كَأْسٌ	پیالہ	كَبِدٌ	جگر	كَتِفٌ	کندھا
كَعْبٌ	پنڈلی	كَهْلٌ	ادھیڑعمر	كَفٌّ	ہتھیلی
كُرَاعٌ	پائے جانور	كَرِشٌ	اوجھڑی/آنت	كَدٌّ	کوشش
لِسَانٌ	زبان	لَظًى	شعلہ	لَيْثٌ	شیر
مِسْكٌ	مشک	متاع	سامان	مُوْسٰی	استرہ
مِلْحٌ	نمک	مِنْجَنِيْقٌ	گوپھن	مِحَن	محنت
نَارٌ	آگ	نَجْمٌ	تارے	نَفَسٌ	جان/سانس
نَعْلٌ	جوتا	نَابٌ	دانت	نَخِيْلٌ	نخلستان

نَخلٌ	کھجور (درخت)	نَحلٌ	شہد کی مکھی	نَسِیمٌ	نرم ہوا
وَرِکٌ	سرین	وحش	جنگلی جانور	وَرَاءَ	آگے، پیچھے
هیف	نام ہوا	هبوط	ڈھلوان/اتار	هزل	مذاق/بیہودہ
یَمِینٌ	داہنا	یَسَارٌ	بایاں	یَدٌ	ہاتھ
یَنْبُوْعٌ	چشمہ	یُسر	آسانی	یٰس	نام سورت

(مصباح اللغات، بدرمنیر، مہر منیر، معلم الانشاء، عربی کا معلم، کافیہ)

هٰذِهِ الْقَصِیْدَةُ الَّتِیْ جَمَعَ فِیْهَا الشَّیْخُ ابْنُ حَاجِبٍ الْمُؤَنَّثَاتِ السَّمَاعِیَّةَ

''یہ وہ قصیدہ ہے جس میں علامہ ابن حاجبؒ نے مؤنثات سماعیہ کو جمع فرمایا ہے''

نَفْسِی الْفِدَاءُ لِسَائِلٍ وَافَانِیْ ۔ بِمَسَائِلَ فَاحَتْ کَغُصْنِ الْبَانِ

میری جان قربان ہو ایسے مسائل دریافت کرنے والے کیلئے جو شاخ بان کی طرح مہکتے ہیں

اَسْمَاءُ تَانِیْثٍ بِغَیْرِ عَلَامَةٍ ۔ هِیَ یَافَتیٰ فِیْ عُرْفِهِمْ ضَرْبَانِ

وہ اسماء مؤنث جن میں کوئی علامت تانیث نہ ہو وہ عربوں کے عرف میں دو قسم کے ہیں

قَدْ کَانَ مِنْهَا مَاتُؤَنَّثُ ثُمَّ مَا ۔ هُوَ فِیْهِ خُیِّرَ لِاخْتِلَافِ مَعَانٍ

ایک وہ ہے جو مؤنث پڑھے جاتے ہیں دوسری وہ ہے جس میں اختیار دیا گیا ہے معنی مختلف ہونے کے سبب

اَمَّا الَّتِیْ لَابُدَّ مِنْ تَانِیْثِهَا ۔ فَسِتُّوْنَ مِنْهَا الْعَیْنُ وَالْاُذُنَانِ

بہر حال وہ جن کو مؤنث پڑھنا ضروری ہے تو وہ ساٹھ ہیں جن میں آنکھ اور دو کان ہیں

وَالنَّفْسُ ثُمَّ الدَّارُ ثُمَّ الدَّلُوْمِنْ ۔ اَعْدَادِهَا وَالسِّنُّ وَالْکَفَّانِ

اور جان پھر مکان پھر ڈول ان ساٹھ میں سے اور دانت اور دونوں ہتھیلیاں ہیں

وَجَهَنَّمَ ثُمَّ السَّعِيْرُ وَعَقْرَبُ — وَالْاَرْضُ ثُمَّ الْاِسْتُ وَالْعَضُدَانِ

اور جہنم پھر دوزخ پھر بچھو اور زمین — پھر سرین اور دونوں بازو ہیں

ثُمَّ الْجَحِيْمُ وَنَارُهَا ثُمَّ الْعَصَا — وَالرِّيْحُ مِنْهَا وَاللَّظٰى وَيَدَانِ

پھر دوزخ اور اس کی آگ پھر لاٹھی — اور ہوا ان ہی سے شعلہ اور دونوں ہاتھ

وَالْغَوْلُ وَالْفِرْدَوْسُ وَالْفُلْكُ الَّتِيْ — فِي الْبَحْرِ تَجْرِيْ وَهِيَ فِي الْقُرْآنِ

اور بھوت اور فردوس اور کشتی جو دریا میں — چلتی ہے اور وہ قرآن میں ہے

عُرُوْضُ شِعْرٍ وَالذِّرَاعُ وَثَعْلَبٌ — وَالْمِلْحُ ثُمَّ الْفَاْسُ وَالْوَرِكَانِ

اور شعر کے اوزان اور کلائی اور لومڑی — اور نمک پھر کلہاڑی اور دونوں سرین ہیں

وَالْقَوْسُ ثُمَّ الْمَنْجَنِيْقُ وَاَرْنَبٌ — وَالْخَمْرُ ثُمَّ الْبِئْرُ وَالْخَدَّانِ

اور کمان پھر گوپھن اور خرگوش اور شراب — پھر کنواں اور دونوں رخسار ہیں

وَكَذَاكَ فِيْ ذَهَبٍ وَتِبْرٍ حُكْمُهُمَا — اَبَدًا وَفِيْ ضَرْبٍ لِكُلِّ مَكَانِ

اور ایسا ہی حکم ہے سونے اور چاندی میں — ہمیشہ اور ہر قسم کے مکان میں

وَالْعَيْنُ وَالْيَنْبُوْعُ وَالدِّرْعُ الَّتِيْ — هِيَ مِنْ حَدِيْدٍ قَطُّ وَالْقَدَمَانِ

اور چشمہ اور سر چشمہ اور زرہ — جو لوہے سے ہو اور دونوں قدم ہیں

وَكَذَاكَ فِيْ كَبِدٍ وَكَرْشٍ ثُمَّ فِيْ — اَفْعٰىْ وَمِنْهَا الشَّمْسُ وَالْعَقِبَانِ

اور ایسے ہی حکم ہے جگر اور آنت میں پھر سانپ میں — اور ان ہی میں سے سورج اور دونوں ایڑیاں ہیں

وَكَذَاكَ فِيْ فَرَسٍ وَكَاْسٍ ثُمَّ فِيْ — سَقَرٍ وَمِنْهَا الْحَرْبُ وَالثَّدْيَانِ

اور ایسے ہی ہی گھوڑے اور پیالے میں اور پھر دوزخ میں — اور انہیں سے جنگ اور دونوں چھاتیاں ہیں

وَالْعَنْكَبُوْتُ تُؤَنَّثُ الْمُوْسٰى مَعًا — ثُمَّ الْيَمِيْنُ وَاِصْبَعُ الْاِنْسَانِ

اور مکڑی اور استرہ بھی مؤنث ہوتا ہے — پھر دایاں ہاتھ اور انسان کی انگلی ہے

وَالرِّجْلُ مِنْهَا وَالسَّرَاوِيْلُ الَّتِيْ — فِي الرِّجْلِ كَانَتْ زِيْنَةُ الْعُرْيَانِ

اور پاؤں بھی ان میں سے ہے اور پاجامہ — جو پاؤں میں برہنہ کی زینت ہوتا ہے

وَكَذَا الشِّمَالُ مِنَ الْإِنَاثِ وَمِثْلُهَا — ضَبُعٌ وَمِنْهَا الْكَتِفُ وَالسَّاقَانِ

اور ایسا ہی بائیں جانب بھی مؤنثات میں سے ہے اور اسکے مانند ہے بجو اور انہی میں سے کندھا اور دونوں پنڈلیاں ہیں

أَمَّا الَّتِي قَدْ كُنْتَ فِيهِ مُخَيَّرًا — هُوَ كَانَ سَبْعَةَ عَشَرَ فِي التِّبْيَانِ

بہر حال وہ مؤنثات سماعیہ جن میں تجھ کو — اختیار دیا گیا وہ سترہ ہیں بیان میں

اَلسُّلَّمُ ثُمَّ الْقِدْرُ ثُمَّ الْمِسْكُ فِي — لُغَةٍ وَمِنْهَا الْحَالُ كُلَّ أَوَانِ

سیڑھی پھر ہانڈی پھر مشک ہے ایک لغت — میں اور ان ہی میں سے حال ہے ہر وقت

وَالْبَيْتُ مِنْهَا وَالطَّرِيقُ وَكَالثَّرَىٰ — وَيُقَالُ فِي عُنُقٍ كَذَا وَلِسَانِ

اور مکان بھی ان میں سے ہے اور راستہ اور مٹی کے مانند ہے اور گردن وزبان میں بھی یوں ہی کہا جاتا ہے

وَكَذَا السَّمَاءُ وَالسَّبِيلُ مَعَ الضُّحَىٰ — ثُمَّ الصَّلَاحُ مُقَابِلُ الطُّغْيَانِ

اور ایسے ہی آسمان اور راستہ وقت چاشت کیساتھ — پھر دوستی جو سرکشی کے مد مقابل ہے

وَالْحُكْمُ هٰذَا فِي الْقَفَاءِ أَبَدًا وَفِي — رِحْمٍ وَفِي السِّكِّينِ وَالسَّرْطَانِ

اور حکم یہی ہے کہ گدی میں ہمیشہ اور — بچہ دان میں اور چھری اور کیکڑے میں

وَقَصِيدَتِي تَبْقَىٰ وَهَا أَنَا أَكْتَسِي — ثَوْبَ الْفَنَاءِ وَكُلُّ شَيْءٍ فَانِ

اور میرا یہ قصیدہ باقی رہے گا اور آگاہ ہو کہ میں — فنا کا جامہ پہن لونگا اور ہر چیز فانی ہے

تم بحث الاسم

بحمدالله تعالیٰ

وعونه والله هو الموفق

العبدنور حسین قاسمی

خادم جامعه عربیه الهیه

بحث فعل

"الصرفُ فی العلومِ کالبدرِفی النُّجُومِ"

"الصرفُ فی الکلامِ کَالنُّورِفی الظلامِ"

"الصرف للطلبان کَالرَّأسِ للجُثمَانِ"

"الصرف ام العلوم والنحوُاَبُوهَا"

"الصرفُ للمرام کالعین لِلاَنَامِ"

تالیف لطیف

مولانا محمد نور حسین قاسمی

استاد الحدیث جامعہ عربیہ الہیہ

یہ مسائل نحو وصرف کے متعلق ایک مختصر و جامع کتاب ہے۔ جو علم النحو و علم الصرف اور متعلقات نحو وصرف کی تقریباً ۱۱۲، مختلف کتابیں مطالعہ کرنے کے بعد ترتیب دی گئی ہے راقم الحروف اس کے حسن و قبح پر تبصرہ خود نہیں کرتا، کتاب کے مطالعہ سے خود قاری کو اندازہ ہو جائے گا۔ خلاصۃً یہ کہا جا سکتا ہے کہ ایک مختصر کتاب کے اندر تقریباً ۱۱۲، کتابوں کا خلاصہ ایک قاری وطلبہ عزیز کو مختصر وقت میں مل سکے گا، جو علوم دینیہ وصرف ونحو کے متعلق ایک جامع واہم راہنما ثابت ہوگا۔

شعبہ نشر واشاعت المکتبۃ القاسمیہ، قاسمی منزل، ضیاء کالونی، کورنگی، کراچی

فون: 0333-2101352

بسم الله الرحمٰن الرحیم ط

صرف راچوں مادر علوم داں
نحو را نیز باید شمرد پدر آں

تدوین علم صرف کا نقش اولین

كَذَالِكَ نُصَرِّفُ الْآيَاتِ لِقَوْمٍ يَّشْكُرُوْنَ. (اعراف: ۵۸)

''یعنی اسی طرح ہم (ہمیشہ) دلائل کو طرح طرح سے بیان کرتے رہتے ہیں ان لوگوں کیلئے جو قدر کرتے ہیں۔''

الحمدلله و کفی وسلام علی عباده الذین اصطفی امابعد!

علماء کرام کی تحقیق اور دلائل و براہین سے یہ بات ثابت ہے کہ علم صرف کے مدون اول امام الائمہ، سراج الامہ، حضرت امام ابوحنیفہؒ بن ثابت کوفی التابعی، مولود ۸۰ یا ۷۰ھ اور وفات ۱۵۰ھ ہی ہیں جیسا کہ علم فقہ کے مدون اول امام اعظمؒ ہیں، نہ کہ امام مازنی یا اور کوئی۔

حضرت امام صاحبؒ نے سب سے پہلے مرکز العلوم الاسلامیہ (کوفہ و بغداد) میں ایک مستقل کتاب ''المقصود'' کے نام سے تالیف فرمایا، یہ کتاب مصر کے مشہور مطبعہ و مکتبہ، مصطفیٰ البابی الحلبی سے ۱۳۵۶ھ مطابق ۱۹۴۰ھ میں طبع ہوئی۔ یہ کتاب نہایت جامع، مؤجز (مختصر) مگر نہایت واضح اور منضبط متن متین کی حیثیت رکھتی ہے، اس کتاب کے ساتھ تین شرحیں بھی ایک ہی ساتھ چھپی ہوئی ہیں، جن کے اسماء مندرجہ ذیل ہیں:

(۱) المطلوب (۲) امعان الانظار (۳) روح الشروح، ہیں۔ اول الذکر ''المطلوب'' کے مؤلف کا نام کتاب میں مذکور نہیں، معجمات کے مصنفین نے بھی شارح کے نام پر لاعلمی ظاہر کئے ہیں، لیکن شارحؒ نے خود اس کتاب کے دیباچہ میں جو کوائف

ذکر کیا ہے وہ اس بات کی غمازی کرتا ہے کہ یہ شرح ۹۵۲ھ سے بہت پہلے لکھی گئی کتاب ہے، بلکہ عبارت کے سیاق وسباق سے یہ بھی لطیف اشارہ ملتا ہے کہ اس شرح کے مؤلف امام اعظم ابوحنیفہؒ کے کوئی شاگرد یا ان کے متعلقین میں سے کوئی ایک ہیں۔

مگر یہاں کراچی میں قدیمی کتب خانہ آرام باغ نے "المطلوب شرح المقصود فی التصریف" کے نام سے ایک کتاب چھپوائی ہے، اس میں "تالیف" امام اعظم ابوحنیفہ النعمان بن ثابت الکوفی ۸۰ھ۔۱۵۰ھ واضح طور پر سرِ ورق میں موجود ہے، لہذا گمان غالب یہی ہے کہ حضرت امام صاحبؒ ہی اس کتاب کے مؤلف ہیں۔

اصل کتاب "المقصود" کی شرح "المطلوب" کی حاشیہ پر دو شرحیں بھی ساتھ ہیں، جس کا ذکر اوپر اجمالاً آیا ہے۔ یعنی (۱) امعان الانظار، لزین الدین محمد بن بیر علی محی الدین (المعروف ببیر کلی) ۔(۲) روح الشروح، للاستاذ عیسیٰ السیروی انہوں نے یہ شرحیں ۹۵۲ھ میں مکمل کی، جیسا کہ انہوں نے شرح کے آخر میں خود ہی تحریر فرمایا ہے، ساتھ ہی یقین وجزم کے ساتھ یہ بات بھی کہی ہے کہ "المقصود" کے مصنف حضرت امام اعظمؒ ہیں۔

ایک بات یہ بھی ذہن نشین رہے کہ کتاب "المقصود" اور مذکورہ تینوں شروحات فضیلۃ الشیخ احمد سعد علی استاذ جامعہ از ہر مصر کی تصحیح کے بعد شائع ہوئی ہیں۔
مزید تصدیق وتائید کیلئے عرض ہے کہ حضرت امام اعظمؒ کی اس تصنیف کا ذکر "معجم المطبوعات العربیه والمعربه "مؤلفه الیاس الیان سرکیس بمصر" نے تین مواقع میں کیا ہے۔ انہوں نے بقید صفحات حوالہ دیا جو یہ ہیں: ص: ۳۰۴ ج ۲۔ ص: ۶۱۰ ج ۳۔ ص: ۱۴۰۲ ج ۸۔ ان تینوں جگہوں میں اس کتاب کو حضرت امام اعظمؒ کی طرف منسوب کیا ہے۔ البتہ ایک جگہ، "کشف الظنون" مؤلفہ الشیخ مصطفیٰ بن عبداللہ، الشهیر "بحاجي خلیفه" نے ص: ۳۰۴ ج ۲، میں "المقصود" کے مؤلف کے بارے میں اختلاف نقل کیا ہے کہ بعضوں نے حضرت امام اعظمؒ کو اس کتاب کا مصنف کہا۔ اور بعضوں نے کسی اور کو مصنف کہا ہے۔ یہ بھی یاد رہے کہ (معجم المطبوعات

العربیه المعرّبه) کے مطالعہ سے یہ بھی پتہ چلتا ہے کہ "المقصود" اپنی شرح "المطلوب" کے ساتھ ۱۲۹۳ھ و ۱۳۱۰ھ اور ۱۳۲۴ھ میں بھی مختلف مطابع سے حضرت امام اعظمؒ کے نام سے شائع ہو چکی ہے، بہرحال ان تمام قرائن وعوامل اور سیاق وسباق اور بعض جگہ صراحت کے ساتھ امام صاحبؒ کے ساتھ منسوب ہونے کی نسبت سے امام اعظمؒ ہی اس کتاب "المقصود فی التصریف" کے مصنف ہونا مسلم ہے، اس سے صاف واضح ہے کہ علم فقہ کی طرح، علم صرف کے مدون اول بھی حضرت امام اعظمؒ ہیں، نیز یہ کتاب "المقصود" خود اس بات کا شاہد ہے کہ امام اعظم ہی فن صرف کے مدون اول ہیں۔

البتہ آخر میں ایک بات ذہن میں مرکوز ہے کہ قول مشہور یہ ہے کہ فن صرف کے مدوّن اول جو "صاحب کشف الظنون" الشیخ مصطفی بن عبدالله کاتب چلپی، الشهیر بحاجی خلیفهؒ اور صاحب مفتاح السعادة و مصباح السیادة "والشیخ احمد بن مصطفی المعروف بطاش کُبری زادہ رومی، المتوفی ۹۶۴ھ و ۱۰۶۵ءنے اپنی اپنی دونوں کتابوں کے اندر مثلاً اوّل الذکر نے ص: ۲۸۸ ج ۲ مطبعة العالم ۱۳۱۰ھ اور ثانی الذکر نے ص: ۱۲۰ ج ۱، مطبعہ نظامیہ دکن میں ذکر کیا ہے۔ کہ علم صرف کے مدون اول ابوعثمان بکر بن حبیب مازنی المتوفی ۲۹۔ ۲۲۸ھ ہیں اور اما، اعظمؒ کی تدوین سے قبل علم صرف فن کی حیثیت سے مستقل مدوّن نہیں تھا، بلکہ فن نحو ہی کے ساتھ مسائل علم صرف کے مسائل بھی بیان یا ذکر کردئے جاتے تھے۔

☆......ملاحظہ:۔ابوعثمان کا مختصر تعارف: ابوعثمان مازنی علوم عربیہ ومناظرہ کے مشہور ائمہ میں سے تھے، مشہور امام نحو تلمیذ امام سیبویہؒ، امام اخفشؒ کے شاگرد رشید ہیں، مگر علوم میں اس قدر پختگی اور استحضار کا یہ عالم تھا کہ اپنے استاد کو مات کر دیتے تھے، ابوعثمان کے متعلق امام نحو امام مبردؒ نے کہا کہ نحو کے استاد الائمہ والکل صاحب "کتاب سیبویہ" امام سیبویہ کے بعد امام ابوعثمان سے زیادہ ماہر علوم نحو وصرف میں کوئی اس سے بڑا عالم نہیں ہے، ان کے مندرجہ تصانیف بہت مشہور ہیں: (۱) التصرف (۲) علم النحو (۳) تفاسیر کتاب

سیبویہ (۴) الدیباج فی کتاب سیبویہ (۵) مایلحق فیہ العامہ (۶) الالف واللام (۷) العرض (۸) القوافی، اس کے علاوہ علم نحو کی طرح علم صرف بھی ایک اہم فالاہم علم کا نام ہے جس کے بغیر صیغ وعلل کی پہچان اور قرآن وحدیث کی فہم حددرجہ مشکل، بلکہ ناممکن ہے، ہمارے دینی مدارس میں علم صرف کی بہت سی کتابیں داخل نصاب تھیں، اوراب بھی ہیں، مثلاً: (۱) صرف میر، از علامہ سید شریف علی بن محمد بن علی جرجانیؒ، متوفی ۸۱۶ھ (۲) میزان الصرف، از شیخ محمد بن مصطفیٰ بن حاجی حسنؒ یا سراج الدین عثمان اودہیؒ متوفی ۹۱۱ھ (۳) منشعب: از علامہ ملاحمزہ بدایونیؒ (۴) مراح الارواح، از علامہ شیخ احمد بن علی بن محمود (۵) علم الصیغہ، از علامہ عنایت احمد کاکوریؒ شہید غرق آب (۶) فصول اکبری اوراصول اکبری از شیخ علی اکبر، الہ آبادیؒ (۷) دستور المبتدی از شیخ صفی الدین بن نصیر الدینؒ (۸) پنج گنج، از علامہ شیخ بن مصطفیؒ متوفی ۹۱۱ھ (۹) زبدہ، از علامہ شیخ صاحبؒ۔

ان کے علاوہ مندرجہ ذیل کتابیں بھی علم صرف کی متداول تھیں، جو دیار مشرق میں نظر نہیں آتی، جن میں (۱) العثمانیہ، عرف زرادی، از مولانا فخر الدینؒ زرادی (۲) نوادر الاصول، شرح فصول اکبری، از مولانا مفتی سعد اللہ مرادآبادی (۳) شذا الصرف از شیخ احمد حملاویؒ متوفی ۱۳۵۱ھ، (۴) عنقود الزاجر فی نظم الجواھر، از شیخ علاء الدین (۵) شافیہ، از علامہ ابن حاجبؒ (۶) لامیۃ الافعال، از علامہ ابن مالک نحویؒ (۶) نزھۃ الطرف فی علم الصرف، از شیخ ابوعثمان بکر بن محمدؒ (۷) ارتشاف الضرب فی لسان العرب، از علامہ ابوحیان اندلسیؒ وغیرہ کئی کتابیں علم صرف میں زمانہ قدیم میں داخل نصاب تھیں۔

بشکریہ حضرت:

مولانا محمدنور الحسن صاحب

سابق استاذ الحدیث جامعہ محمودیہ

کراتشی

مقدمہ علم صرف

مقدمہ:......اس میں وہ باتیں لکھی جاتی ہیں جن پر مسائل کتاب کا سمجھنا موقوف ہو، جیسے اس علم کی تعریف، اس علم کا موضوع اور اس علم کی غرض وغایت وغیرہ۔

علم صرف لغوی تعریف:...... علم لفظ ''صرف'' لغت میں پھیرنے، ہٹانے، دفع کرنے اور واپس کرنے کے معنی میں استعمال ہوتا ہے، جیسے ﴿صَرَفَ اللّٰهُ قُلُوْبَهُمْ﴾ یعنی اللہ تعالیٰ نے ان لوگوں کے قلوب کو (دین حق سے) پھیر دیا ہے۔اور صرف کا دوسرا نام ''التصریف'' ہے۔

علم الصرف کی اصطلاحی تعریف:

هُوَ عِلْمٌ يُبْحَثُ فِيْهِ عَنِ الْاَعْرَاضِ الذَّاتِيَّةِ لِمُفْرَدَاتِ كَلَامِ الْعَرَبِ مِنْ حَيْثُ صُوَرِهَا وَهَيْئَاتِهَا كَالْإِعْلَالِ وَالْإِدْغَامِ.

''یعنی علم صرف وہ علم ہے کہ جس میں عربی کلمات مفردہ کے عوارض ذاتیہ سے بحیثیت صورت وہیئت بحث کی جاتی ہو، جیسے: اعلال وادغام وغیرہ۔''

علم صرف کی دوسری تعریف: صرف وہ علم ہے جس میں کلمات مفردہ موضوعہ عربیہ کی مختلف صورتوں وبناوٹوں سے بحث ہو یعنی کلمہ کے ادل بدل کے قواعد معلوم ہوں۔

اور توضیحات میں تصریف کے لغوی معنی یوں بیان کئے گئے ہیں کہ کسی چیز کو ایک حال سے دوسرے حال کی طرف پھیرنا۔اور صرفی اصطلاح میں تصریف کے معنی یہ ہیں کہ کسی مادے کے ایک لفظ کو مختلف صیغوں کی طرف لے جانا تاکہ مختلف معنی پیدا ہوجاویں۔یا علم صرف وہ علم ہے جس میں لفظوں کا جوڑ توڑ اور ان کے بولنے برتنے کے قاعدے بیان کئے جائیں۔(توضیحات،ص:۶،قرۃ العیون فی تذکرۃ الفنون،ص:۱۱۶وفیروز اللغات)

علم صرف کا موضوع: ۔علم صرف کا موضوع کلمات ثلثہ (یعنی اسم، فعل اور حرف) ہیں۔

علم صرف کی غرض وغایت: ۔الفاظ وکلمات کے صحیح تلفظ کو معلوم کرنا اور کلموں کی بناوٹ اور تغیر وتبدل کے قواعد کو پہچاننا۔یا صرف خطائے لفظی سے بچنا ہی علم صرف کی غرض وغایت ہے۔(قرۃ العیون فی تذکرۃ الفنون:۱۱۶)

لفظ ''صیغۃ'' کا لغوی واصطلاحی معنی: ......صیغۃ کا لغوی معنی ہے، سونے کو پگھلا کر قالب میں ڈھالنا۔ اور اصطلاح صرف میں صیغہ اس شکل کو کہتے ہیں جو چند حروف کو حرکات وسکنات ترتیب دینے کے بعد حاصل ہو جیسے: ض،ر،ب۔ اور یہ ترتیب دینے کے بعد ضَرَبَ ہوا۔(کنز النوادر،ص:۶)

لفظ ''صیغہ'' کی دوسری تحقیق: ۔لغت میں سونے چاندی کے اس چھوٹے ظرف کو کہتے ہیں جس میں سونا چاندی ڈال کر پگھلاتے ہیں۔اور اصطلاح صرف میں صیغہ کہتے ہیں اس عبارت کو جس سے کوئی ہیئت یا صورت حاصل ہو، کلمہ کو بترتیب حروف، حرکات وسکنات کے ساتھ یعنی اس کلمہ میں اگر سکنات ہوں، تب ''ضرب'' کے ساتھ کوئی اعتراض نہیں ہوسکتا کیونکہ اس کے اصل میں سکنات ہی نہیں ہے۔

(تبیان شرح میزان،ص:۱۳)

لفظ ''صیغہ'' کی تیسری تحقیق: ۔صیغہ، بمعنی قسم، اصل۔کہا جاتا ہے، هُوَ مِنْ صِیْغَةٍ کَرِیْمَةٍ۔ یعنی وہ اصل کریم سے ہے اور اس کی جمع صِیَغٌ آتی ہے۔ صَاغَ الْکَلِمَةَ وزن مخصوص پر دوسرا کوئی کلمہ بنانا۔کہا جاتا ہے صَاغَ الْکَلَامَ یعنی گھڑ لیا کلام۔

(المصباح،ص:۴۸۵)

لفظ ''لغت'' کے لغوی واصطلاحی معنی: ۔بولی اور گفتگو کے ہیں۔اصطلاح میں لغت

کہتے ہیں: مَایُعَبِّرُ بِهٖ کُلُّ قَوْمٍ عَنْ اَغْرَاضِهِمْ۔ ''یعنی جس کے ذریعہ ہر قوم اپنی اغراض تعبیر کرے''۔

لفظ ''اصطلاح'' کا لغوی واصطلاحی معنی: لغوی معنی ہے صلح کرنا، اور اصطلاحی معنی یہ ہے ''اِتِّفَاقُ قَوْمٍ مَخْصُوْصٍ عَلٰی اَمْرٍ مَخْصُوْصٍ''۔ یعنی کسی مخصوص قوم کا کسی مخصوص معاملے (کام) پر اتفاق کرنا۔ (کنزالنوادر، ص:۶)

لفظ ''فعل'' کی بحث

☆......فعل (بکسر الفاء) یہ باعتبار لغت اسم مصدر ہے بمعنی کردار۔ اور فعل (بفتح الفاء) یہ مصدر ہے بمعنی کردن (کرنا) اور بعض لوگ بکسر الفاء (فعل) کو بھی مصدر کہتے ہیں۔ (فیوض عثمانی، شرح فصول اکبری، ص:۱۰)

☆......فعل کی دو قسمیں ہیں: (۱) فعل لغوی (۲) فعل اصطلاحی۔ اور فعل اصطلاحی تین چیزوں کے مجموعہ کا نام ہے۔ (ا) نسبت الی الفاعل (ب) معنی حدثی (ج) اقتران بالزمان، لیکن فعل لغوی صرف اسم ہی ہوتا ہے۔ (المصباح المنیر، ص: ۱۱)

☆......سوال: فعل کی تعریف ''بایکی از ازمنۂ ثلاثہ'' کی تعریف سے فعل مضارع خارج ہوگیا، کیونکہ اس کا معنی ایک زمانہ سے نہیں، بلکہ دو زمانوں سے مقترن ہے؟

☆......اس کے جواب میں (۱) اکثر علماء کے نزدیک فعل مضارع ''معنی (زمانہ واحد)'' کیلئے موضوع ہے، دوسرے زمانہ میں اس کا استعمال مجازاً ہے، (۲) فعل مضارع زمانہ حال واستقبال میں مشترک ہے اور دونوں کیلئے موضوع ہونے سے مراد یہ ہے کہ بحالت واحد، زمانہ واحد کیلئے موضوع ہوتا ہے، نہ کہ ہر معنی کیلئے معاً (موضوع ہوتا ہے)۔ (۳) فعل مضارع کا وضع برائے اثنین، وضع برائے واحد کے منافی نہیں

ہے کیونکہ دو میں ایک بھی تو ہوتا ہے۔ (مزید تفصیل کیلئے، تحفہ سُعیدیہ، شرح علم الصیغہ، ص:۱۲)

☆......سوال: فعل کی تعریف پر اعتراض ہوتا ہے کہ بعض اسماء ایسے ہیں کہ وہ ازمنۂ ثلاثہ میں سے کسی ایک پر دلالت کرتے ہیں جیسے لفظ "اَلْمَاضِي"، وَ"اَمْسِ" اور لفظ "اَلْحَالُ" و "اَلْآنَ" اور لفظ "اَلْمُسْتَقْبَلُ"، وَ"غَدًا"۔ لہٰذا ان پر فعل کی تعریف صادق آئی نہ کہ اسم کی؟

الجواب:۔ اس کا جواب یہ ہے کہ لفظ کی دلالت بعض معنی پر بالارادہ ہوتی ہے اور بعض معنی پر بالھیئۃ اور معترض نے جو اسماء پیش کئے ہیں ان میں زمانہ پر دلالت بالمادہ ہے۔ بالھیئۃ نہیں، یعنی صوری، لہٰذا الآن، الماضي وغیرہ فعل نہیں ہو سکتے کیونکہ فعل میں دلالت بالمادۃ والھیئۃ ضروری ہے، جو ان میں نہیں ہے۔ (علم الصیغہ مترجم، ص:۲۳)

سوال:۔ آنکہ دالالت کند بر معنی مستقل با یکی از ازمنۂ ثلاثہ: اس عبارت میں سوال یہ ہے کہ فعل کی یہ تعریف تو اپنے افراد کو جامع نہیں، کیونکہ نعم، بئس اور لیس بھی افعال میں سے ہیں مگر ان میں کوئی زمانہ نہیں پایا جاتا؟

جواب:۔ فعل کے معنی کا "أَحَدُ الأَزْمَنَةِ الثَّلاثَةِ" کے ساتھ اِقْتِرَانُ بِحَسْبِ الوَضْعِ مراد ہے بحسب الاستعمال مراد نہیں۔ (تفصیل کیلئے، تحفہ سعیدیہ، ص:۱۲)

☆......سوال:۔ فعل کی تعریف دخول غیر سے مانع نہیں، کیونکہ اس میں وہ اسماء داخل ہو گئے ہیں جن میں زمانہ معتبر ہے جیسے اسم فاعل ومفعول وغیرہ؟

جواب:۔ یہ تعریف مانع ہے، کیونکہ ان اسماء میں زمانہ از روئے استعمال پایا جاتا ہے، نہ از روئے وضع، پس یہ تعریفِ فعل جامع ومانع ہے۔ (تحفہ سعیدیہ، ص:۱۲)

☆......فعل تین اور اس کے اعراب بھی تین ہیں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ فعل کا آخر

عامل لفظی کے بغیر یا تو مفتوح ہوگا یا مرفوع ہوگا یا موقوف۔ پس اگر مفتوح ہے تو فعل ماضی ہے، اگر مرفوع ہے تو فعل مضارع ہے اور اگر موقوف ہے تو امر حاضر معروف ہے۔ لہذا فعل میں چوتھی صورت نہیں۔ (فیوض عثمانی)

فائدہ:...... جب فعل ماضی دعا کے موقع پر آئے یا اس پر حرف شرط یا اسم موصول داخل ہو تو مستقبل کے معنی میں ہو جائے گی۔ (علم النحو، خلاصۃ النحوص:۲۴، از مولانا ولایت حسین ارکانی صاحب)

کوئی فعل چھ حروف سے تجاوز نہیں کرتا

☆......کوئی فعل حروف اصلیہ وزوائد ملکر چھ سے تجاوز نہیں کرے گا۔ (لیکن اس میں تائے تانیث، علامت تثنیہ اور جمع وغیرہ کا اعتبار نہیں ہوگا، جیسے: اِسْتَخْرَجْتُ، يَسْتَخْرِجَانِ، يَسْتَخْرِجُوْنَ وغیرہ کلمات اس قاعدے میں شامل نہیں ہیں) اور اسماء میں سات حروف ہو سکتے ہیں (لیکن جاننا چاہیئے کہ سات حروف سے مراد ماسوائے تائے تانیث اور یائے نسبتی اور یائے تصغیر اور علامت تثنیہ وجمع ہیں)، جیسے: مُسْتَخْرِجَاتٌ. مُسْتَخْرِجَتَانِ جیسے کلمات سے کہ یہ آٹھ یا نو حرف تک پہنچ گئے ہیں تو اس میں کوئی اعتراض وارد نہ ہوگا۔ (کنز النوادر، ص:۱۴۰)

فعل کے ۱۴ صیغے اور ان کی علامتیں

☆...... فَعَلَ کی تعریف اور چودہ صیغوں کی علامتیں: جاننا چاہیئے کہ فعل بکسر فا باعتبار لغت اسم مصدر ہے بمعنی کردار۔ اور فعل بفتح فا مصدر ہے بمعنی کردن (کرنا) اور بعض صرفیوں نے بکسر فا کو بھی مصدر کہا ہے۔ اور ماضی کے چودہ صیغوں میں فَعَلَ: واحد مذکر غائب کا صیغہ ہے اور یہ سب علامتوں سے خالی ہے اور تمام صیغوں میں اصل ہے

اس کا فاعل کبھی اسم ظاہر ہوتا ہے جیسے فَعَلَ زَیْدٌ ۔ اور کبھی اسم ضمیر جیسے زَیْدٌ فَعَلَ .
فَعَلاَ: اس میں ''الف تثنیہ'' علامت تثنیہ مذکر ہے، اور اس کی ضمیر فاعل ہے۔ فَعَلُوْا: اس میں واوٗ، جمع مذکر کی علامت اور ضمیر فاعل ہے اس کے آخر میں جو الف لکھا جاتا ہے وہ بعض صورتوں میں واوٗ جمع اور واوٗ عاطفہ کے درمیان فرق کرنے کی علامت ہے (کیونکہ واوٗ عاطفہ کے بعد الف نہیں لکھا جاتا)، جیسے: حَضَرُوْا، وَنَصَرُوْا ۔
فَعَلَتْ: اس میں ''تاء ساکن'' صرف علامتِ تانیث ہے نہ کہ فاعل ورنہ ضَرَبَتْ هِنْدٌ میں دو فاعلوں کا ہونا لازم آئے گا، اس کا فاعل کبھی اسم ظاہر ہوتا ہے، جیسے: ضَرَبَتْ فَاطِمَةُ. اور کبھی اسم ضمیر ہوتا ہے، جیسے: هِنْدٌ ضَرَبَتْ ۔ فَعَلَتَا: اس میں ''الف'' تثنیہ مؤنث کی علامت اور ضمیر فاعل ہے اور ''ت'' علامتِ تانیث ہے، اس میں ''تَ'' کی حرکت اجتماع ساکنین کو دور کرنے کیلئے ہے، اصلی نہیں ہے۔ پس پے در پے جو چار حرکات کا یہاں شبہ پیدا ہوتا تھا وہ دور ہو گیا۔ فَعَلْنَ: اس میں نون مفتوح علامت جمع مؤنث کی ہے اور ضمیر فاعل ہے۔ فَعَلْتَ: اس میں ''تاء'' مفتوح علامتِ واحد مذکر حاضر کی ہے اور ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل ہے۔ فَعَلْتُمَا: اس میں ''تُمَا'' کبھی علامت اور ضمیر فاعل تثنیہ مذکر مخاطب کی ہوتی ہے اور کبھی علامت اور ضمیر فاعل تثنیہ مؤنث حاضر کی ہوتی ہے۔ فَعَلْتُمْ: اس میں ''تم'' جمع مذکر حاضر کی علامت ہے اور ضمیر فاعل ہے۔ فَعَلْتِ: اس میں ''تِ'' (تائے مکسور) علامت واحد مؤنث حاضر کی ہے، اور ضمیر فاعل ہے۔ فَعَلْتُمَا: اس میں فاعل ''ت'' ہے اور علامت تثنیہ ''الف'' ہے اور یہ الف ''الف اشباع'' کے ساتھ نہ ملنے کیلئے بیچ میں ''میم'' بڑھائی گئی ہے اور. تَوَفّٰی كُلُّ نَفْسٍ مَّاضَمِنتَا کے لفظ ضَمِنتَ، صیغہ تثنیہ مذکر حاضر ہے۔ ضَمِنتَا صیغہ واحد حاضر کے ساتھ مل جاتا۔ اور فَعَلْتُنَّ یہ اصل میں فَعَلْتُمْنَ تھا قرب مخرج کی وجہ

سے میم کونون میں ادغام کر دیا گیا ہے۔اوراس میں "تُنَّ" علامت جمع مؤنث حاضر کی ہے،اور ضمیر فاعل ہے۔فَعَلْتُ: اس میں "تُ" (تائے مضموم) ضمیر فاعل اور علامت واحد متکلم ہے۔فَعَلْنَا: یہ صیغہ جمع متکلم،اس میں "نا" ضمیر فاعل اس لئے بڑھائی گئی ہے تا کہ یہ صیغہ جمع مؤنث غائب کے صیغہ کے ساتھ نہ مل جائے اور "نا" یہ متکلم مع الغیر (تثنیہ اور جمع متکلم) کی علامت ہے۔(فیوض عثمانی ص:۱۹،توضیحات ،ص:۱۳)

☆......سوال:۔چودہ صیغوں میں غائب کو حاضر پر، حاضر کو متکلم پر، مذکر کو مؤنث پر کیوں مقدم کیا جاتا ہے؟

الجواب:۔کیونکہ غائب کی اصل معدوم ہے اور حاضر موجود ہوتا ہے اور عدم مقدم ہوتا ہے موجود پر باعتبار زمان کے،لہذا غائب کو حاضر پر مقدم کیا گیا۔اور حاضر کو متکلم پر اسلئے مقدم کیا جاتا ہے کہ بنسبت متکلم، حاضر کے صیغے زیادہ ہیں اسلئے حاضر کو متکلم پر مقدم کیا گیا اور مذکر کو مؤنث پر بسبب شرافت و بزرگی کے مقدم کیا جاتا ہے۔ (تبیان شرح میزان،ص:۱۶)

☆......واؤ جمع اور واؤ عطف میں فرق: جمع مذکر غائب لکھتے وقت واؤ جمع کے بعد الف لکھا جاتا ہے تا کہ واؤ جمع اور واؤ عطف کے درمیان فرق واضح ہو جائے ، کہ واؤ جمع کے بعد الف لکھا جاتا ہے اور واؤ عطف کے بعد الف نہیں لکھا جاتا ۔کیونکہ واؤ واحد کے بعد الف نہیں لکھا جاتا ہے۔لہذا يَدْعُوْ واحد مذکر ہے اور لَمْ يَدْعُوْا صیغہ جمع مذکر ہے۔(توضیحات شرح علم الصیغہ ،ص:۱۳)

☆......جاننا چاہئے کہ اوزان فعل آٹھ ہیں ان میں دو تو مشترک بین الاسم والفعل ہیں وہ یہ ہیں (۱) ثلاثی مجرد جیسے: حَجَرَ ،فَرَسَ ،رَجَبَ ۔(۲) رباعی مجرد جیسے : جَعْفَرَ اور بقیہ چھ مختص بالفعل ہیں اور وہ یہ ہیں (۱) ثلاثی مجرد مجہول جیسے : ضُرِبَ (۲)

رباعی مجرد مجہول دُحْرِجَ (۳) ثلاثی مزید فیہ معلوم، جیسے: اَکْرَمَ. (۴) ثلاثی مزید فیہ مجہول جیسے اُکْرِمَ (۵) رباعی مزید فیہ معلوم، جیسے: تَدَحْرَجَ. (۶) رباعی مزید فیہ مجہول جیسے: تُدُحْرِجَ۔ (توضیح المعانی، شرح مقدمۃ الجامی، ۲۸۶)

افعال اور انفعال کا فرق: افعال: ۔وہ ہیں جن میں جسمانی تأثرات کا ذکر ہو۔ اور انفعال: وہ ہے جس میں نفسیاتی تأثرات کا ذکر ہو، جیسے: خوشی، غم، تعجب، فریاد اور دعا وغیرہ۔ چنانچہ کہا جاتا ہے: یَابُشْرٰی نَجَحْتُ فِی الْاِمْتِحَانِ. (الطريقة العصرية، ص: ۱۶۹ ج ۱)

☆...... فعل اور فاعل کے متعلق چند قاعدے (۱) اگر فاعل اسمِ ظاہر ہو، تو فعل کو ہمیشہ واحد لایا جائے گا، جیسے: قَامَ رَجُلٌ، قَامَ رَجُلَانِ، قَامَ رِجَالٌ ۔ اگر کہیں اس کے خلاف نظر آئے تو اسم ظاہر فاعل نہ ہوگا بلکہ دوسرا ہوگا جیسے: وَاَسَرُّوا النَّجْوَی الَّذِیْنَ ظَلَمُوْا، الآية. یہاں اَلَّذِیْنَ ظَلَمُوْا، اسم ظاہر ہونے کے باوجود "اَسَرُّوْا" فعل جمع لایا گیا ہے؟ تو جواب یہ ہے کہ "اَلَّذِیْنَ ظَلَمُوْا" فاعل نہیں ہے بلکہ اس میں ضمیر فاعل ہے۔ (تخلية الاسير، شرح نحو مير: ۱۳۲)

☆...... جَعَلَ، اَخَذَ، طَفِقَ وغیرہ کو بعض حضرات نے افعال مقاربہ میں سے شمار کیا ہے اور یہ بھی فعل مضارع پر داخل ہوتے ہیں۔ (تسہیل النحو: ۱۸۶)

اسمائے افعالِ ماضی اور امر میں فرق

جاننا چاہئے کہ اسم فعل ہر وہ اسم ہے جس کو واضع نے اسم کیلئے وضع کیا تھا، مگر وہ فعل کے معنی میں استعمال ہوتا ہے، اب اس کی دو قسمیں ہیں (۱) امر حاضر کے معنی میں، جیسے: رُوَیْدَ زَیْدًا أي اَمْهِلْ زَیْدًا (ب) ماضی کے معنی میں جیسے

سَرعانَ زیداای سرعَ زیدٌ اب ان دونوں میں چند اعتبار سے فرق ہے (۱) امر حاضر میں فاعل، ضمیرِ مستتر ہوتا ہے، ماضی کے معنی میں فاعل اسمِ ظاہر ہوتا ہے (۲) امر حاضر کے معنی کا جو اسم ظاہر ہوتا ہے، وہ مفعولِ بہ کی بناء پر منصوب ہوتا ہے اور ماضی کے معنی کا جو اسم ظاہر ہوتا ہے وہ فاعلیت کی بناء پر مرفوع ہوتا ہے (۳) امر حاضر کا جو معنی ہے، وہ معتدی ہے، ماضی کا جو معنی ہے، وہ لازمی ہے (۴) امر حاضر کے جو معنی ہے وہ حاضر کے ساتھ مخصوص ہے اور ماضی کے معنی میں جو ہے وہ غائب کے ساتھ خاص ہے۔ (مآرب الطلبہ، ص:۷۸)

<u>اُترک اور ذر میں فرق:</u> یہ دونوں صیغۂ امر حاضر معروف ہیں یعنی کسی چیز کو بالقصد چھوڑنا، لیکن دونوں میں یہ فرق بیان کیا جاتا ہے کہ اُترک کا معنی ہے مطلق کسی چیز کو چھوڑ دینا، چاہے ناراضگی کی وجہ سے ہو یا نہ ہو اور ذر: کے معنی ہے کسی چیز سے ناراض ہو کر اس کو چھوڑنا۔ خلاصہ یہ ہے کہ دونوں میں عام وخاص مطلق کی نسبت ہے اُترک: اعم مطلق ہے اور ذر: خاص مطلق ۔ (مآرب الطلبہ، ص:۱۰۰)

بحث فعل مضارع

☆......سوال:۔ فعل ماضی کے ذکر کے بعد فعل مضارع کو کیوں ذکر کیا جاتا ہے؟

جواب:۔ چونکہ اسم فاعل، اسم مفعول، امر و نہی سب مضارع سے ماخوذ ہیں اس لئے فعل مضارع کا ذکر ان سب سے پہلے کیا جاتا ہے۔ (تبیان شرح میزان، ص:۲۳)

☆......<u>فعل مضارع کو مضارع کہنے کی وجہ:</u> مضارع کے معنی لغت میں مشابہ کے ہیں اور مضارعت ''ضرع'' سے ماخوذ ہے یعنی ایک پستان سے دودھ پینا۔ چونکہ مضارع بھی عدد حرکات وسکنات اور عدد حروف اور نکرہ کی صفت واقع ہونے میں اسم فاعل

کے ساتھ مشابہ ہے۔ لہٰذا مذکورہ وجوہات کی بناء پر اس کو مضارع کہا گیا ہے، تو گویا کہ دونوں رضاعی بھائی ہیں جو ایک پستان سے دودھ پیتے ہیں۔ (فیوض عثمانی)

☆...... فعل مضارع کو غابر کہنے کی وجہ؟ یہ ہے کہ غَابِر، غبور سے مشتق ہے بمعنی باقی رہنا اور اس کا زمانہ بھی باقی ہے یعنی کلام کرتے وقت تک نہیں گزرا بلکہ آئندہ بھی باقی رہے گا۔ (تبیان شرح میزان، ص:۱۴)

☆...... جاننا چاہئے کہ لفظ مضارع مشابہ کے معنی میں ہے اور فعل مضارع مختلف وجوہات کی بناء پر اسم کا مشابہ ہوتا ہے اس وجہ سے فعل مضارع کو مضارع کہا جاتا ہے، مثلاً: حرکات وسکنات اور تعداد حروف میں فعل مضارع اسم کا مشابہ ہے۔ چنانچہ نَاصِرٌ کے مانند یَنْصُرُ میں بھی چار حروف ہیں اور نَاصِرٌ میں اول حرف متحرک اور ثانی ساکن پھر دو حرف متحرک ہیں اسی طرح یَنْصُرُ میں بھی اول حرف متحرک اور ثانی حرف ساکن پھر دو حروف متحرک ہیں۔ بصریین کے نزدیک اسم کے مانند فعل مضارع پر بھی لام تاکید داخل ہوتا ہے، مثلاً: لَیَخْرُجُ کہا جاتا ہے اور یہ إِنَّ زَیْدًا لَخَارِجٌ کے مانند ہے اور اسم کے مانند فعل مضارع بھی اولاً مبہم اور پھر متعین ہوتا ہے مثلاً: لفظ رَجُلٌ مبہم ہے اس پر الف لام داخل ہونے کے بعد مردِ معین پر دلالت کرتا ہے اسی طرح فعل مضارع قرائن سے خالی ہونے کی صورت میں حال واستقبال کے معنی میں مبہم ہے۔ اور علامت استقبال سین وغیرہ داخل ہونے کے بعد معنی استقبال میں اور لام ابتدا داخل ہونے کے بعد معنی حال میں متعین ہوجاتا ہے۔

اور فعل مضارع اسم فاعل کے مانند صفت کے موقع میں مستعمل ہوتا ہے مثلاً: مَرَرْتُ بِرَجُلٍ ضَارِبٍ کی طرح مَرَرْتُ بِرَجُلٍ یَضْرِبُ بھی کہا جاتا ہے اور مضارع پر ''لا'' داخل ہونے کے بعد نفی عام رہتی ہے یعنی لا سے حال واستقبال

دونوں کی نفی ہوسکتی ہے اور "ما" سے صرف حال کی نفی ہوتی ہے (استقبال کی نہیں) اور قسم کے موقع پر لازائد بھی ہوتی ہے، جیسے: لَا اُقْسِمُ بِهٰذَا الْبَلَدِ. (توضیحات علم الصیغہ)

اعرابِ مضارع

☆......(۱) اعراب مضارع کا خلاصہ یہ ہے کہ جمع مؤنث غائب وحاضر دونوں مبنی ہونے کی وجہ سے ہمیشہ ایک حالت میں رہتے ہیں (کیونکہ نون حرف ہے جو مبنی ہے لہذا یہ دونوں بھی مبنی ہیں)۔ (۲) حالت نصبی، جزمی میں ہر مضارع سے خواہ صحیح ہو خواہ معتل، نون اعرابی ساقط ہوجاتا ہے، اور حالت رفعی میں باقی رہتا ہے۔ (۳) واحد مذکر غائب، واحد مؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد متکلم اور جمع متکلم کے پانچوں صیغوں سے اگر صحیح ہوں تو رفع سے ضمہ، نصب سے فتح، جزم سے سکون لازم ہوتا ہے۔ اگر مضارع معتل ہو تو جزم سے حرف علت ساقط ہوجاتا ہے، رفع تقدیری ضمہ ہوتا ہے۔ اگر مفرد معتل واوی ہو یا یائی ہو تو رفع تقدیر ضمہ سے، نصب فتح لفظی سے، جزم حذف لام سے ہوتا ہے۔ (اسعاد النحو، ص:۲۹)

☆......فعل مضارع کے اعراب کی چار قسمیں ہیں: وہ مضارع صحیح جو واحد مؤنث حاضر، دونوں جمع مذکر اور چاروں تثنیوں کے ضمیر بارز مرفوع سے خالی ہو تو اس کا رفع ضمہ سے ہوتا ہے نصب فتحہ سے، جزم سکون سے، مثال: هُوَ يَضْرِبُ، هُوَ لَنْ يَّضْرِبَ، هُوَ لَمْ يَضْرِبْ. (اسعاد النحو، ص:۲۷)

فعل مضارع کے ۱۴ صیغے اور ان کی علامات

☆......فعل مضارع کے چودہ صیغے اور ان کی علامات: يَفْعَلُ: اس کا فاعل کبھی اسم

ظاہر ہوتا ہے جیسے یَفْعَلُ زَیْدٌ کبھی اسم ضمیر جیسے زَیْدٌ یَفْعَلُ . یَفْعَلَانِ: اس میں ''الف'' علامت تثنیہ مذکر ہے اور ضمیر فاعل ہے۔ اور نون اعرابی ہے یعنی صیغہ واحد کے عوض ہیں۔ یَفْعَلُوْنَ: اس میں واؤ علامت جمع اور ضمیر فاعل اور نون اعرابی ہے۔ اور یہاں لام کا ضمہ واؤ کی مناسبت کی وجہ سے ہے نہ کہ ضمہ اعراب ہے۔ تَفْعَلُ: یہ واحد مذکر حاضر ومؤنث غائب میں مشترک ہے غائب کی صورت میں اس کا فاعل کبھی اسم ظاہر ہوتا ہے جیسے: تَفْعَلُ هِنْدٌ کبھی اسم ضمیر، جیسے هِنْدٌ تَفْعَلُ . لیکن حاضر ہونے کی صورت میں اس کا فاعل ہمیشہ ضمیر اَنْتَ ہوتی ہے. تَفْعَلَانِ : یہ تثنیہ مؤنث غائب وحاضر ومذکر میں مشترک ہے۔ اس میں علامت تثنیہ اور ضمیر فاعل ''الف'' ہے اور نون، اعرابی ہے۔ یَفْعَلْنَ: اس میں نون اعرابی نہیں ہے بلکہ جمع مؤنث کی ضمیر ہے۔ تَفْعَلُوْنَ: اس میں واؤ علامت جمع مذکر ہے اور ضمیر فاعل اور نون اعرابی ہے اور لام کا ضمہ واؤ کی مناسبت سے ہے۔ تَفْعَلِیْنَ: اس میں یاء علامت واحد مؤنث حاضر کی ہے، ضمیر فاعل اور نون، اعرابی ہے۔ تَفْعَلْنَ: اس میں نون اعرابی نہیں ہے بلکہ یہاں جمع مؤنث کی ضمیر ہے اور فاعلِ فعل ہے۔ اَفْعَلُ: یہ واحد متکلم کا صیغہ ہے، اس کا فاعل ہمیشہ ''اَنَا'' ضمیر مستتر ہوتی ہے۔ نَفْعَلُ: یہ صیغہ جمع متکلم ہے، اس کا فاعل ہمیشہ ''نَحْنُ'' ضمیر مستتر ہوتی ہے۔ (فیوض عثمانی ص: ۲۰، ۲۱)

علامات مضارع کو شروع میں لانے کی وجہ؟

☆......علامت مضارع چار حروف ہیں۔ اس کا مجموعہ ''اَتَیْنَ'' ہے، علامت مضارع شروع میں لانے کی وجہ یہ ہے کہ آخرِ مضارع محلِ تغییر ہے۔ اور علامت کیلئے ضروری ہے کہ وہ تمام حالتوں میں باقی رہے۔ نیز اگر ان حروف کو آخر میں لاتے تو ''ی'' کی

صورت میں مصدر مضاف بیائے متکلم سے التباس ہوتا۔ اور تا، ہمزہ، نون کی صورت میں ماضی سے اور پھر اول کو اسلئے اختیار کیا (نہ کہ اوسط کو) تا کہ اول امر سے اس کا مضارع ہونا معلوم ہو جائے۔ اور یہاں مصنفؒ نے علامت مضارع بتلاتے وقت نہ ترتیب صرفی کا لحاظ کیا اور نہ ترتیب نحوی کا۔ اور یہ اسلئے کیا تا کہ اعداد صیغہ کے اعتبار سے ادنی سے اعلیٰ کی طرف ترقی حاصل ہو یعنی ہمزہ ونون ایک ایک صیغہ پر داخل ہوتے ہیں۔ اور یاء چار صیغوں پر اور تاء پانچ پر لہذا ہمزہ نون کو یاء پر اور یاء کو تاء پر مقدم کیا ہے۔ لیکن ہمزہ کو نون پر اس لئے مقدم کیا ہے کہ ہمزہ واحد متکلم کیلئے اور نون جمع متکلم کیلئے ہے اس لئے ہمزہ کو نون پر مقدم کیا۔ (فیوض عثمانی، ص:۲۰)

☆...... الف اور ہمزہ میں فرق: الف ہمیشہ ساکن ہوتا ہے اور بغیر جھٹکے کے ادا ہوتا ہے جیسے ضَارِبٌ۔ اور ہمزہ تینوں حرکتوں کو قبول کرتا ہے اور ساکن بمع جھٹکے کے ادا ہوتا ہے جیسے اَمَرَ، اُمِرَ، سُئِلَ سَاَلَ وغیرہ۔ (کنز النوادر فی القوانین والمصادر، ص:۱۷)

☆...... فعل مضارع مفرد معتل واوی، یائی ہو تو اس کا رفع تقدیری ضمہ سے ہوتا ہے نصب فتحہ لفظی اور جزم حذف لام کلمہ سے ہوتا ہے، جیسے: هُوَ يَغْزُوْ. هُوَ يَرْمِيْ، لَنْ يَغْزُوَ، لَنْ يَّرْمِيَ، لَمْ يَغْزُ، لَمْ يَرْمِ. (اسعاد النحو، ص:۲۷)

☆...... معتل واوی یا یائی سے مراد نحویوں کے نزدیک وہ کلمہ ہے جس کے اخیر میں حرف علت واؤ یا یاء ہو، جیسے: يَغْزُوْ. يَرْمِيْ. (اسعاد النحو، ص:۲۷)

☆...... یہ بات معلوم ہو چکی ہے کہ کلام عرب میں معرب صرف دو ہیں (۱) اسم متمکن (۲) فعل مضارع۔ اور اعراب صرف ان دونوں قسموں میں جاری ہوتے ہیں اور اعرابِ مضارع کی تین قسمیں ہیں: (الف) رفع، جیسے: يَدْخُلُ (ب) نصب، جیسے: لَنْ يَّدْخُلَ (ج) جزم جیسے: لَمْ يَدْخُلْ۔ اور اسم متمکن کے اعراب کی بھی تین قسمیں

ہیں، فرق صرف اتنا ہے کہ فعل مضارع کبھی مجرور نہیں ہوتا ہے بلکہ مجزوم ہوتا ہے، اسی طرح اسم متمکن کبھی مجزوم نہیں ہوتا ہے۔ (اسعاد النحو، ص:۲۷)

☆......اگر حال مضارع مثبت ہو تو ربط کیلئے صرف ضمیر کافی ہے، جیسے : جَاءَ نِيْ زَيْدٌ يَضْرِبُ. (تسہیل النحو، ص:۷۹)

☆......اگر حال جملہ اسمیہ خبریہ ہو تو ربط کیلئے واؤ اور ضمیر دونوں لائینگے۔ جیسے : جَاءَ زَيْدٌ وَهُوَ رَاكِبٌ ،جِئْتُ وَاَنَارَاكِبٌ وغيره .(تسهيل النحو، ص:۷۸)

☆......لام تاکید اور نون تاکید کے درمیان جب کسی لفظ سے فصل نہ ہو اور وہ فعل قسم کے جواب میں ہو تو تاکید لانا ضروری ہوتا ہے جیسے: وَاللّٰهِ لَاَقُوْمَنَّ بِوَاجِبِيْ (۲) وَاللّٰهِ لَاُسَاعِدَنَّكَ (۳) تَاللّٰهِ لَاَخْدِمَنَّ الْاِسْلَامَ. (معلم الانشاء اول، ص: ۱۰۰)

☆......فعل مضارع جو حال کے معنی میں ہو یا منفی کے معنی میں، تو نون تاکید کے ساتھ اس کی تاکید لانا صحیح نہیں ہے۔ ایسا ہی جب کہ لام تاکید اور نون تاکید والے فعل کے درمیان فصل ہو جائے، (الف) جیسے: وَاللّٰهِ لَاَقُوْمُ بِوَاجِبِيْ الْاٰنَ (ب) وَاللّٰهِ لَاُسَاعِدُكَ (ج) تَاللّٰهِ لَسَوْفَ اَخْدِمُ الْاِسْلَامَ. (معلم الانشاء جلد اول)

☆......سوال: لام تاکید جب فعل مضارع پر داخل ہوتا ہے تو مضارع کو حال کے معنی میں کر دیتا ہے اور نون ثقیلہ زمانہ مستقبل کے ساتھ خاص ہے۔ پس اس وقت لام تاکید اور نون ثقیلہ کے درمیان تعارض لازم آتا ہے، بایں معنی کہ لام حال کو چاہتا ہے اور نون ثقیلہ استقبال کو۔

اس کا جواب یہ ہے کہ لام دو معنی کیلئے آتا ہے اول تاکید کیلئے۔ دوم حال کیلئے اور اس جگہ وہ محض تاکید کیلئے ہے، جیسے قول باری تعالیٰ ہے: وَلَسَوْفَ يُعْطِيْكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰى ۔ (فیوض عثمانی، ص:۲۳)

سوال:۔ فعل میں اصل تو بناء ہے اور مبنی ہمیشہ اپنی اصلی حالت میں برقرار رہتا ہے جبکہ مضارع کی حالت حرکات تبدیل ہوتی رہتی ہے؟

الجواب:۔ اس کا جواب مصنفِ نحو میر نے یہ دیا ہے۔ چونکہ فعل مضارع اسم کے مشابہ ہے اس لئے مشابہت کی بناء پر فعل مضارع کو بھی مختلف اعراب دیئے گئے ہیں جیسے مبتدا وغیرہ میں عامل محذوف ہے اسی طرح فعل مضارع وغیرہ میں بھی عامل محذوف ہوتا ہے۔ (تیسیر النحو، ص:۱۴۳)

☆......اگر کوئی اعتراض کرے کہ جیسے نون فاعل اور نون تاکید کے لاحق ہونے سے آخر مضارع وسط کلمہ کے حکم میں ہو جاتا ہے اسی طرح وہ الف ضمیر اور واؤ و یاء کے لاحق ہونے سے وسط کلمہ کے حکم میں ہو جاتا ہے پس اس کی کیا وجہ ہے؟ کہ لِیَفْعَلَانَ اور یَفْعَلُوْنَ اور تَفْعَلِیْنَ معرب ہیں اور یَفْعَلْنَ اور لَیَفْعَلَانِّ وغیرہ مبنی ہیں؟

جواب: یہ ہے کہ ان مثالوں میں حروف مذکورہ اگرچہ ضمائر ہیں لیکن چونکہ یہ حروف اعراب کے ساتھ مشابہ ہیں لہذا ان کے لاحق ہونے کی وجہ سے مضارع کے آخر کا وسط میں ہونا محلاً ضعیف ہے۔ (فیوض عثمانی، ص:۲۹)

☆......فعل مضارع میں نون زائدہ کی تین قسمیں ہیں: (۱) نون اعرابی، جو صرف سات صیغوں میں ہوتا ہے (۲) نون ضمیری، جو صرف دو صیغوں میں ہوتا ہے (یعنی جمع مؤنث غائبات وجمع مؤنث مخاطبات میں)۔ (۳) نون تاکید جو تمام صیغوں کے آخر میں لاحق ہوتا ہے۔ (کنز النوادر، ص:۳۲)

سوال:۔......مضارع کے صیغوں کا ترجمہ کب حال یا استقبال سے کیا جاتا ہے؟

جواب:۔......مضارع کے صیغوں میں کبھی حال کا ترجمہ ہوتا ہے کبھی مستقبل کا، چنانچہ کہا جاتا ہے یَفْعَلُ الْاٰنَ ۔ اب کرتا ہے وہ۔ یَفْعَلُ غَدًا ۔ آئندہ کرے گا وہ۔ پھر اس

میں اختلاف ہے کہ فعل مضارع، حال واستقبال دونوں کے معنوں میں مشترک ہے یا ایک میں حقیقت اور دوسرے میں مجاز ہے۔تو جمہور علماء مشترک مانتے ہیں۔اور بعض علماء معنیٔ حال میں حقیقت اور معنی استقبال میں مجاز کہتے ہیں۔ کیونکہ قرائن سے خالی ہونے کی صورت میں مضارع کا صیغہ معنی حال میں مستعمل ہوتا ہے۔اور یہی حقیقت ہونے کی علامت ہے، اور یہی مذہب شیخ رضی کے نزدیک راجح ہے۔اور بعض علماء مضارع کو استقبال میں حقیقت کہتے ہیں۔ کیونکہ حال کے وجود کے بارے میں اختلاف ہے چنانچہ حکماء زمانہ حال موجود نہ ہونے کے قائل ہیں۔لہذا اسی حال کے معنی میں فعل مضارع حقیقت نہیں ہوسکتا۔(توضیحات، ص:۱۳)

☆......اجتماع ساکنین علیٰ حدہ: کی تعریف یہ ہے کہ اول ساکن ہواور دوم حرف مشدد ہو، اگر ایک کلمہ میں ہو تو یہ جائز ہے کہ مدّہ کو حذف نہ کریں، جیسے: ضَالِّین ، اگر یہ دونوں ساکن دوکلموں میں ہو تو مدّہ کو حذف کرتے ہیں، جیسے: یَخْشَی اللّٰہَ . میں الف حذف ہے۔(شرح علم الصیغہ، ص:۱۲۵)

اجتماع ساکنین علی حدّہ اور اجتماع ساکنین علی غیر حدّہِ میں فرق

ان کے درمیان دو فرق ہیں (۱) اجتماع ساکنین علی حدہ یہ ہے کہ دوساکن اس طرح جمع ہو جائیں کہ ان میں سے اوّل ساکن مادّہ ہو یا یائے تصغیر ہو اور دوسرا ساکن حرف مشدد ہو، جیسے: خاصّة، خوَیصّة اور اس قسم کا اجتماع ساکنین بالاتفاق جائز ہے۔(۲) اور اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کے معنی یہ ہیں کہ دوساکن جمع ہو جائیں اور دونوں میں سے اول مدّہ نہ ہو اور یائے تصغیر بھی نہ ہو اور دوسرا ساکن حرف مشدد نہ ہو اور یہ اجتماع ساکنین حالت وقف میں جائز ہے اور حالت وصل میں جائز نہیں۔

(توضیحات شرح علم الصیغہ ص:۱۹)

بحث اسم فاعل

(۲)......اگر فاعل کا فعل اسم ظاہر ہو تو دو حال سے خالی نہیں ہے یا تو مفرد ہوگا یا جمع۔ اگر مفرد ہے تو اس کی چھ قسمیں ہیں۔ (الف) فاعل اسم ظاہر ہو کر واحد مذکر ہو جیسے: جَاءَ نِیْ رَجُلٌ، اس میں ہمیشہ فعل واحد مذکر ہوتا ہے (ب) فاعل مؤنث حقیقی ہو کر فعل وفاعل کے درمیان فاصلہ ہو تو اس میں فعل کو مذکر ومؤنث دونوں طرح لانا جائز ہے، جیسے: حَضَرَ الْقَاضِیَ الْمَرْأَۃُ وَحَضَرَتِ الْقَاضِیَ الْمَرْأَۃُ۔ (ج) فاعل مؤنث سماعی ہو تو اس میں فعل مذکر ومؤنث دونوں طرح صحیح ہے، جیسے: طَلَعَ الشَّمْسُ وَطَلَعَتِ الشَّمْسُ (د) فاعل اگر مؤنث حقیقی بدون فصل ہو تو اس میں فعل کو ہمیشہ مؤنث لانا واجب ہے، جیسے: قَامَتِ الْمَرْأَۃُ۔ (ہ) فاعل ایسا مؤنث حقیقی ہو جس میں ظاہراً مذکر سے التباس ہو تو اس صورت میں مذکر کے التباس سے بچنے کیلئے فعل کو ہمیشہ مؤنث لانا ضروری ہے خواہ فصل ہو یا نہ ہو، جیسے: حَضَرَتِ الْقَاضِیَ ھِنْدٌ (و) فاعل مؤنث حقیقی غیر ذوی العقول ہو تو اس میں فعل کو مذکر ومؤنث دونوں طرح لانا صحیح ہے جیسے: نَامَ النَّعْجَۃُ وَنَامَتِ النَّعْجَۃُ. (تخلیة الاسیر، ص: ۱۳۲، ۱۳۳)

☆......اگر فاعل اسم ظاہر ہو کر جمع ہو تو اس کی بھی چھ صورتیں ہیں: (الف) فاعل جمع مذکر سالم ہو تو اس کے فعل کو واحد مذکر لایا جائے گا، جیسے: جَاءَ الْمُسْلِمُوْنَ، (ب) فاعل جمع مذکر مکسر ہو خواہ ذوی العقول ہو یا غیر ذوی العقول ہو تو اس صورت میں فعل کو واحد مذکر ومؤنث دونوں طرح لانا جائز ہے جیسے: قَامَ الرِّجَالُ وَقَامَتِ الرِّجَالُ (ج) اگر فاعل جمع مذکر غیر ذوی العقول ہو جیسے: الایام (مَضَی الْاَیَّامُ ومَضَتِ

الْاَیَّامُ). (د) اگر فاعل جمع مکسر من غیر لفظہ ہو جیسے: نِسْوَۃٌ(قَالَ نِسْوَۃٌ وَقَالَتْ نِسْوَۃٌ)۔(ہ) فاعل اسم جمع ہو جیسے: اَلْقَوْمُ ،(جَاءَ الْقَوْمُ وَجَاءَتِ الْقَوْمُ)تو ان مذکورہ تینوں صورتوں میں فعل کو واحد مذکر ومؤنث دونوں طرح لانا صحیح ہے،جیسے: مَضَی الْاَیَّامُ وَمَضَتِ الْاَیَّامُ ، قَالَ نِسْوَۃٌ ،وَقَالَتْ نِسْوَۃٌ ،جَاءَ الْقَوْمُ وَ جَاءَتِ الْقَوْمُ.(تخلیة الاسیر،ص:۱۳۲،۱۳۳)

☆......اگر فاعل اسم ضمیر ہوتو بھی دو حال سے خالی نہیں،یا تو واحد ہوگا یا جمع،اگر واحد ہوتو اس کی تین صورتیں ہیں:(۱) فاعل مذکر کی ضمیر ہوگی،تو اس صورت میں فعل کو ہمیشہ واحد مذکر لایا جاتا ہے،جیسے:زَیْدٌ قَائِمٌ (۲) فاعل اگر مؤنث سماعی کی ضمیر ہوتو فعل کو ہمیشہ واحد مؤنث لایا جائے گا،جیسے:اَلشَّمْسُ طَلَعَتْ (۳) فاعل اگر مؤنث حقیقی کی ضمیر ہوگی تو بھی ہمیشہ فعل واحد مؤنث لایا جائے گا جیسے:ھِنْدٌ قَامَتْ.

☆......اگر فاعل اسم ضمیر جمع ہوتو اس کی چھ صورتیں ہیں (الف) جمع مذکر سالم کی ضمیر ہوتو اس میں فعل کو ہمیشہ جمع مذکر لایا جائے گا،جیسے:اَلْمُجَاھِدُوْنَ صَالُوْا عَلَی الْکُفَّارِ.

(ب) فاعل اسم جمع کی ضمیر ہوتو اس میں تین صورتیں ہیں:اول،فعل کو واحد مذکر لانا جیسے:اَلْقَوْمُ جَاءَ ،دوم:فعل کو واحد مؤنث لانا جیسے:اَلْقَوْمُ جَاءَتْ ،سوم جمع مذکر لانا جیسے:اَلْقَوْمُ جَاءُوْا، کقوله تعالیٰ :إِنَّ قَوْمِیْ اتَّخَذُوْا ھٰذَا الْقُرْاٰنَ مَھْجُوْرًا. (الآية). (ج) جمع مکسر مذکر غیر ذوی العقول کی ضمیر ہو جیسے:الاَیَّامُ (د) جمع مکسر مؤنث کی ضمیر ہوتو ان دونوں صورتوں میں فعل کو واحد مؤنث وجمع مؤنث دونوں طرح لاسکتے ہیں،جیسے: اَلْاَیَّامُ مَضَتْ ،یا اَلْاَیَّامُ مَضَیْنَ.وَالنِّسْوَۃُ قَالَتْ. وَالنِّسْوَۃُ قُلْنَ .

(ہ) جمع مکسر مذکر ذوی العقول کی ضمیر ہوتو اس میں فعل کو واحد مؤنث وجمع مذکر دونوں طرح لاسکتے ہیں،جیسے:اَلرِّجَالُ قَامَتْ،وَالرِّجَالُ قَامُوْا،وَقَالَ تَعَالیٰ:وَاٰمَنَتْ

بِہٖ بَنُوْ اِسْرَائِیْلَ .الآیۃ (مائدہ) پس فاعل ضمیر ہونے کا مجموعہ کل نوصورتیں نکلتی ہیں ۔(تخلیۃ الاسیر،ص:۱۳۳)

☆......نکتہ: اسم فاعل کے صیغے کم کیوں؟ یہ اس امر کی طرف اشارہ ہے کہ اسم فاعل کے صرف چھ صیغے آتے ہیں، کیونکہ یہ فعل کی فرع ہے اور فرع کا مرتبہ اصل سے کم ہوتا ہے لہذا اسم فاعل میں صرف صفات لازمہ یعنی واحد، تثنیہ، جمع اور مذکر و مؤنث کا اعتبار کرتے ہوئے اس کے چھ صیغے لائے ہیں، تاکہ اصل وفرع میں برابری نہ ہو اور فعل میں صفات غیر لازم یعنی غیبت وخطاب اور متکلم کا بھی اعتبار کیا گیا، تاکہ اس کو فرع پر فوقیت حاصل ہو۔(تحفہ سعیدیہ شرح علم الصیغہ،ص:۳۷)

کتنی جگہوں پر فاعل کو حذف کر دیا جاتا ہے؟

☆......چند جگہوں پر فاعل کو حذف کر دیا جاتا ہے جو حسب ذیل ہیں (۱) جب مفعول حقیر ہو تو فاعل کی تعظیم کے پیش نظر اس کو حذف کیا جاتا ہے جیسے: ضُرِبَ اللِّصُّ. (۲) حذف فاعل بوجہ تحقیر فاعل ہوتا ہے، جب مفعول عظیم المرتبت ہو جیسے: طُعِنَ الْاَمِیْرُ (۳) جب فاعل مخاطب کو معلوم ہو، تاکہ اس کا ذکر عبث نہ ہو جیسے: خُلِقَ الْاِنْسَانُ ضَعِیْفاً (۴) متکلم مفعول ہی کو جانتا ہو جیسے: سُرِقَ الْبُیُتُ. (۵) فاعل پر خوف کرتے ہوئے مبہم رکھنا ہو جیسے قُتِلَ زَیْدٌ. (۶) جب فاعل کو ذکر کرنے سے اپنے نقصان کا خطرہ ہو، کیونکہ فاعل شریر آدمی ہے، جیسے: قُتِلَ زَیْدٌ. او سُرِقَ الْحِصَانُ (۷) جب فاعل مجہول ہو اور تعین ممکن نہ ہو، جیسے: سُرِقَ الْبُیُتُ. (تحفہ سعیدیہ،ص:۱۵، جامع الدروس العربیہ،۲/۱۷۵، ناشر: قدیمی کتب خانہ کراچی)

☆......جب الف لام اسم فاعل یا اسم مفعول میں بمعنی اَلَّذِیْ کے استعمال ہو تو اس کا

صلہ کوئی جملہ نہیں ہوتا بلکہ اسم فاعل یا اسم مفعول ہی ہوتا ہے جیسے: اَلسَّارِقُ بمعنی اَلَّذِیْ سَرَقَ.

☆......قاعدہ اعداد میں لفظ ''فاعل'' کا وزن مرتبہ کے واسطے آتا ہے، جیسے: خامس بمعنی پانچواں اور عاشر بمعنی دسواں مگر مرکبات میں جز اول کو بروزن فاعل بناتے ہیں اور جز ثانی کو اپنے حال پر چھوڑ دیتے ہیں جیسے حَادِیْ عَشَرَ، ثَانِیْ عَشَرَ، حَادِیْ وَعِشْرُوْنَ، رَابِعُ وَّثَلاثُوْنَ، اور عشرۃ کے بعد عقود میں اسم برائے مرتبہ بھی عدد ہی کے وزن پر آتا ہے، جیسے: عشرون کا معنی بیس بھی ہے اور بیسواں بھی۔ (علم الصیغہ، مترجم مفتی محمد رفیع عثمانی صاحب مدظلہ، ص:۴۷)

فعل واحد لانے کی کتنی صورتیں ہیں؟

☆......فعل کا فاعل جب اسم ظاہر ہو خواہ واحد ہو خواہ تثنیہ، خواہ جمع، فعل ہر صورت میں واحد ہی کا صیغہ آئے گا تثنیہ یا جمع کا صیغہ لانا درست نہیں ہوگا، جیسے: قَامَ الرَّجُلُ وَقَامَ الرَّجُلَانِ وَقَامَ الرِّجَالُ۔ اور تثنیہ وجمع کیلئے قَامَا الرَّجُلَانِ وَقَامُوْا الرِّجَالُ کہنا درست نہیں ہے کیونکہ اگر ''قَامَا'' اور ''قَامُوْا'' پڑھتے ہیں تو اس میں الف تثنیہ اور واؤ جمع فاعل اور ضمیر بارز ہوگی اور آگے اسم ظاہر بھی فاعل ہوگا تو تکرار فاعل لازم آئے گا اور یہ ناجائز ہے۔ (النحو الیسیر، ص: ۸۲)

وہ صورتیں جہاں فعل کو مذکر ومؤنث دونوں طرح لاسکتے ہیں

☆......جب فعل کا فاعل اسم ظاہر جمع مؤنث سالم ہو تو بھی فعل میں دونوں صورتیں جائز ہیں یعنی فعل کو مذکر مؤنث دونوں طرح لاسکتے ہیں جیسے: فَازَ الْهِنْدَاتُ وَفَازَتِ

الْهِنْدَاتُ. (النحو الیسیر، ص: ۸۲)

☆...... جب فعل کا فاعل اسم ظاہر مؤنث حقیقی ہو اور فعل و فاعل کے درمیان فاصلہ بھی ہو تو جیسے: حَضَرَ الْقَاضِیَ اِمْرَأَةٌ ۔اور حَضَرَتِ الْقَاضِیَ اِمْرَأَةٌ تو اس میں دونوں صورتیں جائز ہیں۔

☆...... جب فعل کا فاعل اسم ظاہر جمع مکسر ہو خواہ مذکر کی جمع ہو، جیسے: رِجَالٌ خواہ مؤنث کی جیسے: نِسْوَةٌ تو اس میں بھی فعل کو مذکر و مؤنث دونوں طرح لا سکتے ہیں، جیسے قَامَ الرِّجَالُ وَقَامَتِ الرِّجَالُ. (النحو الیسیر ۸۲)

وہ صورتیں جہاں فعل مذکر و مؤنث دونوں طرح نہیں لا سکتے

☆...... فعل کا فاعل جب اسم ظاہر مؤنث حقیقی ہو۔ اور فعل و فاعل کے درمیان کسی لفظ کا فاصلہ نہ ہو جیسے قَامَتْ هِنْدٌ تو اس میں قَامَ هِنْدٌ پڑھنا صحیح نہ ہوگا۔

☆...... جب فعل کا فاعل ضمیر ہو اور یہ ضمیر مؤنث حقیقی یا غیر حقیقی کی طرف لوٹتی ہو تو اس وقت بھی فعل میں علامتِ تانیث لازم ہوگی جیسے: هِنْدٌ قَامَتْ، اَلشَّمْسُ طَلَعَتْ۔ تو اس میں هِنْدٌ قَامَ وَالشَّمْسُ طَلَعَ کہنا صحیح نہ ہوگا۔

☆...... جب فعل کا فاعل مذکر ہو اور جمع نہ ہو جیسے قَامَ زَيْدٌ. یا فعل کا فاعل جمع مذکر سالم ہو تو فعل مذکر لانا واجب ہے، جیسے: قَامَ الْمُسْلِمُوْنَ. اور ان مثالوں میں فعل کے اندر علامت تانیث لانا جائز نہیں، واحد مذکر کا صیغہ لانا ضروری ہے (النحو الیسیر، ص: ۸۲)

☆...... وہ مقام جہاں فعل عام مقدر کرنا واجب ہے وہ یہ ہیں: (۱) جب ظرف خبر واقع ہو جیسے: فِی الدَّارِ رَجُلٌ، (۲) جب ظرف صفت واقع ہو جیسے: اَوْ كَصَيِّبٍ مِّنَ السَّمَاءِ ۔(۳) جب ظرف حال واقع ہو جیسے: فَخَرَجَتْ عَلٰى قَوْمِهٖ فِیْ

زِیْنَۃِ الْقَوْمِ. (۴) جب ظرف صلہ واقع ہو جیسے: وَلَہٗ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ، (۵) جب ظرف اسم ظاہر کو رفع دے، جیسے: أَفِی اللّٰہِ شَکٌّ. (ماخوذ از مسودہ مولانا عبدالرشید صاحب شیخ الحدیث اشرف المدارس)

افعال عامہ چار ہیں جو اس شعر میں مذکور ہیں:

افعال عامہ چہار ست نزد ارباب عقول
کون ست ثبوت ست وجود ست وحصول

(حوالہ بالا)

فاعل بمعنی مفعول کے، صرف پانچ کلمات ہیں

☆......کلام عرب میں فاعل بمعنی مفعول کے صرف پانچ کلمات آئے ہیں (۱) کَاتِمٌ بمعنی مَکْتُوْمٌ (۲) سَافٍ: کہا جاتا ہے تُرَابٌ سَافٌ۔ یعنی ہوا کی اڑائی ہوئی مٹی (۳) دَافِقٌ: کہا جاتا ہے مَاءٌ دَافِقٌ۔ بکھرا ہوا پانی۔ (۴) رَاضِیَۃٌ: کہا جاتا ہے عِیْشَۃٍ رَاضِیَۃٍ. پسندیدہ عیش۔ (۵) نَائِمٌ: کہا جاتا ہے لَیْلٌ نَائِمٌ. یعنی وہ رات کہ جس میں سوتے ہیں۔ (فیوض عثمانی، ص: ۳۹، بحوالہ علامہ سیوطیؒ)

بحث صفت مشبہ

☆......صفت مشبہ وہ اسم ہے جو کسی فعل لازم سے مشتق ہو اور ایسی ذات کیلئے اس کو وضع کیا گیا ہو جس کے ساتھ یہ فعل قائم ہے یعنی اس کیلئے ثابت ہے صفت مشبہ کے اوزان قیاسی نہیں ہیں، یہ صرف سماع پر موقوف ہیں، البتہ جب صفت مشبہ کا صیغہ، لون اور عیب کے معنی میں ہو تو اس کا وزن قیاس کے مطابق یعنی افعل کے وزن پر آتا ہے جیسے: اَبْیَضُ، اَسْوَدُ، اَعْوَرُ وغیرہ۔ (تخلیۃ الاسیر شرح نحو میر ص: ۱۵۶، معارف

الصرف شرح ارشاد الصرف، ص:۴۵)

صفت مشبہ کو ''مشبہ'' کہنے کی وجہ

☆......صفت مشبہ کو مشبہ اس وجہ سے کہتے ہیں کہ یہ صفت مشابہ ہوتی ہے اسم فاعل کے واحد، تثنیہ، جمع، مذکر اور مؤنث ہونے میں، جیسے: حَسَنٌ، حَسَنَانِ، حَسَنُوْنَ، حَسَنَةٌ، حَسَنَتَانِ، حَسَنَاتٌ، جیسے: فَاعِلٌ، فَاعِلَانِ، فَاعِلُوْنَ. الخ۔ صفت مشبہ چونکہ صرف فعل لازم سے بنتی ہے اس وجہ سے اپنے فاعل کو رفع دیتی ہے اور یہ عمل اس وقت کرتی ہے جب کہ اپنے ماقبل پر اسم فاعل اور اسم مفعول کی طرح یہ بھی اعتماد کرے، جیسے: زَيْدٌ حَسَنٌ غُلَامُهُ، ترکیب: ''زَيْدٌ'' مبتدا۔ ''حسن'' صفت مشبہ، اور غلامه اس کا فاعل ہے حسن صفت مشبہ اپنے فاعل سے ملکر خبر۔ مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ ہوا۔ (ہدیہ صغیر، ص:۱۱۴)

☆......صفتِ مشبّہ کو صفتِ مشبّہ اسلئے کہا جاتا ہے کہ وہ تذکیر و تانیث، واحد، جمع ہونے میں اسم فاعل کے ساتھ مشابہت رکھتی ہے۔ اور صفتِ مشبّہ و اسم فاعل میں لفظی و معنوی فرق بھی ہے۔ (تخلیہ، مفتاح الصرف، ص:۹۰/۹۱، المصباح المنیر، ص: ۴۶)

☆...... جب فعل متعدی سے صفت مشبہ بناتے ہیں تو اس وقت اس کو باب لازم میں لے جاتے ہیں کیونکہ صفت مشبہ سے متعدی نہیں آتا۔ (توضیحات)

صفت مشبہ کے اوزان کی تعداد

☆......اوزان صفت مشبہ بہت زیادہ ہیں جن کا احاطہ کرنا بہت مشکل ہے، صاحب فصول اکبری نے دوسو تینتالیس وزن بیان کئے ہیں۔ مگر صاحب علم الصیغہ نے صرف

۲۳ (تیئیس) مشہور اوزان پر اکتفاء کیا ہے۔ (فیوض عثمانی ص:۴۳، علم الصیغہ)

اسمِ فاعل اور صفتِ مشبّہ میں فرق: اسم فاعل اور صفتِ مشبّہ میں کئی طرح کا فرق بیان کیا جاتا ہے (الف) صفتِ مشبّہ صرف فعلِ لازم سے بنتی ہے، بخلاف اسم فاعل کے کہ وہ فعلِ لازم ومتعدی دونوں سے بنتا ہے (ب) اسمِ فاعل کے عمل کرنے کیلئے اس کا حال یا استقبال کے معنی میں ہونا ضروری ہے اور صفتِ مشبّہ کیلئے حال یا استقبال کے معنی میں ہونا ضروری نہیں ہے (ج) اسم فاعل حدوث پر دلالت کرتا ہے اور صفت مشبّہ دوام پر دلالت کرتی ہے۔ (تخلیۃ الاسیر شرح نحو میر ص:۱۵۶، معارف الصرف شرح اِرشاد الصرف، ص:۴۵)

بحث اوزانِ مبالغہ

☆......اوزانِ مبالغہ سماعی ہیں، اور صرف ثلاثی مجرد سے آتے ہیں، مگر (ا) بعض الفاظ مبالغہ میں تاء تانیث کیلئے نہیں بلکہ تاکید کیلئے ہے جیسے عَلَّامَةٌ و فَهَّامَةٌ ۔ (ب) اگر فعیل بمعنی مفعول ہو تو موصوف کے ساتھ مذکر ومؤنث میں ایک ہی حالت ہوگی، جیسے: زَيْدٌ قَتِيلٌ وَ آتَتْ إمْرَأةٌ، اور بغیر موصوف کے فرق کیا جائے گا جیسے: جَاءَ حَبِيبٌ وَحَبِيبَةٌ (ج) اگر فعول فاعل کے معنی میں ہو تو موصوف کے ساتھ مذکر ومؤنث دونوں میں ایک ہی جیسے ہوتے ہیں مثال: يَحْيىٰ الْبَتُوْلُ ،مَرْيَمُ الْبَتُوْلُ. اور موصوف نہ ہو تو فرق کیا جائے گا جیسے: جَاءَ بَتُوْلٌ وَبَتُوْلَةٌ. اور اگر مفعول کے معنی میں ہو تو مذکر ومؤنث میں فرق کیا جائے گا خواہ موصوف ہو یا نہ ہو جیسے هٰذَا رَسُوْلٌ وَتِلْكَ رَسُوْلَةٌ وَجَاءَ رَسُوْلٌ وَرَسُوْلَةٌ.(مصباح اللغات ، ص:۹)

اوزانِ مبالغہ کتنے ہیں؟

مبالغہ کے اوزان بہت زیادہ ہیں ،اور صاحب اصول اکبری نے ترپین (۵۳) بیان کئے مگر یہاں ہم اسم فاعل کے وہ اوزان، جو ثلاثی مجرد سے مبالغہ کیلئے مستعمل ہیں، بیان کرر ہے ہیں:

موزون	موزون بہ	معانی	موزون	موزون بہ	معانی
فَعِلٌ	حَذِرٌ	بہت ڈرنے والا	فَعِیْلٌ	عَلِیْمٌ	بہت جاننے والا
فَعُوْلٌ	غَفُوْرٌ	بہت بخشش کرنیوالا	فَعَّالٌ	عَلَّامٌ	بہت جاننے والا
فُعَّالٌ	قُطَّاعٌ	بہت کاٹنے والا	مُفَعَّلٌ	مُفَضَّلٌ	بہت فضیلت والا
مِفْعِیْلٌ	مِنْطِیْقٌ	بہت بولنے والا	فِعِّیْلٌ	شِرِّیْرٌ	بہت شرارت کرنیوالا
فُعَلَةٌ	ضُحَکَةٌ	بہت ہنسنے والا	فَعِلٌ	قَلِبٌ	تقلیب امور کا جاننے والا
فَاعُوْلٌ	فَارُوْقٌ	بہت فرق کرنیوالا۔			

(فیوض عثمانی،ص:۳۹)

☆......مبالغہ کے مشہوراوزان یہ ہیں: (۱) فَعَّالٌ جیسے عَلَّامٌ وَنَصَّارٌ (۲) فَعَّالَةٌ ، جیسے: عَلَّامَةٌ وفَهَّامَةٌ (۳) فِعِّیْلٌ جیسے صِدِّیْقٌ وغیرہ۔

<u>اسم فاعل اور مبالغہ میں فرق:</u> مبالغہ اسم فاعل کے حکم میں داخل ہے،لیکن دونوں میں لفظی ومعنوی فرق موجود ہے معنوی فرق یہ ہے کہ اسم فاعل کے اندر معنیٔ فاعلیت میں کوئی زیادتی مقصودنہیں ہوتی مگر مبالغہ کے اندر معنیٔ فاعلیت کی زیادتی مقصود ہوتی ہے مثلاً عالم جاننے والا اور علَّامٌ،زیادہ جاننے والا۔(تخلیۃ الاسیر شرح نحومیر اردو ص:۱۵۴،از مولانا حسین احمد ارکانی صاحب مدظلہ العالی، معارف الصرف، شرح اِرشادالصرف،ص:۴۶)

☆......مبالغہ،اسم فاعل کے حکم میں داخل ہے،دونوں میں لفظی فرق تو ہوگا یہی معنی

میں بھی فرق ہے کہ اسم فاعل میں معنی فاعلیت میں کوئی زیادتی مقصود نہیں ہوتی، اور مبالغہ میں معنی فاعلیت کی زیادتی مقصود ہوتی ہے، مثلاً عَالِمٌ ۔(جاننے والا) عَلَّامٌ ۔ (زیادہ جاننے والا) اوراوزانِ مبالغہ کو بعض شعراء نے اپنے شعر میں جمع کر دیا ہے۔۔

اوزانِ مبالغہ اشعار میں

مبالغ کالحذر رحمن بالمفضال ہمنطیق　　رحیم مجزم ضحکة صبور ثم صلیق

عجاب والکبار وایضا کبار وعلام　　وقدوس وقیوم وکافة وفاروق

وتاء زید فیه لیس للتانیث خذهذا　　ولم یفرق بتاء فیه تذکیر وتانیثا

صاحبِ توضیحات فرماتے ہیں، اسم مبالغہ کے کل گیارہ صیغے ہیں: اور صیغۂ مبالغہ کے آخر میں کبھی تاء مبالغہ بھی بڑھائی جاتی ہے، جیسے: رَجُلٌ عَلَّامَةٌ، اِمْرَأَةٌ عَلَّامَةٌ۔ (توضیحات، ص:۲۹، تخلیة الاسیر، ص: ۱۵۴)

بحث اسم ظرف

☆......اسم ظرف کا صیغہ مفتوح العین ومضموم العین اور ناقص سے مطلقاً (وہ کلمہ جس میں حرف علت اور حرکت چاہے ضمہ یا فتحہ یا کسرہ ہو) مَفْعَلٌ کے وزن پر آئے گا جیسے یَفْتَحُ سے مَفْتَحٌ اور یَنْصُرُ سے مَنْصَرٌ اور یَرْمِیُ سے مَرْمَیٌ ہے۔ اور مکسور العین ومثال سے مطلقاً مَفْعِلٌ کے وزن پر آئے گا جیسے یَضْرِبُ سے مَضْرِبٌ اور یَوْقَعُ سے مَوْقِعٌ آتا ہے۔ اور جس مضارع کا لام کلمہ مشدد ہو اس کا عین کلمہ مکسور ہونے کی صورت میں اسم ظرف مفعل کے وزن پر آئے گا جیسے حَلَّ یَحِلُّ سے اسم ظرف مَحِلٌّ آتا ہے جیسے قرآن میں ہے حَتّٰی یَبْلُغَ الْهَدْیُ مَحِلَّهٗ۔ اور دفع رنج، شرح پنج گنج میں اسم ظرف کی تعریف یوں لکھی ہے کہ اسم ظرف جو صدور فعل کی جگہ یا صدور

فعل کے وقت پر دلالت کرے، مفتوح العین، مضموم العین اور ناقص سے مطلقاً مَفعَلٌ اور مکسور العین ومثال سے مَفعِلٌ کے وزن پر آتا ہے۔ (علم الصیغہ مترجم، ص:۲۴)

☆......اوزانِ اسم ظرف پر ایک شعر

ظرف یفعِلُ مفعِلٌ است اِلاَّ زناقص اے کمال
غیر یَفعِلُ مَفعَلٌ آید دائما الامثال

بحث اسمِ تفضیل

☆......اسم تفضیل کا استعمال بر سہ وجہ مع مثال: (۱) باضافت جیسے: اَلَیسَ اللّٰہُ بِاَحکَمِ الحَاکِمِینَ. (۲) من کے ساتھ جیسے: وَنَحنُ اَقرَبُ اِلَیهِ مِن حَبلِ الوَرِیدِ (۳) الف اور لام کے ساتھ، جیسے: زَیدٌ هُوَ الاَفضَلُ۔ البتہ اگر مفضل علیہ قرینہ سے معلوم ہو تو مفضل علیہ کو حذف کرنا جائز ہے، جیسے: اَللّٰهُ اَکبَرُ. میں مفضل علیہ کو حذف کر دیا گیا ہے۔

اسم تفضیل اور مبالغہ میں فرق: ان دونوں میں فرق یہ ہے کہ صیغۂ مبالغہ میں معنی فاعلیت کی زیادتی فی حد ذاتہ مقصود ہوتی ہے کسی دوسرے کی طرف اس میں نظر نہیں ہوتی جیسے: ضرّابٌ (زیادہ مارنے والا) طوّالٌ زیادہ لمبا (وغیرہ) اور اسم تفضیل: وہ اسم ہے جو بہ نسبت دوسرے کے زیادتی معنی فاعلیت پر دلالت کرے، جیسے: اَضرَبُ مِن زَیدٍ (زید سے زیادہ مارنے والا)۔ (علم الصیغہ مترجم ص:۳۷/ و مآرب الطلبہ ۸۹)

بحث افعال تعجب

☆......افعال تعجب۔ ثلاثی مجرد کے آٹھ بابوں کے ہر مصدر سے افعال تعجب کے دو صیغے نکلتے ہیں اور تعجب یہ ہے کہ یہ نکلتے تو ہیں ثلاثی مجرد سے مگر وزن ان کا باب

افعال سے ہے جیسے: اَحْسَنَ وَاَحْسِنْ (۱) جس میں پہلا ماضی ہے دوسرا امر کا صیغہ ہے (۲) اور یہ بھی تعجب ہے کہ ایک خبر ہے دوسرا اس میں انشاء ہے، مگر معنی میں دونوں خبر ہیں (۳) اور آپ کیلئے یہ بھی باعث تعجب ہوگا کہ نحو میر میں دو فعل تعجب کی مثال: مَا اَفْعَلَهٗ و اَفْعِلْ بِهٖ سے دی گئی ہیں مگر یہاں ہم نے اَفْعَلَ وَاَفْعِلْ سے دی گئی ہیں لیکن یہ کوئی تعجب کی بات نہیں ہے اور دراصل فعل تعجب کے صیغے یہی ہیں۔ (اَفْعَلَ وَاَفْعِلْ) ہے، اور باقی رہے، مَا اَفْعَلَهٗ وَاَفْعِلْ بِهٖ۔ یہ اور وجہ سے یعنی ضمیر کی وجہ سے بڑھائے گئے ہیں۔ (ملخص از ہدیہ صغیر شرح نحو میر، ص: ۷، ۱۰۶)

☆......اَکْرِمْ بِهٖ: یہ صیغہ تعجب ہے، تعجب کیلئے دو صیغے استعمال ہوتے ہیں (۱) مَا اَفْعَلَ (۲) اَفْعِلْ بِهٖ جیسے: مَا اَحْسَنَ الْعِلْمُ، اَکْرِمْ بِدِیْنَارٍ۔ ان دونوں صیغوں کے وزن پر فعل تعجب بنانے کیلئے چند شرطیں ہیں (۱) وہ فعل ثلاثی مجرد ہو، مزید سے نہیں آئے گا، (۲) مثبت ہو، منفی سے فعل تعجب نہیں بنتا (۳) معلوم ہو مجہول سے نہیں آتا (۴) تام ہو، ناقص سے نہیں آتا، (۵) اس فعل سے صفت مشبہ کا صیغہ "اَفْعَلَ" کے وزن پر نہ آتا ہو جیسے اَحْمَرَ، اَکْحَلَ۔ یہ شرطیں پائی جائیں گی تو مذکورہ دو وزنوں پر صیغہ تعجب بنایا جا سکتا ہے، بصورت دیگر معنی تعجب کی تعبیر کا طریقہ یہ ہے کہ "أَشَدَّ" یا "اَکْثَرَ" کے بعد اس فعل کا مصدر منصوب لایا جائے جیسے: مَا اَشَدَّ اِیْمَانَهٗ، مَا اَکْثَرَ اِبْتِهَاجَهٗ، یا "اَفْعَلَ" کے بعد اس مصدر کو با زائدہ کے ساتھ مجرور لایا جائے، جیسے: اَبْلَغَ بِعَوْرِهٖ، أَشْدَدْ بِکُحْلِهٖ.

مَا اَحْسَنَ زَیْدٌ مَا بمعنی اَیُّ شَیْءٍ مبتدا ہے، اَحْسَنَ زَیْدٌ خبر ہے لفظی ترجمہ ہے کس چیز نے زید کو حسین بنایا۔ یہ ترکیب لغت کی بناء پر کی جاتی ہے، انشاء تعجب میں یہ اعراب مقصود نہیں ہوتا، چنانچہ ترجمہ اس ترکیب کے مطابق نہ ہوگا بلکہ

ہر زبان میں تعجب کیلئے جو صیغہ استعمال ہوگا اسی سے اس کا ترجمہ کیا جائے گا چنانچہ مَـااَحُسَـنَ الُعِلُمُ کا ترجمہ ہوگا، کیا ہی اچھا ہے علم۔ سوال بظاہر سبب حسن سے ہے لیکن مقصود نہ سوال ہے اور نہ ہی جواب کی طلب ہے۔ (درس مقامات، ص:۴۶، ۱۴۷)

فعل کے متعدی بنانے کا طریقہ

☆...... جو افعال بلا واسطہ متعدی ہوتے ہیں ان کو کبھی کبھی ''ب'' کے واسطہ سے بھی متعدی کر دیا جاتا ہے، لیکن معنی میں فرق ہوگا چنانچہ جب ''ب'' کا واسطہ نہ ہو تو ''کل'' مراد ہوگا اور جب ''ب'' حرف کے ساتھ متعدی ہو تو مفعول میں ''بعض'' مراد ہوگا اور اس کی مفعولیت میں کوئی اور بھی شریک ہوگا جیسے احادیث میں ہے۔ کَانَ یَقُرَأُ فِی الُفَجُرِ بقٓ O وَالُقُرآنِ الُمَجِیُدِ، یا۔ وَیَقُرَأُ بِالطُّوُرِ۔ وغیرہ۔ (درس ترمذی، ص:۵۰۹ ج۱)

متفرق افعال کی بحث

☆...... جملہ افعال متصرفہ سے مراد وہ افعال ہیں جن سے تمام صیغے: ماضی، مضارع، امر اور نہی کے نکلتے ہیں۔ (فیوض عثمانی، ص:۹۳)

☆...... افعال غیر متصرفہ چار ہیں: نِعُمَ، بِئُسَ، کَادَ، عَسٰی۔ (فیوض عثمانی، ص:۹۳)

☆...... مہموز اسم مفعول کا صیغہ ہے، جس کے معنی ہیں۔ ہمزہ دیا ہوا۔ (فیوض عثمانی ۹۳)

☆...... معتل اسم فاعل کا صیغہ ہے اس کا معنی لغت میں بیمار ہے۔ (فیوض عثمانی)

☆...... جَیِّدٌ: یہ جَوَادٌ سے ہے، جو جِیَادٌ ہوا، اس کی اصل جَوَادٌ ہے بمعنی نیکو، یا جَیِّدٌ اصل میں جَیُوِدٌ تھا، سَیِّدٌ کے قاعدہ سے تعلیل ہوئی ہے۔ (فیوض عثمانی، ص:۱۳۵)

☆......تَارَةً: یہ اصل میں تَوْرَةٌ تھا اس کے معنی ہیں ایک بار۔ (فیوض عثمانی، ص:۲۱۳)

☆......اسمائے افعال کل نو ہیں ان میں چھ امر حاضر کے معنی میں ہیں اور تین بمعنی ماضی ہیں۔ ان میں "ھا" جو بمعنی خذ ہے یہ تین طرح استعمال ہوتا ہے لیکن زیادہ صحیح "ھاء" ہے جیسے: هَاؤُ مُ اقْرَءُوْا كِتَابِيَهْ. (کتاب النحو، ص:۴۷)

قاعدہ:...... مذکورہ نو اسمائے افعال کے علاوہ چند اور اسم بھی اسمائے افعال کے معنی دیتے ہیں جیسے: آمین، بمعنی استجب. مه بمعنی اکفف، صه. بمعنی اُسْكُتْ. فَقَط۔ بمعنی اکتف. الیک. اُبْعُدْعَنِّیْ. عَلَيَّ بِهٖ، جِئْ بِهٖ. هَاتِ. اَعْطِ. وغیرہ.

☆......ایک نحوی کا قول ہے کہ "ھات" یہ اصل میں "آتِ" ہے جو آتٰی یُؤْتِی سے ہے اور واحد، تثنیہ، جمع کے صیغے استعمال ہوتے ہیں: جیسے: هَاتِ، هَاتِيَا، هَاتُوْا جیسے: قُلْ هَاتُوْا بُرْهَانَكُمْ اِنْ كُنْتُمْ صَادِقِيْنَ. (کتاب النحو، ص:۴۷)

☆......جمہور نحوی "مذ و منذ" کو ترکیب میں مبتدا اور اس کے مابعد کو خبر کہتے ہیں۔ (کتاب النحو، ص:۵۱)

☆......لَيْسَ اصل میں لَيِسَ تھا، کثرت استعمال سے لَيْسَ ہو گیا ہے۔ ماضی کے علاوہ اس سے کوئی فعل استعمال نہیں ہوتا۔ (کتاب النحو، ص:۲۲)

بحث افعال مقاربہ

قاعدہ:۔ طَفِقَ، جَعَلَ، اَخَذَ بھی افعال مقاربہ ہیں اور یہ مضارع پر آتے ہیں جیسے: وَطَفِقَا يَخْصِفَانِ عَلَيْهِمَا مِنْ وَرَقِ الْجَنَّةِ. (کتاب النحو، ص:۲۳)

☆......امام ابن مالک نحویؒ نے تسہیل میں لکھا ہے کہ بعض افعال مقاربہ شروع کے معنی دینے کیلئے آتے ہیں جیسے: جَعَلَ طَفِقَ، اَخَذَ، عَلِقَ اَنْشَاَ، هَبَّ، قَامَ وغیرہ۔

(تیسیر النحو، ص:۱۶۵)

☆......افعال مقاربہ مشہور چار ہیں: کاد، کرب، أوشک، عسیٰ اور یہ حقیقت میں سات ہیں باقی تین یہ ہیں: (۱) جعل (۲) أخذ (۳) طفق اور یہ تینوں شروع کے معنی میں مستعمل ہوتے ہیں. (تخلیۃ الاسیر، ص: ۱۴۰، بدر منیر، ۹۸)

بحث افعال قلوب

☆......افعال قلوب کی چار قسمیں ہیں: (۱) وہ ہیں جو صرف یقین کیلئے آتے ہیں، جیسے: وَجَدَ، تَعَلَّمَ.

(۲) وہ ہیں جو صرف ظن ورجحان کیلئے آتے ہیں، اس کے پانچ فعل ہیں جیسے جَعَلَ، حَجَا، عَدَّ، زَعَمَ، هَبَ۔ (النحو الیسیر شرح نحو میر)

صلات افعال کا بیان

☆...... جب استویٰ فعل کا صلہ "إلـــی"" آتا ہے تو اس وقت "استـــویٰ" کا معنی ہوتا ہے متوجہ ہونا، جیسے: قَوْلُهُ تَعَالیٰ: ثُمَّ اسْتَویٰ اِلَی السَّمَاءِ۔ لیکن جب استویٰ فعل کا صلہ "علیٰ" آتا ہے تو استویٰ کا معنی قائم ہونا یا نظام سنبھالنا، یا نگرانی کرنا ہوتا ہے جیسے: قوله تعالیٰ: ثُمَّ اسْتَویٰ عَلَی الْعَرْشِ. یعنی پھر عرش پر قائم ہوا یا نظام سنبھالا۔ (القرآن)

☆......عربی میں رکب فعل کا صلہ "علی" بھی آتا ہے اور "من" بھی آتا ہے جیسے: لِتَرْكَبُوْا عَلَيْهَا اَوْ مِنْهَا. (معلم الانشا اول)

☆......قال کا صلہ لام آتا ہے اور سَمِعَ، سَأَلَ، دَخَلَ، سَكَنَ اور ظَلَمَ بغیر صلہ کے

استعمال ہوتے ہیں جیسے: قَوْلُهُ تعَالىٰ: وَإِذْ قَالَ رَبُّکَ لِلْمَلَائِکَةِ، قُلْتُ لِزَيْدٍ، وَقَوْلُهُ تَعَالىٰ: قَدْ سَمِعَ اللّٰهُ قَوْلَ الَّتِیْ، سَمِعْتُ زَيْدًا، إِنْ يَسْئَلْكُمُوْهَا، رَبَّنَا ظَلَمْنَا أَنْفُسَنَا، اُدْخُلُوا الْجَنَّةَ أَنْتُمْ وَأَزْوَاجُكُمْ تُحْبَرُوْنَ، اُسْكُنْ أَنْتَ وَ زَوْجُکَ الْجَنَّةَ. فُلَانٌ ظَلَمَ. (القرآن، معلم الانشاء اول)

☆ ...... علم کے بعد جو اَنْ ہے وہ درحقیقت اَن ناصبہ نہیں، بلکہ وہ دراصل اَنَّ تھا۔ جس کو ساکن کر کے مخفف بنادیا گیا، جیسے: عَلِمْتُ اَنْ سَيَقُوْمُ میں اَنْ دراصل اَنَّ ہی ہے جس طرح عِلم کے بعد اَنَّ. اَنْ مخففہ ہوتا ہے ایسا ہی دیگر صیغوں میں جو علم ویقین پر دلالت کرنے والے ہیں ان کا بھی یہی حکم ہے۔ مثلاً: رؤیت۔ وجدان، یقین، تبیین، تحقیق، انکشاف، ظہور اور شہادت کے بعد جو اَنْ واقع ہوگا وہ بھی مخففہ من المثقلہ ہے۔ (تیسیر النحو، ص: ۱۴۸)

اقسام فعل

فعل کی دو قسمیں ہیں متعدی ہوگا یا لازم:

(۱) اگر فعل ماضی ثلاثی مجرد متعدی ہو صناعت پر دال نہ ہو تو اس کا مصدر فَعْلٌ کے وزن پر ہوگا جیسے: اَخَذَ اَخْذًا، حَمِدَ حَمْدًا، فَتَحَ فَتْحًا چاہے مفتوح العین ہو یا مکسور العین ہو (۲) اگر فعل ماضی ثلاثی مجرد متعدی ہو اور اس میں صناعت کے معنی پائے جاتے ہوں تو اس کا مصدر فِعَالَةٌ کے وزن پر ہوگا جیسے: صَاغَ صِيَاغَةً خَاطَ خِيَاطَةً حَاکَ حِيَاکَةً.

فعل ثلاثی مجرد متعدی ہمیشہ مفتوح العین یا مکسور العین ہوگا، مضموم العین کبھی متعدی نہیں ہوتا بلکہ لازم ہوتا ہے جیسے: حَسُنَ، ظَرُفَ.

(۲) ......(الف) اگر فعل ماضی ثلاثی مجرد لازم ہو، مکسور العین ہو، لون اور رنگ پر دال نہ ہو اس میں حسی کوشش اور جہد کا دخل بھی نہ ہو۔ دوام اور ثبات پر بھی دلالت نہ کرتا ہو تو اس کا مصدر فَعَلٌ کے وزن پر ہوگا تَعِبَ تَعَبًا. جَزِعَ جَزَعاً. وَجِعَ وَجَعًا (ب) اگر لون ورنگ پر دلالت کر رہا ہو تو اس کا مصدر فُعْلَةٌ کے وزن پر ہوگا جیسے: سَمِرَ سُمْرَةً ، خَضِرَ خُضْرَةً. (ج) اگر حسی کوشش اور جہد پر دلالت کرتا ہے تو اس کا مصدر فُعُوْلٌ کے وزن پر ہوگا، جیسے: قَدِمَ قُدُوْمًا. صَعِدَ صُعُوْدًا لَصِقَ لُصُوْقًا۔ (د) اگر دوام اور ثبات پر دال ہو تو اس کا مصدر فُعُوْلَةٌ کے وزن پر ہوگا جیسے: يَبِسَ يُبُوْسَةً.

(۳) ......(الف) اگر فعل ماضی ثلاثی مجرد لازم ہو مفتوح العین اجوف نہ ہو انکار اور امتناع پر دال نہ ہو اور اس میں حرکت وتنقل کے معنی بھی نہ پائے جاتے ہوں۔ اسی طرح مرض، سیر، صوت اور حرفت وولایت پر دال نہ ہو تو اس کا مصدر فُعُوْلٌ کے وزن پر ہوگا جیسے: قَعَدَ قُعُوْدًا، رَكَعَ رُكُوْعاً (ب) اگر اجوف ہو تو اس کا مصدر فَعْلٌ کے وزن پر ہوگا جیسے: نَامَ نَوْمًا، صَامَ صَوْمًا یا فِعَالٌ کے وزن پر ہوگا جیسے: صَامَ صِيَاماً . قَامَ قِيَاماً (ج) اگر انکار وامتناع پر دال ہو تو اس کا مصدر فِعَالٌ کے وزن پر ہوگا جیسے: نَفَرَ نِفَارًا، شَرَدَ شِرَادًا، جَمَحَ جِمَاحًا . (د) اگر حرکت وتنقل پر دال ہو تو اس کا مصدر فَعَلَانٌ کے وزن پر ہوگا جیسے: طَافَ طَوَفَانًا، جَالَ جَوَلَانًا غَلَى غَلَيَانًا (ہ) اگر مرض پر دال ہو تو اس کا مصدر فُعَالٌ کے وزن پر ہوگا جیسے: سَعَلَ سُعَالًا. رَعَفَ رُعَافًا (و) اگر سیر پر دال ہو تو اس کا مصدر فَعِيْلٌ کے وزن پر ہوگا، جیسے: رَحَلَ رَحِيْلًا۔ (ز) اگر آواز کی کسی قسم پر دال ہو تو فَعِيْلٌ اور فُعَالٌ کے وزن پر ہوگا جیسے: صَرَخَ صَرِيْخًا صُرَاخًا. نَعَبَ نَعِيْبًا وَنُعَابًا (ح) اگر حرفت وولایت پر دال ہو تو مصدر فِعَالَةٌ کے وزن پر ہوگا جیسے: تَجَرَ تِجَارَةً.

(۴) ......(الف) اگر فعل ماضی ثلاثی مجرد لازم ہو، مضموم العین ہو تو اگر صفت مشبہ

فَعِيْلٌ کے وزن پر ہوتو مصدر فَعَالَةٌ کے وزن پر ہوگا، جیسے: مَلُحَ فهو مَلِيْحٌ مصدر مَلَاحَة، ظَرُفَ فهو ظَرِيْفٌ مصدر ظَرَافَة. (ب) اگر صفت مشبہ فَعْلٌ کے وزن پر ہوتو مصدر فُعُوْلَةٌ کے وزن پر ہوگا جیسے: سَهُلَ فهو سَهْلٌ مصدر سُهُوْلَة. عَذُبَ فهو عَذْبٌ مصدر عُذُوْبَة۔ (مقدمہ درس مقامات بتغیر)

کوئی فعل غیر عامل نہیں

☆...... جتنے بھی حروف ہیں وہ ان کی قسمیں ہیں: (۱) عاملہ (۲) غیر عاملہ۔ اسی طرح اسم کی بھی دو قسمیں ہیں (۱) اسماء عاملہ (۲) اسماء غیر عاملہ، لیکن فعل میں کوئی فعل ایسا نہیں ہے جو غیر عامل ہو، افعال سب کے سب عاملہ ہیں۔ چاہے معروف ہوں یا مجہول، چاہے تام ہوں یا ناقص یا مدح ہوں یا ذم۔ یا فعل تعجب ہو یا فعل غیر تعجب چاہے فعل مقاربہ ہو یا فعل غیر مقاربہ چاہے وہ فعل لازم ہو یا متعدی۔ یہ تمام افعال ضرور عمل کریں گے اور اسی طرف مصنفِ نحومیر نے "بدانکہ ہیچ فعل غیر عامل نیست" کہہ کر اشارہ کیا ہے۔

(ہدیہ صغیر، شرح نحومیر، ص:۸۵)

☆...... فعل تصییر: وہ فعل ہے جو ایک چیز کو اس کے اصلی حال سے پھیر دے، اور افعال تصییر یہ ہیں: صَيَّرَ، جَعَلَ، اتَّخَذَ، خَلَقَ، تَرَكَ. اور یہ دو اسموں پر داخل ہوتے ہیں، اور دونوں کو نصب دیتے ہیں۔ (تسہیل قواعد النحو، ص:۷۱)

☆...... تصییر اور صیرورت میں فرق: خاصیات ابواب میں یہ دونوں لفظ استعمال ہوتے ہیں، لیکن عام طور پر دونوں کے معنی میں اشتباہ پیدا ہو جاتا ہے۔ صاحب تذکرۃ العزیز لکھتے ہیں کہ صیرورۃ کے معنی ہیں: كَوْنُ الشيءِ صاحبَ الماخذِ. اور تصییر کے معنی ہیں: جعلُ الشيءِ صاحبَ الماخذ. (تذکرۃ العزیز، ص:۶۲)

☆...... معتل کی تین قسمیں ہیں: واوی، یائی، الفی۔ (اسعاد النحو، ۲۸)

☆...... معتل الفی کی مثال جیسے: یَرْضٰی، وَیَخْشٰی ہے اس کا رفع ضمہ تقدیری کے ساتھ، اور نصب فتحہ تقدیری کے ساتھ، جزم بحذف حرف علت ہوتا ہے، جیسے: زَیْدٌ یَرْضٰی، زَیْدٌ یَخْشٰی. وَزَیْدٌ لَنْ یَّرْضٰی وَلَنْ یَّخْشٰی، زَیْدٌ لَمْ یَرْضَ. (باقی تفصیل کیلئے، اسعاد النحو، ص: ۲۸، ۲۹)

بحث ''شبہ فعل''

☆...... تعریف شبہ فعل: شبہ فعل وہ اسم ہے جو فعل کے ساتھ مادہ اور معنی مصدری میں شریک ہو اور شبہ فعل کل سات ہیں: (۱) اسم فاعل (۲) اسم مفعول (۳) اسم ظرف (۴) اسم آلہ (۵) اسم تفضیل (۶) صفت مشبہ (۷) مصدر۔ اور اس میں پہلی چھ اقسام کو اسم مشتق بھی کہتے ہیں۔ (ہدیہ شبیر، شرح نحو میر، ص: ۱۱۷)

اقسام ''شبہ فعل''

☆...... کل اقسام شبہ فعل یہ ہیں اسم فاعل، صفت مشبہ، مصدر، اسم فعل، اسم تفضیل اور اسم ظرف۔ (ہدیہ صغیر، شرح نحو میر ص: ۸۹)

☆...... جملہ فعلیہ کا آخری جز ہمیشہ اسم ہوا کرتا ہے نہ فعل ہوسکتا ہے اور نہ حرف۔ (مصباح المنیر، ص: ۱۴)

بحث ثلاثیات

اوزانِ اسمِ جامد ثلاثی مجرد کتنے ہیں؟

☆...... اوزان اسم جامد ثلاثی مجرد: اسم جامد ثلاثی مجرد کے اوزان میں عقلی احتمالات

بارہ تھے ۔یعنی حرکتیں : فا کلمہ میں ضمہ ،فتحہ اور کسرہ ۔باقی سکون بوجہ ابتدا محال ہے اور عین کلمہ میں چار احتمالات :ضمہ ،فتحہ ، کسرہ اور سکون ۔لام کلمہ چونکہ محل اعراب ہے، لہذا اس کی حرکت کا اعتبار نہیں ۔تو فا کلمہ کے تین احتمالوں کو عین کلمہ کے چار احتمالوں سے ضرب دینے سے بارہ احتمالات بنتے ہیں ،مگر استعمال میں دس ہیں اور وہ یہ ہیں (۱) فَعْلٌ جیسے فَلْسٌ (۲) فَعَلٌ جیسے فَرَسٌ (۳) فَعِلٌ جیسے کَتِفٌ (۴) فَعُلٌ جیسے عَضُدٌ (۵) فِعْلٌ جیسے :حِبْرٌ (۶) فِعَلٌ جیسے عِنَبٌ (۷) فِعِلٌ جیسے اِبِلٌ (۸) فُعْلٌ جیسے قُفْلٌ (۹) فُعَلٌ جیسے :صُرَدٌ (کنجشک). (۱۰) فُعُلٌ جیسے عُنُقٌ اور دو احتمال بوجہ ثقل استعمال نہیں ہوتے ۔(الف) فُعِلٌ (ب) فِعُلٌ ہیں ۔(مزید تفصیل کیلئے، کنز النوادر، وارشاد الصرف دیکھئے)

☆......<u>اسم ثلاثی مجرد کے اوزان</u>:......اگر ایک حرف زائد ہو تو اس کی مثال :حِمَارٌ بروزن فِعَالٌ ۔اگر دو حرف زائد ہوں ،جیسے :سُلْطَانٌ بروزن فُعْلَانٌ ۔اگر تین حرف زائد ہوں اس کی مثال جیسے قَلَنْسُوَةٌ بروزن فَعَنْلُوَةٌ ہے۔اور اسم ثلاثی مجرد میں تین حرف اصلی اور چار حرف زائد کی اسماء جامد میں مثال ابتک نظر سے نہیں گزری ،البتہ اسم مصدر تین حرف اصلی اور چار زائد کی مثال جیسے اِسْتِخْرَاجٌ بروزن اِسْتِفْعَالٌ ہے۔

(کنز النوادر ،ص:۱۴)

☆......<u>اوزان اسم ثلاثی مجرد دس ہیں</u>: اسم ثلاثی مجرد کے دس اوزان ہیں :(۱) فَعْلٌ جیسے: فَلْسٌ (پیسہ)۔(۲) فُعْلٌ مثال: قُفْلٌ (تالہ)۔(۳) فِعْلٌ مثال: حِبْرٌ (سیاہی)۔(۴) فَعَلٌ جیسے :فَرَسٌ (گھوڑا)۔(۵) فَعُلٌ جیسے :عَضُدٌ (بازو)۔(۶) فَعِلٌ جیسے :کَتِفٌ (کندھا)۔ (۷) فِعَلٌ مثال :عِنَبٌ (انگور)۔(۸) فِعِلٌ جیسے :اِبِلٌ (اونٹ)۔(۹) فُعَلٌ جیسے :جُرَذٌ (چڑیا لٹو پرندہ)۔(۱۰) فُعُلٌ جیسے :عُنُقٌ (گردن).(اظہار الصدف ،ص:۲۹)

اوزانِ اسم جامد ثلاثی مزید فیہ کتنے ہیں؟

اوزانِ اسم جامد ثلاثی مزید فیہ:......ثلاثی مزید فیہ اسم جامد محققین کے نزدیک غیر محدود ہیں، صرف امام سیبویہؒ نے اس کے تین سو آٹھ وزن بتلائے ہیں۔ (کنز النوادر، ص:۱۵)

☆......اسم رباعی مجرد کے پانچ وزن ہیں: (۱) فَعْلَلٌ چوں جَعْفَرٌ (چھوٹی نہر، ندی، دودھ والی اونٹنی)۔ (۲) فِعْلِلٌ چوں زِبْرِجٌ (زینت، سونا، سرخ بادل)۔ (۳) فُعْلَلٌ چوں بُرْثُنٌ (شکاری جانوروں کا پنجہ)۔ (۴) فِعْلَلٌ چوں دِرْهَمٌ (ایک سکہ)۔ (۵) فِعَلٌّ چوں قِمَطْرٌ (کتاب رکھنے کا طاق، چھوٹے قد کا موٹا آدمی)۔ (اظہار الصدف، کنز النوادر، ص:۱۴)۔

اسم رباعی مجرد کی مثالیں:......اگر ایک حرف زائد ہو اس کی مثال: صُنْدُوْقٌ بروزن فُعْلُوْلٌ. اگر دو حرف زائد ہوں تو اس کی مثال عَنْكَبُوْتٌ بروزن فَعْلَلُوْتٌ۔ اگر تین حروف زائد ہوں تو اس کی مثال: عَبُوْثَرَانِ بروزن فَعُوْلَلَانِ ہے۔ (کنز النوادر، ص:۱۴)

☆......اسم خماسی مجرد کے چار اوزان ہیں: (۱) فَعَلَّلٌ چوں سَفَرْجَلٌ (بہی دانہ، ایک قسم کا میوہ)۔ (۲) فُعَلِّلٌ چوں قُذَعْمِلٌ (موٹا اونٹ)۔ (۳) فَعْلَلِلٌ چوں جَحْمَرِشٌ (بوڑھی عورت)۔ (۴) فِعْلَلٌّ چوں قِرْطَعْبٌ. (تھوڑی سی چیز)۔ (إظهار الصدف ص: ۲۹، ۳۰، وشرح علم الصيغه)

☆......اور اسم خماسی مزید فیہ کے پانچ وزن ہیں: (۱) فَعْلَلُوْلٌ چوں غَضْرَفُوْطٌ. (چلپاسہ، ایک چھوٹی قسم کا جانور)۔ (۲) فُعَلْلِيْلٌ چوں خُزَعْبِيْلٌ بمعنی باطل چیز یا ہنسانے والی باتیں۔ (۳) فِعْلَلُوْلٌ چوں قِرْطَبُوْسٌ بمعنی موٹی اونٹنی/ تیز رو اونٹنی۔ (۴) فَعَلَّلٰی چوں قَبَعْثَرٰی (موٹا یا بڑا اونٹ)۔ (۵) فَعْلَلِيْلٌ جیسے: خَنْدَرِيْسٌ.

(پرانی شراب)۔(إظهار الصدف، ص: ۳۰، تسہیل وتوضیحات، شرح علم الصیغہ)

ثلاثی، رباعی اور خماسی میں اول ضمہ کیوں؟

☆......ثُلاثِیُ یہ ثَلا ثَۃٌ کی طرف منسوب ہونے کی وجہ سے ثلاثی ہے ایسا ہی رُباعی کا حال ہے یہ اَرْبَعَۃٌ کی طرف منسوب ہے۔اور خُماسِیُ یہ خَمْسَۃٌ کی طرف منسوب ہے۔(کنز النوادر، ص:۸)

☆......ثُلاثِیُ: (بضم الثاء) یہ ثلاثۃ (بفتح ثاء) کی طرف منسوب ہے یعنی ثلاثۃ کی نسبت کی وجہ سے ثُلاثی ہو گیا۔

☆......رُبَـاعِیُ: (بضم الراء) یہ اربعۃ کی طرف منسوب ہے یعنی نسبت کی وجہ سے یہ رُباعی ہو گیا۔

☆......خُـمَـاسِیُ: (بضم الخاء) یہ خمسۃ کی طرف منسوب ہے اور نسبت کی وجہ سے یہ خُماسی ہو گیا۔(مزید تفصیل کیلئے دیکھئے، کنز النوادر في القوانين والمصادر، ص:۴)

☆......سوال: ثُلاثی، رباعی اور خماسی کی طرح سُداسی کیوں نہیں کہا؟

الجواب:۔(۱) ثقل سے بچنے کیلئے (۲) التباس سے بچنے کیلئے، کیونکہ کلمۂ صالح کی بناء میں کم سے کم تین حروف ہوتے ہیں، تو سُداسی کی صورت میں یا تو دو چھوٹے کلمے یا ایک بڑا کلمہ معلوم ہوگا، اسلئے سُداسی وغیرہ وضع نہیں کیا گیا۔(کنز النوادر، ص:۴)

سوال:......فعل متصرف تو دو ہیں، یعنی ثلاثی اور رباعی۔تو سوال یہ ہوتا ہے پھر واضعِ فعل نے خُماسی کیوں وضع نہیں کیا؟

جواب:...... اگر فعلِ خماسی وضع کیا جاتا تو جب ضمیر مرفوع متصل لاحق ہوتی تو وہی دو خرابیاں لازم آتیں، جو کہ اسمِ سُداسی کو وضع کرنے میں لازم آتی تھیں۔(کنز النوادر، ص:۴)

فعل رباعی:......جیسے بَعْثَرَ۔ اگر ایک حرف زائد ہو تو جیسے تَدَحْرَجَ بروزن تَفَعْلَلَ۔ اگر دو حرف زائد ہوں، جیسے: اِحْرَنْجَمَ بروزن اِفْعَنْلَلَ۔ (کنز النوادر، ص:۱۴)

افعال واسماء میں کتنے حروف کی گنجائش ہے؟

قاعدہ:......فعلوں میں حروف اصلی وزوائد ملکر کل چھ تک ہو سکتے ہیں اور اسموں میں سات تک کی گنجائش ہیں۔ (لیکن سات سے مراد ماسوائے تانیث و یائے نسبت اور یائے تصغیر کے ہیں اور علامت تثنیہ وجمع وغیرہ بھی ہیں، یعنی ان کے علاوہ سات حروف مراد ہیں۔ (کنز النوادر، ص:۷)

☆......سوال: باب افتعال میں تاء کے ساتھ ہمزہ بھی زائد ہے پھر اس کو علامت باب میں کیوں ذکر نہیں کیا؟

☆......الجواب: (۱) یہاں مصنف علم الصیغہ کا مقصود ابواب کی ایسی علامات بیان کرنا ہے کہ ان کے ذریعہ ہر باب باقی تمام ابواب سے ممتاز ہو جائے۔ (۲) دوسرا جواب یہ ہے کہ مصنفؒ کے بیان سابق سے یہ پہلے ہی معلوم ہو چکا ہے کہ ان ابواب کے شروع میں ہمزہ وصل زائدہ ہوتا ہے لہذا دوبارہ تصریح کی حاجت نہیں رہی۔ (حاشیہ ترجمہ علم الصیغہ ،ص:۴۰)

ہر مصدر سے کتنی چیزیں مشتق ہوتی ہیں؟

☆......ہر مصدر سے بارہ چیزوں کے اشتقاق کی بات صرف مبتدیوں کی سہولت کیلئے ہے ورنہ حقیقت یہ ہے کہ ثلاثی مجرد سے آٹھ چیزیں مشتق ہیں، تین فعل، پانچ اسماء۔ یعنی فعل ماضی، مضارع اور امر اور پانچ اسماء: اسم فاعل، اسم مفعول، اسم ظرف، اسم آلہ اور اسم تفضیل۔ اور غیر ثلاثی مجرد سے چھ چیزیں مشتق ہیں، تین فعل یعنی ماضی، مضارع

اورامر اور تین اسماء یعنی اسم فاعل، اسم مفعول اور اسم ظرف۔ (کنز النوادر، ص:۲۲)

☆...... جو مصدر فَعْلٌ کے وزن پر ہو اس کے فاء کلمہ کا واؤ حذف ہو جاتا ہے اور عین کلمہ کو کسرہ دیکر آخر میں تاء بڑھا دیتے ہیں۔ مگر مضارع مفتوح العین کے مصدر میں کبھی فتحہ بھی دیتے ہیں جیسے: عِدَةٌ، زِنَةٌ، سَعَةٌ یہ اصل میں وَعْدٌ وَزْنٌ اور وَسْعٌ ہے۔ (ترجمہ علم الصیغہ، ص:۵۸)

☆...... تفعیل فعَّلَ کا مصدر ہے جیسے قبَّل تقبیلاً. اور مصدر تفعیل، تفعلة کے وزن پر بھی آتا ہے مگر کم جیسے: وسَّع توسعةً، قدّم تقدمةً۔ اگر مہموز اللام ہو تو تفعلة کے وزن پر زیادہ آتا ہے اور تفعیل کے وزن پر کم آتا ہے، جیسے: نبَّاء تنبئة وطَّأ توطئةً، هنَّأ تهنئة. اور اگر ناقص ہو تو صرف تفعلة کے وزن پر آئے گا جیسے: حلّی تحلیة، زکّی تزکیة۔ اور اگر اجوف ہو تو صرف تفعیل کے وزن پر آئے گا جیسے قوَّمَ تقویما، سوَّدَ تَسْوِیْدًا۔ (مصباح اللغات، ص:۷)

☆...... باب مفاعلہ کا مصدر فِعَالٌ وَمُفَاعَلَةٌ کے وزن پر بھی آتا ہے لیکن جن مادوں (مواد) میں فاء کلمہ یاء ہو وہاں مفاعلہ کا وزن متعین ہے جیسے: یَاسَرَ مُیَاسَرَةً، یَامَنَ سے مُیَامَنَةً، اور یَاوَمَ سے مُیَاوَمَةً اور یِوَامًا شاذ ہے۔ (مصباح اللغات، ص:۷)

☆...... باب افعال کا مصدر افعال کے وزن پر آتا ہے جیسے اَکْرَمَ سے اِکْرَامًا لیکن اگر عین کلمہ میں حرف علت ہو تو اس کی حرکت ماقبل کو نقل کر کے الف سے بدل دیتے ہیں۔ دو الف کے جمع ہونے کی وجہ سے ایک کو حذف کر دیتے ہیں اور اس کے عوض میں آخر میں تاء بڑھا دیتے ہیں جیسے: اَمَاتَ سے اِمَاتَةً، اَغَاثَ سے اِغَاثَةً اور اَشَارَ سے اِشَارَةً وغیرہ. (مصباح اللغات، ص:۷)

☆...... باب تفعّل کا مصدر تفعّل ہے اور تفاعل کا مصدر بھی تفاعل کے وزن پر آتا ہے

لیکن ان دونوں میں جب لام کلمہ حرف علت ہوتو یاء سے بدل کر ماقبل کو کسرہ دیتے ہیں جیسے تأنّٰی سے تأنیا، تقاضٰی سے تقاضیًا. (مصباح، ص: ۷)

☆...... باب استفعال کا مصدر استفعال کے وزن پر آتا ہے لیکن اگر عین کلمہ حرف علت ہوتو الف سے بدل کر حذف کر دیتے ہیں اور آخر میں تاء بڑھا دیتے ہیں جیسے اِسْتَقَامَ سے اِسْتِقَامَةٌ ہے۔ (مصباح اللغات، ص: ۷)

واحد کی تین قسمیں

☆...... جاننا چاہئے کہ واحد کی تین قسمیں ہیں: (۱) حقیقی: جو لفظاً و معنیً دونوں اعتبار سے واحد ہو، جیسے: رجل اس کی جمع رجالٌ آتی ہے۔ (۲) واحد صوری: جو صرف لفظاً واحد ہو نہ کہ معنیً، جیسے: قَوْمٌ (۳) واحد معنوی، جو صرف معنیً واحد ہو نہ کہ لفظاً، جیسے: عِشْرُوْنَ۔ تثنیہ اور جمع کی بھی اسی طرح تین تین قسمیں ہیں۔ (دیکھئے، مآرب الطلبہ ص: ۵، ۱۰۴)

☆...... باب فعلل کا مصدر فَعْلَلَةٌ اور فِعْلَالٌ ہے جیسے دَحْرَجَ سے دَحْرَجَةٌ و دِحْرَاجًا ہے۔ دوسرا وزن صرف مضاعف ہونے کی صورت میں قیاسی ہے ورنہ سماعی ہے جیسے: وَسْوَسَ سے وَسْوَسَةٌ و وِسْوَاسًا ہے۔ (مقدمہ مصباح، ص: ۷)

☆...... اگر عدد معدود میں سے عدد مقدم ہو تو وہاں ترکیب اضافی ہوگی، جیسے: ثَلٰثَةُ اَقْسَامٍ۔ اور اگر عدد مؤخر ہو تو مرکب توصیفی ہوگا، جیسے: فُصُوْلٌ ثَلٰثَةٌ۔ (مولانا سلطان احمدؒ مفتی اعظم ارکان۔ ناقل مفتی علی احمد قاسمی صاحب)

لامشبہ بلیس تین جگہ عمل نہیں کرتا

☆...... یاد رہے کہ تین جگہ میں لامشبہ بلیس عمل نہیں کرتا، بلکہ عمل باطل ہو جاتا

ہے: (ا) اگر لا کی خبر، لا کے اسم پر مقدم ہو جبکہ ظرف نہ ہو، جیسے: لَاقَـائِـمٌ زَیْدٌ۔ (۲) اگر لا۔ کے بعد اِلَّا استثنائیہ ہو، جیسے: لَازَیْـدٌ اِلَّاقَـائِمٌ۔ (۳) اگر لا کے اسم وخبر دونوں معرفہ ہو، جیسے: لَازَیْدٌ اَفْضَلُ مِنْکَ.

چھ جگہ مابمعنی لیس کا عمل باطل ہوجاتا ہے

☆......اسی طرح چھ جگہ میں مابمعنی لیس کا عمل باطل ہوجاتا ہے؛ (الف) اگر شروع میں اِنْ نافیہ داخل ہو، جیسے: اِنْ مَازَیْدٌ قَائِمٌ (ب) اگر ما کا تکرار ہو، جیسے: مَامَا زَیْدٌ قَائِمٌ (ج) اگر ما کی خبر سے مثبت بدل واقع ہو، جیسے: مَـازَیْـدٌ بِشَیْءٍ اِلَّاقَائِمٌ (د) اگر ما کے بعد اِلَّا استثنائیہ ہو، جیسے: مَازَیْدٌ اِلَّا قَائِمٌ (ھ) اگر ما کی خبر، ما کے اسم پر مقدم ہو، جیسے: مَـاقَـائِمٌ زَیْدٌ (و) اگر ما کا معمول خبر ما کے اسم پر مقدم ہو، جیسے: مَاطَعَامُکَ زَیْدًا کِلٌ أي اٰکِلٌ طَعَامَکَ۔ (مآرب الطلبہ، ص:۵۶)

☆......جو اسم مؤنث کا علم ہو اس کی جمع بھی الف تاء کے ساتھ آئے گی جیسے: زَیْـنَـبُ کی جمع زینبات اور مریم کی جمع مریمات ہے۔

☆......اسی طرح ہر وہ مصدر جو تین سے زائد حرف رکھتا ہو، اس کی جمع بھی الف تاء کے ساتھ آئے گی، جیسے: تعریف کی جمع تعریفات امتیاز کی جمع امتیازات، اور اختیار کی جمع اختیارات۔ (یہ جمع سالم کی قسمیں ہیں)

☆......ہر وہ اسم جس کے آخر میں الف تانیث (مقصورہ یا ممدودہ) ہو اس کی جمع بھی الف تاء کے ساتھ آئے گی، جیسے: صحراء کی جمع صحراوات، حمی کی جمع حمیات۔

☆......یاد رہے کہ اسم جمع اور شبہ جمع کی جمع بھی آسکتی ہے، جیسے: قَوْمٌ کی جمع اَقْوَامٌ،

جَیْشٌ کی جمع جُیُوْشٌ، ثوب کی جمع اثواب، وغیرہ۔ (مقدمات علوم درسیہ)

☆......لِزَیْدًا: یہاں لام حرف جار نہیں بلکہ وہ صیغہ امر ہے بروزن "قِ" ولایۃ (مصدر) سے ہے، اور لفظ زید اس کا مفعول بہ ہے، تو معنی ہوا کہ اے مخاطب! تو زید کا متولی بن جا۔ (فرائد منثورہ در تحقیقات کلمات مستورہ: ۴۶)

☆......واضح ہو کہ مشہور قاعدہ ہے: کُلُّ جَمْعٍ فِيْ حُکْمِ التَّانِیْثِ (ہر جمع مؤنث کے حکم میں ہوتی ہے) مگر یہ مخفی نہ رہے کہ ہر وہ جمع جس کے حرف اس کے واحد سے کم ہوں، جیسے: نفح نفحة سے، کتب کتاب سے، ھکذا حِکَم، عِلَل، مِلَل، اُمَم، سُنَن، رُسُل وغیرھا. تو اس قسم کی جمع میں تذکیر لانا بھی جائز ہے، مثال، قَالَ تَعَالیٰ: ﴿یُحَرِّفُوْنَ الْکَلِمَ عَنْ مَّوَاضِعِہٖ﴾. (مآرب الطلبہ، ص: ۹۲)

عربی کلام میں "ن" کی آٹھ قسمیں ہیں

عربی کلام میں نون کی آٹھ قسمیں ہیں (۱) نون اعرابی (۲) نون جمع (۳) نون وقایہ جیسے: جَاءَ نِیْ زَیْدٌ (۴) نون تنوین، جیسے: اَصَابَنْ (۵) نون اصلی جیسے: نَصَرَ میں (۶) نون علامتِ مضارع جیسے نفعل میں (۷) نون ثقیلہ جیسے: لیفعلنَّ (۸) نون خفیفہ جیسے لیفعلنْ۔ (مآرب الطلبہ ص: ۸۸/۸۷)

نونِ اعرابی اور نونِ جمع کا فرق

خوب یاد رکھیں کہ فعل مضارع میں دو قسم کا نون داخل ہوتا ہے (۱) نون جمع (۲) نون اعرابی۔ اب نون جمع اور نون اعرابی کے اندر پانچ اعتبار سے فرق بیان کیا جاتا ہے (۱) نون جمع ہمیشہ مفتوح ہوتا ہے اور نون اعرابی مفتوح و مکسور دونوں ہوگا

(ب) نون جمع مبنی ہے اور نون اعرابی معرب ہے (ج) نون اعرابی محذوف ہوسکتا ہے بخلاف نون جمع کے (د) نون اعرابی سے پہلے حرف علت کا ہونا ضروری ہے بخلاف نون جمع کے (ھ) نون جمع ضمیر اور علامت ہوسکتا ہے، بخلاف نون اعرابی کے۔

(الفاظ مترادفہ کے درمیان فرق)

علاماتِ تانیث صرفیوں کے نزدیک آٹھ ہیں

☆......علاماتِ تانیث صرفیوں کے نزدیک آٹھ ہیں: چار فعل میں: (۱) تاء ساکنہ جیسے: ضَرَبَتْ (۲) نون مفتوحہ جیسے ضَرَبْنَ (۳) تاء متحرکہ مکسورہ جیسے: ضَرَبْتِ (۴) یاء ساکنہ جیسے: تَضْرِبِیْنَ۔ اور اسم میں چار علامات یہ ہیں: (۱) الف مقصورہ زائدہ جیسے: حُبْلٰی (۲) الف ممدودہ جیسے حَمْرَاءُ (۳) تاء متحرکہ جیسے ضَارِبَةٌ (۴) تاء مقدرہ جیسے اَرْضٌ کہ اصل میں اَرْضَةٌ تھا۔ (کنز النوادر: ۳۲، وشافیہ)

☆......اِمالہ کہتے ہیں الف کو یاء کی بو دے کر پڑھنا، نہ مکمل یاء ادا ہو بلکہ درمیان میں ہی رہے اور فتحہٴ ماقبل کو کسرہ کی طرح پڑھنا۔ نہ مکمل فتحہ پڑھا جائے نہ مکمل کسرہ، اس طرح کی ادائیگی کیلئے قراء حضرات کی جوتیاں سیدھی کرنی ہوں گی۔ اور مبنیات کے ان چھ کلموں میں امالہ ہوسکتا ہے جبکہ یہ کسی کے نام ہوں: مَتٰی، اَنّٰی، ذَا. یہ تین اسم ہیں۔ اور بَلٰی، یَا اور لَا یہ تین حرف ہیں۔ (کنز النوادر: ۳۲)

☆......وزن تین قسم کے ہوتے ہیں (۱) صرفی (۲) صوری (۳) عروضی۔ اور صرفی وہ ہے جس میں تعداد حروف، سکنات، اصل اور زائد کا اعتبار ہو یعنی حروف اصلیہ کا مقابلہ اصلیہ سے ہو۔ زائدہ کا مقابل زائدہ سے۔ اور حرکت کا مقابلہ حرکت سے ہو، اور ساکن کا مقابلہ ساکن سے ہو، جیسے: شَرَائِفُ بروزن فَعَائِلُ۔ اور وزن صوری وہ

ہے جس میں تعداد حروف، حرکات اور سکنات کا اعتبار ہو، اصل وزائد کا اعتبار نہ ہو، جیسے: شَرَائِفُ بروزن مَفَاعِلُ۔ اوروزن عروضی وہ ہے جس میں تعداد حروف کا اعتبار ہو، ساکن مقابل ساکن ہو، متحرک مقابل متحرک ہو، لیکن بعینہ وہی حرکت نہ ہو جو موزون میں ہے، جیسے: شَرِيْفٌ بروزن فَعُوْلٌ۔ (کنز النوادر، ص:۴۲)

☆......اَيْضًا: شرح تہذیب میں ہے "وَاَيْضًا اِنِ اتَّحَدَ مَعْنَاهُ" لفظ "ایضًا" یہ مختار قول کے مطابق باب ضرب سے ہے بمعنی رَجَعَ رَجْعًا ہے۔ اور "اَيْضًا" یہ آضَ فعل مقدر سے مفعول مطلق ہونے کی بناء پر منصوب ہے یعنی آض ایضًا ۔ یا اس فعل مقدر کی ضمیر مستتر سے حال ہے یعنی آضَ اَيْضًا بمعنی رَجَعَ حَالَ كَوْنِهٖ رَاجِعًا۔ (علمی جواہر پارے، ص:۱۰)

خاصیات ابواب

خاصیات، خاصیت کی جمع ہے۔ بمعنی خاص ہونا۔ جو مصدر مبنی للفاعل ہے، جیسے: ضاربیت وفاعلیت. اور خاصہ وخاصیت کے معنی، اصطلاح اہل صرف میں معانی ابواب ہیں۔ اور معانی ابواب سے مراد صرف نفس ابواب نہیں ہے بلکہ وہ معانی ہیں جو معانی ابواب کو لازم ہیں۔ اور شروع کے تین باب اکثر خصائص میں برابر ہیں یعنی تینوں بابوں میں ہر ایک زیادتی معنی میں برابر ہے، جس طرح باب نصر کے معنی کثیر آتے ہیں اسی طرح باب ضرب وسمع کے معنی بھی کثیر آتے ہیں، یا یہ تینوں باب اکثر معانی میں برابر ہیں یعنی جو معنی باب نصر میں آتا ہے وہ باب ضرب وسمع میں بھی آتا ہے۔ (فیوض عثمانی، ص:۶۷)

خاصیت باب نصر

باب نصر کے مصادر کے اوزان بہت زیادہ ہیں مگر جس مصدر کے عین کلمہ میں

واوی ہوگا وہ اکثر باب نصر سے آئے گا، جیسے: اَلْقَوْلُ، اَلدُّخُوْلُ وغیرہ، لیکن مغالبہ صرف باب نصر کا خاصہ ہے۔ اور مغالبہ کہتے ہیں دو شخصوں میں سے ایک کا غلبہ ظاہر کرنے کیلئے اس باب کو باب مفاعلت کے بعد لائیں، جیسے خَاصَمَنِیْ زَیْدٌ فَخَصَمْتُهٗ (زید نے مجھ سے جھگڑا کیا، میں جھگڑے میں اس پر غالب آیا) دوسری مثال فعل مضارع کی یُخَاصِمُنِیْ زَیْدٌ فَاَخْصِمُهٗ ہے۔ (زید اور میں باہم جھگڑتے ہیں، میں جھگڑے میں اس پر غالب آتا ہوں) اور ناقص واوی اور اجوف واوی بھی صحیح کی مانند باب نصر سے لائیں گے اگرچہ وہ دوسرے باب سے ہوں، جیسے: یُضَارِبُنِیْ زَیْدٌ فَاَضْرِبُهٗ (مجھ میں اور زید میں مار پٹائی ہوتی ہے مگر میں پٹائی میں غالب آتا ہوں)۔ اس باب کے دیگر چند مصادر جو مستعمل ہیں اَلْعِبَادَةُ: عبادت کرنا، پوجنا۔ اَلتَّرْکُ: چھوڑنا۔ اَلذَّبُّ: دور کرنا۔ اَلصَّبُّ: ڈالنا۔ اَلْمَدُّ: کھینچنا۔ اَلدُّعَاءُ وَ الدَّعْوَةُ: بلانا۔

(فیوض عثمانی، علم الصیغہ مترجم، علم الصرف آخرین اور مصباح اللغات)

خاصیت باب ضرب

جو مصادر رنگ وعیب اور زیور کے معنی میں ہوں وہ اکثر باب ضرب سے مستعمل ہوتے وقت فُعْلَةٌ بضم الفا اور سکون عین کے ساتھ مستعمل ہوتے ہیں، جیسے اُدْمَةٌ سُمْرَةٌ۔ دونوں کے معنی گیہوں کے رنگ کا ہونا۔ یہ دونوں باب ضرب سے مستعمل ہیں۔ اور اس باب کا خاصہ بھی مغالبہ ہے مگر جبکہ اجوف یائی ہو اور ناقص یائی ہو اور مغالبے کے بعد ذکر کریں جیسے بَایَعَنِیْ زَیْدٌ فَبِعْتُهٗ۔ (زید نے مجھ سے خرید وفروخت کی، میں اس سے خرید وفروخت میں بڑھ گیا)۔ اور بعض معتلات میں صیغہ مغالبہ کی بناء باب ضرب سے آتا ہے مگر مثال واجوف یائی یعنی جبکہ فعل مذکور مثال واوی ہو

یا یائی یا اجوف یائی ہو یا ناقص یائی ہو تو صرف ان چار صورتوں میں اظہار مغالبہ کیلئے فعل کو باب ضرب سے لایا جائے گا۔ اس کے علاوہ مزید چند مصادر یہ ہیں:۔ اَلظُّلْمُ: ظلم کرنا۔ اَلْفَصْلُ: جدا کرنا۔ اَلْوِقَایَةُ: حفاظت کرنا۔ اَلْمَجِیْئُ: آنا۔ اَلْاِتْیَانُ: آنا۔ اَلْغُفْرَانُ: مغفرت کرنا۔ اَلْاَیْدُ: قوی ہونا۔ اَلْاَیُّ: جائے پناہ گرفتن۔ اَلْوَأْدُ: زندہ در گور کرنا۔ اَلْفِرَارُ: بھاگنا۔ (توضیحات، ص:۳۱، المصباح، علم الصرف آخرین، فیوض عثمانی)

خاصیتِ باب سمع

اسکے اکثر مصادر بیماری، رنج، خوشی، رنگ، عیب اور درد اور صورت جسمانی پر دلالت کرتے ہیں اور ان صفات کے الفاظ زیادہ تر اسی باب سے آتے ہیں، جیسے: سَقِمَ، مَرِضَ، حَزِنَ، فَزِعَ، کَدِرَ، عَوِرَ، بَلِجَ اور لون وعیب کے معنی میں ہونے والے الفاظ بھی اس باب سے زیادہ آتے ہیں اور یہ باب زیادہ تر لازم استعمال ہوتا ہے، متعدی کم، چند مزید مصادر یہ ہیں۔ اَلرِّضْوَانُ وَالرِّضیٰ: خوش ہونا۔ اَلشُّرْبُ: پینا۔ اَلطَّیُّ: لپٹنا۔ اَلْمَسُّ: چھونا۔ اَلْخَشْیَةُ: ڈرنا۔ اَلْوُسْعُ وَالسَّعَةُ: گنجائش رکھنا۔ اور ان تینوں ابواب یعنی نصر، ضرب اور سمع کو اصولِ ابواب کہتے ہیں۔ کیونکہ ان تینوں ابواب میں ماضی اور مضارع دونوں کا عین کلمہ مختلف ہوتا ہے اور بقیہ ثلاثی مجرد کے تین بابوں میں ماضی، مضارع کا عین کلمہ متفق ہوتا ہے لہذا ان تینوں کو فروعِ ابواب کہتے ہیں۔

یا دوسری وجہ یہ ہے کہ اختلافِ معنی کے وقت اختلافِ حرکات کا ہونا ہی اصل ہے اور یہ ان تینوں بابوں میں پایا جاتا ہے، اس واسطے ان تینوں بابوں کے ماضی اور مضارع کے معنوں میں اختلاف ہے۔ اسی طرح ان میں عین ماضی کی حرکت، عین مضارع کے خلاف ہے۔ بخلاف باقی تین بابوں کے، کہ ان میں یہ بات پائی نہیں

جاتی۔ اسلئے پہلے تین باب اصل الابواب ٹھہرے، باقی فرع۔

تیسری وجہ یہ ہے کہ باب فتح کے ماضی نصر یا ضرب سے متولد ہے اور اس کا مضارع سمع سے ہے۔ اور باب حسب کا ماضی سمع کا ماضی سے متولد ہے، اس کا مضارع باب ضرب کے مضارع سے ہے۔ اور کرم کا مضارع نصر کے مضارع سے متولد ہے، مگر اس کا ماضی کسی سے متولد نہیں، مگر اکثریت کے تابع کر کے اس کو "للاکثر حکم الکل" کر دیا گیا ہے۔ (توضیحات، ص:۳۱، فیوض عثمانی، ص:۶۷)

خواصِ باب فتح

اس باب سے جو مصادر آتے ہیں ان کے عین و لام کلمہ میں حروف حلق میں سے کوئی حرف ہوتا ہے بشرطیکہ وہ کلمات صحیح ہوں، جیسے: مَنَعَ، سَلَخَ، جَحَدَ، نَهَضَ وغیرہ ورنہ ابیٰ یابیٰ بھی تو باب فتح سے ہے، مگر صحیح کلمات سے نہیں ہے اور یہ مہموز کے قبیل سے بھی نہیں ہے، کیونکہ جو کلمہ مہموز ہوتا ہے اس کے باب فتح سے مستعمل ہوتے وقت عین کلمہ یا لام کلمہ میں حرف حلقی ہونا ضروری ہے اور جتنے بھی صحیح کلمات کہ اُن کے عین یا لام کلمہ میں حرف حلقی ہو، وہ سب باب فتح سے مستعمل ہوتے ہیں ورنہ نہیں۔ اور مزید یہ مصادر بھی ہیں۔ اَلرِّهْنُ: گروی رکھنا۔ اَلرُّؤْيَةُ: دیکھنا۔ اَلرِّعَايَةُ حفاظت کرنا اور بعض مصنفینؒ نے باب فتح کی شرط میں یہ لکھ کر کہ کلمات صحیحہ کی قید بڑھا کر شذوذ کا قائل ہونے سے بچنے کی کوشش کی ہے، پس ان کے یہاں "ابیٰ یأبیٰ" جو باب فتح سے مستعمل ہے اعتراض وارد نہیں ہوگا، کیونکہ ابیٰ یأبیٰ مہموز کے قبیل سے نہیں ہے۔ اور جو کلمات مہموز ہوں ان کے باب فتح سے مستعمل ہوتے وقت عین یا لام کلمہ میں حرف حلقی کا ہونا ضروری نہیں ہے۔ اور جتنے کلمات صحیحہ کے عین کلمہ یا

لام کلمہ میں حرف حلقی ہوتا ہے اس کا باب فتح سے ہونا ضروری اور ان کے عین یا لام کلمہ میں کوئی نہ کوئی حرفِ حلقی ضروری ہے۔

مولانا مفتی محمد رفیع عثمانی صاحب دام ظلہم لکھتے ہیں کہ وہ الفاظ جو معتل یا مضاعف ہوں تو وہ بھی باب فتح سے آتے ہیں، جیسے: اَبٰی یَأ بٰی ،عَضَّ یَعَضُّ وغیرہ اور جو کلمہ صرف صحیح ہو تو وہ صرف باب فتح سے آتا ہے، یہ بھی قاعدہ اکثری ہے ورنہ بعض الفاظ صحیح بھی ہیں اور عین کلمہ یا لام کلمہ میں حرف حلقی بھی ہے مگر وہ پھر بھی باب فتح سے مستعمل نہیں ہے جیسے: سَمِعَ یَسْمَعُ اور بَخِلَ یَبْخَلُ۔(توضیحات،ص:۳۰،۳۱،حاشیہ ترجمہ علم الصیغہ :۳۸،فیوض عثمانی)

بابِ کرُم کے خواص

یہ باب اکثر لازم آتا ہے۔اول: اس کا خاصہ ہے کہ اس کے مادہ کا مدلول یا تو اس صفت سے ہوگا کہ جس میں موصوف کی پیدائش وخلقت حقیقۃً ہوئی ہو اور کسی کسب سے نہ حاصل ہوئی ہو یعنی حسن ذاتی ہو یا قبح ذاتی ہو۔دوم: یا حکمًا ہو یعنی اس کے مادہ کا مدلول اس صفت سے ہوگا جس پر موصوف کی خلقت تو نہ ہوئی ہو لیکن وہ خلقی کے حکم میں ہو، کیونکہ بار بار تجربہ اور مشق سے وہ موصوف کی ذات میں امر خلقی کی طرح متمکن اور لازم ہوگئی ہو، جیسے: فَقُهَ فَقَاهَةً۔پس فقاہت اگر چہ صفت خلقیہ سے نہیں ہے لیکن وہ تمدن وتمکن کے بعد بمنزلہ امر ذاتی کے لازم اور غیر منفک ہوجاتی ہے۔
سوم: اس کے مادہ کا مدلول اس صفت سے ہوگا جو صفت خلقیہ کے ساتھ کسی امر میں مشابہ ہے یعنی وہ صفت ایسی ہو کہ نہ تو موصوف کی خلقت اس پر ہوئی ہو اور نہ وہ کسی شخص میں لازمی اور دائمی رہنے والی ہو بلکہ وہ صفت خلقیہ کے ساتھ کسی امر میں مشابہ ہو جیسے حسن عارضی اور قبح عارضی جیسے تزئین وتغیر صورت۔اگر چہ یہ عارضی ہے لیکن وہ

حسن ذاتی وقبح کے ساتھ مشابہت رکھتے ہیں، مثلاً: جنابت اگرچہ عارضی ہے لیکن وہ نجاست ذاتی کے ساتھ مشابہت رکھتی ہے۔پس یہ تین اقسام ہوئیں، اول کی مثال: حَسُنَ، صَغُرَ، کَبُرَ۔دوم کی مثال: فَقُهَ اورسوم کی مثال: جَنُبَ وَطَهُرَ ہے۔چونکہ اس باب سے اکثر وہ الفاظ استعمال ہوتے ہیں جو فطری اور لازمی صفات پر مستعمل ہوں لہذا اس باب سے مجہول ومفعول نہیں آتے، مگر جس وقت فعلِ لازم کو حرف جر کے ذریعہ سے متعدی بناتے ہیں اس وقت اس سے مجہول ومفعول دونوں آتے ہیں جیسے: کُرِمَ بِهٖ، مَکْرُوْمٌ بِهٖ وغیرہ۔اور باب کرم کے چند مصادر یہ ہیں۔ اَللُّطْفُ وَ اللَّطَافَةُ: پاکیزہ ہونا۔اَلْوَسْمُ: خوبصورت ہونا۔اَلرِّخْوَةُ: نرم ہونا۔اَلْیُمْنُ: بابرکت ہونا۔(توضیحات، ص:۳۲، علم الصرف آخرین، فیوض عثمانی، المصباح)

خاصیت حسِب تحسب

اس باب سے یَحْسَبُ (بفتح عین) پڑھنا قراۃ متواترہ ہے اور بکسر عین یَحْسِبُ پڑھنا یہ قراۃ غیر متواترہ ہے۔اور وہ کلمات جن کے حروف اصلیہ میں حرف ہمزہ اور ایک جنس کے دو حرف نہیں، ویسے کلمات صرف حَسِبَ یَحْسِبُ سے ہی مستعمل ہیں۔اور جن کلمات کے صرف فاکلمہ یا فا اور لام کلمہ دونوں میں حرف علت ہے ویسے کلمات سے مندرجہ ذیل کلمات باب حسب سے مستعمل ہیں۔

وَبِقَ	وَمِقَ	وَفِقَ	وَثِقَ	وَرِثَ	وَرِعَ
ہلاک ہوا	دوستی رکھی	سزاوار ہوا	مضبوط ہوا	ترکہ پایا	پرہیزگار ہوا
وَرِمَ	وَرِیَ	وَلِیَ	وَغِرَ	وَحِرَ	وَلِهَ
پھولا	آگ نکلا	نزدیک ہوا	کینہ رکھا	کینہ رکھا	حیران ہوا

وَهِلَ	وَعِمَ	وَطِیَ	وَجِدَ	بَئِسَ	وَبِطَ
کمزور ہوا	کسی کیلئے دعا کی	روندا	پایا	حاجتمند ہوا	ضعیف ہوا
وَجِعَ	وَعِقَ	وَلِمَ	وَهِمَ	وَهِنَ	وَرِهَ
دردمند ہوا	بدخصلت ہوا	غمگین ہوا	غلطی کی	سست ہوا	کم عقل ہوا
وَهِیَ	وَلِغَ	وَقِهَ	عند بعض نَعِمَ	یہ کل ۳۰/۳۱ الفاظ ہیں۔	
دریدہ ہوا	کتے نے پانی پیا	فرمانبردار ہوا	نعمت والا ہوا	(توضیحات،ص:۳۳)	

چند مشکل صیغے

☆......رَسَائِلُ : یہ جمع ہے رِسَالَۃٌ کی۔ جب اس کی جمع مَفَاعِلٌ کے وزن پر بنائی تو پہلے دونوں کو فتح دیکر تیسری جگہ جمع کا الف بڑھایا، پس رسالہ کا الف، مدہ زائدہ مفاعل کے الف جمع کے بعد پڑا۔ اور وہ بقاعدہ (جو واؤ زائدہ اور یا زائدہ اور الف زائدہ، مفاعلُ کے وزن میں بعد الف واقع ہو وہ تینوں الف مفاعل کے بعد ہمزہ ہو جاتے ہیں، علم الصیغہ مترجم:۶۴، توضیحات:۶۷ کی بناء پر ہمزہ ہو گیا۔ اور آخر میں ''تاء''، جو علامت مفرد تھی محذوف ہو گئی۔ اور الف کی مثال تھی۔ (فیوض عثمانی،ص:۱۳۶)

☆......لَاتَکُ: یہ صیغہ نہی حاضر معروف واحد مذکر ہے، اصل میں ''لَاتَکُوْنُ'' تھا آخر سے واؤ ونون حذف ہو گئے یعنی نون لائے نہی کی وجہ سے ساکن ہو کہ اجتماع ساکنین سے اوّلا واؤ حذف ہو گئی پھر نون بوجہ مشابہت حرف علت حذف ہو گیا تو ''لَاتَکُ'' ہوا۔ (دفع رنج شرح پنج گنج،ص:۱۴۲)

☆......اَرِنَا: یہ باب افعال سے صیغہ واحد مذکر حاضر ہے، اصل میں ''اَرْئِیْنَا'' تھا

حرکت ہمزہ ماقبل میں نقل ہو کے ہمزہ حذف ہو گیا ہے پھر وقف کی وجہ سے یا حذف ہوئی تو "اَرِنَا" ہوا اور آخر میں مفعول کی ضمیر "نا" لاحق ہوئی ہے۔ (زبدۃ تشہیذ، ص:۱۳۹)

☆...... یُوْسُفُ: یہ امر کے صیغہ واحد مذکر حاضر کے ساتھ منادیٰ مرخم ہے اصل میں یا یُوْسُفُ اَوْفِیْ تھا۔ صیغہ امر کے آخر سے حرف علت "یاء" حذف ہوگئی اور مضارع کی موافقت کیلئے واؤ حذف ہوگئی اور ہمزہ وصل بھی ساقط ہو گیا پھر یا یوسف کے شروع سے حرف ندا اور ترخیم کیلئے آخر سے "فاء" حذف ہوگئی تو "یوسف" ہو گیا۔ (دفع رنج)

☆...... یَتَّقِ: یہ مضارع واحد مذکر غائب کا صیغہ ہے از باب افتعال مصدر اِتِّقَاءٌ ہے۔ بمعنی پرہیز کرنا۔ یہ اصل میں یَوْتَقِیُ تھا بروزن یَجْتَنِبُ. فا افتعال واؤ ہے لہذا اس کو تاء سے بدل کر تاء کو تاء میں ادغام کیا گیا اور آخر میں یاء حرف علت حذف ہوگئی تو یَتَّقِ ہو گیا، جیسے: مَنْ یَّتَّقِ اللّٰهَ یَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا الخ ۔اور اسی سے متقی ہے جو بعض کے نزدیک اسم مفعول کا صیغہ ہے بمعنی بچا ہوا۔ کیونکہ یہ بھی کسرہ اور تنوین سے بچا ہوا ہوتا ہے۔ ثلاثی مجرد وِقَایَةٌ باب ضرب سے ہے۔ (فیوض عثمانی، ص:۳۰)

☆...... لَنْ تَرَانِیْ: یہ باب فتح سے نفی تاکید بلن مستقبل معروف ہے۔ اصل میں "لَنْ تَرْاَیَنِیَ" تھا یاء وسط کو الف سے بدل دیا گیا پھر حرکت ہمزہ ماقبل میں نقل ہوگئی ہمزہ حذف ہو گیا، لَنْ تَرَانِیْ ہوا۔ (دفع رنج، ص:۱۳۹)

☆...... معتل عین کے تمام بابوں میں تعلیل اور تغییر زیادہ ہوتی ہے، مگر معتل عین کے صیغے جب باب تفعیل، تفعل، تفاعل اور مفاعلہ سے مستعمل ہوں تو تعلیل و تغییر نہیں ہوتی۔ (دفع رنج، شرح پنج گنج۔ ص:۱۲)

☆...... اجوف سے باب افعال کے مصدر اِفْعَلَةٌ کے وزن پر (جیسے اَقَامَ اِقَامَةً) اور باب استفعال سے اِسْتِفْعَلَةٌ کے وزن پر (جیسے اِسْتَقَامَ اِسْتِقَامَةً) جو آتے ہیں اور

یہ وزن خاص اجوف میں آتے ہیں۔ جس طرح فعل کا مصدر ثلاثی مجرد کا وزن خاص ناقص کیلئے ہے۔ (شرح علم الصیغہ، ص:۱۱۴)

☆...... اَنَّ مُخَفَّفه مِنَ الْمُثقَّلَه : یعنی وہ اَنْ جو اَنَّ کا مخفف ہے وہ ناصبِ فعل نہیں ہے اور اکثر اسم پر داخل ہوتا ہے۔ اور فعل پر داخل ہونے کی صورت میں فعل اور اسکے درمیان فاصلہ ہونا ضروری ہے، جیسے عَلِمَ اَنْ سَیَکُوْنُ ۔ یہاں اَنْ اور یَکُوْنُ، فعل کے درمیان "س" کا فاصلہ ہے۔ (ترجمہ علم الصیغہ، ص:۱۶)

☆...... دو ساکنوں کے درمیان واؤ متحرک ہونے کی صورت میں واؤ پر حرکت ثقیل نہیں ہوتی۔ (دفع رنج، ص:۱۴)

☆...... معتل عین میں لام کلمہ ساکن ہونے کی صورت میں عین کلمہ اجتماع ساکنین سے گر جاتا ہے۔ جیسے لَمْ یَقُلْ . (دفع رنج، ص:۲۰)

☆...... حرکت واؤ اور یاء ماقبل میں نقل کرنے کی سات شرائط ہیں۔ (۱) واؤ فا کلمہ میں نہ ہو، (۲) عین لفیف کے کلمہ میں نہ ہو، (۳) مدہ زائد سے پہلے نہ ہو، (۴) وہ کلمہ لون وعیب کے معنی میں نہ ہو، (۵) اسم تفضیل کا صیغہ افعل نہ ہو، (۶) وہ کلمہ ابواب ملحقہ سے نہ ہو، (۷) افعال تعجب سے نہ ہو۔ (دفع رنج، ص:۲۰).

☆...... جب نون تاکید خفیفہ پر وقف کیا جائے تو اس کو الف سے بدل دیتے ہیں جیسے: لَمْ تَضْبِرَا. اصل میں لَمْ تَضْبِرَنْ، تھا۔ (ظفر المحصلین، ص: ۲۶۵)

☆...... فعل امر ونہی کی تاکید بھی نون تاکید سے کی جاتی ہے جیسے: اِضربن، ولاتضربن.

(معلم الانشاء اول)

☆...... اگر جزا فعل ماضی، بغیر قد کے ہو تو اس میں "ف" کا لانا جائز نہیں ہے، جیسے: قولہ تعالیٰ: "وَمَنْ دَخَلَهٗ كَانَ آمِنًا "، "اِنْ اَكْرَمْتَنِیْ اَكْرَمْتُكَ" اگر جزا

فعل مضارع مثبت ہو یا منفی لا کے ساتھ ہوتو اس میں دونوں صورتیں جائز ہیں جیسے: اِنْ تَشْتِمْنِیْ لَا اَضْرِبُکَ. یہاں جزا منفی ہے، اگر دونوں فعل مضارع ہوتو جزا میں "ف" لانا جائز ہے۔اِنْ تَشْتِمْنِیْ فَلَا اَضْرِبُکَ ۔شرط وجزا فعل مضارع اور جزا منفی بلا ہو،تو "ف" کالانا جائز ہے،اسلئے یہاں مثال میں فاداخل کیا ہے۔(تیسیر النحو،ص:۱۵۱)

☆......اگر جزا مذکورہ دونوں قسموں میں سے کوئی بھی نہ ہو یعنی ماضی بغیر قد کے، اور مضارع مثبت یا منفی بلا میں سے کوئی نہ ہو،تو پھر اس صورت میں جزا کی چار صورتیں ہیں: (۱) جزا قد کے ساتھ ماضی ہو، جیسے: اِنْ یَسْرِقْ فَقَدْ سَرَقَ اَخٌ لَّهٗ مِنْ قَبْلُ اس جملہ میں فَقَدْ سَرَقَ، جزا ہے، فعل ماضی پر قد داخل ہے (۲) جزا فعل مضارع منفی بغیر لا ہو جیسے: وَمَنْ یَّبْتَغِ غَیْرَ الْاِسْلَامِ دِیْنًا فَلَنْ یُّقْبَلَ مِنْهُ، میں فَلَنْ یُّقْبَلَ جزا ہے۔مضارع منفی بغیر لا کے۔اس لئے "ف" کو داخل کیا گیا ہے۔(۳) جزا جملہ اسمیہ واقع ہو جیسے: قوله تعالیٰ: مَنْ جَاءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ عَشْرُ اَمْثَالِهَا میں جزا جملہ اسمیہ ہے اس لئے فا داخل کیا گیا ہے۔(۴) جزا جملہ انشائیہ ہو یا امر ہو، جیسے: قوله تعالیٰ: فَاتَّبِعُوْنِیْ. پھر جزا اگر نہی کا صیغہ ہوتو فا کالانا واجب ہے جیسے: فَلَا تَرْجِعُوْهُنَّ اِلَی الْكُفَّارِ. میں جزا نہی ہے۔کبھی کبھی جزا میں فا کی جگہ "اِذَا" اور جملہ اسمیہ کا استعمال ہوتا ہے، جیسے: اِذَا هُمْ یَقْنَطُوْنَ میں هُمْ یَقْنَطُوْنَ جزا ہے۔(تیسیر النحو شرح ہدایۃ النحو،ص:۱۵۲)

☆......واوَ، یاء متحرک ماقبل مفتوح ہونے کی صورت میں واوَ، یاء کو الف سے بدلنے کیلئے کل چودہ شرائط ہیں (۱) واوَ، یاء متحرک ہونا۔پس قَوْلٌ، بَیْعٌ میں تبدیل نہ ہوگا۔(۲) واوَ یاء کا ماقبل مفتوح ہونا۔پس قَاوِلٌ وبَایِعٌ میں نہیں بدلے گا۔(۳) جس کلمہ میں واوَ یاء متحرک ہے اس کلمہ کی واوَ یاء کو الف کے ساتھ بدلنے کے وقت کلمہ

کا مفرد کے ساتھ مل جانے کا خطرہ نہ ہونا۔ پس دَعْوَا اور رَمَیَا۔ میں واؤ یاء کو الف سے بدلا نہیں جائے گا۔ (۴) جس کلمہ میں واؤ و یاء متحرک ہے ماقبل مفتوح ہو اور اس کلمہ میں اس قسم کی تعلیل نہ ہوئی ہو، پس طَوىٰ، رَوىٰ میں واؤ کو الف سے بدلا نہیں جائے گا، کیونکہ پہلے ایک تعلیل ہو چکی ہے۔ (۵) واؤ یاء متحرک ماقبل مفتوح مصدر میں نہ ہونا، پس دَوَرَانٌ وَجَوَلَانٌ میں تبدیل نہ ہوگا۔ (۶) واؤ، یاء متحرک ماقبل مفتوح کا جمع میں نہ ہونا، پس حَوَکَۃٌ، شَوَکَۃٌ میں نہ بدلے گا۔ کیونکہ جمع ہیں (۷) جس لفظ میں یہ واؤ، یاء واقع ہوئے ہیں وہ لفظ اس لفظ کے معنیٰ میں نہ ہوگا جس لفظ میں واؤ اور یاء کو باقی رکھنا ضروری ہے، پس عَوِرَ، صَیِدَ، عَیِنَ کے واؤ، یاء کو الف سے نہیں بدلا گیا۔ (دفع رنج، ص:۱۸)

ابدال، تعلیل اور قلب میں فرق: یہ بات مخفی نہ رہے کہ مطلق ایک حرف کو دوسرے حرف کے ساتھ بدلنے کو صرفی اصطلاح میں تعلیل کہتے ہیں پھر اس کی دو قسمیں ہیں۔ (۱) قلب (۲) ابدال۔ پھر ان دونوں میں فرق اس قدر ہے کہ قلب حرف علت کو حرفِ علت کے ساتھ بدلنے کو کہتے ہیں جیسے قالَ، میزان، یوقن. وغیرہ، اور ابدال کہتے ہیں کہ ایک حرفِ صحیح کو دوسرے حرفِ صحیح کے ساتھ بدلنا جیسے: امّا، مهما وغیرهما. (مآرب الطلبہ، ص:۸۳)

☆ ......عَلِمَ اَنْ سَیَکُوْنُ مِنکُمْ مَرْضٰی: ترکیب، جب اَنْ کو مخفف کر دیا جائے گا اور اس کیلئے ضمیر شان کو محذوف قرار دیا جائے گا اور جملہ اَنْ کی خبر ہو تو ترکیب یہ ہوگی اَن مخففہ، ضمیر شان اس کا اسم اور سیکونُ جملہ ہو کر اس کی خبر ہوگی۔ (تیسیر النحو:۱۸۴)

☆ ......سوال:۔ اجتماع سہ نون "لَتَکُوْنَنَّ" میں ہے بلکہ چہار نون "یَمْنَنَّ" میں موجود ہے، مگر الف اس میں فاصل نہیں آیا، اس کی وجہ؟

جواب :۔ تین نون زائد کا جمع ہونا مکروہ ہے اور امثلہ مذکورہ میں ہر تینوں نون زائدہ نہیں ہیں۔ (تحفۂ سعیدیہ، ۳۳)

سوال :۔ لَنْ نَنْصَرِفَ : میں تو ہر سہ نون زائدہ ہیں الف فاصل کیوں نہ لایا گیا؟

الجواب :۔ اس کا تیسرا نون علامتِ انفعال ہونے اور تمام متصرفات میں پائے جانے کی وجہ سے گویا کہ وہ اصلی ہے (لہذا الف کی ضرورت نہیں)۔ (تحفہ سعیدیہ، ۳۳)

سوال :۔ قرآن کریم میں تین نون یکجا آئے ہیں، جیسے لَتُمْتَنُّنَّنِيْ۔ تو اگر یہ اجتماع (سہ نون) مکروہ ہوتا تو کلام فصیح (قرآن مجید) میں نہ آتا؟

جواب :۔ ایسے نونات کا اجتماع مکروہ ہے، جن میں سے ہر ایک مفید ہو اور لَتُمْتَنُّنَّنِيْ میں تیسرا نون مفید للمعنی نہیں ہے بلکہ یہ نونِ وقایہ ہے۔ (تحفہ سعیدیہ، ص: ۳۳)

☆ ...... لَمْ يَكُنْ اور إنْ يَكُنْ میں کبھی نون کو حذف کر کے لَمْ يَكُ اور إنْ يَكُ کہتے ہیں۔ (ترجمہ علم الصیغہ، ص: ۱۱۰)

☆ ...... اجتماع ساکنین کے وقت ساکن اول کو اس وقت حذف کیا جاتا ہے جب وہ مدّہ ہو اور جب غیر مدّہ ہو تو اسے حذف نہیں کرتے بلکہ حرکت دیدیتے ہیں...پھر اگر وہ غیر مدہ واؤ ہو تو ضمہ دیتے ہیں اور یاء ہو تو کسرہ دیتے ہیں۔ واؤ کی مثال، جیسے: قَوْلُهُ تَعَالٰی: وَاٰتُوُا الزَّكٰوةَ اور یاء کی مثال: لِيُدْعَيِنَّ۔ (حاشیہ ترجمہ علم الصیغہ، ص: ۸۳)

☆ ...... ہمزہ منفردہ مفتوحہ ضمہ کے بعد واؤ سے اور کسرہ کے بعد یاء سے بدل جاتی ہے، جیسے: جُوْنٌ اصل میں جُؤَنٌ تھا، مِيَرٌ اصل میں مِئَرٌ تھا۔ (ترجمہ علم الصیغہ، ص: ۵۳)

☆ ...... دو متحرک ہمزے ہوں اُن میں سے اگر ایک بھی مکسور ہو تو ثانی وجوبًا یاء بن جاتی ہے۔ جیسے: أَيِمَّةٌ اور اگر دونوں میں سے کوئی بھی مکسور نہ ہو تو دوسرا ہمزہ واؤ سے بدل جاتا ہے جیسے: اَوَادِمُ اصل میں اَءَادِمُ، اَوَمَلُ اصل میں اَءَمِلُ تھا۔ (ترجمہ علم الصیغہ، ص: ۵۳)

☆......جو ہمزہ متحرک حرف ساکن غیر مدّہ زائدہ وغیر یائے تصغیر کے بعد واقع ہو تو اس کی حرکت جوازاً ماقبل کو دیکر حذف کر دیا جاتا ہے جیسے یَسَلُ اصل میں یَسْئَلُ تھا قَدَفْلَحَ اصل میں قَدْاَفْلَحَ تھا۔(ترجمہ علم الصیغہ، ص:۵۴)

☆......واؤ ساکن غیر مدغم بعد کسرہ یاء ہو جاتا ہے جیسے: مِیْعَادٌ (اصل میں مِوْعَادٌ تھا) اور یائے ساکن غیر مدغم بعد ضمہ واؤ ہو جاتا ہے جیسے: مُوْسِرٌ اصل میں مُیْسِرٌ تھا۔ اور الف ساکن بعد ضمہ واؤ ہو جاتا ہے جیسے: قُوْتِلَ اصل میں قُاتِلَ تھا اور بعد کسرہ یاء ہو جاتی ہے، جیسے: مَحَارِیْبُ اصل میں مَحَارَابُ تھا۔(ترجمہ علم الصیغہ، ص:۵۸)

☆......واؤ مضموم ومکسور اول میں، اور مضموم وسط میں جوازاً ہمزہ ہو جاتا ہے، جیسے: وُجُوْہٌ سے اُجُوْہٌ، وِشَاحٌ سے اِشَاحٌ وغیرہ۔(ترجمہ علم الصیغہ، ص:۵۸)

تعلیلاتِ افعال

☆......واؤ طرف بعد کسرہ یاء ہو جاتا ہے جیسے: دُعِیَ اصل میں دُعِوَ تھا اور یائے طرف بعد ضمہ واؤ ہو جاتا ہے جیسے: نَهُوَ اصل میں نَهُیَ تھا۔(ترجمہ علم الصیغہ، ص:۶۲)

☆......واؤ و یائے متحرک بعد فتحہ الف سے بدل جاتے ہیں بشرطیکہ (۱) فاکلمہ نہ ہو (۲) عین لفیف نہ ہوں (۳) قبل الف تثنیہ نہ ہوں (۴) قبل مدہ زائدہ نہ ہوں (۵) یائے مشددہ اور نون تاکید سے پہلے نہ ہوں، جیسے: عَلَوِیٌّ (۶) لون وعیب کے معنی میں نہ ہوں (۷) فَعَلَانٌ، فَعْلیٰ اور فَعَلَةٌ کے وزن پر نہ ہوں (۸) افتعال بمعنی تفاعل نہ ہو۔(ترجمہ علم الصیغہ، ص:۵۹)

☆......عین مصدر کا واؤ کسرہ کے بعد یاء ہو جاتا ہے بشرطیکہ اس کے فعل میں تعلیل ہوئی ہو، جیسے: قِیَامًا. قَاوَمَ میں نہیں، کیونکہ قِوَامًا مصدر بھی نہیں ہے۔(ترجمہ علم الصیغہ، ص:۶۲)

☆ ......یٰلَیْتَنِیْ : یہاں پر ''یا'' حرف ندا ہے اور ''لیت'' حرف مشبہ بفعل ہے، نون وقایہ ہے، نی ضمیر واحد متکلم ہے اور یہ لفظ وقت ناممکن پر بولتے ہیں یعنی اے کاش!۔ (تیسیر القرآن، ص: ۱۰۱)

☆ ......یَـااَبَتِ: اصل میں اَبِیْ تھا، یائے متکلم کو تاء سے بدل دیا جاتا ہے. (منیة الادب، ص: ۴۳ ج ۱)

☆ ......جو واؤ اور یاء عین فاعل ہو وہ ہمزہ سے بدل جاتی ہے بشرطیکہ فعل میں تعلیل ہوئی ہو، جیسے: قَائِلٌ وَبَائِعٌ۔ (ترجمہ علم الصیغہ، ص: ۶۴)

☆ ......واؤ اور یاء طرف میں الف زائدہ کے بعد ہوں تو ہمزہ بن جاتے ہیں جیسے دُعَاوٌ سے دُعَاءٌ، رُوَایٌ سے رُوَاءٌ، اَسْمَاوٌ سے اَسْمَاءٌ ہے۔ (ترجمہ علم الصیغہ، ص: ۶۴)

چند قواعد صرف

☆ ......جس لفظ کا فاکلمہ نون ہو وہ باب انفعال سے نہیں آتا بلکہ اگر اس سے باب انفعال کا معنی ادا کرنا مقصود ہوں تو اسے باب افتعال میں لے جاتے ہیں جیسے اِنْتَکَسَ یہ نَکَسَ سے ہے بمعنی سرنگوں ہوا وہ ایک مرد۔ (علم الصیغہ مترجم، ص: ۴۲)

☆ ......باب تفعل وتفاعل کے فاکلمہ میں اگر ان حروف میں سے کوئی ہو، جیسے: تاء، ثاء، جیم، دال، ذال، زاء، سین، شین، صاد، ضاد، طاء، ظاء تو جائز ہے کہ ان دونوں بابوں کی تاء کو فاءکلمہ سے بدل کر اس میں ادغام کردیں، اس صورت میں ماضی اور امر میں ہمزہ وصل آجائے گا۔ (علم الصیغہ مترجم، ص: ۴۵)

بحث الحاق

☆ ......ملحق کی تعریف: ملحق اسے کہتے ہیں جو ثلاثی میں حروف کی زیادتی کی وجہ سے

رباعی کے وزن پر ہوجائے اور باب ملحق بہ کے معنی کے علاوہ دوسرے معنی اس میں نہ ہوں جیسے جَلْبَبَ بمعنی جَلَبَ ہے۔ (علم الصیغہ مترجم، ص: ۳۹)

☆...... ملحق یہ صیغہ اسم مفعول ہے، مصدر الحاق ہے افعال سے، بمعنی ملنا و ملانا۔ لیکن اصطلاح اہل فن میں الحاق کے معنی فعل میں یہ ہیں کہ ثلاثی مجرد میں ایک حرف یا اس سے زائد حروف اس غرض سے زیادہ کرنا کہ وہ لفظ تمام تصرفات میں رباعی مجرد یا مزید کے وزن صوری پر ہوجائے۔ اور اسم میں الحاق کے یہ معنی ہیں کہ ثلاثی یا رباعی میں کوئی حرف اس غرض سے زیادہ کرنا کہ وہ لفظ تمام تصرفات میں رباعی یا خماسی کے وزن صوری پر ہوجائے، جیسے: کَوْکَبٌ۔ اور اگر فعل ملحق بر باعی ہے تو تصرفات سے مراد مصدر، ماضی، مضارع، امر اور تمام مشتقات ہیں۔ اگر ملحق اسم ہے تو تصرفات سے مراد تصغیر جمع تکسیر قیاسی ہیں لیکن خماسی میں مماثلت تصرف اسکی تصغیر اور تکسیر میں لازمی نہیں ہے، اسلئے کہ خماسی کا حرف آخر تصغیر اور تکسیر میں حذف ہوجاتا ہے۔

اور الحاق کیلئے چند شرائط ہیں (۱) یہ کہ الف الحاق کیلئے نہیں ہوتا۔ (۲) یہ کہ زیادت الحاق اول کلمہ میں نہیں ہوتی۔ (۳) یہ کہ زیادت الحاق قیاساً کسی معنی کا فائدہ نہیں دیتی۔ (۴) یہ کہ حرف الحاق کا اورنام ممتنع ہے (۵) یہ کہ حرف جو ملحق بہ میں زائد ہے ضروری ہے کہ وہ حرف بعینہ ملحق میں بھی اسی جگہ زائد ہو کہ جس جگہ وہ ملحق بہ میں زائد ہے۔ (۶) ملحقات میں تعلیل ممنوع ہے کیونکہ تعلیل کے بعد ملحق و ملحق بہ کا وزن برابر نہیں رہتا، جو ضروری ہے۔ (فیوض عثمانی، ص: ۶۲، ۶۱)

مدار الحاق کتنی چیز ہیں؟

☆...... مدار الحاق: الحاق کی بحث میں سات چیزوں کا جاننا ضروری ہے (۱) الحاق

کے لغوی معنی (۲) الحاق کے اصطلاحی معنی (۳) ملحق ومزید فیہ میں فرق (۴) الحاق میں تقسیم (۵) الحاق کے دو قاعدے (۶) دلیل الحاق (۷) غرض الحاق۔

الحاق کے لغوی واصطلاحی معنی

اول: الحاق کے لغوی معنی ہیں: ایک شئے کو دوسری شئے سے ملانا۔ دوم:۔ الحاق کے اصطلاحی معنی یہ ہیں کہ ثلاثی میں ایک یا زیادہ حرف بڑھا کر اس کو رباعی مجرد یا مزید کے ہم وزن کردینا۔

سوم:۔ ملحق ومزید فیہ میں فرق یہ ہے کہ مزید فیہ میں حرف زائد مفیدِ معنی ہوتا ہے جیسے ذَهَبَ میں ہمزہ بڑھا کر اَذْهَبَ بنایا گیا۔ اس میں ہمزہ مفید معنیٔ تعدیہ ہے۔ لیکن ملحق میں جو حرف زائد ہوتا ہے وہ معنی کا افادہ نہیں کرتا بلکہ اس کے بڑھانے سے مقصود اس کلمہ مزید فیہ کو ملحق بہ کے ہم وزن کرنا ہوتا ہے، جیسے جَلَبَ اور جَلْبَبَ کہ معنی دونوں کے ایک ہیں مگر اول ثلاثی مجرد ہے اور دوم ثلاثی مزید فیہ ملحق برباعی مجرد ہے۔

چہارم: الحاق میں تقسیم: ملحق کی دو قسمیں ہیں (الف) وہ ہے کہ جس میں موزون و وزن ہر دو میں حرف کی زیادتی جنسِ کلمہ سے ہو جیسے شَمْلَلَ بروزن فَعْلَلَ (ب) اس کے برعکس ہو جیسے حَوْقَلَ بروزن فَوْعَلَ ہے۔

پنجم:۔ <u>الحاق میں دو قاعدے ہیں</u>، اول: یہ ہے کہ ملحقات میں قاعدۂ ادغام پائے جانے کے باوجود ادغام نہیں کیا جاتا، تاکہ مقصود (رباعی کے ہم وزن بنانا) فوت نہ ہو جائے جیسے: شَمْلَلَ میں ہے لیکن ملحقات کے آخر میں حرف علت ہو تو اعلال بالابدال، جیسے: قَلْسیٰ، اعلال بالحذف جیسے قَلْسَوا اعلال بالاسکان، جیسے: یُقَلْسِی پر تینوں صورت جائز ہیں لیکن اگر حرف علت وسط میں ہو تو تعلیل نہیں کرتے جیسے: جَهْوَرَ میں ہے۔

دوسرا قاعدہ یہ ہے کہ ہر ملحق اصل میں ثلاثی مجرد ہوتا ہے اور حروف کی زیادتی سے ملحق بر باعی بن جاتا ہے، جیسے: جَلْبَبَ ۔ (علم الصیغہ مترجم، وتوضیحات، ص:۳۳)

ششم:۔ مشتقات میں الحاق کی دلیل: الحاق کی دلیل اتحادِ مصدر ہے جیسے دَحْرَجَ ملحق بہ اور شَمْلَلَ (ملحق) دونوں کا مصدر بروزن فَعْلَلَةٌ ہے اور ''جوامِد'' میں دلیل الحاق تکسیر وتصغیر کا اتحاد ہے، جیسے: قَرْدَدٌ ملحق بِجَعْفَرَ ہے اس کی تکسیر جَعَافِرُ ہے جس کی مثل قَرَادِدُ ہے اور تصغیر جُعَيْفِرُ کی مثل قُرَيْدِدُ ہے۔

ہفتم:۔ الحاق کی غرض: امر لفظی ہے یعنی وزن اور سجع کی رعایت ہو۔ (تحفۂ سعیدیہ، شرح علم الصیغہ، ص:۵۷)

خاصیات باب افعال

اس باب کی پندرہ خاصیتیں ہیں:

(۱) تعدیہ: یعنی فعل مجرد میں اگر لازم ہے تو باب افعال میں متعدی ہوگا اگر مجرد میں متعدی بیک مفعول ہے تو اِفعال میں متعدی بدو مفعول ہوگا اول کی مثال: خَرَجَ زَيْدٌ. اَخْرَجْتُهُ (زید نکلا۔ میں نے اس کو نکالا) دوم کی مثال: حَفَرْتُ نَهْرًا. (میں نے نہر کھودی) اَحْفَرْتُ زَيْدًا نَهْرًا ۔ (میں نے زید سے نہر کھدوائی)۔ اگر مجرد میں فعل متعدی بدو مفعول ہوتو اِفعال میں یہ متعدی بسہ مفعول ہوگا، جیسے: عَلِمْتُ زَيْدًا فَاضِلًا (میں نے زید کو فاضل جانا)۔ اور افعال میں اَعْلَمْتُ زَيْدًا عَمْرًوا فَاضِلًا (میں نے زید کو بتلایا کہ عمرو فاضل ہے)۔

(۲) تَصْيِيْر: یعنی کسی چیز کو صاحبِ ماخذ بنا دینا جیسے اَشْرَكْتُ النَّعْلَ ۔ (میں نے جوتی شراک دار بنائی) یہاں ''شِرَاكٌ'' (تسمہ) ماخذ ہے۔ مزید مثالیں

یہ ہیں: اَلْحَمَ زَیْدٌ (زید صاحب لحم ہوا)۔ اَطْفَلَتْ هِنْدٌ (ہندہ بچے والی ہوئی)۔

(۳) الزام: یعنی اگر مجرد میں متعدی ہے تو یہ باب افعال میں لازم ہوجائے گا، جیسے: اَحْمَدَ زَیْدٌ (زید قابل تعریف ہوا)۔ (۴) تعریض: یعنی فاعل کا مفعول کو ماخذ کی جگہ لے جانا جیسے اَبَعْتُ الْفَرَسَ۔ (میں گھوڑے کو بیع کی جگہ لے گیا) یہاں "بیع" ماخذ ہے۔

(۵) وِجدان: یعنی کسی چیز کو ماخذ کے ساتھ موصوف پانا، جیسے: اَبْخَلْتُ زَیْدًا. (میں نے زید کو بخیل پایا)۔ ماخذ بخل ہے۔

قاعدہ :......اگر ماخذ لازم ہے تو مدلول کو صیغۂ فاعل سے ادا کریں گے، جیسے: اَبْخَلْتُ زَیْدًا۔ اس کا ماخذ "بخل" لازم ہے۔ اگر ماخذ متعدی ہے تو مدلول کو صیغۂ مفعول سے بیان کریں گے جیسے: اَحْمَدْتُهُ۔ (میں نے اس کو محمود پایا) اس میں ماخذ حمد متعدی ہے اسلئے مدلول "محمود پایا" ہوا۔

(۶) سلبِ مأخذ: یعنی کسی چیز سے ماخذ کو دور کرنا۔ اور سلبِ مأخذ کی دو قسمیں ہیں (الف) اگر فعل لازم ہے تو فاعل سے ہوگا جیسے اَقْسَطَ زَیْدٌ. زید نے اپنے نفس سے ظلم کو دور کیا۔ (ب) اگر فعل متعدی ہے تو سلب مفعول سے ہوگا جیسے شَکیٰ وَاَشْکَیْتُهُ۔ یعنی اس نے شکایت کی اور میں نے اس کی شکایت دور کی۔

(۷) اِعطاءِ مأخذ: یعنی مأخذ کا دینا جیسے اَشْوَیْتُهُ۔ میں نے اس کو گوشت بھوننے کیلئے دیا۔ اور یہ کہنا محض غلط ہوگا کہ میں نے اس کو بھنا ہوا گوشت دیا۔ اِعطاء ماخذ کی دوسری مثال اَقْطَعْتُهُ قُضْبَانًا. قُضْبَان یہ جمعِ قضیب ہے بمعنی شاخ، یعنی میں اس کو شاخیں تراشنے کی اجازت دی۔

(۸) بلوغ: یعنی ماخذ میں پہنچنا، یا داخل ہونا، جیسے: اَصْبَحَ زَیْدٌ۔ یعنی

زید صبح کے وقت پہنچا۔ یہ بلوغ زمانی ہے۔ اَعْرَقَ عَمْرٌو (عمرو ملک عراق میں داخل ہوا) یہ بلوغ مکانی ہے۔ اَعْشَرَتِ الدَّرَاهِمُ. یعنی درہم دس تک پہنچے یہ بلوغ عددی ہے۔

(۹) صَیْرُوْرَتْ: اس کے تین معنی آتے ہیں (الف) کسی چیز کا صاحبِ ماخذ ہونا جیسے اَلْبَنَتِ النَّاقَةُ۔ اونٹنی دودھ والی ہوگئی۔ یہاں لبن ماخذ اور نَاقَةٌ صاحبِ ماخذ ہے۔ (ب) ایسی چیز کا مالک ہونا جس میں ماخذ کی صفت پائی جاتی ہو جیسے اَجْرَبَ الرَّجُلُ. ایک شخص خارشی اونٹوں کا مالک ہوا۔ اس میں جرب ماخذ اور اونٹ میں جرب کی صفت پائی جاتی ہے۔ (ج) ماخذ میں کسی چیز کا مالک ہونا جیسے اَخْرَفَتِ الشَّاةُ۔ بکری موسم خریف میں بچے والی ہوئی۔

(۱۰) لیاقت: کسی چیز کا مدلول ماخذ کے لائق ہونا جیسے اَلَامَ الْفَرُعُ۔ سردار قابل ملامت ہوگیا۔

(۱۱) حَیْنُوْنَتْ: یعنی کسی چیز کا ماخذ کے وقت کو پہنچنا جیسے اَحْصَدَ الزَّرْعُ۔ کھیتی کٹنے کے وقت کو پہنچی۔ یہاں ماخذ حصد ہے۔

(۱۲) مبالغہ: یعنی ماخذ کو کثرت مقدار میں بیان کرنا۔ جیسے اَثْمَرَ النَّخْلُ۔ درخت خرما میں بہت پھل آیا۔ دوسری مثال اَسْفَرَ الصُّبْحُ۔ صبح خوب روشن ہوگئی۔

(۱۳) اِبتداء: یعنی کسی فعل کا ابتداءً بابِ افعال سے اس معنی میں آنا جو مجرد میں نہ پائے جاتے ہوں، جیسے: اَشْفَقَ۔ ڈر گیا، مجرد میں شفقت بمعنی مہربانی مستعمل ہے، دوسری مثال اَقْسَمَ "قسم کھائی" مجرد میں قَسَمَ بمعنی تقسیم، مستعمل ہے۔

(۱۴) موافقت مجرد و فَعَّلَ وَتَفَعَّلَ وَاِسْتَفْعَلَ یعنی باب افعال کے معنی اور مذکورہ بابوں کے معنی متحد ہوں۔ مثال اول: دَجَا اللَّیْلُ وَ اَدْجیٰ یعنی رات

تاریک ہوگئی۔ مثال دوم: اَکْفَرَہٗ وَ کَفَّرَ ۔یعنی اس کو کفر کی طرف منسوب کیا۔ مثال سوم: اَخْبَیْتُہٗ تَخَبَّیْتُہٗ. میں نے جامہ کو خیمہ بنالیا۔ اس میں خاصیت اتخاذ کی ہے۔ مثال چہارم: اَعْظَمْتُہٗ وَاسْتَعْظَمْتُہٗ. میں نے اس کو بزرگ گمان کیا۔

(۱۵) مطاوعت فَعَلَ وَفَعَّلَ یعنی فَعَلَ وَفَعَّلَ کے بعد اَفْعَلَ کا صیغہ اس غرض سے لانا کہ مفعول نے فاعل کا اثر قبول کرلیا ہے۔ اول کی مثال کَبَبْتُہٗ فَاَکَبَّ ۔یعنی میں نے اس کو اوندھا گرایا۔ پس وہ اوندھا گر گیا۔ مثال دوم: بَشَّرْتُہٗ فَاَبْشَرَ ۔میں نے اس کو خوش خبری دی پس وہ خوش ہوگیا۔

فائدہ:...... مطاوعت کے اندر باب افعال لازمی ہوگا اگرچہ فی نفسہ وہ متعدی ہی کیوں نہ ہوں۔ (علم الصرف آخرین، شرح علم الصیغہ، تحفہ سعیدیہ)

خاصیات بابِ تفعیل

اس باب کی خاصیات کل تیرہ ہیں:

(۱) تعدیہ: (یعنی کوئی فعل مجرد میں اگر لازم ہے تو باب تفعیل میں متعدی ہوگا اگر مجرد میں متعدی بیک مفعول ہے تو باب تفعیل میں متعدی بدو مفعول ہوگا) جیسے نَزَلَہٗ نَزَّلْتُہٗ۔ یا فَرِحَ زَیْدٌ. فَرَّحْتُہٗ۔

(۲) تَصْیِیْر: (یعنی کسی چیز کو صاحب ماخذ بنادینا) جیسے وَتَّرْتُ الْقَوْسَ۔ میں نے کمان کو کوزہ دار بنایا۔

(۳) سلب مأخذ: یعنی کسی چیز سے ماخذ کو دور کرنا۔ جیسے قَذِیَتْ عَیْنُہٗ. یعنی اس کی آنکھ میں کوڑا پڑ گیا. وَقَذَّیْتُ عَیْنَہٗ. میں نے اس کی آنکھ سے کوڑا نکال دیا۔ یہاں ''قذی'' ماخذ ہے۔ دوسری مثال قرّدتِ الابل ۔میں نے اونٹ سے چیچڑی کی

دور کیا۔ یہاں ''قراد'' ماخذ ہے۔

(۴) صَیرُورَت: (یعنی کسی چیز کا صاحب ماخذ ہونا) جیسے: نَوَّرَ الشَّجرُ. درخت شگوفہ دار ہو گیا۔

(۵) بلوغ: یعنی ماخذ میں پہنچنا، یا داخل ہونا۔ جیسے: خَیَّمَ زَیدٌ. زید خیمہ میں داخل ہوا۔ یا عَمَّقَ عَمرٌو۔ عمرو گہرائی تک پہنچا یعنی بات کی گہرائی معلوم کی۔

(۶) مبالغہ: (یعنی ماخذ کو کثرت بتعداد میں بیان کرنا) اور یہ باب تفعیل میں زیادہ آتا ہے۔ اور مبالغہ کی کئی قسمیں ہیں (الف) مبالغہ فعل میں جیسے: صَرَّحَ. یعنی خوب ظاہر ہوا۔ جَوَّلَ۔ بہت گردا گرد گھوما۔ (ب) مبالغہ فاعل میں جیسے مَوَّتَ الْإِبِلُ۔ اونٹوں میں بہت موت پھیلی۔ (ج) مبالغہ مفعول میں جیسے: قَطَّعتُ الثِّیَابَ. میں نے بہت کپڑے کاٹے۔

(۷) نسبت ماٰ خذ: جیسے فَسَّقتُ زَیدًا. میں نے زید کو فسق سے منسوب کیا۔ ماٰ خذ ''فسق'' ہے۔

(۸) اِلباس ماخذ: یعنی ماخذ کا پہنانا۔ جیسے: جَلَّلتُ الْفَرَسَ۔ میں نے گھوڑے کو جھول پہنائی۔ ماخذ ''جل'' ہے۔

(۹) تخلیط ماخذ: یعنی کسی چیز کو ملمع کرنا جیسے ذَهَّبتُ السَّیفَ. میں نے تلوار کو سونے کا ملمع کیا۔ یہاں ''ذھب'' ماخذ ہے۔

(۱۰) تحویل: یعنی کسی چیز کو ماخذ یا مثل ماخذ بنانا۔ اول کی مثال نَصَّرَ زَیدٌ عَمرًوا. زید نے عمرو کو نصرانی پایا۔ مثال دوم خَیَّمتُهٗ. میں نے اس کی چادر کو مثل خیمہ بنا دیا۔

(۱۱) قصر: یعنی اختصار کی غرض سے مرکب کا ایک کلمہ باب تفعیل کا بنالیا

جائے مثل هَلَّلَ یعنی لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ پڑھا۔

(۱۲) موافقت فَعَلَ وَاَفْعَلَ وَتَفَعَّلَ یعنی دونوں کا ایک ہی معنی ہونا۔ مثال اول: تَمَرْتُهٗ وَتَمَّرْتُهٗ ۔یعنی میں نے اس کو کھجور دی۔ مثال دوم تَمَّرَ وَاَتْمَرَ ۔ یعنی تر کھجور خشک ہوگئی۔ مثال سوم تَرَّسَ وَتَتَرَّسَ۔ وہ ڈھال کو کام میں لایا۔

(۱۳) ابتداء: یعنی جو معنی مجرد میں ہوں یہاں اس کے علاوہ ہوں جیسے: کَلَّمْتُهٗ. میں نے اس سے کلام کیا اور مجرد میں کلم کا معنی زخمی کرنا ہے جیسے جَرَّبَ امتحان کیا، مجرد میں جَرَبَ، خارش کو کہتے ہیں۔ (فیوض عثمانی، علم الصیغہ مترجم، علم الصرف آخرین)

خاصیات بابِ تفعُّل

خاصیت باب تفعل یہ کل گیارہ ہیں، جو حسب ذیل ہیں:

(۱) مطاوعتِ تفعیل: اس کی دو قسمیں ہیں (الف) فاعل کا اثر مفعول قبول کرے گا جیسے قَطَّعْتُهٗ فَتَقَطَّعَ۔ میں نے اس کو پارہ پارہ کیا پس وہ پارہ پارہ ہوگیا۔
(ب) یہ کہ فاعل کا اثر قبول نہ کرنا ممکن ہو جیسے: عَلَّمْتُهٗ فتعلَّمَ. یہاں علم کا قبول نہ کرنا بھی ممکن ہے۔

(۲) تکلف: یعنی ماخذ کے حاصل کرنے میں تکلف وبناوٹ کرنا جیسے تَکَوَّفَ زَیْدٌ. زید بتکلف کوفی بنا۔ یا تَجَوَّعَ عَمْرٌو. (عمرو بتکلف بھوکا بنا)۔

(۳) تَجَنُّبْ: یعنی ماخذ سے پرہیز کرنا جیسے تَجَوَّبَ زَیْدٌ. زید گناہ سے بچا، یہاں ''جوب'' ماخذ ہے۔

(۴) لُبسِ مَاخذ: یعنی ماخذ کا پہننا جیسے تَخَتَّمَ زَیْدٌ. زید نے انگوٹھی پہنی۔ یہاں ''خاتم'' ماخذ ہے۔

(۵) تعمل یعنی ماخذ کو کام میں لانا جیسے تَدَهَّنَ زَیْدٌ۔ زید نے تیل ڈالا۔ "دُهْنٌ" ماخذ ہے۔ یا تَتَرَّسَ عَمْرٌو۔ عمرو ڈھال کو کام میں لایا۔ یہاں "تُرس" ماخذ ہے۔ یا تَخَيَّمَ بَكْرٌ. بکر نے خیمہ کھڑا کیا۔

(۶) اتخاذ: اس کی چند صورتیں ہیں (الف) ماخذ کو بنانا جیسے تَبَوَّبَ زَیْدٌ زید نے دروازہ بنایا۔ ماخذ "باب" ہے۔ (ب) ماخذ کو لینا جیسے تَجَنَّبَ زَیْدٌ. زید ایک طرف کو ہو گیا، ماخذ "جنب" ہے۔ (ج) کسی چیز کو بنانا جیسے تَوَسَّدَ الْحَجَرَ پتھر کو تکیہ بنایا (د) ماخذ میں پکڑنا جیسے تَأَبَّطَ الصَّبِيَّ۔ بچے کو بغل میں پکڑا۔

(۷) تدریج: یعنی کسی کام کو آہستہ آہستہ کرنا جیسے تَجَرَّعَ زَیْدٌ. زید نے گھونٹ گھونٹ پیا۔ یا تَحَفَّظَ عَمْرٌو. عمرو نے تھوڑا تھوڑا حفظ کیا۔

(۸) تحول: یعنی کسی چیز کا عین ماخذ یا مثل ماخذ کے ہو جانا، جیسے: تَنَصَّرَ زَیْدٌ. زید نصرانی ہو گیا، یا تَنَهَّرَ زَیْدٌ۔ زید نہر جیسا ہو گیا۔ یا مثل دریا ہو گیا۔

(۹) صَيْرُوْرَت: یعنی صاحب ماخذ ہونا جیسے تَمَوَّلَ زَیْدٌ۔ زید صاحبِ مال ہو گیا۔

(۱۰) موافقتِ مجرد کا ہونا (الف) جیسے تَقَبَّلَ بمعنی قَبِلَ (ب) موافقت اَفْعَلَ جیسے: تَبَصَّرَ وَاَبْصَرَ. (ج) موافقت فَعَّلَ جیسے تَكَذَّبَهٗ وَكَذَّبَهٗ. اس کو کذب سے منسوب کیا۔ (د) موافقت استفعل جیسے تَخَرَّجَ وَاسْتَخْرَجَ۔

(۱۱) ابتداء: اس کی دو صورتیں ہیں (الف) اس کا استعمال مجرد سے نہ آیا ہو جیسے: تَشَمَّسَ دھوپ میں بیٹھا۔ (ب) مجرد میں اور معنی کیلئے مستعمل ہو جیسے تَكَلَّمَ زَیْدٌ یہ مجرد میں کلم سے ہے یعنی زخمی ہوا۔ (فیض عثمانی، شرح علم الصیغہ، علم الصرف آخرین)

باب مفاعلہ کی کل خاصیات سات ہیں

(۱) مشارکت: یعنی دو شخصوں کا آپس میں ملکر کام کرنا کہ ایک کا فعل دوسرے پر واقع ہو، دونوں میں سے ہر ایک فاعل بھی ہو اور مفعول بھی۔ لیکن عبارت میں ایک کو فاعل دوسرے کو مفعول ظاہر کیا جائے گا جیسے قَاتَلَ زَیْدٌ عَمْرًوا. زید عمرو نے باہم قتال کیا۔

(۲) موافقت مجرد: یعنی مجرد کے ہم معنی جیسے سَافَرَ زَیْدٌ ای سَفَرَ.

(۳) موافقت افعل: جیسے بَاعَدْتُہٗ بمعنی اَبْعَدْتُہٗ ۔ میں نے اس کو دور کیا۔

(۴) موافقت فعّل: جیسے، ضَاعَفْتُہٗ بمعنی ضَعَّفْتُہٗ ۔ میں نے اس کو دو چند کر دیا۔

(۵) موافقت تفاعل: جیسے، شَاتَمَ زَیْدٌ وَعَمْرٌو بمعنی تَشَاتَمَ . یعنی آپس میں گالی گلوچ کی۔

(۶) تصییر: یعنی کسی چیز کو صاحب ماخذ بنانا جیسے عَافَاکَ اللّٰہُ ای جَعَلَکَ ذَاعَافِیَۃٍ۔

(۷) ابتداء، جیسے قَاسَی زَیْدٌ ھٰذِہِ الشَّدِیْدَۃَ ۔ یعنی زید نے اس تکلیف کا رنج اٹھایا۔ اس کا مجرد قَسْوَۃٌ بمعنی سختی ہے۔

تشارک اور مشارکت میں فرق: واضح ہو کہ باب تفاعل کے تشارک اور باب مفاعلہ کے مشارکت میں چار وجوہ سے فرق ہے:

(الف) باب مفاعلہ میں مشارکین (دونوں شریک) میں سے ایک لفظی اعتبار سے فاعل ہوگا دوسرا لفظی اعتبار سے مفعول ہوگا، لیکن باب تفاعل میں دونوں

لفظی اعتبار سے فاعل ہونگے جیسے: ضَارَبُ زیدٍ عمروًا، تَضارب زیدٌ وعمروٌ لیکن معنی کے اعتبار سے ایک فاعل اور دوسرا مفعول ہوگا۔

(ب) باب مفاعلہ میں دو طرفوں اور دو جانبوں سے زیادہ نہیں ہوتے، ہاں یہ ہوسکتا ہے کہ ہر طرف میں تعدد ہو یا ایک طرف میں تعدد ہو دوسرے میں تعدد نہ ہو، لیکن مدّ مقابل دو ہی ہونگے جیسے قَاتَلْنَاهُمْ میں ایک طرف ضمیر "نا" فاعل ہے دوسری طرف مدمقابل "هـم"، ضمیر مفعول ہے، جانب دو ہیں اگرچہ ہر جانب متعدد ہیں اسی طرح قَاتَلْتُهُمْ، میں ضمیر "تُ" واحد متکلم ایک جانب ہے جوکہ مفرد ہے دوسری جانب ضمیر "هُمْ" ہے جوکہ متعدد ہے، لیکن جانب دو ہی ہیں اسی طرح اس کا عکس بھی ہوسکتا ہے، بخلاف باب تفاعل کے اس میں اطراف اور جوانب زیادہ ہوسکتے ہیں، جیسے: عشرة رجال تقاتلوا، بمعنی دس آدمیوں نے باہم قتال کیا، اس میں قتال کرنے والے دس ہیں ہر ایک ایک طرف اور ایک جانب ہے، تو گویا دس اطراف اور دس جوانب ہیں، اور باعتبار معنی ہر ایک فاعل بھی ہے اور مفعول بھی۔

(ج) باب مفاعلہ کا وہ مفعول جو فاعل کے مشارک ہے باب تفاعل میں فاعل ہوجاتا ہے اگر اس میں اشتراک اور فاعل ہونے کی صلاحیت ہو، جیسے: ضَارَبَ زَيْدٌ عَمْرًوا میں عَمْرًوا مفعول ہے جوکہ فاعل زید کے مشارک ہے، باب تفاعل میں فاعل ہوجائے گا جیسے: تَضَارب زید عمروًا، لیکن اگر اس میں اشتراک اور فاعل ہونے کی صلاحیت نہ ہو تو وہ باب تفاعل میں بھی مفعول ہی رہے گا، جیسے: جاذبت الثوب اور جاذبنا الثوب، میں "الثوب" کے اندر اشتراک اور فاعل کی صلاحیت نہ ہونے کی وجہ سے باب تفاعل میں بھی مفعول ہی رہا۔

(د) کبھی ایسا ہوتا ہے کہ باب تفاعل کے ہر دو متشارک باعتبار لفظ فاعل

ہوتے ہیں اور باعتبار معنی بھی فاعل ہوتے ہیں لیکن ایسا کم ہوتا ہے: ترافعاشیئاً بمعنی ان دونوں نے ملکر کسی چیز کو اٹھایا، اس مثال میں دونوں شئے (یعنی ترافعا میں ضمیر ''ھما'') باعتبار لفظ فاعل ہے اور باعتبار معنی بھی فاعل، وقوع فعل میں شریک نہیں ہیں۔ (شرح فصول اکبری)

خاصیات باب تفاعل

باب تفاعل کی کل سات (۷) خاصیتیں ہیں:

(۱) تشارک: یہ مثل مفاعلہ کے ہے (یعنی دو شخصوں کا آپس میں ملکر کام کرنا ایک کا فعل دوسرے پر واقع ہو دونوں میں سے ہر ایک فاعل بھی ہو اور مفعول بھی) فرق صرف اتنا ہے کہ مفاعلہ میں ایک فاعل اور دوسرا مفعول لایا جاتا ہے اور تفاعل میں دونوں کو بصورت فاعل ذکر کیا جاتا ہے۔ کیونکہ فعل کے صدور اور وقوع میں دونوں کا یکساں تعلق ہوتا ہے۔ یعنی دونوں میں ہر ایک فاعل بھی ہوتا ہے اور مفعول بھی۔ جیسے: تَشَاتَمَ زَیْدٌ وَعَمْرٌو۔ (زید و عمرو نے آپس میں گالی گلوچ کی)۔

(۲) شرکت: یہ صرف صدورِ فعل میں ہوتی ہے، نہ کے وقوع فعل میں جیسے: تَرَافَعَاشَیْئًا۔ دونوں نے ایک شئے کو اٹھایا۔

(۳) تخیل: یعنی کسی ماخذ کا حصول اپنے اندر دکھانا۔ جو درحقیقت حاصل نہیں ہے۔ جیسے تَمَارَضَ زَیْدٌ. زید نے دکھاوے کیلئے اپنے آپ کو بیمار بنادیا۔

(۴) مطاوعتِ فاعل: جو بمعنی اَفْعَلَ ہے جیسے بَاعَدْتُهٗ فَتَبَاعَدَ. یہاں بَاعَدْتُهٗ بمعنی اَبْعَدْتُهٗ ہے۔ اسلئے تباعد اس کا مطاوع ہوا۔ یعنی میں نے اس کو دور کیا، پس وہ دور ہو گیا۔

(۵) موافقتِ مجرد: جیسے تَعَالیٰ بمعنی عَلا.

(۶) موافقتِ افعال: جیسے تیَامَنَ بمعنی اَیْمَنَ یعنی وہ یمن میں داخل ہوا۔

(۷) ابتداء: جیسے تَبَارَکَ اللّٰہُ یعنی اللہ تعالیٰ بہت بابرکت ہے۔ اس کا مجرد بَرَکَ ہے بمعنی اونٹ بیٹھا۔

<u>خاصیت باب مفاعلہ وتفاعل میں شرکت کا فرق:</u> یہ بات یادر ہے کہ باب مفاعلہ و بابِ تفاعل کے خاصّوں میں سے ایک خاصّہ مشارکت بھی ہے مگر دونوں میں چند وجوہ سے فرق ہے (ا) مفاعلہ لفظ کے اعتبار سے مفعول بہ چاہتا ہے جیسے: ضَارَبْتُہ لفظ ''ضاربتُ'' بابِ مفاعلہ کے ماضی کے واحد متکلم کا صیغہ ہے جس کا مفعول ''ہ'' ضمیر ہے اور تفاعل باعتبار لفظ کے مفعول نہیں چاہتا لہٰذا ''تضاربتہ'' نہیں کہا جاتا بلکہ تضاربُنا کہا جاتا ہے جو باب تفاعل سے صیغہٗ جمع متکلم ہے اور ضمیر نحن اس کا فاعل ہے اس کا مفعول نہیں ہے۔ (ب) دوسرا فرق یہ ہے کہ باب مفاعلہ میں ایک اسم صریح باعتبار لفظ فاعل، دوسرا اسمِ صریح باعتبار لفظ مفعول ہوتا ہے مثلاً کہا جاتا ہے ضَارَبَ زَیدٌ عمرواً اور باب تفاعل میں دونوں اسم صریح باعتبار لفظ فاعل ہوتے ہیں چنانچہ کہا جاتا ہے کہ تضارب زیدٌو عمروٌ مگر دونوں باب میں باعتبار معنی فاعل بھی ہوتا ہے اور مفعول بھی۔ (ج) تیسرا فرق یہ ہے کہ باب مفاعلہ میں جو مفعول مشارک ہوتا ہے وہ باب تفاعل میں جا کر فاعل ہو جاتا ہے، جیسے: ضَارَبَ زیدٌو عمروٌ میں عمر وایسا مفعول ہے جو فعلِ ضرب میں شریک ہے اور وہی عمرو۔ ''تضارَبَ زیدٌو عمرو'' میں فاعل ہو گیا ہے۔ البتہ باب مفاعلہ کا جو مفعول مشارکت ہو وہ باب تفاعل میں مفعول ہی ہوتا ہے، جیسے ''ضاربتہ الثوب'' میں ثوب شریک نہیں ہے، لہٰذا ''تجاذبنا الثوب'' میں بھی ثوب مفعول رہتا ہے۔ (د) چوتھا فرق یہ ہے کہ باب مفاعلہ میں ظرف فاعل اور ظرف مفعول

دونوں کی تقدیر پر ایک جانب کا مجموعہ دوسری جانب کے مجموعہ کا شریک ہونا شرط ہے مگر باب تفاعل میں شرط نہیں لہذا "عشرۃُ رِجالٍ قاتلوا" کہنا صحیح نہیں اور "عشرۃ رجالٍ تقاتلوا" کہنا صحیح ہے۔ (مآرب الطلبہ ص:۱۱۱/۱۱۰)

قاعدہ :....... جو لفظ باب مفاعلہ میں دو مفعول چاہتا ہے وہ تفاعل میں ایک مفعول چاہے گا اور جو باب مفاعلہ میں ایک مفعول چاہے گا وہ باب تفاعل میں لازم ہوگا اس کی مثال جَاذَبْتُ زَیْدًا ثَوْبًا۔ میں نے زید کا کپڑا کھینچا۔ اور تَجَاذَبْنَا ثَوْبًا۔ ہم نے ایک دوسرے کا کپڑا کھینچا۔

خاصیاتِ باب افتعال

خاصیات باب افتعال کل چھ ہیں:

(۱) اتخاذ: اس کی چار صورتیں ہیں جو باب تفعل میں گذر چکی ہیں۔ (اس کی صورتیں یہ ہیں جیسے: اِجْتَحَرَ۔ سوراخ بنایا۔ ماخذ "جَحَرَ" ہے اور اِحْتَجَرَ بمعنی حجرہ بنایا، یہ ماخذ بنانے کی مثال ہے۔ اِجْتَنَبَ۔ جانب پکڑا۔ یہ ماخذ پکڑنے کی مثال ہے اِغْتَذَی الشَّاۃَ۔ بکری کو غذا بنایا یہ کسی چیز کو ماخذ بنانے کی مثال ہے۔ اِعْتَضَدَہٗ۔ اس کو بغل میں پکڑا۔ یہ کسی کو ماخذ میں لینے کی مثال ہے ماخذ "عضد" ہے۔

(۲) تصرف: یعنی فعل حاصل کرنے میں کوشش کرنا، جیسے: اِکْتَسَبَ بمعنی کَسَبَ اس نے کوشش کی۔

(۳) تَخْیِیر: یعنی فاعل کا اپنے لئے کوشش کرنا جیسے اِکْتَالَ الشَّعِیْرَ۔ اس نے جو ناپا۔ ماخذ "کَیل" ہے۔

(۴) مطاوعت فعل: جیسے: غَمَّمْتُہٗ فَاغْتَمَّ۔ میں نے اس کو غمگین کیا پس

وہ غمگین ہو گیا۔

(۵) موافقتِ مجرد: جیسے اِبْتَلَجَ بمعنی بَلَجَ یعنی کشادہ ابرو ہونا۔ مُوافقتِ اَفْعَلَ جیسے: اِحْتَجَزَ بمعنی اَحْجَزَ یعنی ملک حجاز میں داخل ہوا. مُوافقتِ تَفَعَّلَ جیسے اِرْتَدٰی بمعنی تَرَدّٰی چادر اوڑھ لی۔ موافقت تفاعل جیسے اِخْتَصَمَ زَیْدٌ بمعنی تَخَاصَمَ. موافقتِ استفعل جیسے اِیْتَجَرَ بمعنی اِسْتَاجَرَ طلب اجرت کرنا۔

(۶) ابتداء جیسے اِسْتَلَمَ بمعنی پتھر کو بوسہ دیا مجرد سَلِمَ ہے بمعنی سلامت رہا۔

خاصیاتِ بابِ استفعال

خاصیاتِ بابِ استفعال یہ کل دس ہیں:

(۱) طلب ماخذ: یعنی ماخذ کا طلب کرنا جیسے اِسْتَطْعَمْتُہٗ۔ میں نے اس سے کھانا طلب کیا۔ یہاں طعام ماخذ ہے۔

(۲) لیاقت: یعنی کسی چیز کا لائق ہونا جیسے: اِسْتَرْقَعَ الثَّوْبُ. کپڑا پیوند کے لائق ہو گیا۔ ماخذ ''رقع'' ہے۔

(۳) وجدان: جیسے اِسْتَکْرَمْتُہٗ . میں نے اس کو کریم پایا۔

(۴) حسبان: یعنی کسی چیز کو ماخذ کے ساتھ موصوف خیال کرنا جیسے اِسْتَحْسَنْتُہٗ (میں نے اس کو نیک گمان کیا) ماخذ ''حُسن'' ہے۔

(۵) تحول: یعنی کسی چیز کا عین ماخذ یا مثل کے ہونا اور یہ دو قسم پر ہے اولؔ صوری جیسے اِسْتَحْجَرَ الطِّیْنُ۔ گارا پتھر ہو گیا، یا مثل پتھر کے ہو گیا۔ ماخذ ''حجر'' ہے۔ دوم معنوی جیسے اِسْتَوْنَقَ الْجَمَلُ ۔اونٹ اونٹنی ہو گیا، ماخذ ''ناقہ'' ہے۔

(۶) اتخاذ: جیسے اِسْتَوْطَنَ الْھِنْدَ۔ ہند کو وطن بنالیا۔ ماخذ وطن ہے۔

(۷) قصر: یعنی اختصار کے واسطہ مرکب سے ایک کلمہ کو نکالنا جیسے استرجع

یعنی '' اِنَّالِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ '' پڑھنا۔

(۸) مطاوعتِ افعل جیسے اَقَمْتُہٗ فَاسْتَقَامَ ۔یعنی میں نے اس کو قائم کیا پس وہ قائم ہوگیا۔

(۹) موافقتِ مجرد وافعل وتفعل وافتعال جیسے اِسْتَقَرَّ وَقَرَّ۔ٹھہر گیا۔ اِسْتَجَابَ وَاَجَابَ ۔جواب دیا یا قبول کیا۔اِسْتَکْبَرَ وَتَکَبَّرَ ۔غرور کیا۔اِسْتَعْصَمَ وَاِعْتَصَمَ۔

(۱۰) ابتداء: جیسے اِسْتَعَانَ یعنی موئے زیر ناف صاف کیا،اس کا مجرد عان ہے ماخذ عانۃ ہے۔(شرح علم الصیغہ ،علم الصرف آخرین ،المصباح ،فیوض عثمانی)

خاصیاتِ بابِ انفعال

خاصیاتِ بابِ انفعال یہ کل سات ہیں:۔

(۱) لزوم: جیسے اِنْصَرَفَ ۔پھرا، یہ لازم ہے، صَرَفَ پھرایا، یہ متعدی ہے۔

(۲) علاج: یعنی حواس ظاہرہ سے ادراک کرنا ۔یہ دونوں خواص یعنی لزوم وعلاج باب انفعال کیلئے لازمی ہیں ۔اس کے علاوہ دوسرے ابواب میں ان خواص کا استعمال مجازی ہوگا۔

(۳) مطاوعتِ فعلِ مجرد: جیسے کَسَرْتُہٗ فَانْکَسَرَ.

(۴) مطاوعتِ افعل: جیسے اَغْلَقْتُ الْبَابَ فَانْغَلَقَ ۔میں نے دروازہ بند کیا پس وہ بند ہوگیا۔

(۵) موافقتِ فعل: جیسے اِنْبَلَجَ بمعنی بَلَجَ ۔کشادہ ابرو ہوا۔موافقت افعل جیسے :اِنْحَجَزَ بمعنی اَحْجَزَ حجاز میں پہنچا۔اور حَیْنُوْنَتُ میں موافقت جیسے اِنْحَصَدَ

الزَّرْعُ کھیتی حصاد (کٹنے) کے وقت کو پہنچ گئی ۔ (انفعال کا یہ خاصہ نادر الوجود ہے)

(۶) انفعال کے فاکلمہ میں حروف یرملون یعنی لام، میم، را، واؤ، اور نون وحروف لین ثقل کی وجہ سے نہیں آتے، پس اگر یہ حروف ہوں تو اس باب کو افتعال سے لاتے ہیں جیسے رَفَعَهُ فَارْتَفَعَ وَنَقَلَهُ فَانْتَقَلَ ۔لیکن انْمحی، انْمارَ کا استعمال شاذ ہیں۔

(۷) ابتدا: جیسے اِنْطَلَقَ. وہ چلا گیا۔اس کا مجرد طلاقت بمعنی کشادہ روئی ہے۔

(علم الصرف آخرین، شرح علم الصیغہ، فیوض عثمانی، المصباح)

اختلافِ ابواب کی وجہ سے اختلاف معنی

ایک مادہ کا لفظ مختلف ابواب سے مختلف معانی میں مستعمل ہوتا ہے چند الفاظ بطور مثال پیش خدمت ہیں۔

(۱) غَرَّ يَغُرُّ غُرُوْرًا از نصر بمعنی دھوکہ دینا۔غَرَّ يَغِرُّ غَرَّةً وَغَرَارَةً از ضرب بمعنی ناتجربہ کار اور بھولا بھالا ہونا.غَرَّ يَغَرُّ غَرَرًا از سمع بمعنی خوب صورت ہونا۔

(۲) غَمَرَ يَغْمُرُ غَمْرًا از نصر بمعنی ڈھانپنا۔غَمِرَ يَغْمَرُ غَمَرًا از سمع بمعنی کینہ والا ہونا۔غَمُرَ يَغْمُرُ غَمَارَةً از کرم بمعنی پانی کا زیادہ ہونا۔

(۳) عَنٰى يَعْنِيْ عِنَايَةً از ضرب قصد کرنا۔ عَنِيَ يَعْنٰى عَنَاءً از سمع بمعنی تھکنا،عَنَا يَعْنُوْ عُنُوًّا از نصر بمعنی عاجزی کرنا۔

(۴) دَلَّ يَدِلُّ دَلًّا وَدَلَالًا از ضرب بمعنی ناز کرنا،دَلَّ يَدُلُّ دَلَالَةً از نصر بمعنی رہنمائی کرنا۔

(۵) قَدَمَ يَقْدُمُ قُدُوْمًا از نصر آگے آگے جانا،قَدُمَ يَقْدُمُ قَدَامَةً قِدَمًا از کرم بمعنی قدیم ہونا۔ قَدِمَ يَقْدَمُ قُدُوْمًا وَمَقْدَمًا از سمع بمعنی سفر سے واپس آنا۔

(۶) مَرَّ يَمُرُّ مُرُوْرًا از نصر بمعنی گزرنا۔ مَرَّ يَمَرُّ مَرَارَةً از سمع کڑوا ہونا۔

(۷) خَطَرَ يَخْطِرُ خَطَرَانًا از ضرب بمعنی اکڑ کر چلنا، خَطَرَ يَخْطُرُ خُطُوْرًا از نصر بمعنی نسیان کے بعد یاد آنا، خَطُرَ يَخْطُرُ خُطُوْرَةً از کرم بمعنی بلند مرتبہ والا ہونا۔

(۸) بَلَغَ يَبْلُغُ بُلُوْغًا از نصر بمعنی پہنچنا، بالغ ہونا۔ بَلُغَ يَبْلُغُ بَلَاغَةً از کرم بمعنی بلیغ ہونا۔

(۹) خَلَقَ يَخْلُقُ خَلْقًا از نصر بمعنی پیدا کرنا، خَلِقَ يَخْلَقُ خَلَقًا از سمع بمعنی کہنہ وقدیم ہونا۔ خَلُقَ يَخْلُقُ خَلَاقَةً از کرم بمعنی سزاوار ہونا۔

(۱۰) عَانَ يَعِيْنُ عَيْنًا از ضرب بمعنی نظر لگانا۔ عَانَ يَعُوْنُ عَوْنًا۔ از نصر مدد کرنا۔ عَيِنَ يَعْيَنُ عَيَنًا از سمع بمعنی آنکھ کی بڑی چوڑی پتلی والا ہونا۔ (مصباح اللغات، فرائد منثورہ، ص:۴۵)

تم بحث الفعل

والحمد لله علی ذالک

العبدنور حسین بن عبدالشکور القاسمی

عفاه الله عنه ولوالديه ولمن له حق عليه

خادم حديث الشريف جامعه عربيه الهيه

بحث حرف

بحث حرف

حرف کی لغوی تعریف:۔ اَلْحَرْفُ فِی اللُّغَةِ الطَّرْفُ یعنی حرف کے معنی لغت میں طرف اور کنارہ کے ہیں۔ دیگر تحقیق اس طرح ہے۔ الحرف: (بفتح حاء) بمعنی کنارہ، دھار، جانب۔ اس کی جمع حِرَفٌ آتی ہے۔ کہا جاتا ہے، ”فلان علی حرفٍ من امره“. اور الحَرفُ: بمعنی پانی بہنے کی جگہ حرف، السفینة او النهر. کشتی یا دریا کا کنارہ۔ اس کی جمع حُرُوْفٌ وَاَحْرُفٌ ہیں۔ اور حروف تہجی میں سے اس کا ایک نام ”حرف المبنی“ ہے۔ الحُرفُ: (بضم حاء) معنی رائی، اس کا مفرد ”حُرفةٌ“ ہے۔ اور الحِرفةُ: بکسر الحاء) معنی پیشہ، ہنر وغیرہ، حرف، (ض) حرفاً الشیء عن وجهه بمعنی پھیرنا، جھکانا. عن الشیء مائل ہونا، لعیاله: ادھر اُدھر سے کمائی کرنا۔ حرف (س) فی ماله حرفةً، کچھ ضائع ہوجانا۔ اور لفظ ”حرف“ یہ باب افتعال، انفعال، افعال، تفعیل، تفعل اور مفاعلہ وغیرہ سے مستعمل ہے۔ (لغت المصباح، ص:۱۴۷)

حرف کی اصطلاحی تعریف:۔ حَدُّ الْحَرْفِ كَلِمَةٌ لَاتَدُلُّ عَلَىٰ مَعْنًى فِیْ نَفْسِهَا بَلْ تَدُلُّ عَلَىٰ مَعْنًى فِیْ غَیْرِهَا نَحْوُ مِنْ، عَنْ وَغَیْرُهُمَا.

”یعنی حرف ایسا کلمہ ہے کہ وہ ایسے معنی پر دلالت نہیں کرتا جو اسکی ذات میں ہو بلکہ ایسے معنی پر دلالت کرتا ہے جو اس کے غیر میں ہو، جیسے: مِنْ، عَنْ وغیرہ۔

دوسری جگہ تعریف یوں کیگی ہے کہ اصطلاح نحو میں حرف وہ کلمہ ہے جو بغیر دوسرے سے ملے ہوئے معنی نہ دے، اور اس کا نام ”حرف المعنیٰ“ ہے۔

حرف کی وجہ تسمیہ:۔ کیونکہ یہ اسم یا فعل کے اعتبار سے ایک طرف واقع ہوتا ہے۔ اسلئے اس کو حرف کہتے ہیں۔

جاننا چاہئے کہ حروف کی دو قسمیں ہیں: (۱) حروف معانی (۲) حروف مبانی، پھر حروف معانی ان حروف کو کہتے ہیں جو معانی پر دلالت کرتے ہیں، یا ان کو حروف معانی اس لئے کہتے ہیں کہ وہ افعال کے معانی کو اسماء تک پہنچاتے ہیں۔ اور حروف مبانی ان حروف کو کہتے ہیں جن سے کلمہ مرکب ہو، لیکن وہ خود کلمہ نہ ہوں، جیسے ضرب میں (ض، ر، ب) حروف مبانی ہیں۔ یہ بھی یاد رہے کہ حروف معانی مبنی ہوتے ہیں اور حروف مبانی نہ معرب ہوتے ہیں اور نہ مبنی، کیونکہ اعراب و بناء کلمہ کی صفت ہے اور یہ کلمہ نہیں ہوتے، بلکہ ان سے مرکب ہوتا ہے۔ (اجمل الحواشی، ص: ۲۴۷)

تعریف حرف پر اشکال:۔ اشکال یہ ہے کہ "جب حرف ایسے معنی پر جو اس کی ذات میں ہے، دلالت نہیں کرتا تو ایسے معنی پر کیسے دلالت کرسکتا ہے جو اس کے غیر میں ہوں کیونکہ جو شئے خود اپنی حفاظت نہ کرسکے تو وہ دوسرے کیلئے کیسے محافظ ہوسکتی ہے؟

اس کا جواب:۔ یہ اشکال سطحی نظر سے واقع ہوسکتا ہے کیونکہ یہاں (حرف کی تعریف میں مذکور "فی" "میں") اصل میں فی اعتبار کے معنی میں ہے، جیسے: اہل عرب کے ان دو قول (اَلدَّارُ فِیْ نَفْسِهَا حُکْمُهَا کَذَا وَالدَّارُ فِیْ غَیْرِهَا حُکْمُهَا کَذَا) میں اور جب فی اعتبار کے معنی میں ہوگیا تو اعتبار کا مطلب یہ ہوگیا کہ حرف وہ کلمہ ہے جو معنی پر اپنی ذات کے اعتبار سے دلالت نہ کرے، بلکہ حرف وہ کلمہ ہے جو معنی پر اپنے غیر کے اعتبار سے دلالت کرے۔ یعنی اس کلمہ کے معنی کا سمجھنا بلا انضمام کلمۂ اُخریٰ کے نہ ہو۔ (مصباح النحو، ص: ۴۲)

حروف جارہ کی بحث

حروف جارہ: یہ جَرٌّ سے مشتق ہے جر کے لغوی معنی ہے، کشیدن یعنی کھینچنا۔

اصطلاح میں جر وہ حرف یا حرکت ہے جو اسم کے مضاف الیہ ہونے پر دلالت کرے۔
حروف جارہ جو فعل یا شبہ فعل کے معنی کو اپنے مدخول تک پہنچانے کیلئے وضع کئے گئے ہیں۔کل سترہ ہیں اوران کی چھ قسمیں ہیں (۱) سات حروف ہیں جو اسم ظاہر و مضمر دونوں پر بغیر شرط کے عمل کرتے ہیں وہ سات حروف یہ ہیں فِــیْ، مِنْ، عَنْ، اِلـیٰ، عَلیٰ، بَاء، لام ۔(۲) تین حروف ہیں جو شرط کے ساتھ عمل کرتے ہیں (الف) کاف بشرطیکہ تشبیہ کیلئے ہو (ب) حتی بشرطیکہ ابتدائیہ نہ ہو (ج) واؤ بشرطیکہ قسمیہ ہو (۳) وہ تاء جو محض اسم ظاہر خاص پر عامل ہوتی ہے وہ دولفظ ہیں جو یہ ہیں۔(الف) لفظ "اللہ" (ب) لفظ "رب" (۴) منذ ومذ: یہ اسم ظاہر غیر مبہم پر داخل ہوتے ہیں۔(۵) رُبّ یہ اسم ظاہر وضمیر خاص پر داخل ہوتا ہے اسم ظاہر کیلئے نکرہ موصوفہ ہونا شرط ہے (یعنی ضروری ہے) اور جب رُبّ ضمیر پر داخل ہوگا تو وہ ضمیر ہمیشہ مفرد مذکر ومبہم ہوگی جس کی تفسیر مابعد میں ہوگی مثال رُبــہ رجلاجوادًا۔اور "رُبَّ" اس کی چند خصوصیات ہیں اور رُبَّ میں حرکت کے لحاظ سے سولہ لغات مشہور ہیں۔(دیکھئے معراج النحو ،ص:۱۷۶)

☆......<u>رُبّ کا طریقہ استعمال:</u> رب کا مابعد مجرور ہوتا ہے کیونکہ یہ حرف جر ہے اور تقلیل کیلئے آتا ہے، لیکن کبھی تکثیر کیلئے بھی استعمال ہوتا ہے، جیسے: رُبَـمَایَوَدُّ الَّذِیْنَ کَـفَـرُوْاالـخ ۔اور کبھی "رُبّ" پر "ما" داخل ہوتا ہے، جیسے: مثال مذکور میں ہے، اور "رُبّ" ہمیشہ صدر کلام میں آتا ہے اور مجرور اس کا نکرہ موصوفہ ہوتا ہے، جیسے: رُبَّ هَجْرٍ جَمِيْلٍ. (تسہیل قواعدالنحو، ص:۶۲)

☆......<u>رُبَّ: یہ حرف ہے</u> اس کے اندر نحویوں کے نزدیک <u>سولہ لغات ہیں</u> یعنی سولہ لغات سے پڑھا جاسکتا ہے۔اوراس کے معنی میں آٹھ قول آئے ہیں (۱) یہ کہ وہ ہمیشہ تقلیل کیلئے آتا ہے اور اکثر علماء اسی بات پر زور دیتے ہیں۔(۲) یہ ہمیشہ تکثیر کیلئے

آتا ہے جیسے: رُبَمَا يَوَدُّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْ كَانُوْا مُسْلِمِيْنَ. یہاں قول اوّل کے قائلین نے کہا کہ "کفار عذاب کی سختیوں اور تکلیفوں میں ایسے مشغول رہیں گے کہ بہت کم ان کے حواس ایسی آرزو کرنے کیلئے درست ہو پائیں گے" لہذا یہ تقلیل کے معنی میں غالب ہے (۳) یہ کہ "رُبَّ" تقلیل وتکثیر دونوں کیلئے یکساں آتا ہے (۴) یہ کہ بیشتر تقلیل کیلئے اور شاذ ونادر تکثیر کیلئے آتا ہے (۵) چہارم کے برعکس یعنی بیشتر تکثیر کیلئے وشاذ ونادر تقلیل کیلئے (۶) یہ کہ "رُبَّ" تقلیل یا تکثیر دونوں میں سے کسی معنی کیلئے بھی وضع نہیں کیا گیا ہے بلکہ وہ تو حرف اثبات ہے جو نہ اِس پر دلالت کرتا ہے اور نہ اُس پر، ہاں یہ بات خارج (یعنی ظاہر الفاظ اور سیاق وسباق عبارت) سے کچھ سمجھ میں آتی ہے (۷) یہ کہ "رُبَّ" مباہات اور بڑائی ظاہر کرنے کے موقعوں پر تکثیر کے معنی میں اور دیگر مواقع پر تقلیل کے معنی میں آتا ہے (۸) یہ کہ "رُبَّ" عدد مبہم کیلئے از روئے تقلیل وتکثیر آتا ہے۔ (الاتقان ج اص:۵۱۶، تیسیر النحو، ص:۱۷۶)

<u>رُبَّ:</u>......اس حرف کو کئی طرح پڑھتے ہیں (۱) راء کو ضمہ اور باء کی مندرجہ ذیل تین حالتیں (الف) باء مشدد مفتوح (رُبَّ)۔ (ب) باء مفتوح غیر مشدد (رُبَ)۔ (ج) باء ساکن کے ساتھ (رُبْ)۔ (۲) راء کو فتحہ اور باء کی دو صورتیں (الف) باء کو مشدد اور مفتوح پڑھتے ہیں (رَبَّ)۔ (ب) باء کو صرف فتحہ پڑھتے (رَبَ)۔ (۳) را کو ضمہ اور باء مشدد کو فتحہ کے ساتھ، تاء مفتوحہ آخر میں بڑھا دیتے ہیں، جیسے: رُبَّةَ. (۴) راء کو ضمہ، باء کو مفتوحہ مخففہ، اس کے بعد باء مفتوحہ، جیسے: رُبَةَ. (مصباح العوامل، ص:۲۹)

<u>رُبَّ:</u>۔ یہ اسم ظاہر وضمیر خاص پر داخل ہوتا ہے اسم ظاہر کیلئے نکرہ موصوفہ ہونا شرط ہے (یعنی ضروری ہے) اور جب ربّ ضمیر پر داخل ہوگا تو وہ ضمیر ہمیشہ مفرد مذکر ومبہم ہوگی جس کی تفسیر مابعد ہوگی مثال رُبَّهُ رَجُلاً جَوَّادًا ۔ (مصباح العوامل ومسودہ فوائد ترکیبیہ از شیخ الحدیث اشرف المدارس)

(۶) حَاشَا، خَلَا، عَدَا، یہ ماقبل کے حکم کی نفی کرتے ہیں اور استثناء کا معنیٰ دیتے ہیں۔
(مسودہ فوائد ترکیبیہ، ازمولانا عبدالرشید حفظہ اللہ، شیخ الحدیث اشرف المدارس)

حَتّٰی:...... میں ایک لغت حاء کے بجائے عین کے ساتھ "عَتّٰی" بھی ہے حضرت ابن مسعودؓ نے عتی پڑھا ہے۔ اور حتی کے تین معنیٰ (عطف، جر، استیناف) ہیں۔ (۱) عاطفہ جارہ ہونے کیساتھ انتہاء کے معنیٰ بھی دیتا ہے لیکن اس کے مدخول میں بطور جزاء کے لا کا آنا ضروری ہے، جیسے: مَاتَ النَّاسُ حَتّٰی الْاَنْبِيَاءُ (۲) ابتداء کیلئے آتا ہے، اس کا دوسرا نام حتی استینافیہ اور حتی ابتدائیہ بھی ہے گویا اس کے مابعد کلام مستانف ہوتا ہے اور اعراب کے لحاظ سے اپنے ماقبل سے جدا ہوتا ہے، البتہ معنیٰ ماقبل سے متعلق ہوتا ہے (۳) حتی جارہ ہے اور اکثر جارہ ہی استعمال ہوتا ہے جیسے: سَلَامٌ هِيَ حَتّٰی مَطْلَعِ الْفَجْرِ۔ (الاتقان ج ۱ ص: ۵۱۱، مصباح العوامل، ص: ۲۲، معراج النحو، ۱۷۶)

حَتّٰی: ۔ مزید چار معنیٰ کیلئے آتا ہے (۱) انتہائے غایت کیلئے، جیسے: نِمْتُ الْبَارِحَةَ حَتَّى الصُّبْحَ، يَاسِرْتُ الْبَلَدَ حَتَّى السُّوْقَ (۲) تعلیل کیلئے، جیسے: اَسْلَمْتُ حَتّٰی اَدْخُلَ الْجَنَّةَ (۳) حتی بمعنیٰ مع کیلئے آتا ہے، جیسے: قَرَأْتُ وِرْدِیْ حَتّٰی الدُّعَاءَ اَیْ مَعَ الدُّعَاءِ (۴) استثناء کیلئے، جیسے: وَاللّٰهِ لَا اَفْعَلُ حَتّٰی تَفْعَلَ. (۵) حتی جر کیلئے۔ (۶) حتی عاطفہ بھی واقع ہوا کرتا ہے۔ اس کے بارے میں علامہ جلال الدین سیوطیؒ فرماتے ہیں۔ مگر ایسا "حتی" جو عاطفہ ہو مجھے نہیں معلوم کہ کہیں قرآن میں بھی استعمال ہوا ہے۔ کیونکہ حتی کے ساتھ عطف ہونا بہت کم مستعمل ہے اور اسی وجہ سے نحویانِ کوفہ نے اس کا انکار کیا ہے۔ اور مصنف اصول الشاشیؒ کہتے ہیں کہ اگر کلمہ حتی کو، جزا پر محمول کرنا متعذر ہو یعنی اگر کلمہ حتی کا ماقبل سبب اور کلمہ حتی کا مابعد جزا بننے کی صلاحیت نہ رکھتا ہو تو اس صورت میں کلمہ حتی کو عطف محض پر محمول کیا جائے گا یعنی کلمہ

فاء کے معنی میں ہوگا یا ثم کے معنی ہوگا اس کی مثال امام محمدؒ کا یہ قول ہے مولیٰ نے کہا "عَبدِیْ حُرٌّ اِنْ لَمْ اٰتِکَ حَتّٰی اَتَغَدّٰی عِنْدَکَ الْیَوْمَ" (اگر میں آج تیرے پاس نہ آؤں، پھر تیرے پاس صبح کا کھانا نہ کھاؤں، تو میرا غلام آزاد ہے)۔ (۷) حتی ابتدائیہ بھی ہوتا ہے یعنی ایسا حرف کہ اس کے بعد سے جملوں کی ابتدا ہوتی ہے۔ اس حالت میں وہ جملہ اسمیہ اور جملہ فعلیہ دونوں پر داخل ہوتا ہے اور جملہ فعلیہ کا فعل مضارع ہو یا ماضی دونوں کی حالت یکساں ہے اس کی مثالیں، جیسے: حَتّٰی یَقُوْلُ الرَّسُوْلُ (رفع کیساتھ)۔ "حَتّٰی عَفَوْا وَقَالُوْا" اور "حَتّٰی اِذَا فَشِلْتُمْ وَتَنَازَعْتُمْ فِی الْاَمْرِ ۔ (منیۃ الادب ج ا ص: ۲۰، ج ۲ ص: ۴۸، اتقان ص: ۵۱۳ ج ا، اجمل الحواشی، ص: ۸۷، ۲۸۸)

☆...... حَتّٰی کے متعلق سوال اس مثال "حَتّٰی اَدْخُلَ الْبَلَدَ" میں، کہ حتی حرف جارہ ہے اور حرف جارہ ہمیشہ اسم پر داخل ہوتا ہے اور یہاں فعل (ادخل) پر داخل ہو رہا ہے؟

الجواب:۔ اس وجہ سے کہ حتی وغیرہ کے بعد اَن مقدر مانا جاتا ہے تاکہ فعل اَن کے ساتھ ملکر مصدر کے معنی میں ہو جائے اور مصدر اسم ہے لہذا حتی فعل مضارع پر داخل نہیں ہوا، بلکہ اسم پر داخل ہوا ہے، لہذا اب کوئی اعتراض نہیں رہا، کیونکہ اس وقت اَدْخُلَ دخول کے معنی میں ہو گیا ہے۔ (ہدیہ صغیر، ص: ۸۱)

إلـٰی :...... جب ضمیر پر داخل ہوتا ہے تو وہ الف جو اسم غیر متمکن کے آخر میں واقع ہو یا سے بدل جاتا ہے، جیسے: اِلَیْہِ، عَلَیْہِ وغیرہ۔ اور لَدَیْہِ، حَتّٰی کے ضمیر پر داخل ہونے نہ ہونے میں مختلف اقوال ہیں کوفی حضرات حتی کے ضمیر پر داخل ہونے کو جائز مانتے ہیں، جیسے: شاعر نے حَتَّاکَ کا لفظ اپنے شعر میں استعمال کیا ہے:

مَتٰی حَتَّاکَ یَا ابْنَ اَبِیْ زِیَادٍ

لیکن جمہور اس استعمال کو شاذ کہتے ہیں ان کے نزدیک حتی صرف اسم ظاہر پر داخل ہوتا ہے ضمیر پر نہیں، جمہور کی دلیل یہ ہے کہ الٰی اصل ہے اور حتی اس کی فرع ہے اسلئے کہ مرتبہ میں کم ہے لہٰذا ضمیر پر داخل نہ ہوگا اگر کبھی ضمیر پر داخل ہوگا تو اس کا الف یاء سے بدل جائے گا، جیسے: حتیہ وغیرہ۔ (مصباح العوامل، ص:۲۴)

<u>اِلٰی اور حتّٰی میں فرق:</u> حتّٰی: یہ الی کی طرح انتہائے غایت کا حرف ہے، مگر حتی اور الٰی کے اندر کئی باتوں میں باہم فرق ہیں (ا) حَتّـی اِلٰي سے ان باتوں میں منفرد ہے کہ وہ محض اسم ظاہر کو جر دیتا ہے اور اس آخری مسبوق کو بھی جو کئی اجزاء رکھتا ہو اور اسکا مجرور جزءِ اخیر کے ساتھ ملتا ہو، جیسے: "سَلَامٌ هِـيَ حَتّي مَطْلَعِ الْفَجْرِ .الآية" کہ اس مثال میں حَتّـی نے مطلع کو جر دیا ہے اور وہ رات کے آخری حصہ سے یعنی فجر سے ملتا ہے اور وہ اپنے ماقبل فعل کے آہستہ آہستہ شروع ہونے کا فائدہ دیتا ہے اور اسکے مقابلہ میں ابتدائے غایت کی ضرورت نہیں ہوتی اور اسکے بعد اَنْ مقدرہ کے باعث مضارع منصوب واقع ہوتا ہے اور اس حالت میں مضارع منصوب مع اَن مقدرہ کے دونوں مصدر مجرور کی تاویل میں ہوتے ہیں، ایسے مواقع پر حَتّـی کے تین معانی آتے ہیں (ا) یہ کہ وہ الٰی کا مترادف ہوتا ہے جیسے قَوْلُـهُ تَعَالٰی: "لَنْ نَّبْرَحَ عَلَيْهِ عَاكِفِيْنَ حَتّي يَرْجِعَ اِلَيْنَا مُوْسٰى" (ب) دوسرے یہ کہ کی تعلیلیہ کا مترادف ہوتا ہے، جیسے قَوْلُهُ تَعَالٰي: "وَلَايَزَالُوْنَ يُقَاتِلُوْنَكُمْ حَتّٰي يَرُدُّوْكُمْ" (ج) تیسرے یہ کہ وہ استثناء میں اِلا کا مترادف ہوتا ہے، جیسے: قَوْلُـهُ تَعَالٰي: "وَمَايُعَلِّمَانِ مِنْ اَحَدٍحَتّي يَقُوْلاَ . الآية" اور یہ بھی اہم ہے کہ حتی کے ساتھ غایہ کا دخول مغیّا میں ہوگا اور اِلٰی کے ساتھ نہ ہوگا اور حتی ابتدائیہ اور عاطفہ بھی ہوتا ہے۔ (مزید تفصیل کیلئے دیکھئے، الاِتـقـان فی عـلـوم القرآن، ص: ۵۱۱/۵۱۲ ج ۱)

بالفاظ دیگر اِلیٰ حرف جار ہے اور علی بھی حرف جار ہے اور لدیٰ اسم ظاہر ہے لیکن سوال یہ ہے کہ ضمیر پر جب ان کو داخل کیا جاوے تو اِلَاہُ، عَلَاہُ۔ اور لَدیٰہُ نہیں ہوتے بلکہ اِلَیْہِ اور عَلَیْہِ اور لَدَیْہِ ہوتے ہیں۔

جواب:۔ یہ ہے کہ اسمائے متمکنہ اور حروف جارہ جب ضمائر کے ساتھ لگتے ہیں تو کچھ نہ کچھ تغیر ضرور ہوتا ہے اور ہر وہ اسم متمکن کہ جو اسم مقصور ہو اور ہر وہ حرف کہ جس کے آخر میں الف ہو اگر اس کے بعد ضمیر آئے گی تو وہ الف، ی سے بدل جائے گا رہ گیا معاملہ حتی حرف جارہ کا تو اس کے ضمیر پر داخل ہونے کے سلسلہ میں اختلاف ہے جو لوگ اس کے داخلہ کو ضمیر پر جائز قرار دیتے ہیں وہ حتیہ کہیں گے۔ اور جو لوگ اس کا ضمیر پر داخلہ جائز قرار نہیں دیتے ان کے یہاں سوال ہی پیدا نہیں ہوتا حتیہ کہنے کا۔

(مصباح العوامل، ص:۲۴،۲۵)

☆...... حروف جارہ کیلئے ہمیشہ متعلق کی ضرورت ہوتی ہے پھر اگر اس کا متعلق کلام میں مذکور ہو تو اس کو "ظرف لغو" کہیں گے۔ یعنی بیکار، کہ نہ مسند ہوتا ہے نہ مسند الیہ اگر حروف جار کا متعلق لفظوں میں مذکور نہ ہو بلکہ مقدر ہو تو اس کو ظرف مستقر کہیں گے، پھر وہ ظرف اپنے متعلق کے محل وقوع کے لحاظ سے محلاً مرفوع یا منصوب یا مجرور کہلائے گا۔ اگر اسم معرفہ کے بعد واقع ہوگا تو ہمیشہ موصوف کے تابع رہے گا۔ یا کسی موصول کا صلہ ہوگا. (مفتاح العوامل، ص:۱۰)

قاعدہ:۔ ظرف اور جار و مجرور کیلئے متعلق کا ہونا ضروری ہے، خواہ متعلق فعل ہو یا شبہ فعل ہو مقدم ہو یا مؤخر ہو مذکور ہو یا مقدر ہو۔ (ترغیب الاخوان فی ترکیب القرآن، ص:۱۶)

☆...... ہر جار کا مجرور ہمیشہ اسم ہوتا ہے عام ہے کہ اسم حقیقی ہو یا حکمی یا تاویلی۔ اسم حقیقی دس ہیں: اسم جامد، اسم مصدر، اسم فاعل، اسم مفعول، صفت مشبہ، اسم تفضیل، اسم

ظرف، اسم آلہ، اسم منسوب، اسم مبالغہ۔ اسم حکمی یہ ہیں: فعل پر اَن مصدریہ، کَیْ مصدریہ، لو مصدریہ، یا اَن بمع اسم وخبر پر داخل ہو۔ اسم تاویلی یہ ہیں۔ فعل وحرف کی ذات مراد ہو بتاویل "هٰذَا اللَّفْظُ" یا بتاویل "هٰذَا الْقَوْلُ" کیساتھ۔ (ماخوذ از مسودہ مولانا عبدالرشید صاحب شیخ الحدیث اشرف المدارس)

☆......ہر جار ومجرور کو بوقت ترکیب ظرف سے تعبیر کرتے ہیں اور ہر ظرف کیلئے متعلق کا ہونا ضروری ہے عام ہے کہ وہ متعلق فعل ہو، جیسے: اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ. یا شبہ فعل ہو جیسے: غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ. یا مؤوّل بشبہ فعل ہو، جیسے: وَهُوَ الَّذِيْ فِي السَّمَاءِ اِلٰهٌ وَفِي الْاَرْضِ اِلٰهٌ. یا متعلق معنیٰ فعل ہو جو فحوی کلام واشارہ کلام سے سمجھا جائے، جیسے مَا اَنْتَ بِنِعْمَةِ رَبِّكَ بِمَجْنُوْنٍ. عام ہے کہ وہ متعلق مقدم ہو یا مؤخر، مذکور ہو یا مقدر۔ مگر رُبَّ، حاشا، خلا، عدا مستغنی از متعلق ہیں۔ (از مسودہ مولانا عبدالرشید صاحب)

☆......مجرورات کے ذیل میں صرف مضاف الیہ آتا ہے۔ (الف) مضاف الیہ وہ اسم ہے جو بواسطۂ حرف جر منسوب کیا جائے اور لفظاً میں مذکور ہو، جیسے: مَرَرْتُ بِزَيْدٍ، میں "بَـــاء" مذکور ہے اور اس کو اصطلاح نحو میں جار مجرور کہتے ہیں۔ (ب) حرف جر کبھی تقدیراً ہوتا ہے، جیسے: غُلَامُ زَيْدٍ، اصل میں غُلَامٌ لِزَيْدٍ تھا۔ اور اس کو اصطلاح نحو میں مضاف اور مضاف الیہ سے تعبیر کرتے ہیں۔ اور اضافت کی دوقسمیں ہیں (۱) لفظی (۲) معنوی، اضافت معنوی کی علامت یہ ہے کہ مضاف وہ صفت کا صیغہ نہ ہو جو اپنے معمول کی طرف مضاف واقع ہو اور اضافت معنوی کبھی (ا) لام کے معنیٰ میں ہوتی ہے، جیسے: غُلَامُ زَيْدٍ (ب) یا مِن کے معنیٰ میں ہوتی ہے جیسے: خَاتَمُ فِضَّةٍ اے خَاتَمٌ مِنْ فِضَّةٍ (ج) یا فی کے معنیٰ میں ہوتی ہے جیسے: صَلٰوةُ اللَّيْلِ اى صَلٰوةٌ فِي

اللَّیلِ.

☆......جار مجرور کا متعلق جب لفظوں میں ہو تو اس کو ظرف لغوی کہتے ہیں اور جب اس کا متعلق مقدر ہوتا ہے تو اس کو ظرف مستقر کہتے ہیں.(روایۃالنحو، ص: ا)

حروف غیر عاملہ

☆......عربی زبان میں کل حروف غیر عاملہ کی سترہ قسمیں حسب ذیل ہیں:

(۱) حروف تنبیہ، تین ہیں: اَلَا . اَمَا . هَا . یہ حروف جملہ پر آتے ہیں۔ مخاطب سے غفلت دور کرنے کے لئے، جیسے: اَلَا زَیْدٌ قَائِمٌ. اَمَا عَمْرٌو نَائِمٌ . هَا اَنَا حَاضِرٌ .

(۲) حروف ایجاب چھ ہیں: نَعَمْ . بَلٰی . اَجَلْ . اِیْ. جَیْرِ. اِنَّ. نعم پہلی بات کی تصدیق کرتا ہے۔ خواہ وہ بات نفی میں ہو یا اثبات میں جیسے: کوئی کہے مَا جَآءَ زَیْدٌ تو اس کے جواب میں کہا جائے نَعَمْ یعنی مَا جَآءَ زَیْدٌ ۔ ایسے ہی جب کہا جائے ذَهَبَ عَمْرٌو تو اس کے جواب میں کہا جائے نَعَمْ یعنی ذَهَبَ عَمْرٌو .

☆......بَلٰی: منفی کے اثبات کے لئے آتا ہے، جیسے: اَلَسْتُ بِرَبِّكُمْ؟. قَالُوْا بَلٰی. یعنی بَلٰی اَنْتَ رَبُّنَا. اِیْ: مثل نَعَم کے ہے، لیکن اتنا فرق ہے کہ استفہام کے بعد قسم کے ساتھ آتا ہے جیسے کوئی کہے اَقَامَ زَیْدٌ ۔ اس کے جواب میں کہا جائے۔ اِیْ وَاللّٰہِ ہاں اللہ کی قسم۔ اَجَلْ. جَیْرِ: بھی مثل نَعَمْ کے ہیں لیکن ان کے ساتھ قسم ضروری نہیں۔ اِنَّ بھی ایسا ہی ہے لیکن اس کا استعمال کم ہوتا ہے۔

اجلؔ، بلیٰؔ اور نعمؔ میں فرق: نعم، بلی، اور اجلؔ، یہ تینوں حروف تصدیق و ایجاب کیلئے ہیں اور تینوں کے درمیان فرق یہ ہے کہ نعم اور اجل ماقبل کے کلام کو ثابت کرتے ہیں۔ اگر منفی ہو تو نفی ثابت کرتے ہیں مثلاً کہا جاتا ہے۔ زَیْدٌ لَیْسَ بِقَائِمٍ ؟

تو جواب دیا جاتا ہے " نعم " یا " اجل " بخلاف بَلٰی کے کہ یہ منفی سے مثبت بنا دیتا ہے جیسے: قَوْلُهٗ تَعَالٰی: ﴿اَلَسْتُ بِرَبِّكُمْ؟ قَالُوْا بَلٰی﴾ ہاں (کیوں نہیں؟) آپ ہمارے پروردگار ہیں۔ اگر آپ بجائے بَلٰی، نَعَمْ یا اَجَلْ استعمال کریں تو آیت کا مطلب یہ ہوگا کہ ہاں آپ ہمارے پروردگار نہیں۔ اسی سبب سے لہٰذا دونوں کو حرف استفہام انکاری جملۂ منفیہ کے بعد استعمال کرنا درست نہیں۔ کیوں کہ یہ دونوں اگر ماقبل منفی ہو تو نفی ثابت کرتے ہیں مثبت ہو تو اثبات ثابت کرتے ہیں نیز علمائے لغت نے اجل اور نعم کے درمیان یہ بھی فرق لکھا ہے کہ نعم عموماً استفہام کے جواب میں آتا ہے اور اجل عموماً خبر کے جواب میں۔ (مآرب الطلبہ ص ۱۰۷)

(۳) حروف تفسیر دو ہیں: اَیْ اور اَنْ جیسے: وَنَادَیْنَاهُ اَنْ یَّااِبْرَاهِیْمُ، جَآءَنِیْ زَیْدٌ اَیْ اَبُوْكَ. (۴) حروف مصدریہ تین ہیں، مَا، اَنْ، و اَنَّ. یہ فعل کو مصدر کے معنی میں کر دیتے ہیں، جیسے: ضَاقَتْ عَلَیْهِمُ الْاَرْضُ بِمَارَحُبَتْ اَیْ بِرَحُبِهَا وَاَعْجَبَنِیْ اَنْ ضَرَبْتَ اَیْ ضَرْبُكَ. اَنَّ جملہ اسمیہ پر داخل ہوتا ہے۔ جیسے: بَلَغَنِیْ اَنَّ زَیْدًا نَائِمٌ اَیْ نَوْمُهٗ. (۵) حروف تحضیض کل چار ہیں: اَلَّا، هَلَّا، لَوْمَا، لَوْلَا. یہ حروف اگر مضارع پر آئیں تو ابھارنا اور رغبت دلانا مقصود ہوگا جیسے هَلَّا تُصَلِّیْ؟ "تو کیوں نماز نہیں پڑھتا" اور اسی واسطے ان کو حروف تحضیض کہتے ہیں۔ کیونکہ تحضیض کے معنی ہیں ابھارنا اور رغبت دلانا خوب سمجھ لو۔ اور اگر یہ حروف ماضی پر داخل ہوں تو ان سے مخاطب کو ندامت دلانا مقصود ہوتا ہے جیسے هَلَّا صَلَّیْتَ الْعَصْرَ؟ تو نے عصر کی نماز کیوں نہیں پڑھی؟ اس لئے ان کو حروف تندیم بھی کہتے ہیں۔ (۶) حرف توقع ایک ہے اور وہ "قد" ہے۔ اور یہ حرف ماضی کو ماضی قریب کر دیتا ہے اور بے شک کے معنی دیتا ہے اور مضارع میں تقلیل کے معنی دیتا ہے جیسے: قَدْ جَآءَ زَیْدٌ۔ زید آیا یا بے شک زید آیا

ہے۔اور قَدْ یَجِیْءُ زَیْدٌ ۔زید کبھی آتا ہے اور کبھی مضارع میں بھی بے شک کے معنی دیتا ہے، جیسے قَدْ یَعْلَمُ اللّٰہُ بے شک اللہ جانتا ہے (۷) حرف ردع ایک ہے اور وہ "کَلَّا" ہے۔اور اکثر انکار و منع کے لئے آتا ہے جیسے: کوئی کہے کَفَرَ زَیْدٌ تو اس کے جواب میں کہا جائے گا کَلَّا ہر گز نہیں۔اور کَلَّا حقاً یعنی بے شک کے معنی میں بھی آتا ہے جیسے کَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۔بے شک قریب ہے کہ تم جانو گے۔(۸) حروف استفہام تین ہیں: أ، ھَلْ، مَا یہ تینوں شروع میں آتے ہیں جیسے :مَا اسْمُکَ؟اَزَیْدٌ قَائِمٌ؟ھَلْ زَیْدٌ قَائِمٌ؟ ۔

ہَلْ اور ہمزہ استفہام کے درمیان فرق

ہَل: خاص ہے ایجاب کے ساتھ بخلاف ہمزہ کے اور ہل اسم پر نہیں آسکتا بخلاف ہمزہ کے اور "ھَلْ زَیْدٌ قَائِمٌ" کہنا غلط ہوگا اور "اَزَیْدٌ قَائِمٌ؟" کہنا صحیح ہے۔(تفهيمات شرح مقامات اردواز شيخ الادبؒ ص۱۴۹/ج۱)

(۹) حروف عطف دس ہیں: وَاوْ، فَا، ثُمَّ، حَتّٰی، اِمَّا، اَوْ، اَمْ، لَا، بَلْ، لٰكِنَّ.

(۱۰) حروف زیادت آٹھ ہیں: اِنْ، اَنْ، مَا، لَا، مِنْ، کَاف، باءَ، لام. مثالیں: مَا اِنْ زَیْدٌ قَائِمٌ. فَلَمَّا اَنْ جَآءَ الْبَشِیْرُ. اِذَامَاتَخْرُجُ اَخْرُجُ. مَاجَآءَ نِیْ زَیْدٌ وَ لَا عَمْرٌو. مَاجَآءَ نِیْ مِنْ اَحَدٍ. لَیْسَ کَمِثْلِهٖ شَیْءٌ. مَازَیْدٌ بِقَآئِمٍ. رَدِفَ لَکُمْ .

(۱۱) حروف شرط، تین ہیں: اِنْ، اَمَّا، لَوْ ہیں۔اِنْ شرطیہ دو جملوں پر داخل ہوتا ہے جیسے: اِنْ تَضْرِبْ اَضْرِبْ. اَمَّا: تفسیر کے واسطے آتا ہے، اور فا اس کے جواب میں لانا ضروری ہے۔ کَقَوْلِهٖ تَعَالٰی: فَمِنْهُمْ شَقِیٌّ وَسَعِیْدٌ فَاَمَّا الَّذِیْنَ شَقُوْا فَفِی النَّارِ. وَاَمَّا الَّذِیْنَ سَعِدُوْا فَفِی الْجَنَّةِ.

فائدہ:۔ (۱) اگر شرط کی جزا جملہ اسمیہ ہو یا امر یا نہی یا دعا، تو ''ف'' جزا میں لانا ضروری ہوگا جیسے: اِنْ تَـاْتِنِیْ فَاَنْتَ مُکْرَمٌ. اِنْ رَاَیْتَ زَیْداً فَاَکْرِمْهُ. اِنْ اَتَاکَ عَـمْرٌو فَلاَ تُهِنْهُ. اِنْ اَکْرَمْتَنِیْ فَجَزَاکَ اللّٰهُ خَیْراً. (علم النحو، خلاصۃ النحو ص:۲۴، ازمولانا ولایت حسین ارکانی صاحب)

لَـوْ: دوسرے جملہ کی نفی ظاہر کرتا ہے پہلے جملہ کی نفی ہونے کے سبب سے، جیسے قرآن مجید میں ہے: لَوْ کَانَ فِیْهِمَا آلِهَةٌ اِلَّا اللّٰهُ لَفَسَدَتَا ۔ (اگر آسمان وزمین میں کئی خدا ما سوائے اللہ کے ہوتے تو یہ دونوں تباہ ہوجاتے۔ مگر چونکہ کئی خدا نہیں اس لئے تباہ نہیں ہوئے)۔ (۱۲) نون تاکید، دونون ہیں ایک نون ثقیلہ دوسرا نون خفیفہ، جیسے: اِضْـرِبَنَّ، اِضْـرِبَنْ. (۱۳) لَوْلَا یہ دوسری بات کی نفی کرتا ہے پہلی بات ہونے کے سبب سے، جیسے: لَـوْ لَا زَیْـدٌ لَهَلَکَ عَمْرٌو اگر زید نہ ہوتا تو عمرو ہلاک ہوجاتا (مگر زید تھا اس لئے عمرو ہلاک نہیں ہوا)۔ (۱۴) تنوین یہ کل پانچ ہیں: تَـمَـکُّـنْ، تَـرَنُّم، تَنْکِیْر، عِوَض، مُقَابَلَهْ. جن میں سے دو یہ ہیں: (الف) تَمَکُّنْ جیسے: زَیْدٌ (ب) عِوَض جیسے یَوْمَئِذٍ۔ اور یہ یَوْمَ اِذْ کَانَ کَذَا کے عوض بولا جاتا ہے اور حِیْنَئِذٍ کو حِیْـنَ اِذْ کَـانَ کَذَا کی جگہ بولتے ہیں۔ (۱۵) لام مفتوحہ جو اسم، فعل، حرف، سب پر داخل ہوتا ہے، اور یہ تاکید کے واسطے آتا ہے جیسے: لَـزَیْدٌ اَفْضَلُ مِنْ عَمْرٍو اور عربی میں لام کی مشہور چار قسمیں ہیں: (لام کَیْ، لام جحد، لام تاکید، لام زائدہ)۔ ورنہ درحقیقت لام کی بہت سی قسمیں ہیں جن میں سے چند مندرجہ ذیل ہیں: (1) لام تعلیلیہ، جیسے: لِـکَـیْ لَاتَاْسَوْا ۔ (2) لام جحد، (وہ لام جو کان منفی پر داخل ہو) جیسے: مَـاکَـانَ اللّٰهُ لِیُعَذِّبَهُمْ ۔ (3) لام کَی، جیسے: اَسْلَمْتُ لِاَدْخُلَ الْجَنَّةَ ۔ (اس لام اور لام جحد میں دو اعتبار سے فرق ہے۔ اول لام کَی کو حذف کرنے سے معنی میں

خلل پیدا ہوتا ہے بخلاف لام جحد کے، دوم لام جحد کان منفی کے بعد آتا ہے بخلاف لام کی)۔(4) لام تاکید: جیسے: اِنَّـا اِلَيْكُمْ لَمُرْسَلُوْنَ یہ مفتوح اور غیر عاملہ ہوتا ہے، خواہ اس کا مدخول اسم ہو یا فعل، ماضی ہو یا مضارع، جیسے: اِنَّكَ لَـرَسُوْلُ اللّٰـهِ میں لام تاکید مفتوح ہے۔(5) لام قسمیہ، وَاللّٰهِ لَاَفْعَلَنَّ كَذَا (6) لام زائدہ، جیسے: رَدِفَ لَكُمْ اَیْ رَدِفَكُمْ۔(7) لام امر، جیسے: فَلْيَضْحَكُوْا قَلِيْلاً وَّلْيَبْكُوْا كَثِيْرًا (8) لام ابتدائیہ، لَـزَيْدٌ مُنْطَلِقٌ (9) لام عاملہ جارہ، یہ اسم ظاہر اور ضمیر واحد متکلم کے ساتھ مکسور ہوتا ہے، جیسے لِـزَيْـدٍ وَلِـیْ۔(10) لام عاملہ جازمہ: یہ مکسور ہوا کرتا ہے لِيَحْكُمَ اللّٰهُ اور کبھی مفتوح ہوتا ہے۔ واؤ اور فاء کے بعد اکثر ساکن ہوتا ہے، جیسے: فَلْيَسْتَجِيْبُوْا لِیْ وَلْيُؤْمِنُوْا بِیْ۔ اور ثم کے بعد بھی ساکن ہوتا ہے جیسے: ثُمَّ لْيَقْضُوْا (11) لام غیر عاملہ، یہ ہمیشہ مفتوح ہوتا ہے، جیسے: اِنَّ زَيْـدًا لَـقَـائِمٌ۔(12) لام استغاثہ، یعنی وہ لام جارہ جو مستغاث پر داخل ہوتا ہے جیسے: يَا لِزَيْدٍ۔ (اے زید! مدد کر) اس لام کی وجہ سے منادیٰ مجرور ہوگا، البتہ لام مفتوح ہوگا، جس طرح اِنّ کی خبر پر داخل ہونے والا لام مفتوح ہوتا ہے، جیسے: اِنَّ مِنَ الْبَيَـانِ لَسِحْرًا وَاِنَّ مِنَ الشِّعْرِ لَحِكْمَةً۔(13) لام تعجب، جو منادیٰ پر بوقت اظہار تعجب داخل ہوتا ہے جیسے: يَالَلْمَاءِ یہ لام بھی مفتوح ہوتا ہے، اگرچہ بعض صورتوں میں مکسور بھی پڑھا جاتا ہے۔(14) لام ملکیت، جیسے: لِلّٰـهِ مَافِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ۔(15) لام سبب، جو سبب، وجہ اور علت پر دلالت کرے، جیسے: اَقِمِ الصَّلٰوةَ لِذِكْرِیْ اَیْ مِنْ اَجْلِ ذِكْرِیْ (16) لام بمعنی عند، جیسے: اَقِمِ الصَّلٰوةَ لِدُلُوْكِ الشَّمْسِ اَیْ عِنْدَ دُلُوْكِ الشَّمْسِ (17) لام بمعنی بعد، جیسے: صُوْمُوْا لِرُؤْيَتِهٖ وَافْطِرُوْا لِرُؤْيَتِهٖ اَیْ بَعْدَ رُؤْيَتِهٖ (18) لام تخصیص، جیسے: اَلْجَنَّةُ لِلْمُؤْمِنِ (جنت مومن کیلئے خاص ہے)۔(19)

لام انتفاع، جیسے حدیث رسول ﷺ میں ہے "اَلْقُرآنُ حُجَّةٌ لَکَ اَوْ عَلَیْکَ" ۔(20) لام وقت، لِثَلاثٍ خلوْنَ مِنْ شَهْرٍ كَذَا اى لِوَقْتِ ثَلاثٍ ۔(21) لام جزاء، جیسے :اِنَّافَتَحْنَالَکَ فَتْحًامُبِیْنًالِیَغْفِرَلَکَ اللّٰهُ، الآیة. اس میں "لِیَغْفِرَ" کالام۔ (22) لام عاقبت، فَالْتَقَطَهُ الُ فِرْعَوْنَ لِیَکُوْنَ لَهُمْ عَدُوًّا وَحَزَنًا. میں "لِیَکُوْنَ" کالام (23) لام تہدید، وہ لام ہے جو منادیٰ پر بغرض اظہار تہدید داخل ہوتا ہے جیسے: یَالَلدَّوَاهِیْ یہ لام بھی مفتوح ہوا ہے۔(المصباح اللغات وغیرہ)

☆......لامِ تقویت: عامل ضعیف کوقوت بخشنے کیلئے معمول پر جو لام، زائد کیا جاتا ہے اس کو لام تقویت کہا جاتا ہے۔ عامل میں ضعف آنے کی دو صورتیں ہیں: (۱) عامل فعل ہو اور اس کا معمول اس پر مقدم ہوگیا ہو، پس اس مقدم معمول پر لام آئے گا جیسے هُدًى وَرَحْمَةٌ لِّلَّذِيْنَ هُمْ لِرَبِّهِمْ يَرْهَبُوْنَ ۔اس جگہ "يَرْهَبُوْنَ" فعل پر اس کا معمول "ربّهم" مقدم ہوگیا، پس اس پر تقویت عامل کیلئے لام لایا گیا۔(۲) عمل میں فرع ہونے کی وجہ سے یعنی عامل شبہ فعل ہونے کی وجہ سے، پس اس پر بھی لام زائد آئے گا، جیسے مُصَدِّقًالِّمَامَعَهُمْ ۔اس میں "مَامَعَهُمْ" مفعول ہے، "مُصَدِّقًا" شبہ فعل کا، اس لئے اس پر لام لایا گیا۔(منیة الادب، ص: ۴۲ ج ۱)

(۱۶) ما بمعنی مادام ہے، جیسے: اَقُوْمُ مَاجَلَسَ الْاَمِیْرُ میں کھڑا رہوں گا جب تک امیر بیٹھے۔(۱۷) تاء تانیث ساکنہ ہے جو فعل ماضی میں لاحق ہوتی ہے (کیونکہ تاء متحرکہ اسم کے ساتھ خاص ہے) تاکہ دلالت کرے تانیث پر جیسے ضَرَبَتْ هِنْدٌ. (ہندہ نے مارا)۔

(خلاصۃ النحو از مولانا ولایت حسین ارکانی، ص: ۲۸/۲۷، وتسہیل النحوص: ۱۹۶، مآرب الطلبہ، ص: ۵۷، مقدمات علوم درسیہ، ص: ۵۴، ۳۴۴، مزید تفصیل کیلئے، کتب نحو، المنجد، المصباح، معراج النحو، ص: ۱۶۹، کی طرف مراجعت کیجئے)

حروف عاملہ

حروف عاملہ کی ۹، اقسام ہیں، جو حسب ذیل ہیں:

☆...... جارو مجرور:۔ اگر جار و مجرور کا تعلق مبتدا خبر یا جملہ فعلیہ کے ساتھ آ جائے، تو اس کا تعلق صفت یا فعل سے ہوتا ہے، جیسے: خَالِدٌ تِلْمِيْذٌ فِي الْمَدْرَسَةِ. یہاں "في المدرسة" کا تعلق تِلْمِيْذٌ سے ہے یا وَجَدَ شَاهِدٌ قَلَمًا فِي الْمَدْرَسَةِ. اس جملہ فعلیہ میں جار مجرور کا تعلق وجد فعل سے ہے۔ (الطريقة العصرية، ص: ۵۳ ج ۲)

(۱)...... حروف جارہ، جو اسم کو جر دیتے ہیں اور یہ سترہ ہیں، ایک شعر میں:

باؤ تاؤ کاف و لام و واؤ مُنْذُ مُذْ خَلاَ

رُبَّ حَاشَا مِنْ عَدَا فِيْ عَنْ عَلٰى حَتّٰى اِلٰى

مثالیں: مَرَرْتُ بِزَيْدٍ. تَاللهِ لَاَفْعَلَنَّ كَذَا. زَيْدٌ كَالْاَسَدِ. اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ. وَاللهِ لَاَفْعَلَنَّ كَذَا. مَارَأَيْتُهُ مُنْذُ يَوْمِ الْجُمُعَةِ. مَاجَآءَ نِيْ زَيْدٌ مُذْ خَمْسَةِ اَيَّامٍ. جَآءَ نِي الْقَوْمُ خَلَا زَيْدٍ. رُبَّ عَالِمٍ يَعْمَلُ بِعِلْمِهٖ. جَآءَ نِي الْقَوْمُ حَاشَا زَيْدٍ. جَآءَ نِي الْقَوْمُ عَدَا زَيْدٍ. زَيْدٌ فِي الدَّارِ. سَأَلْتُهُ عَنْ اَمْرٍ. قَامَ زَيْدٌ عَلَى السَّطْحِ. اَكَلْتُ السَّمَكَةَ حَتّٰى رَاْسِهَا. سِرْتُ مِنَ الْهِنْدِ اِلَى الْمَدِيْنَةِ.

(۲)...... حروف مشبہ بالفعل: اور یہ کل چھ ہیں: اِنَّ، اَنَّ، كَاَنَّ، لَيْتَ، لٰكِنَّ، لَعَلَّ۔ (لیکن اِنَّ و اَنَّ کے ساتھ جب مائے کافہ لاحق ہو تو اس وقت یہ فعل پر بھی آتے ہیں، اور ان کا عمل باطل ہو جاتا ہے)۔ مثالیں: اِنَّ زَيْدًا قَآئِمٌ. بَلَغَنِيْ اَنَّ زَيْدًا مُنْطَلِقٌ. كَاَنَّ زَيْدًا اَسَدٌ. غَابَ زَيْدٌ وَلٰكِنَّ بَكْرًا حَاضِرٌ. لَيْتَ زَيْدًا قَآئِمٌ. لَعَلَّ السُّلْطَانَ

يُكْرِمُنِي.

☆ ...... إنّ یا کَانَ کے بعد اگر جار مجرور یا ظرف آئے گا تو اِنّ اور کان کا اسم مؤخر ہو جائے گا یعنی اِنّ کا اسم منصوب اور کان کا اسم مرفوع ہوگا، جیسے: إنَّ مِنَ الْبَيَانِ لَسِحْرًا. إنَّ مِنَ الشِّعْرِ لَحِكْمَةً. إنَّ لِلّٰهِ مَاأَوْرَحْمَةً. فَإنَّ لِجَسَدِكَ عَلَيْكَ حَقًّا. وَإنَّ لِزَوْجِكَ عَلَيْكَ حَقًّا. إنَّ لِكُلِّ أُمَّةٍ فِتْنَةً وَفِتْنَةُ أُمَّتِي الْمَالُ. إنَّ فِي الْجَسَدِ مُضْغَةً. (مشکوۃ) ان تمام مثالوں میں اِنّ کا اسم منصوب اور مؤخر ہے اور جار مجرور اپنے متعلق محذوف سے مل کر خبر مقدم ہے۔

اور مثال "اِنْ كَانَ بَعْدِيْ نَبِيٌّ لَكَانَ عُمَرُ" میں "بعدی" یہاں ظرف ہے اس لئے کان کا اسم مؤخر مرفوع ہے۔ اور مثال مذکورہ میں اسم کے مؤخر ہونے کی وجہ یہ ہے کہ اِنّ اور کان کا اسم مبتدا کے حکم میں ہوتا ہے اور مبتدا میں استقلال کی شان ہوتی ہے اور ظرف و جار و مجرور میں بوجہ ضعف مبتدا بننے کی صلاحیت نہیں ہوتی اسی وجہ سے اِنّ کی خبر کو مقدم اور اسم کو مؤخر بنایا جاتا ہے۔ (تسہیل قواعد النحو ص:۳۱،۳۲)

☆ ...... اِنَّ کا اسم اگر معنی متضمن بالشرط نہ ہو تو اس کی جزاء پر "ف" داخل نہیں ہوتا ہے۔ (تیسیر القرآن، معلم الانشاء)

كَأَنَّ: ۔ یہ چار معنی کیلئے آتا ہے (۱) تشبیہ کیلئے یہ اکثر استعمال ہوتا ہے (۲) ظن و شک کیلئے، جیسے: كَأَنَّ زَيْدًا قَائِمٌ (۳) تحقیق کیلئے، جیسے: كَأَنَّ الْأَرْضَ لَيْسَ بِهَا بِهِشَامٌ ۔ یاء کا مخرج، زبان اور اس کے مقابل اوپر کا تالو ہے اس سے یاء غیر مدہ یعنی یاء متحرک اور یاء لین ادا ہوتی ہے اور یاء لین یاء ساکن ماقبل مفتوح کو کہتے ہیں۔ (منیۃ الادب، ص:۱۹۶ ج ۱، تسہیل التجوید، ص:۹)

☆ ...... ما و لا مشبہ بلیس: یہ دونوں جملہ اسمیہ پر داخل ہوتے ہیں۔ "ما" معرفہ و

نکرہ دونوں پر داخل ہوتا ہے۔ "لا" ہمیشہ نکرہ پر آتا ہے، جیسے: لَارَجُلَ ظَرِيْفٌ فِي الدَّارِ. اور لا، نصب بلاتنوین دیتا ہے، جیسے: لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ. (کتاب النحو، ص:۲۶)

☆......مَاوَلَا الْمُشَبَّهَتَانِ بِلَيْسَ: یہ دو چیزوں میں لیس کے ساتھ مشابہ ہے، (۱) دونوں یعنی ماولا بھی لیس کی طرح نفی کیلئے ہیں۔ (۲) یہ بھی لیس کی طرح جملہ اسمیہ پر داخل ہوتے ہیں اور لیس کیساتھ مشابہت میں، لا کے بجائے ما زیادہ قوی ہے، کیونکہ لیس نفی زمانہ حال میں کرتا ہے۔ اور "ما" سے بھی حال کی نفی ہوتی ہے یہی وجہ ہے کہ "ما" معرفہ اور نکرہ دونوں پر داخل ہوتا ہے، جیسا کہ لیس بھی دونوں پر داخل ہوتا ہے، بخلاف "لا" کے، کیونکہ "لا" صرف نکرہ پر ہی داخل ہوتا ہے، اسلئے "لا" کی مشابہت "لیس" کے ساتھ ضعیف ہے۔ (ہدیہ صغیر، ص:۱۷)

(۳) حروف ماولا بمعنی لیس، جو عمل کرنے میں لَيْسَ کے مشابہ ہیں، جیسے: مَا زَيْدٌ قَائِمًا، لَارَجُلٌ ظَرِيْفًا.

(۴) حروف لائے نفی جنس، اس لَا کا اسم اکثر مضاف منصوب ہوتا ہے اور خبر مرفوع، جیسے: لَاغُلَامَ رَجُلٍ ظَرِيْفٌ فِي الدَّارِ اور اگر اسم نکرہ مفرد ہو تو فتحہ پر مبنی ہوتا ہے، جیسے: لَارَجُلَ فِي الدَّارِ۔ اور اگر بعد لَا کے معرفہ ہو تو دوسرے معرفہ کے ساتھ "لَا" کو دوبارہ لانا ضروری ہوگا۔ اور "لَا" کچھ عمل نہ کرے گا اور معرفہ مبتدا کی حیثیت سے مرفوع ہوگا، جیسے:

لَازَيْدٌ عِنْدِيْ وَلَاعَمْرٌو   لَاخَالِدٌ هٰهُنَا وَلَاسَعِيْدٌ

اور اس کو یوں سمجھو کہ جب دو معرفوں کا کسی جگہ نہ ہونا بتایا جائے تو اس ترکیب کے ساتھ بتائیں کہ لَا کو دوبارہ ہر معرفہ کے شروع میں لائیں اور معرفوں کو رفع کے ساتھ پڑھیں۔ اور اگر دو نکروں کا نہ ہونا ظاہر کریں تو دونوں کو پانچ طرح کہہ سکتے

ہیں: (ا) لَارَجُلَ فِي الدَّارِ وَلَا اِمْرَأَةَ. (ب) لَارَجُلٌ فِي الدَّارِ وَلَا اِمْرَأَةٌ
(ج) لَارَجُلَ فِي الدَّارِ وَلَا اِمْرَاةً. (د) لَارَجُلَ فِي الدَّارِ وَلَا اِمْرَاةٌ.
(۵) لَارَجُلٌ فِي الدَّارِ وَلَا اِمْرَأَة.

<u>لائے نفی اور مائے نفی کا فرق:</u> واضح ہو کہ عام قاعدہ تو یہ ہے کہ نفی کیلئے مضارع میں حرف لا اور ماضی میں حرف ما لائے جاتے ہیں مگر کبھی مضارع کی نفی کیلئے ما بھی لایا جاتا ہے جیسے کہ " قولہ تعالیٰ: ﴿ وَمَا يُضِلُّ بِهِ إِلَّا الْفَاسِقِينَ ﴾، ﴿ وَمَاتَدْرِىْ نَفْسٌ بِاَىِّ اَرْضٍ تَمُوْتُ ﴾ (الآية) لیکن ماضی میں تین شرطوں کے ساتھ لائے نفی بھی داخل ہوسکتا ہے (۱) لا کے ساتھ صیغہ ماضی کا تکرار ہو جیسے: ﴿فَلَا صَدَّقَ وَلَاصَلّٰى﴾ (۲) جواب قسم میں واقع ہو جیسے: تَاللهِ لَافَعَلْتُ كَذَا (۳) محل دعاء میں واقع ہو، جیسے:

أَلَا لَا بَارَكَ اللهُ فِي سُهَيْلٍ إِذَا مَا اللهُ بَارَكَ فِي الرِّجَالِ

(ترجمہ) آگاہ ہو کہ برکت نہ دے اللہ تعالیٰ سہیل کے حق میں جبکہ اللہ تعالیٰ تمام لوگوں کے حق میں برکت فیضان عطاء کرے۔ (مآرب الطلبہ، ص:۵۴)

(۵) <u>حروف ندا</u>، جو منادی مضاف کو نصب کرتے ہیں اور یہ پانچ ہیں: يَا، اَيَا، هَيَا، اَیْ، أ مفتوحہ ہیں۔ جیسے: يَاعَبْدَاللهِ۔ اَیْ اور ہمزہ نزدیک کے واسطے اور ایا و هَيَا دور کے واسطے اور یا عام ہے۔

قواعد حروف ندا

حروف ندا پانچ ہیں، اور ان کے پانچ عمل ہیں (۱) یہ حروف منادیٰ مضاف کو نصب دیتے ہیں، جیسے: يَاعَبْدَاللهِ. (۲) مشابہ مضاف کو نصب دیتے ہیں، جیسے: يَاطَالِعًا جَبَلاً (۳) نکرہ غیر معینہ کو نصب دیتے ہیں، جیسے: يَارَجُلاً خُذْ بِيَدِىْ

(۴) منادیٰ مفرد معرفہ ہو تو علامت رفع پر مبنی ہوتا ہے، جیسے: یَا زَیْدُ. یَا زَیْدَانِ. یَا زَیْدُوْنَ. یَا مُسْلِمُوْنَ. یَا قَاضِیُ اور یَا مُوْسیٰ. یہ اسم مقصور ہے، جو حرف ندا سے قبل بھی معرفہ ہے مگر یا قاضی جو اسم منقوص ہے وہ حرف ندا سے قبل نکرہ تھا بعد دخول حرف ندا معرفہ بنا۔ (۵) منادیٰ لام استغاثہ کی وجہ سے مجرور ہوتا ہے، جیسے: یَا لِزَیْدٍ۔ لیکن جب اس کے آخر میں الف استغاثہ کا اضافہ کر دیا جائے تو مفتوح ہوتا ہے، جیسے: یَا زَیْدَاہ۔ (بدر منیر، ص:۶۷، وتیسیر النحو، ص:۵۸)

قاعدہ: حروف ندا، الف لام کے ساتھ جمع نہیں ہو سکتے، سوائے اسم جلالہ ''اللہ'' کے، جیسے یا اللہ! یا بوجہ ضرورت شعری کے، جیسے:

فَیَا الْغُلَامَانِ اللَّذَانِ فَرَّا　　اِیَّاکُمَا اَنْ تَبْغِیَا شَرًّا

(ترغیب الاخوان، ص:۲۲)

(۶) واؤ بمعنی مع، جیسے: اِسْتَوَی الْمَآءُ وَالْخَشَبَةَ.

(۷) اِلَّا حرف استثناء، جیسے: جَآءَ الْقَوْمُ اِلَّا زَیْدًا. حروف استثناء، کل آٹھ ہیں، جو کہ مندرجہ ذیل ہیں: اِلَّا. غَیْرَ. سِوٰی. حَاشَا. خَلَا. عَدَا. مَاخَلَا. مَاعَدَا. ان حروف سے پہلے جو اسم واقع ہوتا ہے اسے مستثنیٰ منہ کہتے ہیں جیسے: جَآءَ نِیْ الْقَوْمُ اِلَّا زَیْدًا. (آئی میرے پاس قوم مگر زید نہیں آیا)

اس مثال میں آنے کی نسبت قوم کی طرف ہو رہی ہے مگر اِلَّا نے زید کو اس نسبت سے خارج کر دیا پس قوم مستثنیٰ منہ ہوئی اور زید مستثنیٰ۔ (علم النحو، ص:۵۶)

(۸) حروف نواصب مضارع، یعنی یہ حروف فعل مضارع کو نصب دیتے ہیں (کل چار ہیں) اَنْ وَلَنْ پھر کَیْ اِذَنْ ہیں، مثالیں: (۱) اَنْ جیسے: اُرِیْدُ اَنْ تَقُوْمَ ۔ اَنْ کے ساتھ فعل مصدر کے معنی میں ہوتا ہے یعنی اُرِیْدُ قِیَامَکَ ۔ اس لئے اس کو اَنْ

مصدر یہ کہتے ہیں۔ (ب) لَنْ جیسے: لَنْ یَّذْهَبَ عَمْرٌوْ. لَنْ تاکیدِ نفی کے واسطے آتا ہے (ج) کَیْ جیسے: اَسْلَمْتُ کَیْ اَدْخُلَ الْجَنَّةَ. (د) اِذَنْ جیسے: اِذَنْ اَشْکُرَکَ اس شخص کے جواب میں کہا جائے جو کہے: اَنَا اُعْطِیْکَ دِیْنَاراً.

(۹) جوازم حروف مضارع یعنی وہ حروف جو فعل مضارع کو جزم دیتے ہیں: (وہ کل پانچ ہیں) اِنْ، لَمْ، لَمَّا، لامِ امر اور لائے نہی ہیں، مثالیں: لَمْ یَنْصُرْ. لَمَّا یَنْصُرْ. لِیَنْصُرْ. لَایَنْصُرْ. اِنْ تَنْصُرْ اَنْصُرْ.

اِنْ شرطیہ دو جملوں پر داخل ہوتا ہے جیسے: اِنْ تَضْرِبْ اَضْرِبْ ۔ جملہ اول کو شرط اور جملہ دوم کو جزا کہتے ہیں اور یہ اِنْ مستقبل کے لئے آتا ہے اگرچہ ماضی پر آئے جیسے: اِنْ ضَرَبْتَ ضَرَبْتُ.

☆......اِن شرطیہ اسم پر داخل نہیں ہوتا بلکہ وہ فعل پر ہی داخل ہوتا ہے۔ ''اِن'' فعل ماضی کے شروع میں زائد ہوتا ہے۔ (معلم الانشاء اول واز تقریر، سرفراز خاں صفدر)

☆......جواب تمنی پر ''اَن'' مقدر ہونے کی وجہ سے نصب آتا ہے۔ (معلم الانشاء اول)

جزم اور وقف میں فرق: جزم حروف عاملہ کے عمل کے اثر کی وجہ سے ہوتا ہے اور وقف میں کسی عامل کا اثر نہیں ہوتا، اور وقف کا معنی ہے کسی حرف کے آخر کو ساکن کر کے سانس توڑ دینا، تو فعلِ مضارع کے معرب ہونے کی وجہ سے اس کے آخری حرف کے ساکن ہونے کو جزم کہتے ہیں، کیونکہ وہاں عاملِ جازم کا اثر ہے اور امر حاضر مبنی ہونے کی وجہ سے آخری حرف کے ساکن ہونے کو وقف کہا جاتا ہے، کیونکہ یہاں کسی عامل کے ذریعہ ساکن نہیں ہے، نہ کسی عامل کا اثر ہے، یاد رہے کہ وقف و جزم میں جس طرح حرفِ ساکن ہونے کو کہا جاتا ہے، اسی طرح آخر سے حرف علّت ساقط ہونے کو بھی کہا جاتا ہے۔ (توضیحات شرح علم الصیغہ ص: ۲۰)

فائدہ:۔ اَنْ چھ حروف کے بعد مقدر ہوتا ہے اور فعل مضارع کو نصب کرتا ہے:

(۱) حَتّٰی جیسے: مَرَرْتُ حَتّٰی اَدْخُلَ الْبَلَدَ (۲) لام جحد جیسے: مَا کَانَ اللّٰہُ لِیُعَذِّبَھُمْ (۳) اَوْ جو اِلٰی اَنْ یا اِلَّا اَنْ کے معنی میں ہو جیسے: لَاَ لْزَمَنَّکَ اَوْ تُعْطِیَنِیْ حَقِّیْ اَیْ اِلٰی اَنْ تُعْطِیَنِیْ حَقِّیْ.

(۴) واؤ صرف: اور یہ اس واؤ کو کہتے ہیں کہ جو چیز معطوف علیہ پر داخل ہو وہ اس واؤ کے مدخول پر داخل نہ ہو سکے جیسا کہ اس شعر میں:......

لَا تَنْہَ عَنْ خُلُقٍ وَتَاْتِیَ مِثْلَہٗ   عَارٌ عَلَیْکَ اِذَا فَعَلْتَہٗ عَظِیْمُ

پس اس شعر میں واؤ صرف کا مدخول تَاْتِیَ مِثْلَہٗ ہے اس پر لَا تَنْہَ کی لا داخل نہیں ہو سکتی۔ معنی شعر کے یہ ہیں "کہ جس برے کام کو تو کرتا ہے اس سے دوسروں کو مت روک کیونکہ اگر تو ایسا کرے گا تو یہ بڑے شرم کی بات ہوگی۔"

(۵) لامِ کَیْ جیسے: اَسْلَمْتُ لِاَدْخُلَ الْجَنَّۃَ. (اسلام لایا میں تا کہ جنت میں داخل ہو جاؤں)

(۶) فَا جو چھ چیزوں کے جواب میں ہو۔ امر، نہی، نفی، استفہام، تمنی، عرض، مثالیں:

(ا) امر جیسے: زُرْنِیْ فَاُکْرِمَکَ. (ب) نہی، جیسے: لَا تَشْتِمْنِیْ فَاُھِیْنَکَ.

(ج) نفی جیسے: مَا تَاْتِیْنَا فَتُحَدِّثَنَا. (د) استفہام، جیسے: اَیْنَ بَیْتُکَ فَاَزُوْرَکَ.

(ھ) تمنی جیسے: لَیْتَ لِیْ مَالاً فَاُنْفِقَ مِنْہُ. (و) عرض جیسے: اَلَا تَنْزِلُ بِنَا فَتُصِیْبَ خَیْراً.

نہی اور نفی کے درمیان فرق: ان دونوں کے درمیان چند فرق ہیں (۱) نہی کے معنی ہیں ایسے کام سے باز رکھنا جس کو کرنے کی قدرت حاصل ہو اور جس کام کو کرنے کی قدرت حاصل نہیں اس سے باز رکھنے کو نفی کہا جاتا ہے۔ (۲) نہی میں منہی

عنہ کا وجود شرط ہے یعنی وجود نہی کیلئے چار چیزیں ہونی ضروری ہیں۔ (۱) صیغہ نہی جس سے روکا جائے (۲) منہی عنہ یعنی جس کام سے روکا جائے (۳) ناہی یعنی روکنے والا (۴) منہی یعنی جس کو منع کیا جائے۔ (تفصیل کیلئے، مآرب الطلبہ ص:۵۸)

بحث اِنّ واَنّ

اِنّ را درچار جامکسور خواں ابتدأ وبعد وقول وبعد قسم داں

چوں درآید درخبرش لام نیز اِنَّ رامکسور خوانی اے عزیز

اس شعر اِن کی مثالیں: (۱) اِنَّ اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ . (۲) قَالَ اِنَّهٗ یَقُوْلُ اِنَّهَا بَقَرَةٌ. (۳) وَالْعَصْرِ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَفِیْ خُسْرٍ. (۴) اِنَّ اللّٰهَ لَذُوْ فَضْلٍ عَلَی النَّاسِ. (ترغیب الاخوان فی ترکیب القرآن، ص:۱۸)

نوٹ:۔ اِنَّ (کسرہ کے ساتھ) شرح عبدالرسول میں دس جگہ بتایا ہے۔ (مرتب)

☆...... اِنّ چار مقامات پر آتا ہے (۱) ابتدائے کلام میں، جیسے: اِنَّ اللّٰهَ وَ مَلٰٓئِكَتَهٗ یُصَلُّوْنَ عَلَی النَّبِیِّ (الآیة) (۲) قول کے بعد، جیسے: وَاِذْ قَالَ رَبُّکَ لِلْمَلٰٓئِکَةِ اِنِّیْ جَاعِلٌ فِی الْاَرْضِ خَلِیْفَةً. (الآیة) (۳) جب ان جواب قسم میں واقع ہو، جیسے: وَالْعَصْرِ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَفِیْ خُسْرٍ (الآیة) (۴) جب ان کی خبر پر لام تاکید داخل ہو، جیسے: قَالُوْا رَبُّنَا یَعْلَمُ اِنَّا اِلَیْکُمْ لَمُرْسَلُوْنَ. (الآیة). (تسهیل قواعد النحو، ص:۳۳)

☆ اِنَّ مکسورہ کی خبر پر لام تاکید مفتوحہ آتا ہے، جیسے: اِنَّ زَیْدًا لَقَائِمٌ۔ اور عَلِمَ یَعْلَمُ کے بعد بھی جب اَنَّ کی خبر پر لام آئے تو اس وقت بھی اَنَّ مکسور ہو جاتا ہے، جیسے: وَاللّٰهُ یَعْلَمُ اِنَّکَ لَرَسُوْلُهٗ. (کتاب النحو، ص:۲۵)

☆......اَنَّ، پانچ مقامات پر آتا ہے(۱) علم کے بعد، جیسے: وَاعْلَمُوْا اَنَّمَا غَنِمْتُمْ مِنْ شَیْءٍ(الآیة). (۲) ظن کے بعد، جیسے: یَظُنُّوْنَ اَنَّهُمْ مُلٰقُوْا رَبِّهِمْ(الآیة) (۳) وسطِ کلام میں ہو، جیسے: شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ (الآیة) (۴) حرف لو کے بعد، جیسے: وَلَوْ اَنَّهُمْ اِذْ ظَّلَمُوْا اَنْفُسَهُمْ(الآیة) (۵) حرف لولا کے بعد، جیسے: فَلَوْلَآ اَنَّهٗ كَانَ مِنَ الْمُسَبِّحِيْنَ الخ ۔(تسہیل قواعد النحو، ص:۳۳)

اَنَّ را در پنج جا مفتوح خواں بعد علم و بعد ظن و درمیاں
بعد لولا بعد لو تحقیق داں اَنَّ رامفتوح خوانی اے جواں

اس شعر کی مثالیں: (۱) وَاعْلَمُوْا اَنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ. (۲) وَظَنُّوْا اَنَّهُمْ مَانِعَتُهُمْ حُصُوْنُهُمْ مِنَ اللّٰهِ. (۳) شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ. (۴) فَلَوْلَآ اَنَّهٗ كَانَ مِنَ الْمُسَبِّحِيْنَ. الآیة. (۵) لَوْ اَنَّ عِنْدَنَا ذِكْرًا مِّنَ الْاَوَّلِيْنَ. (ترغیب الاخوان فی ترکیب القرآن)

اِنَّ اور اَنَّ میں فرق: اِنّ صدر کلام میں آتا ہے اور اپنے اسم وخبر سے ملکر کلام تام بن جاتا ہے جیسے اِنَّ زَيْدًا قَائِمٌ ۔اور اَنّ وسطِ کلام میں آتا ہے، اپنے اسم وخبر سے ملکر مفرد کے حکم میں ہوتا ہے اور ایک فعل یا ایک اسم کا اس سے پہلے آنا ضروری ہے جس کا یہ اَنّ فاعل یا مفعول یا کوئی اور جز و جملہ بن سکے، جیسے: بَلَغَنِیْ اَنَّ زَيْدًا قَائِمٌ. اِنّ کی خبر پر لام تاکید مفتوحہ آتا ہے جیسے اِنَّ زَيْدًا لَقَائِمٌ اور علم اور اُسکے مشتقات کے بعد جب اَنّ مفتوحہ کی خبر پر لام آئے تو اُس وقت اَنّ مفتوحہ بھی مکسورہ ہو جاتا ہے، جیسے: وَاللّٰهُ يَعْلَمُ اِنَّكَ لَرَسُوْلُهٗ. (کتاب النحو، ص:۲۵)

اِنّ اور اَنّ میں معنوی فرق

ان دونوں میں معنوی فرق یہ ہے کہ ''اَنّ'' اپنے مدخول کو تاویل مفرد میں

کردیتا ہے، بخلاف اِنّ کے۔ اور یہ دونوں اسم کو نصب اور خبر کو رفع دیتے ہیں۔ اور کبھی اسم وخبر دونوں پر نصب یا دونوں پر رفع بھی آتا ہے۔ کَمَا فِی الْحَدِیْثِ : اِنَّ قَعْرُ جَهَنَّمَ سَبْعِیْنَ خَرِیْفًا. وَفِی الْقُرْآنِ، اِنْ هٰذَانِ لَسَاحِرَانِ۔

(ترغیب الاخوان، ص:۱۹)

بحث ''إنَّما''

☆ إنَّمَا. یہ کلمہ حصر کیلئے ہے یعنی حقیقت یہی ہے، یا اس کے سوا اور کوئی دوسری بات نہیں، یا اس کے قریب قریب مضمون ادا کرنے کیلئے یہ استعمال کیا جاتا ہے۔ (نخبۃ الاحادیث)

☆...... ''إنَّما'' یہ کلمہ حصر ہے جس کے ترجمہ کا حاصل یہ ہوتا ہے کہ جس جملہ پر یہ داخل ہو اس میں خبر یا مسند کا مبتدا یا مسند الیہ کیلئے ثبوت ولازم ضروری ہوتا ہے جیسے: اِنَّمَا هُوَ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ. میں ''ہو'' کی ضمیر کا مرجع ''اللہ'' ہے اور یہ معنی ہوئے ''ضروری طور پر اللہ تنہا معبود ہے''۔ (کفایۃ المفتی، ۲/۸۹)

اَمَّا: . تین چیز کیلئے زیادہ تر استعمال کیا جاتا ہے۔ (۱) تفصیل کیلئے، جیسے: فَاَمَّا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا فَیَعْلَمُوْنَ اَنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّهِمْ (۲) فصل الخطاب کیلئے، جیسے: فَاَمَّا الْیَتِیْمَ فَلَا تَقْهَرْ (۳) محض تاکید کیلئے، مثال: اَمَّا زَیْدٌ فَذَاهِبٌ (الاتقان، ج۱ص:۴۷۹ النحو الیسیر، ص:۱۲۷)

اَمَّا:...... حرف شرط ہے۔ اس کے بعد فا کا آنا لازم ہے۔ کبھی اس کے بعد فا کو حذف کردیا جاتا ہے، جیسے: فَاَمَّا الَّذِیْنَ اسْوَدَّتْ وُجُوْهُهُمْ اَکَفَرْتُمْ. اصل میں ''فَیُقَالُ لَهُمْ اَکَفَرْتُمْ'' تھا اس میں یقال کو حذف کردیا۔ مقولہ کے اس پر دال ہونے کی وجہ

سے۔ پس اس کے ساتھ فاء بھی گر گیا۔ اور وہ متضمن معنی شرط ہے اصل میں مهما یکن من شئ تھا۔ (منیۃ الادب، ص:۳۰ ج ۲)

☆......**ما کافہ:** حروف مشبہ بالفعل کے بعد جب ''ما کافہ'' آتا ہے تو حروف مشبہ بالفعل کے عمل کو زائل کر دیتا ہے، جیسے: إِنَّمَا اِلٰهُکُمْ اِلٰهٌ وَاحِدٌ ، اِنَّ حرف پر جب ''مائے کافہ'' داخل ہو تو اس وقت یہ حروف افعال پر بھی داخل ہوتے ہیں، جیسے: اِنَّمَا قَامَ زَیْدٌ (زید کھڑا ہوا) کَاَنَّمَا یُسَاقُوْنَ اِلَی الْمَوْتِ (گویا انہیں موت کی طرف دھکیلا جاتا ہے)۔ (کتاب النحو، ص:۲۴)

☆......**ام: کی دو قسمیں ہیں:** (۱) متصلہ، (۲) منقطعہ، متصلہ وہ ہے جس سے پہلے ہمزہ تسویہ (سواء کا ہمزہ) ہو یا ایسا ہمزہ ہو جو اَیٌّ کی طرح دو چیزوں میں سے کسی ایک کا تعین کرنے کیلئے استعمال کیا جاتا ہے۔ ہمزہ تسویہ کی مثال: سَوَاءٌ عَلَیْهِمْ أَ اَنْذَرْتَهُمْ اَمْ لَمْ تُنْذِرْهُمْ۔ اور ام منقطعہ وہ ہے جس سے پہلے ہمزہ تسویہ ہو نہ ہی ہمزہ بمعنی اَیٌّ کے ہو۔ یہ بل کی طرح ''اِضْرَاب'' (پہلی بات سے اعراض کرنا) کیلئے آتا ہے، اور ام منقطعہ کی تین قسمیں ہیں: (۱) وہ ''ام'' جس کے ماقبل محض خبر وارد ہوئی ہو مثلاً: تَنْزِیْلُ الْکِتَابِ لَارَیْبَ فِیْهِ مِنْ رَّبِّ الْعَالَمِیْنَ اَمْ یَقُوْلُوْنَ افْتَرَاهُ. (۲) وہ ''ام'' جس کے ماقبل میں ہمزہ تو آئے مگر استفہام کا ہمزہ نہ آئے جیسے: اَلَهُمْ اَرْجُلٌ یَّمْشُوْنَ بِهَا اَمْ لَهُمْ اَیْدٍ یَّبْطِشُوْنَ بِهَا. کہ اس میں ہمزہ استفہام انکاری ہے جو بمنزلہ نفی کے تصور کیا جاتا ہے (۳) وہ ''ام'' جس کے ماقبل میں ہمزہ کے سوا کوئی اور کلمہ استفہام آتا ہے، جیسے: هَلْ یَسْتَوِی الْاَعْمٰی وَالْبَصِیْرُ، اَمْ هَلْ تَسْتَوِی الظُّلُمَاتُ وَالنُّوْرُ. (الاتقان ج۱ ص:۴۷۸، النحو الیسیر، ص:۱۳۴)

☆...... **کلمات ربط:** کلمات ربط جن کا ترجمہ اردو میں (ہے، ہیں، ہوں، کا، کی، کے،

را، ری، رے وغیرہ) سے کیا جاتا ہے۔(کتاب النحو، ص:۲۰)

اقسام ''واؤ''

☆......واؤ: یہ عربی میں بارہ (۱۲) معانی کیلئے استعمال ہوتا ہے (۱) حرف عطف، جیسے: جَاءَ زَیْدٌ وَعَمْرٌو۔(۲) واؤ حالیہ جملہ اسمیہ پر مثال جَاءَ زَیْدٌ وَالشَّمْسُ طَالِعَةٌ. جملہ فعلیہ پر، جیسے: وَجَاءَ زَیْدٌ وَقَدْ طَلَعَتِ الشَّمْسُ (۳) واؤ استئناف کیلئے، جیسے: لَاتَأْکُلِ السَّمَکَ وَتَشْرَبُ اللَّبَنَ۔(۴) واؤ معیت کیلئے، مثال سِرْتُ وَالْجَبَلَ۔(۵) واؤ جو اُس مضارع منصوب کے اوپر داخل ہو جو نہی کے جواب میں واقع ہو، جیسے: لَاتَنْهَ عَنْ خُلُقٍ وَتَأْتِيَ مِثْلَهُ. (۶) واؤ قسم کیلئے، جیسے: وَاللّٰهِ الْعَظِیْمِ (۷) واؤ رُبَّ، جیسے: وَلَیْلٍ کَمَوْجِ الْبَحْرِ اَرْخیٰ سُدُوْلَهُ۔ (۸) واؤ ضمیر جمع مذکر کیلئے، جیسے: قَامُوْا. (۹) واؤ علامت جمع مذکر کیلئے، جیسے: یَلُوْمُوْنَنِیْ قَوْمِیْ۔(۱۰) واؤ زائدہ بعد اِلَّا، جیسے: مَامِنْ اَحَدٍ اِلَّاوَلَهُ طَمَعٌ اَوْحَسَدٌ، (۱۱) واؤ فصل، جیسے: عمرو، کا واؤ حالت رفعی وجری میں۔(۱۲) واؤ ندبہ کیلئے مخصوص ہے جیسے: وَازَیْدَاهُ'' یا ''واظهراه'' اور کبھی نداء حقیقی میں مستعمل ہوتا ہے۔(مصباح اللغات، ص:۹۲۹۵)

☆......واؤ صرف اس واؤ کو کہتے ہیں جس کا مابعد اس کے ماقبل پر عطف نہ ہو سکے، جیسے: اس مصرع میں: لَاتَنْهَ عَنْ خُلُقٍ وَتَاتِیَ مِثْلَهُ. (ہدیہ صغیر شرح نحو میر ص:۸۲)

بحث اقسام ''ما''

اولاً لفظ ''ما'' کی دو قسمیں ہیں اول اسمیہ، دوم حرفیہ۔ پھر حرفیہ کی چند قسمیں ہیں، جو حسب ذیل ہیں: (۱) ما نافیہ، جیسے: مَاهٰذَا بَشَرٌ. (۲) ما زائدہ، جیسے: فَبِمَا

رَحْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ لِنْتَ لَهُمْ. (۳) مائے کافہ جیسے: کَاَنَّمَا يُسَاقُوْنَ اِلَى الْمَوْتِ (۴) مامصدریہ، جیسے: وَضَاقَتْ عَلَيْهِمُ الْاَرْضُ بِمَا رَحُبَتْ (۵) مامصدریہ ظرفیہ، جیسے: وَاَوْصَانِي بِالصَّلٰوةِ وَالزَّكٰوةِ مَادُمْتُ حَيًّا.

پھر مااسمیہ کی بھی چند قسمیں ہیں: (۱) مااستفہامیہ، جیسے: مَاعِنْدَكَ؟ (۲) ماموصولہ، جیسے: مَاعِنْدَكُمْ يَنْفَدُ وَمَاعِنْدَ اللّٰهِ بَاقٍ۔ (۳) وہ ماجو جزا کیلئے ہو، جیسے: مَايَفْعَلُ اَفْعَلُ۔ (۴) وہ ماجو تعجب کیلئے ہو، جیسے: مَااَحْسَنَ زَيْدًا مَااَحْسَنَهُ. (۵) وہ ماجو فعل کے ساتھ مصدر کی تاویل میں ہوجائے، جیسے: بَلَغَنِيْ مَا صَنَعْتَ. (۶) وہ ماجو نکرہ ہواور اس کیلئے صفت لازم ہے، جیسے: مَرَرْتُ بِمَامُعْجِبٌ لَكَ (۷) وہ ما، جوابہام کیلئے ہو، جیسے: اِعْطِنِيْ كِتَابًامَّا (یعنی کوئی بھی کتاب مجھے دو)۔ اور امّا یہ حرف تفصیل ہے، تین چیز کیلئے مستعمل ہے مع مثال گذر چکا ہے۔ (مصباح اللغات، ص: ۸۰۲،۸۰۱)

اقسام ''نون''

نون کی پانچ قسمیں ہیں (۱) نون تاکید کیلئے، جیسے: لَيُسْجَنَنَّ مِنَ الصَّاغِرِيْنَ (۲) نون تنوین: یہ نون ساکنہ زائدہ، جو اسم کے آخر میں آتا ہے۔ اور صرف پڑھا جاتا ہے لکھا نہیں جاتا، جیسے: كِتَابٌ (۳) نون تانیث: یہ یا تو خفیفہ مفتوح ہوتا ہے، جیسے: ضَرَبْنَ یا مشددہ مفتوح ہوتا ہے، جیسے: مِنْهُنَّ وَضَرَبَهُنَّ، (۴) نون وقایہ: ضَرَبَنِيْ (۵) نون زائدہ: اس کی دو قسمیں ہیں (الف) وہ نون جو فعل مضارع کے ساتھ لاحق ہوتا ہے جب کہ ضمیر تثنیہ کے ساتھ متصل ہو، جیسے: يَضْرِبَانِ تَضْرِبَانِ يَضْرِبُوْنَ، تَضْرِبِيْنَ وغیرہ، (ب) وہ ہے جو اسم مثنیٰ کے ساتھ لاحق ہو اور مکسور ہو، جیسے: الزَّيْدَانِ

یا مفتوح ہو، جیسے: اَلزَّيْدُوْنَ۔ (المصباح، ص: ۸۴۶)

تنوین اور نونِ خفیفہ میں فرق: پوشیدہ نہ رہے کہ تنوین اور نونِ خفیفہ میں چار اعتبار سے فرق ہے (۱) نونِ خفیفہ حرکت کا تابع نہیں ہے مگر بعض وقت تنوین ہر حرکت کی تابع ہوتی ہے (۲) تنوین کے اکثر افراد اسم میں پائے جاتے ہیں البتہ تنوین ترنم فعل میں بھی آتی ہے مگر بہت کم اور نونِ خفیفہ ہمیشہ فعل ہی میں ہوتا ہے (۳) تنوین کو حالت وقف میں الف سے بدل دیا جاتا ہے جبکہ نونِ خفیفہ کو حالت وقف میں بدلا نہیں جاتا (۴) تنوین کے بعد ایک الف لکھا جاتا ہے حالتِ نصب میں، لیکن پڑھنے میں نہیں آتا مگر نونِ خفیفہ فعل میں آنے کے بعد اس کیلئے حالتِ نصب ہی کہاں کہ الف لکھا جائے۔ (مآرب الطلبہ ص: ۸۷)

قاعدہ نون تثنیہ وجمع

نون حرف ہے اور حرف کی اصل مبنی ہے اور مبنی کی اصل سکون ہے۔ اس لئے نون تثنیہ اصل میں ساکن تھا۔ اور قاعدہ ہے۔ "اَلسَّاكِنُ اِذَا حُرِّكَ حُرِّكَ بِالْكَسْرِ"۔ کے تحت نون تثنیہ کو کسرہ دیا جاتا ہے، جیسے: فِعْلَانِ. (تیسیر النحو، ص: ۲۱)

☆...... نون جمع کو رفع اس لئے دیا جاتا ہے تا کہ نون تثنیہ ونون جمع میں فرق باقی رہے۔

☆...... نون تثنیہ ونون جمع دونوں اضافت کے وقت ساقط ہو جاتے ہیں، کیونکہ یہ نون دراصل تنوین کے عوض میں لایا جاتا ہے تو جب اصل نہیں رہتا تو فرع کی بھی ضرورت نہیں رہتی۔ (تیسیر النحو، ص: ۲۱)

اقسام "لام"

لام کی دو قسمیں ہیں (۱) لامِ كَیْ (۲) لام جحد۔ اور لام جحد وہ ہے جو فعل

مضارع پر کان منفی کے بعد آتا ہے۔اور یہ زائدہ ہوتا ہے، اور یہ لام دراصل حرف جارہ ہے لہذا اس کے بعد بھی اَنْ مقدر ہوتا ہے، جیسے: مَا کَانَ اللّٰہُ لِیُعَذِّبَھُمْ ۔
(المصباح المنیر، ص: ۹۳، تیسیر النحو، ۱۴۸)

اور لام کَی: جو زائد نہیں ہوتا اور اس کے بعد اَن کا اظہار جائز ہے تاکہ لام کَیْ اور لام جحد میں فرق واضح ہو جائے، نیز لام کَیْ جب لائے نافیہ کے ساتھ متصل ہو جائے تو اَنْ کا اظہار واجب ہے، جیسے: لِئَلَّا یَعْلَمَ ۔(تیسیر النحو، ص: ۱۴۸)

لام جحد، لام کَی اور لائے نفی جنس کا فرق: لام کَیْ اور لام جحد میں لفظی اور معنوی دونوں اعتبار سے فرق ہے (۱) لفظی فرق یہ ہے کہ لام جحد ہمیشہ کان منفی کے بعد آتا ہے اور لام کَیْ میں یہ شرط نہیں ہے (۲) معنوی فرق یہ ہے کہ لام کَی تعلیل اور سببیت کے معنیٰ دیتا ہے اور لام جحد صرف تاکید نفی کیلئے آتا ہے (۳) دوسرا معنوی فرق یہ ہے کہ لام کَیْ اگر لفظ سے گر جائے تو معنیٰ مقصود میں خلل آجاتا ہے بخلاف لام جحد کے کہ وہ محض تاکید نفی کیلئے آتا ہے (بدر منیر) اور لائے نفی جنس جو صرف جنس کی نفی کیلئے آتا ہے اس کا اسم عموماً نکرہ ہوتا ہے اور اکثر مضاف و منصوب ہوتا ہے اگر لائے نفی جنس کا اسم مضاف نہ ہو بلکہ غیر مضاف ہو تو نکرہ ہی ہوگا اور فتحہ پر مبنی ہوگا، جیسے: لَا رَجُلَ فِی الدَّارِ. اگر لائے نفی جنس کا اسم نکرہ نہ ہو بلکہ معرفہ ہو تو ''لا'' کو مکرر مع اسم معرفہ کے لایا جائیگا اسم میں ''لا'' عمل نہ کریگا یعنی ملغیٰ ہوگا جب کے لائے نفی جنس بطریق عطف مکرر واقع ہو تو ان کا اسم نکرہ مفرد بلا فصل واقع ہوگا جیسے: لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ الخ. (بدر منیر ص ۲۷، مصباح المنیر ص: ۹۵، مقدمات علوم درسیہ ص: ۳۴۴)

☆ ''اِذْ'' یہ چار معنی کیلئے مستعمل ہے۔(۱) زمانہ ماضی کیلئے، پھر یہ کبھی مفعول فیہ ہوگا، جیسے: فَقَدْ نَصَرَہُ اللّٰہُ اِذْ اَخْرَجَہُ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا. اس میں ''اِذْ اَخْرَجَہُ''

نصر کا مفعول فیہ ہے۔اور کبھی مفعول بہ ہوتا ہے، جیسے:وَاذْكُرُوْا اِذْ كُنْتُمْ قَلِيْلاً ۔ کبھی بدل کیلئے آتا ہے، جیسے:وَاذْكُرْ فِي الْكِتَابِ مَرْيَمَ اِذِ انْتَبَذَتْ ۔اس جگہ "إذ" مع اپنے مضاف الیہ کے بدل ہے مریم سے۔کبھی "إذ" مضاف الیہ ہوتا ہے، جیسے:يَوْمَئِذٍ (۲) زمانہ مستقبل کے افادہ کیلئے، جیسے:فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ. اِذِ الْاَغْلَالُ فِي اَعْنَاقِهِمْ ۔(۳) إذ:تعلیل کیلئے ہے، جیسے :وَلَنْ يَّنْفَعَكُمُ الْيَوْمَ اِذْظَّلَمْتُمْ اَنَّكُمْ فِي الْعَذَابِ مُشْتَرِكُوْنَ ۔یعنی آج کے دن (قیامت کے دن) تم لوگوں کا عذاب میں شریک کیا جانا تمہیں اس واسطے کوئی نفع نہ دے گا کہ تم نے دنیا میں ظلم (گناہ) کئے تھے۔(۴) مفاجاۃ کیلئے، جیسے:خَرَجْتُ فَاِذَاالسَّبُعُ وَاقِفٌ. (منیۃ الادب،ص:۵۳ج۱)

☆......اِذ،اور اِذا کے استعمال میں فرق یہ ہے کہ اِذ۔کسی گذشتہ واقعہ کی یاد دہانی کیلئے آتا ہے جب کہ اِذا کسی مستقبل کے واقعہ پر دلالت کیلئے آتا ہے۔اور "اِذا" یہ بھی حرف ہے یہ ظرف کیلئے ہے اور یہ ظرف مبنی بر سکون ہوتا ہے، جب اس کے بعد (كَانَ كَذَا) محذوف ہوگا تو اس سے معرب کی طرح کبھی مکسور منوّن اور کبھی مفتوح منوّن پڑھتے ہیں، جیسے:إذًا اور يَوْمَئِذٍ. (تیسیر القرآن،ص:۱۹)

☆......إذَنْ:اس کی اصل إذَان تھی تخفیف کی وجہ سے ہمزہ کو حذف کر دیا گیا، شارح رضی فرماتے ہیں کہ اس کی اصل إذ ظرفیہ ہے اور وہ جملہ جو اس کا مضاف الیہ تھا اس کو حذف کرکے اس کے عوض میں تنوین لے آئے، اسلئے یہ "إذَن" ہوگیا۔(مصباح العوامل،ص:۵۰)

اِذ، اِذا، اِذًا اور اِذ ما میں فرق: "اِذ" کسی گذشتہ واقعہ کی یاد دہانی کیلئے آتا ہے جب کہ "اِذا" کسی مستقبل کے واقعہ پر دلالت کیلئے آتا ہے اور "اِذا" یہ ظرف کیلئے آتا ہے اور یہ ظرف مبنی بر سکون ہوتا ہے تب اسکے بعد (کان کذا) محذوف ہوگا، چنانچہ

اس کو معرب کی طرح کبھی مکسور منوّن اور کبھی مفتوح منوّن پڑھتے ہیں جیسے اِذاًاور یَوْمَئِذٍ (تیسیر القرآن ص:۱۹) اور ''اِذما'' یہ اِ ذاَ سے بنا ہے۔ ما کے لاحق ہونیکی وجہ سے الف کو گرا دیا گیا ''اِذ ما'' ہو گیا۔ چونکہ ''اِذا'' میں خود ہی شرط کے معنی پائے جاتے ہیں اور مستقبل کیلئے وضع کیا گیا ہے، لیکن ما کے لاحق ہونیکی وجہ سے مضارع پر اگر چہ داخل ہو جاتا ہے مگر جزم نہیں دیتا۔ علامہ سیرافی ؒ کا قول یہ ہے کہ سیبویہ ؒ کے علاوہ کسی نحوی نے ''اِذ ما'' کو ذکر نہیں کیا ہے۔ علامہ مبرد ؒ کا قول ہے کہ ''اِذ ما'' اپنی اِسمیت پر باقی رہتا ہے ما سے صرف اضافت کی طلب سے رُک جاتا ہے، اِس قول کی بناء پر ''اِذْ ما'' جزم دینے کے ساتھ مستقبل کے معنی بھی دیتا ہے۔ (مصباح العوامل ص:۶۴، ۶۵)

☆...... ما اور اَن، یہ دو حرف ایسے ہیں جب فعل پر داخل ہوتے ہیں تو اسے مصدر کے معنی میں کر دیتے ہیں اور اس کو اَن مصدر یہ یا ما مصدر یہ کہتے ہیں ۔، جیسے: (۱) ما کی مثال: وَضَاقَتْ عَلَيْهِمُ الْاَرْضُ بِمَارَحُبَتْ ۔ (۲) اَن کی مثال: عَسیٰ اَنْ تَكْرَهُوْا شَيْئًا ۔ یا، كَادَالْفَقْرُاَنْ يَكُوْنَ كُفْرًا. (تسهيل قواعد النحو، ص: ۳۵)

☆...... ذو: یہ ہمیشہ مضاف بہ اسم ظاہر ہوتا ہے اور یہ واحد کیلئے ''ذوْ'' اور تثنیہ کیلئے ''ذوا'' اور جمع کیلئے ''ذوی'' آتا ہے اور اس کی جمع ''اولو'' ہے جو کہ من غیر لفظہ ہے۔ (تسہیل قواعد النحو، ص:۲۶)

بحث حروف مشبہ بالفعل

☆...... حروف مشبہ بالفعل فعل کے ساتھ کونسی چیزوں میں مشابہت رکھتے ہیں وہ حسب ذیل ہیں: (۱) جس طرح فعل سہ حرفی چار حرفی اور پنج حرفی ہوتا ہے اسی طرح یہ حروف بھی

سہ حرفی، چار حرفی اور پنج حرفی ہوتے ہیں (۲) فعل کی طرح یہ بھی مبنی برفتحہ ہوتے ہیں (۳) یہ بھی فعل کے معنی میں استعمال ہوتے ہیں مثال إنَّ اَنَّ بمعنی حَقَّقْتُ وَاَكَّدْتُ۔ اور "كأنَّ "بمعنی شَبَّهْتُ، لٰكِنَّ بمعنی اِسْتَدْرَكْتُ. اور لَيْتَ بمعنی تَوَجَّيْتُ. وغیرہ (۴) وزن کے اعتبار سے إن، فِرُّ کے وزن پر ہے اور أن مدّ کے وزن پر ہے اور لیت، لیس کے وزن پر ہے۔ اور كأنَّ (جو کہ اصل میں كأنن ہے) ضربن کے وزن پر ہے لکن جو کہ اصل میں لکنن بروزن ضاربن ہے (۵) عمل کے اعتبار سے جیسے فعل متعدی فاعل کو رفع اور مفعول کو نصب دیتا ہے۔ اسی طرح یہ حروف بھی دو اسموں یعنی مبتدا اور خبر پر داخل ہوتے ہیں اور ایک کو نصب اور دوسرے کو رفع دیتے ہیں۔ (بدر منیر شرح نحو میر ص:۷۰)

بحث حروف قسمیہ

☆......حروف قسمیہ تین ہیں (۱) باء، (۲) تاء، (۳) واؤ۔ اور "تاء" اسم ضمیر پر نہیں داخل ہوسکتی، پھر واؤ اللہ تعالیٰ کے تمام اعلام پر آسکتا ہے۔ اور "تاء" صرف لفظ "اللہ" پر آئے گی۔ نیز فعل قسم ان کے ساتھ ذکر نہیں کیا جاسکتا بخلاف "باء" کے کہ وہ سب سے اعم ہے اسم ضمیر اور اسم ظاہر دونوں پر داخل ہوتا ہے پھر فعل قسم بھی اس کے ساتھ ذکر کیا جاسکتا ہے۔ (مصباح العوامل، ص:۳۲)

إلٰی آٹھ معانی کیلئے

☆......إلٰی کے آٹھ معانی ہیں (۱) انتہاء غایت جو زمانی ہو، جیسے: اَتِمُّوا الصِّيَامَ اِلَى اللَّيْلِ۔ یا مکانی ہو، جیسے: مِنَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ إلَى الْمَسْجِدِ الْاَقْصٰى۔

(۲) معیت کیلئے یہ ایسے موقع پر ہوتا ہے جہاں ایک شئے کو محکوم یا محکوم علیہ بنا کرا سے کسی دوسری شئے کے ساتھ شامل کر دیا جائے نیز تعلق ظاہر کرنے کیلئے بھی ایسا کیا جاتا ہے، جیسے: مَنْ اَنْصَارِیْ اِلَی اللّٰہِ. وَلَاتَاْکُلُوْا اَمْوَالَھُمْ اِلٰی اَمْوَالِکُمْ. (۳) تبیین کیلئے ابن مالک کا بیان ہے کہ یہ فعل تعجب یا اسم تفضیل سے حُب و بغض کے افادہ کے بعد اپنے مجرور کی فاعلیت کو بیان کرتا ہے، جیسے: رَبِّ السِّجْنُ اَحَبُّ اِلَیَّ (۴) مرادفت لام کیلئے، جیسے: وَالْاَمْرُ اِلَیْکَ، (۵) موافقت فی کیلئے، جیسے: لَیَجْمَعَنَّکُمْ اِلٰی یَوْمِ الْقِیَامَةِ. هَلْ لَکَ اِلٰی اَنْ تَزَکّٰی. (۶) تاکید کیلئے۔ اس کو زائدہ بھی کہتے ہیں، جیسے: اَفْئِدَةً مِّنَ النَّاسِ تَھْوِیْ اِلَیْھِمْ. (بعض قرأ کی قرأت میں تَھْوَاھُمْ ہے اور اِلٰی زائد تاکید کیلئے آتا ہے)۔ (۷) ابتدأ کیلئے، جیسے شاعر جاہلی ابن الاحمر کے قول میں:

تَقُوْلُ وَقَدْعَالَیْتُ بِالْکُوْرِ فَوْقَھَا

أَیُسْقِی فَلَایَرْوِی إِلَیَّ ابن أحمرا

یہاں إلَیَّ "مِنّیْ" کے معنی میں ہے۔ (دیکھئے، مغنی اللبیب ج ۱ص: ۱۵۷)

(۸) موافقت عند کیلئے، جیسے: آیت قرآنی: إذَاقُمْتُمْ اِلَی الصَّلٰوةِ۔ میں لیکن ظاہر یہی ہے کہ کلمہ الی از قبیل رابع ہے۔ (غایۃ السعایۃ عمانی حل الهدایۃ، ص: ۱۶۵ج ۱)

بحث حروف مبانی یا حروف تہجی

عربی میں کل حروف تہجی ۲۹ ہیں، اور اردو میں ۳۲ ہیں عربی میں تمام حروف تہجی مؤنث ہیں اور اردو میں معاملہ مختلف ہے یعنی چودہ حروف مذکر ہیں اور سترہ مؤنث ہیں اور دو حروف مشترک ہیں (یعنی واؤ، جیم) اور چودہ حروف جو مذکر ہیں وہ یہ ہیں:

الف، ذ، س، ش، ص، ض، ع، غ، ق، ک، گ، ل، م اور ن۔ یہ سب مذکر ہیں۔ اور سترہ حروف مؤنث ہیں، جو حسب ذیل ہیں: ب، ت، ٹ، ث، چ، ح، خ، د، ڈ، ر، ز، ژ، ط، ظ، ف، ہ، ی، ے۔ (فیروز اللغات اردو)

بحث ''الف''

الف مذکر ہے، یہ عربی اردو اور فارسی کا پہلا حرف ہے اور ابجد کے حساب سے اس کا عدد ایک مقرر ہے، الف کی دو قسمیں ہیں (۱) الف ممدودہ (۲) الف مقصورہ۔ اور عربی میں یہ ساکنہ و متحرکہ دونوں طرح استعمال ہوتا ہے اور الف ساکنہ کو حرف لین کہتے ہیں، جیسے: قَالَ، قَامَ، بَاعَ وغیرہ۔ اور الف متحرکہ کو ہمزہ بھی کہتے ہیں اور یہ کئی معانی میں مستعمل ہے (۱) استفہام کیلئے، جیسے: أَقَرَأْتِ؟ (۲) ندا قریب کیلئے، جیسے: اَزَیْدُ اَقْبِل (ای زیدًا)۔ (۳) تسویہ کیلئے، جیسے: لَا اُبَالِیْ اَقُمْتَ اَمْ قَعَدْتَ۔ یعنی مجھے تیرے کھڑے ہونے یا بیٹھنے کی کوئی پرواہ نہیں۔ یعنی دونوں میرے نزدیک برابر ہیں۔ (۴) آ۔ حرف ندا جو بعید کیلئے یا جو بعید کے مانند، جیسے: غافل اور سونے والا۔ اور الف ساکن کا مخرج جوف دہن ہے یعنی منہ کے اندر کا خلا۔ (المصباح، ص: ۲۵، فیروز اللغات، ص: ۷، وتسہیل التجوید، ص: ۸)

بحث ''باء''

''ب'' مؤنث ہے یہ اردو، عربی اور فارسی کا دوسرا حرف ہے اور ہندی کا ۲۳واں حرف ہے، حساب ابجد میں اس کا عدد ''دو'' مقرر ہے، یہ حرف فارسی ترکیب میں مفتوح اور عربی میں مکسور ہوتا ہے، اور فارسی میں اسم کے شروع میں ہوتو با مفتوح

ہوتی ہے اور فعل کے شروع میں ہو تو مکسور ہوتی ہے، جیسے: بِبِیں، بِنِشِیں وغیرہ۔

یہ حروف جر میں سے ہے حسب ذیل معانی کیلئے مستعمل ہے (۱) الصاق کیلئے، جیسے: اَمۡسَکۡتُ بِالۡغُلَامِ" یعنی میں نے غلام پکڑ لیا"۔ (۲) استعانت کیلئے، جیسے: کَتَبۡتُ بِالۡقَلَمِ۔ "میں نے قلم سے لکھا"۔ (۳) مصاحبت کیلئے، جیسے: إذۡهَبۡ بِسَلَامٍ۔ "یعنی سلامتی کے ساتھ جاؤ"۔ (۴) ظرفیت کیلئے، جیسے: سَارَ بِاللَّیۡلِ۔ "وہ رات میں چلا"۔ (۵) بدل کیلئے، جیسے: بَاعَ الۡکُفۡرَ بِالۡإِیۡمَانِ۔ "اس نے ایمان کے بدلے میں کفر کو لیا ہے"۔ (۶) تعدیہ کیلئے، جیسے: ذَهَبۡتُ بِهٖ إِلَی الۡبَیۡتِ۔ "میں اس کو گھر تک لے گیا۔ (۷) قسم کیلئے، جیسے: بِاللهِ۔ "اللہ کی قسم"۔ (۸) سببیت کیلئے، جیسے: لَقِیۡتُ بِزَیۡدٍ الاهوَال۔ "میں زید کی وجہ سے خطرات میں پڑ گیا"۔ (۹) تاکید کیلئے ہے اور یہ زائد ہوتا ہے اور زیادتی کے مواقع حسب ذیل ہیں (الف) کان منفی کی خبر میں، جیسے: وَمَاکَانَ بِمُنۡکِرٍ (یہ منکر نہیں ہے)۔ (ب) لیس کی خبر میں، جیسے: لَیۡسَ زَیۡدٌ بِقَائِمٍ یعنی زید کھڑا نہیں ہے۔ (ج) ماشبہ بلیس کی خبر میں، جیسے: مَا اللهُ بِغَافِلٍ (یعنی اللہ غافل نہیں ہے)۔ (د) اور اَفۡعِلۡ صیغہ تعجب کے فاعل پر، جیسے: اَکۡرِمۡ بِهٖ، اَحۡسِنۡ بِهٖ (ھ) اور نفس وعین کے ساتھ تاکید لانے میں، جیسے: جَاءَ الۡوَزِیۡرُ بِنَفۡسِهٖ (وزیر خود آیا)۔ (و) کفی فعل کے فاعل پر، جیسے: وَکَفٰی بِاللّٰهِ شَهِیۡدًا۔ (ز) اور مفعول پر جبکہ اس کا تعدیہ ایک مفعول کی طرف ہو، جیسے: کَفٰی بِالۡمَرۡءِ کَذِبًا اَنۡ یُّحَدِّثَ بِکُلِّ مَاسَمِعَ (ح) اور مبتدا پر سماعی حیثیت سے، جیسے: بِحَسۡبِکَ دِرۡهَمٌ (بجائے "حَسۡبُکَ دِرۡهَمٌ" کے)۔ (ط) إذا مفاجاتیہ کے بعد قیاسی حیثیت سے، جیسے: خَرَجۡتُ فَإِذَا بِزَیۡدٍ فِی الطَّرِیۡقِ۔ (ی) اس حال پر جس کا عامل منفی ہو، جیسے: فَمَارَجَعَتۡ بِخَائِبَةٍ رِکَابٌ۔ اور حرف باء کبھی عن، علیٰ، إلیٰ کے معنی میں

بھی آتا ہے۔اور باء کوحرف ذلقیہ کہتے ہیں۔ کیونکہ یہ حرف زبان اور ہونٹوں کے پھسلنے سے نکلتے ہیں۔اور ''باء'' کامخرج،دونوں لبوں کی تری ملکرب نکلتی ہے۔(مصباح اللغات ص:۴٦، فیروزاللغات،ص:۱۰۲اوتسہیل التجوید،ص:۱۱)

بحث ''تاء''

''ت'' یہ مؤنث ہے، یہ حروف مبانی کا تیسرا حرف ہے اس کی جمع تاءات آتی ہے،نسبت کیلئے تائی وتاوی وتیوی کہا جاتا ہے، جیسے قصیدة تائیة وتاویة وتیویة'' اردواور فارسی کا چوتھا حرف اور عربی کا تیسرا اور ہندی کا سولھواں حرف ہے حساب ابجد میں اس کے چارسو عدد مقرر ہیں۔اور تا کی اقسام یہ ہیں (۱) تاءمصدریہ (۲) تاء منتقلہ (۳) تاء وحدت (۴) تاء مبالغہ (۵) تاء مادہ (٦) تاء تذکیر (عددی)۔ (۷) تاء تکثیر (۸) تاء زائدہ (۹) تاء متکلم (۱۰) تاء خطاب (۱۱) تائے تانیث (۱۲) تاءمضارع۔(مقدمات،ص:۹۱، فیروزاللغات،ص:۱۸۷)

اور تاء کی آٹھ قسمیں ہیں جنہیں اس شعر میں بیان کیا گیا ہے۔

تاء تانیث است تذکیر است وحدت ہم بدل
مصدریت ہم مبالغہ زائدہ شد ہم نقل

اس کا استعمال کئی طرح سے ہوتا ہے،جس کی تفصیل یہ ہے (۱) تائے تانیث کی مثال: ضَارِبَةٌ. (۲) تائے تذکیر کی مثال: ضَرَبْتَ. (۳) تائے وحدت کی مثال: تَمْرَةٌ. (۴) مصدریت کی مثال، جیسے: حامدية ، محمودية۔ (۵) تائے مبالغہ کی مثال، جیسے: عَلَّامَةٌ. (٦) زائدہ کی مثال، جیسے: رَحْمَةٌ، قُدْرَةٌ. (۷) تائے نقل کی مثال، جیسے: کَافِيَةٌ شَافِيَةٌ. اور تائے بدل، یعنی وہ تاء جو فاء کلمہ کے عوض میں

ہو جیسے: صِــفَۃٌ، اس کی اصل وَصْفٌ ہے، دوسری وہ تاء جو آخری کلمہ کے بدل میں ہو جیسے: تُجَاہ، یہ اصل میں وِجَاہ تھا۔ (موسوعۃ النحو والصرف والاعراب)

یہ عربی حروف مبانی کا تیسرا حرف ہے اس کی جمع تاءات آتی ہے نسبت کیلئے تائی، تاوی اور تیوی کہا جاتا ہے۔ اس کا استعمال کبھی (1) فعل کے آخر میں متکلم، مخاطب کی ضمیر کیلئے، جیسے: قُمْتُ قُمْتَ وغیرہ (2) کبھی تانیث کی علامت کیلئے، جیسے: قَائِمَۃٌ ذَھَبَتْ وغیرہ۔ (3) جنس میں سے واحد پر دلالت کیلئے، جیسے: شَجَرَۃٌ (4) کبھی مبالغہ کیلئے، جیسے: عَلَّامَۃٌ وَفُھَّامَۃٌ وغیرہ۔ (5) کبھی حرف جر ہوتی ہے اور قسم کیلئے آتی ہے اور لفظ اللہ کو جر دیتی ہے، جیسے: تَــاللّٰہِ (6) اور کبھی کبھی لفظ اللہ کے علاوہ دوسرے کو بھی جر دیتی ہے، جیسے: تـربـی (7) کبھی صیغۂ منتہی الجموع کے آخر میں نسبت پر دلالت کیلئے، جیسے: مھـالبۃ (8) کبھی حرف محذوف کے بدلے میں، جیسے: زنـادقـہ۔ یہ زنـدیق کی جمع ہے (9) افعال کے اوائل اور وسط میں زیادہ کیجاتی ہے، جیسے: تَـقَابَلَ وَاقْتَتَلَ (10) اور کبھی اسماء کے آخر میں، جیسے: ملکوت کی تاء ہے (11) کبھی اول کلمہ کے حرف محذوف کے بدلہ میں، جیسے: عِـظَۃٌ (یہ اصل میں وَعْـظٌ تھا)۔ (12) کبھی آخر کلمہ سے، جیسے: ثِقَۃٌ ہے (13) یہ واحد مؤنث اسم اشارہ کیلئے ہے، اور تاء کا مخرج زبان کی نوک اور ثنایا علیا کی جڑ ہے۔ (توضیح المعانی شرح مقدمۃ الجامی، ص: ۴۴، مصباح اللغات، ص: ۸۱، مقدمات، علوم درسیہ، ۳۳۲)

بحث ''ثاء''

''ث'' یہ مؤنث ہے یہ اردو کا چھٹا فارسی کا پانچواں اور عربی کا چوتھا حرف ہے۔ حساب ابجد میں اس کے عدد پانسو (۵۰۰) ہیں۔ اور اس کا مخرج زبان کی نوک

اور ثنایا علیا کا سرا ہے۔(فیروز اللغات، ص:۲۳۹، وتسہیل التجوید، ص:۱۰)

بحث ''جیم''

''ج'' یہ مذکر ومؤنث دونوں طرح مستعمل ہے، فارسی کا چھٹا حرف اور عربی کا پانچواں اور ہندی کا آٹھواں حرف ہے۔ حساب ابجد میں اس کے تین عدد مقرر ہیں۔اور مخرج وسط زبان اور اس کے مقابل اوپر کا تالو ہے۔(فیروز اللغات، ص:۲۴۱ و تسہیل التجوید، ص:۹)

بحث ''حاء''

''ح'' یہ مؤنث ہے اردو کا نواں، فارسی کا آٹھواں اور عربی کا چھٹا حرف ہے اسے حائے حطی، حائے مہملہ اور حائے غیر منقوطہ بھی کہتے ہیں۔ابجد کے حساب سے اس کے آٹھ عدد مقرر ہیں۔اور اس کا مخرج وسط حلق ہے۔(فیروز اللغات، ص: ۲۹۸، وتسہیل التجوید، ص:۸)

بحث ''خاء''

''خ'' یہ عربی زبان کا لفظ ہے اور مؤنث ہے اردو کا دسواں، فارسی کا نواں اور عربی کا ساتواں حرف ہے۔ابجد کے حساب سے اس کے چھ سو (۶۰۰) عدد مقرر ہیں۔اور اس کا مخرج ادنیٰ حلق ہے یعنی حلق کا وہ حصہ جو منہ کی طرف ہے۔ (فیروز اللغات، ص:۳۰۹ وتسہیل التجوید، ص:۸)

بحث ''دال''

''ڈ'' یہ مونث ہے اردو کا گیارہواں، فارسی کا دسواں عربی کا آٹھواں اور ہندی کا اٹھارہواں حرف ہے اسے دال مہملہ بھی کہتے ہیں ابجد کے حساب سے اس کے عدد چار مقرر ہیں۔ اوراس کا مخرج زبان کی نوک اور ثنایا علیا کی جڑ ہے۔ (فیروزاللغات، ص:۳۲۴ و تسہیل التجوید، ص:۱۰)

بحث ''ذال''

''ذ'' یہ عربی مذکر ہے اردو کا تیرہواں، فارسی کا گیارہواں اور عربی کا نواں حرف ہے اسے ذال معجمہ یا ذال منقوطہ بھی کہتے ہیں۔ ابجد کے حساب میں اس کے سات سو عدد مقرر ہیں. ذا: یہ اسم اشارہ ہے قریب کیلئے، ذان، ذین، تثنیہ حالت رفعی، نصبی اور جری کیلئے ہے اس کی جمع اُلاء ہے اس پر ھاء تنبیہ داخل کر کے ''ہذا'' بولتے ہیں۔ اور یہ ذا: پر ''من'' یا ''ما'' استفہامیہ کے بعد واقع ہو تو الذی کے معنی میں ہوتا ہے، جیسے: مَاذَافَعَلْتَ. وَمَن ذَافِي الدَّارِ ۔ اور ما کے ساتھ اسم استفہام ہوتا ہے، جیسے: لِمَاذَاتَرَكْتَنَا (تو نے ہم کو کیوں چھوڑ دیا). ذاک: اسم اشارہ متوسط کیلئے ہے اور ہاء تنبیہ کے ساتھ ہذاک اور تصغیر کی صورت میں ذیاک، تثنیہ حالت رفعی میں ذَانِکَ اور حالت نصبی و جری میں ذَیْنِکَ اور جمع اُولئک ہیں۔ ذالک: یہ اسم اشارہ بعید کیلئے ہے تثنیہ ذانک جمع اولئک تصغیر ذیالک ہے۔ اور ذال کا مخرج زبان کی نوک اور ثنایا علیا کا سرا ہے۔ (المصباح، ص: ۲۵۹، فیروز اللغات ص: ۳۶۲ و تسہیل التجوید، ص:۱۰)

بحث ''راء''

''ر'' یہ عربی حرف ہے مؤنث ہے اردو کا چودھواں، فارسی کا بارھواں اور عربی کا دسواں اور ہندی کا ستائیسواں حرف ہے اسے رائے مہملہ اور رائے غیر منقوطہ بھی کہتے ہیں، ابجد کے حساب میں اس کے دوسو عدد مقرر ہیں۔ راء کا مخرج نون کے مخرج سے ذرا اندر سے نکلتا ہے۔ (فیروز اللغات، ص:۳۶۵ و تسہیل التجوید، ص:۹)

بحث ''زاء''

''ز'' یہ عربی حرف ہے اور مؤنث ہے اردو کا سولھواں فارسی کا تیرھواں اور عربی کا گیارھواں حرف ہے ابجد کے حساب سے اس کے عدد سات مقرر ہیں۔ زاء کا مخرج زبان کی نوک اور ثنایا علیا اور سفلیٰ کے سرے کا درمیانی حصہ ہے۔ (فیروز اللغات، ص:۳۹۱، و تسہیل التجوید، ص:۱۰)

بحث ''سین''

''س'' یہ عربی حرف ہے مذکر ہے۔ اردو کا اٹھارھواں فارسی کا پندرھواں عربی کا گیارھواں اور ہندی کا بتیسواں حرف ہے حساب ابجد میں اس کے عدد ساٹھ مقرر ہیں واضح ہو کہ ''س'' فعل مضارع کو مستقبل قریب کے معنی کیلئے خاص کر دیتا ہے۔ اور سین کی سات قسمیں ہیں: (۱) طلب کیلئے، جیسے: اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ (۲) تحقیق کیلئے یعنی جو فعل کی تحقیق کرے، جیسے: سَأَنْتَقِمُ مِنْكَ. (۳) تحویل کیلئے یعنی وہ سین جو ایک چیز کے دوسری چیز میں بدل جانے پر دلالت کرے، جیسے: اِسْتَحْجَرَ الطِّيْنُ (کیچڑ پتھر بن گیا)۔ (۴) سین استقبال یعنی وہ سین جو معنی استقبال پر دلالت کرے، جیسے: سَاَضْرِبُ (۵) سین زیادت، جیسے: استطاع،

سین زیادت وہ ہے جو معنی فعل کی زیادتی پر دلالت کرے۔ (٦) وہ سین جو کسی چیز کو کسی صفت کے ساتھ متصف پانے پر دلالت کرے، جیسے: اِسْتَعْظَمْتُهٗ یعنی میں نے اس کو بڑا پایا۔ (۷) سین کسکسیہ: یعنی وہ سین ہے جو کاف خطاب مؤنث کے بعد سکتہ کیلئے لاحق ہوتی ہے جیسے: مَرَرْتُ بِكَسْ یاضَرَبْتُكَسْ۔ ان میں پہلی چھ قسمیں فعل کے ساتھ خاص ہیں اور آخری قسم اسم کے ساتھ خاص ہے۔ اس کا مخرج زبان کی نوک اور ثنایا علیا اور سفلیٰ کے سرے کا درمیانی حصہ ہے۔ (تسہیل التجوید، ص: ۱۰ امصباح اللغات، ص: ۳۵۴، فیروز اللغات، ص: ۴۰۳ مقدمات، ص: ۹۱ ،تحفة الطالبين فی تحقيق خطبة المصنفين، ص: ۷۲)

سین کے اقسام:۔ سین کی سات قسمیں ہیں: (۱) سین طلب یعنی جو معنی طلب کیلئے آتا ہے، جیسے: اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ (۲) سین تحقیق یعنی جو معنی فعل کی تحقیق کرے، جیسے: سَأَنْتَقِمُ مِنْكَ (۳) سین تحویل، جیسے: اَسْتَحْجَرَ الطِّيْنُ (کیچڑ پتھر بن گیا)۔ (۴) سین استقبال کیلئے، جیسے: شعر:

سَاَطْلُبُ بُعْدَالدَّارِ عَنْكُمْ لِتَقْرَبُوْا

وَتَسْكُبُ عَيْنَایَ الدُّمُوْعَ لِتَجْمُدَا

”یعنی عنقریب طلب کرونگا گھر کی دوری کو تم سے تاکہ تم قریب ہو جاؤ اور میری آنکھیں آنسو بہارہی ہیں تاکہ مسرت وخوشی ہو جائے۔“

(۵) سین زیادت:۔ یعنی وہ فعل جو معنی کی زیادت پر دلالت کرے، جیسے: اِسْتَطَاعَ (٦) وہ سین جو کسی چیز کے کسی صفت کے ساتھ متصف پانے پر دلالت کرے، جیسے: اِسْتَعْظَمْتُ (میں نے اسکو بڑا پایا)۔ (۷) سین کسیکہ جس کو سین سکتہ بھی کہا جاتا ہے جو کاف خطاب مؤنث کے بعد سکتہ کیلئے لاحق ہوتی ہے، جیسے: مَرَرْتُ بِكَسْ اصل

میں مررت بک تھا۔ (مآرب الطلبہ ،الاتقان،مقدمہ علوم درسیہ،مصباح اللغات)

سین اور سوف میں فرق: سوف اور سین یہ دونوں علامتِ مضارع میں سے ہیں دونوں کو حرفِ تسویف کہا جاتا ہے یہ دونوں فعل مضارع کو استقبال کے ساتھ خاص کر دیتے ہیں، جیسے: الآن: قرینۂ حالیہ یا مقالیہ کی وجہ سے فعل مضارع حال کے ساتھ ہو جاتا ہے جیسے: زَیْدٌ یَضْرِبُ الآن ۔اور اب دونوں کے درمیان فرق کے متعلق دو مذاہب ہیں

(۱) پہلا مذہب: سین استقبال قریب کیلئے آتا ہے اور سوف استقبال بعید کیلئے آتا ہے۔

(۲) دوسرا فرق یہ اسکے برعکس ہے یعنی سوف استقبال قریب کیلئے اور سین استقبال بعید کیلئے ہے لیکن پہلا مذہب جمہورِ نحاۃ کا ہے لیکن یہ یاد رہے کہ سین اور سوف کا فعلِ مضارع کو استقبال کے ساتھ خاص کر دینا یہ قاعدہ کلیہ نہیں ہے بلکہ اکثریہ ہے جیسے اللہ تعالیٰ کا قول: ﴿فَسَيَكْفِيكَهُمُ اللهُ﴾ (الآیۃ) پس اس آیتِ کریمہ میں سین نہ استقبال قریب کیلئے ہے نہ استقبال بعید کیلئے ہے۔ (مآرب الطلبہ ص:۵۱)

بحث ''شین''

''شین'' یہ عربی حرف ہے مذکر ہے اردو کا انیسواں، فارسی کا سولھواں، عربی کا تیرھواں اور ہندی کا تیسواں حرف ہے حساب ابجد میں اس کے عدد تین سو (۳۰۰) مقرر ہیں ۔اور حرف شین کا مخرج وسط زبان اور اس کے مقابل اوپر کا تالو ہے۔

(فیروز اللغات، ص:۴۴۴ و تسہیل التجوید، ص:۹)

بحث ''صاد''

''ص'' یہ عربی حرف ہے مذکر ہے اردو کا بیسواں، فارسی کا سترھواں اور عربی کا چودھواں حرف ہے حساب ابجد میں اس کے نوے عدد فرض کئے گئے ہیں اسے صاد

مہملہ یا صاد غیر منقوطہ بھی کہتے ہیں۔اور صاد کا مخرج زبان کی نوک اور ثنایا علیا اور سفلی کے سرے کا درمیانی حصہ ہے۔(فیروز اللغات،ص:۸۵۸وتسہیل التجوید،ص:۱۰)

بحث ''ضاد''

''ض'' یہ عربی حرف ہے مذکر ہے،اردو کا اکیسواں،فارسی کا اٹھارہواں اور عربی کا پندرہواں حرف ہے،ابجد کے حساب سے اس کے عدد آٹھ سو(۸۰۰) فرض کئے گئے ہیں۔استاد مصری (عبداللہ جمعہ المؤقر) فرمایا کرتے تھے کہ عربی زبان کو لغۃ الضاد کہا جاتا ہے کیونکہ حرف ضاد کو اہل عرب جس انداز وطریقہ سے ادا کرتے ہیں وہ انہی کا حصہ ہے جس کی وجہ سے زبان عربی کو لغۃ الضاد کہا گیا ہے۔مخرج ضاد: یہ زبان کے کنارے کو اوپر کی ڈاڑھ کی جڑ سے لگا کر اس سے نکلتا ہے۔دونوں جانب سے نکالنا صحیح ہے،لیکن بہت مشکل ہے۔اس سے آسان داہنی طرف سے ہے اور اس سے زیادہ آسانی بائیں طرف سے نکالنے میں ہے۔(تسہیل التجوید،ص:۹فیروز اللغات،ص:۸۶۵)

بحث ''طاء''

''ط'' یہ اردو کا بائیسواں،فارسی کا انیسواں اور عربی کا سولہواں حرف ہے۔حساب ابجد میں اس کے عدد نو مقرر ہیں۔اس کا مخرج زبان کی نوک اور ثنایا علیا کی جڑ ہے۔(فیروز اللغات،ص:۸۶۸،تسہیل التجوید،ص:۱۰)

بحث ''ظاء''

''ظ'' یہ عربی حرف ہے مؤنث ہے اردو کا تیئسواں،فارسی کا بیسواں اور عربی کا سترہواں حرف ہے۔حساب ابجد میں اس کے نو سو عدد (۹۰۰) مقرر ہیں۔اور اس کا

مخرج زبان کی نوک جب ان ہی اوپر کے اگلے دونوں دانتوں کی نوک کی طرف والے آدھے حصے سے لگے (اسی سے ذ، ث بھی) نکلتے ہیں۔ (فیروز اللغات، ص:۴۷۴، کمال الفرقان شرح جمال القرآن، ص:۳۷)

بحث ''عین''

''ع'' یہ عربی حرف ہے مذکر ہے، اردو کا چوبیس واں، فارسی کا اکیسواں اور عربی کا اٹھارہواں حرف ہے۔ ابجد کے حساب میں اس کے عدد ستر مقرر کیئے گئے ہیں۔ (۲) ع سے رکوع قرآن کی طرف بھی اشارہ ہوتا ہے۔ اور ع مصرع کی علامت بھی ہے۔ اور ع علیہ السلام کا مخفف بھی ہے۔ اور عین کا مخرج وسط حلق ہے۔ (فیروز اللغات، ص:۹۷۶، تسہیل التجوید، ص:۸)

بحث ''غین''

''غ'' یہ عربی حرف ہے مذکر ہے اردو کا پچیسواں، فارسی کا بائیسواں، اور عربی کا انیسواں حرف ہے۔ ابجد کے حساب میں اس کے عدد ہزار (۱۰۰۰) مقرر ہیں۔ یہ ادنیٰ حلق سے یعنی حلق کا وہ حصہ جو منہ کی طرف ہے اس سے غین نکلتا ہے (فیروز اللغات، ص:۹۰۴، تسہیل التجوید، ص:۹)

بحث ''فاء''

''ف'' یہ عربی حرف ہے مونث ہے اردو کا چھبیسواں، فارسی کا تیئسواں اور عربی کا چوبیسواں حرف ہے۔ حساب ابجد میں اس کے عدد اسی (۸۰) فرض کیئے گئے ہیں۔ یہ حرف کئی معنوں میں مستعمل ہے (۱) ترتیب کیلئے، جیسے: قَامَ زَيْدٌ فَعَمْرٌو (۲)

تعقیب کیلئے، جیسے: حَبس زیدٌافقتلهُ (۳) سبیت کیلئے، جیسے: ضرب زیدًا فمات (۴) رابطہ جواب شرط میں، جیسے: اِنْ کُنتُمْ تُحِبُّوْنَنِیْ فَاحْفَظُوا وَصَایَایَ شبہ جواب شرط میں، جیسے: اَلَّذِیْ یَاتِیْنِیْ فَلَهٗ دِرْهَمٌ (۵) ناصبہ مضارع کیلئے بتقدیر اَنْ، جیسے: زُرْنِیْ فَاُکْرِمَکَ. (۶) استیناف کیلئے، جیسے: یَقُوْلُ کُنْ فَیَکُوْنُ (۷) زائدہ، جیسے: زَیْدًا فَلَاتَضْرِبْهُ. خَرَجْتُ فَاِذَاالْاَسَدُ فِی الدَّارِ وغیرہ۔

(مصباح اللغات، ص:۶۱۵، فیروز اللغات، ص:۴۹۶)

فاء کے معانی:......فاء چند معانی کیلئے مستعمل ہے (۱) ترتیب کیلئے، جیسے: قَامَ زَیْدٌ فَعَمْرٌو (۲) تعقیب کیلئے، جیسے: حَبسَ زَیْدٌ فَقَتَلَهٗ (۳) سبیت کیلئے، جیسے: ضُرِبَ زَیْدٌفَمَاتَ (۴) رابطہ کیلئے، جیسے: اِنْ کُنْتُمْ تُحِبُّوْنَنِیْ فَاحْفَظُوْا وَصَایَایَ ۔(۵) ناصبہ مُضارع کیلئے، جیسے: زُرْنِیْ فَاُکْرِمکَ (۶) استیناف کیلئے، جیسے: یَقُوْلُ کُنْ فَیَکُوْن (۷) زائدہ، جیسے: زَیْدًا فَلَاتَضْرِبه ۔ (مصباح اللغات)

☆......فاء تاکید بلامہلت کیلئے آتا ہے، جیسے: اُغْرِقُوْا فَاُدْخِلُوْا نَارًا ۔ اس آیت سے عذاب قبر ثابت کرتے ہیں۔ (معلم الانشاء اول)

فائے فصیحہ:......جو شرط محذوف کی اجزاء میں واقع ہو، جیسے: اِنْ کَانَ کَذَا فَعَرَفَنِیْ بِالْوَجْهِ. اور فائے فصیحہ کی تعریف میں تین مذاہب ہیں (۱) فائے فصیحہ وہ ہے جو شرط محذوف کی جزاء میں واقع ہو (۲) فائے فصیحہ وہ ہے جو معطوف علیہ محذوف کے معطوف پر واقع ہو (۳) وہ ہے کہ جو شرط محذوف کی جزا یا معطوف علیہ محذوف کے معطوف پر آیا ہو۔ فاء کا مخرج ہونٹ کے نیچے کی تری اور ثنایا علیا کا کنارہ ہے۔

(منیۃ الادب، ص:۴۶ ج۱، تسہیل التجوید، ص:۱۰)

بحث ''قاف''

''ق'' یہ عربی حرف ہے مذکر ہے اردو کا ستائیسواں، فارسی کا چوبیسواں اور عربی کا اکیسواں حرف ہے۔ ابجد کے حساب میں اسکے سو عدد مقرر ہیں۔ اور حرف ''قاف'' کا مخرج لہات ہے یعنی کوے کے متصل زبان کی جڑ ہے۔ (فیروز اللغات، ص:۵۰۹، تسہیل التجوید، ص:۹)

بحث ''کاف''

''ک'' یہ عربی حرف مذکر ہے، اردو کا اٹھائیسواں، فارسی کا پچیسواں، عربی کا بائیسواں اور ہندی کا پہلا حرف ہے۔ ابجد کے حساب میں اس کے عدد بیس مقرر ہیں۔ یہ کئی معنی کیلئے مستعمل ہے (۱) مخاطب ومخاطبہ کیلئے ضمیر منصوب اور مجرور کے طور پر مستعمل ہے، جیسے: ضَرَبَکَ وَضَرَبَکِ وغیرہ۔ (۲) حرف جار کبھی تشبیہ کیلئے ہے، جیسے: زَیْدٌ کَالْاَسَدِ. اور کبھی تعلیل کیلئے اُذْکُرُوا اللّٰہَ کَمَا ھَدَاکُمْ. کبھی تاکید کیلئے اور اس صورت میں زائد ہوتا ہے، جیسے: لَیْسَ کَمِثْلِہٖ شَیْءٌ (۳) حرف غیر جار۔ اور اس صورت میں معنی خطاب کے ہوتے ہیں اور اسم اشارہ اور ضمیر منصوب منفصل اور بعض اسماء افعال کے ساتھ لاحق ہوتا ہے، جیسے: ذلک، تلک، ایاک وغیرہ۔ اور اس کا مخرج قاف کے مخرج کے متصل منہ کی جانب ذرا نیچے ہٹ کر اس سے کاف ادا ہوتا ہے۔ (المصباح، ص:۷۱۹، فیروز اللغات، ص:۵۲۱، تسہیل التجوید، ص:۹)

بحث ''لام''

''ل'' یہ عربی حرف مذکر ہے یہ اردو کا تیسواں، فارسی کا ستائیسواں عربی تیسواں اور ہندی کا اٹھائیسواں حرف ہے ابجد کے حساب میں اس کے عدد تیس مانے گئے ہیں۔ واضح ہو کہ لام کی کل گیارہ قسمیں ہیں (۱) لام تعلیلیہ، جیسے: لِكَيْ لَاتَاسَوْا (۲) لام جحد (لام جحد وہ لام ہے جو کان منفی ماضی پر داخل ہو)، جیسے: مَاكَانَ اللّٰهُ لِيُعَذِّبَهُمْ (۳) لام کَی: (اس میں اور لام جحد میں دو اعتبار سے فرق ہے) اول: لام کَی کو حذف کرنے سے معنیٰ میں خلل پیدا ہوتا ہے بخلاف لام جحد کے۔ دوم: لام جحد کان منفی کے ساتھ آتا ہے بخلاف لام کَی کے) مثال اَسْلَمْتُ لِاَدْخُلَ الْجَنَّةَ.
(۴) لام تاکید: یہ لام مفتوح ہوتا ہے اور غیر عاملہ ہے خواہ اس کا مدخول اسم ہو یا فعل ماضی ہو یا مضارع کمافی هذاالشعر:

لَقَدْضَاعَ شِعْرِیْ عَلٰی بَابِكُمْ كَمَاضَاعَ عِقْدٌ عَلٰی خَالِصَةَ

ترجمہ:۔ ''بیشک میرے اچھے اشعار (ناقدری کی وجہ سے) تمہارے دروازے پر یعنی تمہارے دربار میں ضائع ہو گئے۔ جیسا کہ خالصہ یعنی بدصورت باندی کی گردن میں قیمتی ہار ضائع ہے''۔ (نفحة اليمن)

اس شعر میں ''لَقَدْ'' کا لام تاکید کیلئے ہے (۵) لام قسمیہ (۶) لام زائدہ (۷) لام امر (۸) لام ابتدائیہ (۹) لام عاملہ جارہ (۱۰) لام عاملہ جازم (۱۱) لام غیر عاملہ۔

حرف لام کی اولاً تین قسمیں ہیں (۱) عامل بعمل جر (۲) عامل بعمل جزم (۳) غیر عامل۔ اور لام جارہ اسم ظاہر اور ضمیر واحد متکلم کے ساتھ مکسور ہوتا ہے، جیسے: لِزَيْدٍ وَلِیْ۔ اور ضمائر غیر واحد متکلم کے ساتھ مفتوح ہوتا ہے، جیسے: يا لَلّٰهِ وَلَكَ وَ. لَنَا وَلَهٗ وغیرہ۔ اور یہ اسم اور فعل دونوں پر داخل ہوتا ہے۔ اسم پر داخل ہونے والا کئی معنوں میں آتا ہے۔ (۱) اختصاص کیلئے، جیسے: اَلْجَنَّةُ لِلْمُؤْمِنِيْنَ (جنت مؤمنین

کیلئے خاص ہے)۔(۲) استحقاق کیلئے، جیسے: اَلْعِزَّةُ لِلّٰہِ (عزت کا مستحق اللہ تعالیٰ ہے)۔
(۳) ملکیت کیلئے، جیسے: لِلّٰہِ مَافِی السَّمٰوٰاتِ وَمَافِی الْاَرْضِ (۴) تبلیغ کیلئے،
جیسے: قُلْتُ لَهٗ وَ فَسَّرْتُ لَهٗ (۵) تعدیہ کیلئے، جیسے: مَااَشَدَّحُبَّ زَیْدٍ لِعَمْرٍو۔
(زید کو عمرو سے کتنی شدید محبت ہے)۔(۶) قسم کیلئے، جیسے: لِلّٰہِ لاافعلن ھٰذا
(۷) صیرورت کیلئے، جیسے: وُلِدَتِ الْاِنْسَانُ لِلْحَیٰوۃِ الْاَبَدِیَّۃِ. (انسان کو ہمیشہ کی
زندگی کیلئے پیدا کیا گیا ہے) اور اس کو لام عاقبت اور لام المآل بھی کہتے ہیں (۸)
تعلیل کیلئے، جیسے: وَیَوْم عَقَرْتُ لِلْعَذَارٰی مَطِیَّتِیْ۔(اور اس دن کہ باکرہ لڑکیوں
کیلئے میں نے اپنی سواری (اونٹنی) کو ذبح کیا)۔(۹) موافقت اِلٰی کیلئے، جیسے: بِاَنَّ
رَبَّکَ اَوْحیٰ لَهَاأیْ إلَیْهَا. (۱۰) موافقت عَلٰی کیلئے، جیسے: یَخِرُّوْنَ لِلْاَذْقَانِ أیْ
عَلَی الأذْقَانِ۔(۱۱) موافقت فی کیلئے، جیسے: وَیَضَعُ الْمَوَازِیْنَ الْقِسْطَ لِیَوْمِ
الْقِیٰمَةِ أیْ فِیْ یَوْمِ الْقِیَامَةِ۔(۱۲) عند کے معنی کیلئے، جیسے: کَتَبْتُهٗ لِخَمْسٍ خَلَوْنِ
أیْ عِنْدَ خَمْسِ خَلَوْنِ۔ یعنی پانچویں تاریخ گذرنے پر میں نے اس کو لکھا۔ اور اس
کو لام تاریخ بھی کہتے ہیں۔(۱۳) موافقت بعد کیلئے، جیسے: اَقِمِ الصَّلٰوۃَ لِدُلُوْکِ
الشَّمْسِ أی بَعْدَ دُلُوْکِ الشَّمْسِ (۱۴) موافقت مع کیلئے، جیسے: فَلَمَّا تَفَرَّقْنَا
کَاَنِّیْ وَمَالِکًا لِطُوْلِ اِجْتِمَاعٍ لَمْ نَبِتْ مَعًا أیْ مَعَ طُوْلِ (۱۵) موافقت مِنْ کیلئے
جیسے: سَمِعْتُ لَهٗ صُرَاخًا أیْ مِنْهُ صُرَاخًا۔(۱۶) موافقت عَنْ کیلئے، جیسے: قَالَ
الَّذِیْنَ کَفَرُوْا لِلَّذِیْنَ آمَنُوْا لَوْ کَانَ خَیْرًا مَاسَبَقُوْنَا اِلَیْهِ أیْ عَنِ الَّذِیْنَ آمَنُوْا.
(۱۷) زائدہ ہوتا ہے، جیسے: ضَرَبْتُ لِزَیْدٍ اور فعل مضارع پر داخل ہونے والا تقدیر
ان سے فعل مضارع کو نصب دیتا ہے اور اَن مع اپنے مدخول کے مصدر مجرور باللام کی
تاویل میں ہوتا ہے اور یہ یا تو تعلیل کیلئے ہوتا ہے، جیسے: جِئْتُکَ لِتُعَلِّمِیْ. (میں

تیرے پاس اسلئے آیا کہ تو مجھے تعلیم دے)۔(۱۸) اور یا تاکید نفی کیلئے آتا ہے، اس صورت میں کان منفی اس سے پہلے آتا ہے اور اس کو لام جحد کہتے ہیں، جیسے: مَا کَانَ زَیْدٌ لِیُکْرِمَکَ (زید ہرگز تیری تعظیم کیلئے نہ تھا)۔(مصباح اللغات)

اور منیۃ الادب و تسہیل قواعد النحو میں اقسام لام بارہ لکھی ہیں، جو حسب ذیل ہیں۔(۱) لام تعریف (۲) وہ لام جو جواب قسم میں واقع ہو (۳) لام مؤطیہ برائے قسم، جیسے: وَاللّٰہِ لَئِنْ اَکْرَمْتَنِیْ لَاُکْرِمُتُکَ (۴) لام جواب لو اور لولا (۵) لام امر (۶) لام نہی (۷) لام ابتدائیہ (۸) وہ لام جو مخففہ اور نافیہ کے درمیان فرق کرنے والا ہو (۹) لام جارہ (۱۰) لام نافیہ، جیسے: لَا رَیْبَ فِیْہِ (۱۱) لام جو بمعنی لیس ہو، جیسے: لَا رَجُلٌ قَائِمًا اَیْ لَیْسَ (۱۲) لام زائدہ تاکیدیہ، جیسے: لِئَلَّا یَعْلَمَ اَھْلُ الْکِتَابِ.

(منیۃ الادب، ص:۲۱۴، تسہیل قواعد النحو، ۶۷)

<u>لام جازمہ کی تعریف:</u>۔ یہ لام امر ہے اور اس کا نام لام طلب بھی ہے اور یہ مکسور ہوا کرتا ہے، جیسے: لِیَحْکُمَ اللّٰہُ. اور کبھی یہ مفتوح بھی ہوتا ہے، جیسے: یَالَلدّاھِیَ اور لام، واؤ اور فاء کے بعد اکثر ساکن ہوتا ہے، جیسے: فَلْیَسْتَجِیْبُوْالِیْ وَلْیُؤْمِنُوْابِیْ اور ثم کے بعد بھی لام ساکن ہوتا ہے، جیسے: ثُمَّ لْیَقْضُوْا۔

<u>لام غیر عاملہ:</u>......اور یہ لام ہمیشہ مفتوح ہوتا ہے اور اس کو لام ابتداء بھی کہتے ہیں، جیسے: لَزَیْدٌقَائِمٌ وَاِنَّ زَیْدًاالْقَائِمُ۔ اور لام جواب (ہوتا ہے) بعد لولا و قسم، جیسے: لَوْعُدْتُمْ لَعُدْنَا وَلَوْلَازَیْدٌ لَھَلَکْنَا. وَاللّٰہِ لَزَیْدٌ کَرِیْمٌ۔ اور لام زائدہ بھی ہوتا ہے، جیسے: اَرَاکَ لَشَاتِمِیْ۔ اور منجملہ ان غیر عاملہ لام میں سے وہ بھی ہے جو بعد پر دلالت کرنے کیلئے اسماء اشارہ کے ساتھ لاحق ہوتا ہے اور اصلاً یہ ساکن ہوتا ہے، جیسے: تِلْکَ. میں مگر ذالک میں اجتماع ساکنین کی وجہ سے لام کو کسرہ دیا جاتا ہے۔(مصباح اللغات، ۷۶۱ تا ۷۶۰)

☆...... حرف لا کی تین قسمیں ہیں (۱) لا نافیہ یہ چار طرح سے مستعمل ہے (الف) لا نفی جنس کیلئے اس کا اسم مفرد ہونے کی صورت میں مبنی بر فتحہ ہوتا ہے اور مضاف اور شبہ مضاف کی صورت میں منصوب ہوتا ہے، جیسے: لَا رَجُلَ فِي الدَّارِ (گھر میں کوئی مرد نہیں ہے) وَلَا غُلَامَ رَجُلٍ حَاضِرٌ (مرد کا کوئی غلام حاضر نہیں)۔ (ب) لا بمعنی لیس۔ اس صورت میں اسم کو رفع اور خبر کو نصب دیتا ہے اور یہ نفی واحد کیلئے ہے جیسے: لَا رَجُلٌ قَائِمًا (مرد کھڑا نہیں ہے) اور لا نفی جنس ولا بمعنی لیس میں فرق یہ ہے کہ جب تم لَا رَجُلَ فِي الدَّارِ کہو گے تو پھر بل رجلین اور بَلْ رِجَالٌ کہنا صحیح نہ ہوگا کیونکہ اس میں جنس رجال کی نفی کر دی گئی ہے بخلاف لَا رَجُلٌ فِي الدَّارِ. کے وہاں بَلْ رَجُلَانِ اور رِجَالٌ کہنا صحیح ہوگا اسلئے کہ لا بمعنی لیس صرف واحد کی نفی کرتا ہے (ج) لا نافیہ عطف کیلئے آتا ہے، جیسے: جَاءَ زَيْدٌ لَا عَمْرٌو (زید آیا نہ کہ عمرو)۔ (د) لا حرف جواب نقیض نعم کیلئے آتا ہے، جیسے: کوئی پوچھے أَقَامَ زَيْدٌ؟ تو تم اس کے جواب میں لا کہو گے۔ (۲) لاء نہی: طلب ترک فعل کیلئے آتا ہے اس کا نام لاء نہی ہے اور یہ صرف فعل مضارع پر داخل ہوتا ہے اور اس کو جزم دیتا ہے، جیسے: لَا تَخَفْ (مت ڈر) (۳) لا زائدہ ہے جو تقویت معنی کیلئے ہوتا ہے جس کو حذف کرنے سے خلل نہیں ہوتا، جیسے: مَا مَنَعَكَ اَنْ لَّا تَقُوْمَ۔ بمعنی مَا مَنَعَكَ اَنْ تَقُوْمَ ہے۔ اور حرف لام کا مخرج ''زبان کا کنارہ اور ثنایا اور رباعی اور ناب اور ضواحک کے مسوڑھے'' ہے۔

(مصباح اللغات، ص: ۷۶۱)

''لو'' کی چار قسمیں: (۱) لو وصلیہ: یعنی وہ ہے جو اپنے مابعد کو ماقبل سے ربط دینے اور ملانے کیلئے آتا ہے، بشرطیکہ یہ لو واؤ حالیہ کے بعد واقع ہو، جیسے: زَيْدٌ بَخِيلٌ وَلَوْ كَانَ غَنِيًّا اس لو کی جزاء یا تو محذوف ہوتی ہے یا مقدم۔ (۲) وہ لو جو کسی

شئے کے دوام واستمرار کیلئے آتا ہے بشرطیکہ دومتضاد چیزوں کیلئے استعمال کیا گیا ہو، جیسے: لَوْشَتَمْتَنِیْ لَاکْرَمْتُکَ. (۳) وہ لو جو شرط کی نفی ہونے سے جزاء کی نفی پر دلالت کرے، جیسے: لَوْکَانَ فِیْهِمَآ اٰلِهَةٌ اِلَّااللّٰهُ لَفَسَدَتَا. (۴) وہ لو جو جزاء کی نفی سے شرط کی نفی پر دلالت کرے۔ ان چاروں لو میں اول کو وصلیہ، ثانی کو استمراری، ثالث کو استدلال خارجی اور رابع کو استدلال عقلی کہا جاتا ہے۔ (مقدمات علوم درسیہ)

اور منیۃ الادب میں "لو کے استعمال کے طریقے چھ لکھے ہیں" جو حسب ذیل ہیں: (۱) زمانہ ماضی میں شرط کیلئے ہو، جیسے: لوجَآءَ نَبِیٌّ لَاکْرَمْتُهٗ (۲) زمانہ مستقبل میں شرط کیلئے، جیسے: وَلْیَخْشَ الَّذِیْنَ لَوْتَرَکُوْامِنْ خَلْفِهِمْ ذُرِّیَّةً ضِعٰفًا خَافُوْاعَلَیْهِمْ. (۳) حرف مصدری ہو بمنزلہ اَنْ کے مگر یہ نصب نہیں دیتا۔ اگر وَدّ یَودّ کے بعد واقع ہوتا ہے، جیسے: وَدُّوْا لَوْتَاْتِیْهِمْ. یَوَدُّاَحَدُهُمْ لَوْیُعَمَّرُاَلْفَ سَنَةٍ. (۴) تمنا کیلئے. لَوْتَاْتِیْنِیْ فَتُحَدِّثَنِیْ (۵) عرض کیلئے مانند الاَ کے، تو اس کا جواب بھی حرف فا سے ہوتا ہے اور منصوب ہوتا ہے، جیسے: لَوْتَنْزِلُ عِنْدَنَافَتُصِیْبَ خَیْرًا (آپ ہمارے پاس کیوں نہیں آتے کہ آپ کچھ بہتری پالیتے)۔ (۶) تقلیل کیلئے، جیسے: تَصَدَّقُوْا وَلَوْبِظِلْفٍ مُحْرَقٍ. (منیۃ الادب، ص:۱۹۸ج۱)

☆...... لَوْ: چھ معنی کیلئے آتا ہے، (۱) عرض کیلئے۔ اور عرض کے معنی نرمی سے کسی کو کسی بات پر آمادہ کرنا ہے، جیسے: لَوْتَنْزِلُ عِنْدَنَافَتُصِیْبَ خَیْرًا (آپ ہمارے پاس کیوں نہیں آتے کہ آپ کچھ بہتری پالیتے)۔ (۲) تقلیل کیلئے، جیسے: تَصَدَّقُوْا وَلَوْ بِظِلْفٍ مُحْرَقٍ. (صدقہ کرو اگر چہ جلے ہوئے کھر سے ہی کیوں نہ ہو)۔ (۳) تمنی کیلئے، جیسے: لَوْاَنَّ لَنَاکَرَّةً۔ (۴) مصدریہ یعنی بعد والے فعل کو مصدر کے معنی میں کر دیتا ہے، لیکن یہ لَوْ اَنْ کی طرح فعل کو نصب نہیں دیتا۔ اور لو مصدریہ اکثر فعل وَدَّ یَوَدُّ کے بعد

واقع ہوتا ہے، جیسے: يَوَدُّ اَحَدُهُمْ لَوْ يُعَمَّرُ اَلْفَ سَنَةٍ (۵) لَوْ، لَوْلَا کی طرح تخصیص کیلئے بھی استعمال ہوتا ہے۔ جیسے: لَوْ تَأمُرُ فَتُطَاعُ (۶) لوشرط کیلئے بھی استعمال ہوتا ہے جو عام طور سے مشہور ہے۔ (النحو الیسیر ص:۱۲۹)

☆...... لَوْلَا کے استعمال کے طریقے تین ہیں: (۱) ایسے جملوں پر داخل ہوتا ہے جن میں پہلا جملہ اسمیہ اور دوسرا جملہ فعلیہ ہوتا ہے اور اول کا انتفاء وجود ثانی ہوتا ہے، جیسے: لَوْلَا زَيْدٌ لَاَكْرَمْتُكَ ۔ اگر زید موجود نہ ہوتا تو میں تیرا اکرام کرتا۔ (۲) تحضیض اور عرض کیلئے جب مضارع پر داخل ہوچا ہے وہ حقیقۃً ہو یا تاویلاً ہو، جیسے: لَوْلَا تَسْتَغْفِرُوْنَ اللّٰهَ (۳) توبیخ وتندیم کیلئے جبکہ فعل ماضی پر آئے، جیسے: لَوْلَا جَآءُوْا عَلَيْهِ بِاَرْبَعَةِ شُهَدَاء. (منیۃ الادب، ص:۲۵ ج۲)

لواور لولا کے درمیان فرق: یاد رہے کہ (۱) لولا کا مدخول ہمیشہ اسم ہوگا اور لو کا مدخول ہمیشہ فعل ہوگا۔ (۲) لولا میں شرط وجودِ جزا کیلئے سبب ہوتا ہے اور لو میں شرط کی نفی ہوتی ہے جزا کی نفی کیلئے یا جزا کی نفی سبب ہوتی ہے شرط کی نفی کیلئے۔ (۳) لولا کے جواب میں لام ہونا ضروری ہے اور لو کے جواب میں لام اور فا دونوں آ سکتے ہیں۔ (۴) لو کے مدخول سے زمانۂ ماضی سمجھا جاتا ہے۔ لولا کا مدخول زمانۂ ماضی سے عاری ہے بلکہ دوام کا مفہوم ہے۔ (مآرب الطلبہ ص:۸۳)

لات:...... یہ حرف نفی ہے جو لیس کی طرح عمل کرتا ہے اور اس کے بعد صرف ایک ہی معمول ذکر کیا جاتا ہے اور عموماً اسم ہی محذوف ہوا کرتا ہے، جیسے: تَنْدِمُ الْبُغَاةُ وَلَاتَ سَاعَةَ مَنْدَمٍ بمعنی لَاتَ السَّاعَةُ سَاعَةَ مَنْدَمٍ یعنی باغی پشمان ہوئے مگر اب پشمانی کا وقت نہیں رہا۔ اور لو کی چار قسمیں ہیں۔ (مصباح اللغات، فیروز اللغات، مقدمات علوم درسیہ)

☆......لا: کے آخر میں "ت" لاحق ہوتو پھر لفظ "حِیْنَ" کے ساتھ خاص ہو جاتا ہے، جیسے: وَلَاتَ حِیْنَ مَنَاصٍ (یعنی وقت بچاؤ کا نہیں ہے) اس جگہ "لات" کا اسم "الحین" محذوف ہے، پس تقدیر یوں ہوگی، لَاتَ الْحِیْنُ حِیْنَ مَنَاصٍ. (کتاب النحو، ص: ۲۶)

بحث "میم"

"میم" مذکر ہے عربی حرف ہے اردو کا اکتیسواں، فارسی کا اٹھائیسواں اور عربی کا چوبیسواں اور ہندی کا پچیسواں حرف ہے۔ حساب ابجد میں اس کے عدد چالیس مقرر ہیں۔ اور حرف میم کئی معانی کیلئے مستعمل ہے (۱) میم جو جمع مذکر پر دلالت کرتا ہے، جیسے: ذَالِکُمْ بِمَا کُنْتُمْ تَسْتَکْبِرُوْنَ فِی الْاَرْضِ اور (۲) میم کبھی حرف قسم بھی ہوتا ہے اور لفظ اللہ کے ساتھ مخصوص ہوتا ہے، جیسے: مَاللّٰهِ لَاَفْعَلَنَّ (۳) اور کبھی ما حروف جر کے بعد استفہام ہوتا ہے، جیسے: بِمَ وَعَلَامَ۔ اور یہ اصل میں ما استفہامیہ ہے جس سے الف محذوف ہے اور میم کی حرکت فتح باقی رہ گئی ہے۔ اور ما کی دو قسمیں ہیں ایک ما اسمیہ دوسرا ما حرفیہ۔ اور ما حرفیہ کی چند قسمیں ہیں (۱) نافیہ جسے: مَاهٰذَا بَشَرًا (۲) زائدہ، جیسے: فَبِمَا رَحْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ لِنْتَ لَهُمْ (۳) ما کافہ: (وہ ہے جو عامل کے عمل کو روک دے)، جیسے: کَاَنَّمَا یُسَاقُوْنَ اِلَی الْمَوْتِ (۴) ما مصدریہ، جیسے: وَضَاقَتْ عَلَیْهِمُ الْاَرْضُ بِمَا رَحُبَتْ. (۵) ما بمعنی مادام (مصدریہ ظرفیہ) جیسے: اَوْصَانِیْ بِالصَّلٰوةِ وَالزَّکٰوةِ مَادُمْتُ حَیًّا.

اور ما اسمیہ کی قسمیں یہ ہیں (الف) استفہامیہ اور اس سے غیر ذوی العقول کے متعلق سوال ہوتا ہے، جیسے: مَا عِنْدَکَ (تمہارے پاس کیا ہے؟) اور ذوی العقول کی صفات کے متعلق بھی سوال کیا جاتا ہے، جیسے: مَازَیْدٌ ؟ اس کے جواب میں

عاقل، جاہل یا احمق وغیرہ کہا جائے گا۔اور جب ما اسمیہ پر حرف جار داخل ہو تو الف محذوف ہوتا ہے۔اور فتحہ میم پر باقی رہتا ہے، جیسے :بِمَ، عَلَامَ اور کبھی میم ساکن بھی کیا جاتا ہے۔(ب) ما موصولہ، جیسے :مَا عِنْدَكُمْ يَنْفَدُ وَمَاعِنْدَاللّٰهِ بَاقٍ (ج) شرطیہ یعنی وہ ما جو جزا کیلئے ہو، جیسے: مَاتَفْعَلُ اَفْعَلُ (د) ماتعجبیہ، جیسے: مَااَحْسَنَ زَيْدًا (ھ) وہ ما جو فعل کے ساتھ مصدر کی تاویل میں ہو جائے، جیسے :بَلَغَنِیْ مَا صَنَعْتَ (و) وہ ما جو نکرہ ہو (بعض نے اس کو ماموصوفہ قرار دیا ہے) اور اس کیلئے صفت لازم ہے، جیسے: مَرَرْتُ بِمَا مُعْجَبٌ لَّكَ (ز) وہ ما جو ابہام کیلئے ہو، جیسے: اَعْطِنِیْ كِتَابًامَّا (یعنی کوئی کتاب مجھے دو) اس کا نام ماابہامیہ ہے (ح) ماتامہ ہے، جیسے :فَنِعِمَّاهِيَ (ط) صفتیہ، جیسے :اَكْرَمْتُهٗ بِوَجْهٍ مَّا . مَن کی چار قسمیں ہیں (۱) من موصولہ، جیسے :اِلَّا مَنْ اَتَى اللّٰهَ بِقَلْبٍ سَلِيْمٍ (۲) من شرطیہ، جیسے: مَنْ تَضْرِبْ اَضْرِبْ (۳) من استفہامیہ، جیسے: مَنْ اَنْتَ (۵) من موصوفہ، جیسے: مَرَرْتُ بِمَا مُعْجَبٌ لَّكَ ۔اور میم کا مخرج، دونوں لبوں کی خشکی ملکر ہے یعنی اس سے میم نکلتا ہے

(مقدمات، ۹۰، ۱۰۰، مصباح اللغات، ۸۰۲، فیروز اللغات، ص:۶۰۶، تسہیل التجوید، ص:۱۰)

بحث ''نون''

''ن'' (نون) یہ مذکر ہے عربی حرف ہے یہ اردو کا بتیسواں، فارسی کا انیسواں عربی کا پچیسواں اور ہندی کا بیسواں حرف ہے، حساب ابجد میں اس کے حساب پچاس عدد فرض کئے گئے ہیں۔ حرف نون کی پانچ قسمیں ہیں (۱) نون تاکید اس کی دو قسمیں ہیں (الف) نون ثقیلہ (ب) نون خفیفہ۔ یہ دونوں کے ساتھ مختص ہے، اور یہ ماضی کی تاکید کیلئے نہیں آتا امر کی تاکید جائز ہے فعل مضارع کی تاکید

واجب ہے جبکہ جواب قسم ہو، اور قسم سے کسی اجنبی کا فاصلہ نہو اور فعل مثبت مستقبل ہو، جیسے: تَاللّٰهِ لَاَكِيْدَنَّ اَصْنَامَكُمْ ۔ اور جبکہ جواب قسم ہو اور یہ شرطیں نہ پائی جاتی ہوں تو تاکید ممتنع ہے اور ان کے علاوہ میں تاکید وعدم تاکید دونوں جائز ہیں مگر طلب میں تاکید زیادہ ہوتی ہے۔ (۲) نون تنوین: یہ نون ساکنہ زائدہ اسم کے آخر میں آتا ہے جو صرف پڑھا جاتا ہے اور لکھا نہیں جاتا، جیسے: كِتَابٌ. (۳) نون تانیث: اور یہ یا تو خفیفہ ومفتوحہ ہوتا ہے جو فعل کے ساتھ لاحق ہوتا ہے، جیسے: ضَرَبْنَ، يَضْرِبْنَ، اِضْرِبْنَ وغیرہ اور یا مشددہ یا مفتوحہ ہوتا ہے جو جمع مؤنث پر دلالت کرنے کیلئے ضمیروں کے ساتھ متصل ہوتا ہے، جیسے: غُلَامُكُنَّ وَمِنْهُنَّ وَ ضَرَبهُنَّ وغیرہ. (۴) نون وقایہ: یہ یائے متکلم سے پہلے آتا ہے، جیسے: ضَرَبَنِيْ وَاِنَّنِيْ وغیرہ۔ (۵) زائدہ: اس کی دو قسمیں ہیں (الف) وہ ہے جو فعل مضارع کے ساتھ لاحق ہوتا ہے جبکہ ضمیر تثنیہ کے ساتھ متصل ہو، جیسے: يَضْرِبَانِ تَضْرِبَانِ ۔ یا ضمیر مؤنث حاضر کے ساتھ متصل ہو، جیسے: تَضْرِبِيْنَ یا جمع مذکر کے ساتھ، جیسے: تَضْرِبُوْنَ وَيَضْرِبُوْنَ ۔ ان ساری صورتوں میں سوائے مثنیٰ کے مفتوح ہوتا ہے اور مثنیٰ میں مکسور ہوتا ہے (ب) وہ ہے جو اسم مثنیٰ کے ساتھ لاحق ہوتا ہے اور مکسور ہوتا ہے، جیسے: اَلزَّيْدَانِ اور اسم جمع مذکر کے ساتھ مفتوح ہوتا ہے، جیسے: اَلزَّيْدُوْنَ. (مصباح اللغات، ص: ۸۴۶، فیروز اللغات، ص: ۱۷۶)

☆...... نون وقایہ: ۔ یہ فعل اور یائے متکلم کے درمیان اسلئے آتی ہے تا کہ فعل کے آخری حرف میں کسرہ ہونے سے بچالے (یا کسرہ آنے سے فعل محفوظ رہے) اور نون کا مخرج، ناک کا بانسہ ہے یعنی اس سے نون ساکن اور نون تنوین حالت ادغام میں اور اخفاء میں غنہ کے ساتھ، نون مشدد وغیرہ۔ (دیکھئے، شرح علم الصیغہ اردو از مفتی محمد ابراہیم

صاحبؒ،ص:۱۲۷، تسہیل التجوید،ص:۱۰)

بحث ''واؤ''

''واؤ'' یہ مذکر ومؤنث دونوں طرح استعمال ہوتا ہے عربی حرف ہے، اردو کا تینتیسواں، فارسی کا تیسواں عربی کا چھبیسواں اور ہندی کا انتیسواں حرف ہے ابجد میں اس کے عدد چھ رکھے گئے ہیں۔ واؤ چند معانی کیلئے مستعمل ہے جو حسب ذیل ہیں:
(۱) حرف عطف اور اس کے معنی مطلق جمع کے ہیں، جیسے: جَآءَ زَیْدٌ وَعَمْرٌو (۲) واؤ حالیہ جملہ اسمیہ پر، جیسے: جَآءَ زَیْدٌ وَالشَّمْسُ طَالِعَةٌ. یا جملہ فعلیہ پر، جیسے: جَآءَ زَیْدٌ وَقَدْطَلَعَتِ الشَّمْسُ (۳) واؤ استیناف کیلئے، جیسے: لَاتَاْکُلِ السَّمَکَ وَتَشْرَبُ اللَّبَنَ (۴) واؤ معیت کیلئے، جیسے: سِرْتُ وَالْجَبَلَ اَیْ مَعَ الْجَبَلِ (۵) وہ واؤ جو مضارع منصوب کے اوپر داخل ہو جو نہی کے جواب میں واقع ہو، جیسے: لَاتَنْهَ عَنْ خُلُقٍ وَتَاْتِیَ مِثْلَهُ الخ (۶) واؤ قسم، جیسے: وَاللّٰهِ الْعَظِیْمِ (۷) واؤ بمعنی رُبّ، جیسے: وَلَیْلٍ کَمَوْجِ الْبَحْرِاَرْخیٰ سُدُوْلَهٗ (۸) واؤ ضمیر جمع مذکر، جیسے: قَامُوْا (۹) واؤ علامت جمع مذکر، جیسے: یَلُوْمُوْنَنِیْ. (۱۰) واؤ فصل، جیسے: عَمْرٌو کا واؤ حالت رفعی وجری میں، تاکہ عُمَر سے فرق ہو جائے۔ (۱۱) واؤ زائدہ بعد إلاّ، جیسے: مَامِنْ اَحَدٍاِلَّاوَلَهٗ طَمَعٌ اَوْحَسَدٌ۔ (۱۲) واؤ ندبہ (رونے کیلئے) مخصوص ہے، جیسے: وَازَیْدَاهُ یَاوَاظُهْرَاهُ اور واؤ کبھی نداء حقیقی میں استعمال ہوتا ہے۔

☆......واؤ الصرف کا دوسرا نام ''واؤ الجمع'' ہے، یہ اصل میں واؤ عاطفہ ہے مگر اس کے بعد اَن کے مقدر ہو کر عمل کرنے کیلئے دو شرطیں ہیں (الف) اس واؤ کے بعد جو فعل ہو اس کا زمانہ اور ماقبل جو فعل ہے اس کا زمانہ ایک ہو (ب) اس واؤ سے پہلے امر

نہی، نفی، استفہام، تمنی اور عرض واقع ہو۔اور واوٗ الصرف کی اصل تعریف یہ ہے کہ واوِصرف وہ واوٗ ہے جس میں اس کا ماقبل مابعد پر داخل نہیں ہوسکتا ہو، جیسے: لَاتَـأْكُـلِ السَّمَکَ وَتَشْرَبُ اللَّبَنَ. یہاں واوٗ الصرف ''تشرب'' پر داخل ہے اس کا معطوف علیہ لَاتَأْكُلُ ہے تو لَاتَأْكُلُ کا تشرب میں داخل ہونا ممنوع ہے ورنہ معنی بدل جائے گا اور یہ معنی ہوگا ''مچھلی نہ کھاؤ اور نہ دودھ پیو''۔حالانکہ مقصد اس کے برعکس ہے یعنی مچھلی نہ کھا، دودھ پینے کے ساتھ۔(اسعاد النحو، ۳۵،المصباح المنیر ۹۴،مصباح اللغات، ص: ۹۲۵،فیروز اللغات، ص۶۹۶)

<u>واوٗ عطف اور واوٗ صرف کے درمیان فرق:</u>......واوٗ صرف اس کا دوسرا نام واوٗ الجمع ہے یہ اصل میں واوٗ عاطفہ ہے مگر اس کے بعد اَنْ مقدر ہوکر دو شرطوں کے ساتھ عمل کرتا ہے بخلاف واوٗ عطف کے اور وہ دو شرطیں یہ ہیں: (۱) اس واوٗ کے بعد جو فعل ہوگا اس کا زمانہ اور اس کے ماقبل جو فعل واقع ہے اس کا زمانہ ایک ہونا شرط ہے (۲) یہ ہے کہ اس واوٗ سے پہلے امر، نہی، نفی، استفہام، تمنی، اور عرض واقع ہو اور واوٗ عطف میں یہ شرط نہیں ہے۔اور ان دونوں کے درمیان بعض علماء نے یہ فرق بیان کیا ہے کہ۔ واوٗ صرف اس واوٗ کو کہتے ہیں جس کا مدخول اس چیز کی صلاحیت نہیں رکھتا جو معطوف علیہ سے قبل گذر چکی ہو اور واوٗ عطف وہ واوٗ ہے جو اپنے مدخول کو معطوف علیہ کے حکم میں کردیتا ہے، جیسے: جَآءَ نِیْ زَیْدٌ وَعَمْرٌو یہاں عمرو معطوف کو بھی واوٗ عطف کے ذریعہ معطوف علیہ کے حکم میں کردیا گیا ہے۔(مصباح المنیر، ص۹۵ و بدر منیر ایضاً)

فائدہ:......<u>واوٗ کی چند قسمیں ہیں</u> جو حسب ذیل ہیں (۱) واوٗ بمعنی مع جو مفعول معہ سے پہلے آتا ہے جیسے: جَآءَ الْبَرْدُ وَالْجُبَّاتِ اَیْ مَعَ الْجُبَّاتِ (۲) واو عطف کے معنی میں جیسے: جَآءَ نِیْ زَیْدٌ وَبَکْرٌ (۳) واو قسم مثلاً ﴿وَالْعَصْرِ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَفِیْ خُسْرٍ﴾

(۴) واوبمعنیٰ رُبَّ مثلاً: وَبَلْدَةٍ لَیْسَ لَهَااَنِیْسُ الخ (۵) واوصرف جوابھی گذرا ہے (۶) واوحالیہ مثلاً جَآءَ نِیْ زَیْدٌ وَهُوَرَاکِبٌ (۷) واواستنافیہ جوشروع کلام میں واقع ہو (۸) واوٗزائدہ، مثلاًقولہ تعالیٰ: ﴿ وَاَسَرُّوا النَّجویٰ ۃ الَّذِیْنَ ظَلَمُوْا﴾ ایک توضیح کے مطابق "واسروا" کے اندرواوٗزائدہ ہے (۹) واوٗاشباع یعنی وہ واوجو کلمہ کے آخر میں ضمہ کی مناسبت سے بڑھادیا جائے تاکہ آواز میں درازی پیدا ہو اسی طرح کسرہ کے بعد یائے اشباعی اورفتحہ کے بعدالف اشباع زائدکرتے ہیں تاکہ آواز میں درازی پیدا ہو (۱۰) واومقدرجومرکب کے ضمن میں مقدر ہومثلاً: اَحَدَ عَشَرَ اصل میں اَحَدٌ وَّعَشَرٌ تھا (۱۱) واوٗتفریقیہ جوامتیاز کیلئے دواسم کے درمیان لایا جاتاہے (۱۲) واوٗاعرابیہ جومحل اعراب میں واقع ہومثلاً: جَآءَ اَخُوْکَ (۱۳) واوٗمعدولہ جولکھا جاتا ہے پڑھانہیں جاتا (۱۴) واضح ہوکہ جب ضمیر "تم" کے بعد یا ضمیر "کم" کے بعد یا ضمیر "هُـمْ" کے بعد ضمیر منصوب منفصل لاحق ہوتوایک واوٗبڑھا دیاجاتاہے جیسے انلزمکموهافکرهتموه. اورحدیث میں ہے ﴿صَلُّوْاکَمَارَاَیْتُمُوْنِیْ اُصَلِّیْ﴾۔ (مآرب الطلبہ ص:۹۷،۹۸)

واوٗقسمیہ:۔ واوٗقسمیہ کے آنے کی تین شرطیں ہیں (الف) واوٗقسمیہ، ضمیر پرداخل نہیں ہوتا، جیسے: وَکَ. (البتہ باءداخل ہوتی ہے، جیسے: بِاللّٰهِ، بِکَ)۔ (ب) واوٗ قسمیہ سوال پرداخل نہیں ہوتا، جیسے: وَاللّٰهِ اَخْبِرْنِیْ (ج) واوٗقسمیہ کے آنے کی شرط یہ ہے کہ قسم کا فعل مذکورنہ ہو، جیسے: اُقْسِمُ وَاللّٰهِ (واللہ! قسم کھاتاہوں)۔ کہنادرست نہیں ہے۔ اورواوٗ کامخرج دونوں لبوں کے دونوں کنارے ملکراوربیچ کاحصہ کھلارہ کر واوٗ وغیرہ کامخرج ہے۔ یعنی واومتحرک اورواوٗلین کا۔ واوٗلین واوٗساکن ماقبل مفتوح کوکہتے ہیں۔ (مصباح العوامل، ص:۳۱، تسہیل التجوید، ص:۱۰)

بحث ''ہاء''

ھ: (ہائے ہوز) یہ عربی حرف ہے مؤنث ہے اردو کا چونتیسواں، فارسی کا اکتیسواں، عربی کا ستائیسواں اور ہندی کا تینتیسواں حرف ہے، اسے ہائے مختفی اور ہائے ہوز بھی کہتے ہیں۔ حساب ابجد میں اس کے عدد پانچ مقرر ہیں۔ ہائے ہوز تین صورتوں میں مستعمل ہے (۱) ضمیر غائب ہے منصوبًا ومجرورًا جیسے: قَالَ لَهُ صَاحِبُهُ وَهُوَ يُحَاوِرُهُ. اور یہ کسرہ، یائے ساکنہ کے بعد ہو تو مکسور ہوتی ہے بشرطیکہ اس کے بعد الف نہ ہو اور اس کے علاوہ مضموم ہوتی ہے۔ (۲) صرف غیبت کیلئے، جیسے: إِيَّاهُ کی ''ہ'' ہے۔ (۳) ھائے سکتہ: اور یہ حرکت یا حرف کے ظاہر کرنے کیلئے لاحق ہوتی ہے، جیسے: مَاهِيَه، هَاهُنَاهُ وَوَازَيْدَاهُ۔ اور ''ھاء'' کا مخرج اقصیٰ حلق ہے یعنی حلق کا پچھلا حصہ جو سینہ کی طرف ہے اس سے ہمزہ اور ہاء نکلتے ہیں۔ (تسہیل التجوید، ص:۸)

☆......اور ھائے ہوز کی مزید تین صورتیں ہیں: (الف) اسم فعل بمعنی خُذْ، جیسے: هَا الْكِتَابَ. یعنی کتاب لو۔ اور اس ھاء کے الف کو ممدودہ کرنا بھی جائز ہے اور یہ ممدودہ ومقصورہ، کاف خطاب اور بغیر خطاب کے دونوں طرح مستعمل ہیں۔ اور ممدودہ ہونے کی صورت میں کاف کو حذف کرنا بھی جائز ہے اس طرح پر کہ ہمزہ کی گردان کاف کی گردان طرح کریں اور کہیں ھاء مذکر کیلئے اور ھاء مونث کیلئے وھَاؤُم جمع مذکر کیلئے اور هَاؤُمَا جمع مؤنث کیلئے (ب) ھا مؤنث کی ضمیر منصوب ہے، جیسے: ضَرَبَهَا اور مجرور كِتَابَهَا. اور ''ہ'' ضمیر ہے اور الف علامت تانیث ہے۔

ہاءِ ضمیر کو "زیر" یا "پیش" دینے کی صورتیں

☆...... ہاءِ ضمیر کا بیان: (۱) ہائے ضمیر سے پہلے زیر یا یائے ساکنہ ہو تو ہائے ضمیر کو بھی زیر دیا جائے گا، جیسے: بِہٖ، اِلَیْہِ. لیکن قرآن میں چار جگہ اس کے خلاف آیا ہے (الف) وَمَاۤ اَنْسٰنِیْهُ (ب) عَلَیْهُ اللّٰهَ، (ج) اَرْجِهْ، (د) وَاَلْقِهْ۔ پہلی دو مثالوں میں ہائے ضمیر پر پیش ہے اور آخری دو مثالوں میں ساکن ہے (۲) جب اس ہائے ضمیر سے پہلے زیر اور یاء ساکنہ نہ ہو تو ضمیر پر پیش پڑھیں گے، جیسے: مِنْهُ، اَخَاهُ۔ لیکن ایک جگہ قرآن میں اس کے خلاف بھی آیا ہے وَیَتَّقْهِ میں "ہ" مکسور ہے۔ (تسہیل التجوید، ص: ۱۵)

ہائے ضمیر پر "الٹا" پیش کب پڑھتے ہیں؟

جب ہائے ضمیر سے پہلے اور بعد دونوں طرف حرکت ہو تو ضمیر میں صلہ ہوگا یعنی اگر ضمیر پر پیش ہو تو واو یعنی اُلٹا پیش زائد کر کے پڑھیں گے اور اگر ضمیر پر زیر ہو تو یاء یعنی کھڑا زیر زائد کر کے پڑھیں گے، جیسے: رَسُوْلَهٗ، اَحَقُّ، جَمْعَهٗ وَقُرْاٰنَهٗ. مِنْ رَّبِّهٖ وَالْمُؤْمِنُوْنَ، ایک جگہ قرآن میں اس کے خلاف بھی آیا ہے، جیسے: اِنْ تَشْکُرُوْا یَرْضَهُ لَکُمْ۔ یہاں اُلٹا پیش نہیں ہے۔ (تسہیل التجوید، ص: ۵۲)

(ج) ہاءِ تنبیہ اور اس کی چار صورتیں: (۱) اشارہ سے پہلے، جیسے: هٰذَا وَهٰذَاکَ (۲) ضمیر مرفوع سے پہلے، جیسے: هَاۤ اَنْتُمْ هٰۤؤُلَاۤءِ۔ (۳) اَیٌّ کی صفت ندا کی صورت میں، جیسے: یٰۤاَیُّهَا الرَّجُلُ (۴) قسم کی صورت میں لفظ اللہ سے پہلے حرف قسم کے حذف کے وقت، جیسے: هَا اللّٰهِ۔ (المصباح، ص: ۹۷۲، فیروز اللغات، ص: ۷۰۷)

بحث یاء ''ی / ے''

یہ عربی حرف ہے مؤنث ہے یہ اردو کا پینتیسواں، فارسی کا بتیسواں عربی کا اٹھائیسواں اور ہندی کا چھبیسواں حرف ہے، حساب ابجد میں اس کے عدد دس رکھے گئے ہیں۔یاء ضمیر مؤنث کیلئے آتی ہے، جیسے: تَقُوْمِیْنَ وَقُوْمِیْ اور ضمیر متکلم کا کام دیتی ہے، جیسے: ضَرَبَنِیْ وَ کِتَابِیْ یا حرف ندا ہے جو بعید وقریب دونوں کیلئے مستعمل ہے اور کبھی اس کا منادیٰ محذوف ہوتا ہے، جیسے: یٰالَیْتَنِیْ کُنْتُ مَعَهُمْ وَیَارُبَّ کَاسِیَةٍ فِی الدُّنْیَا عَارِیَةٍ یَوْمَ الْقِیَامَةِ اور یا یہ کہ ان جیسی تراکیب میں یا صرف تنبیہ کیلئے ہو، جیسے: اَتَانِیْ رَجُلٌ عَیَالَهُ رَجُلًا اَوْمِنْ رَجُلٍ وَیَالَکَ مِنْ فَارِسٍ جیسی ترکیبوں میں حرف ندا ہے اور لام تعجب کیلئے ہے۔ (المصباح، ص: ۱۱۰۶، فیروز اللغات، ص: ۷۲۵)

<u>یائے نسبتی اور یائے مصدری میں فرق:</u> ان دونوں کے درمیان فرق یہ ہے کہ جو یا لفظ منسوب سے تعبیر کی جاسکتی ہو اور ملحوق یاء کی جانب مضاف ہوسکے اسکو یائے نسبتی کہتے ہیں جیسے بصری، اَیْ مَنْسُوْبٌ اِلَی الْبَصْرَةِ اس میں یائے نسبتی ہے اسلئے کہ یاء لفظ منسوب سے تعبیر کی جارہی ہے اور بواسطۂ حرف جارہ بصرہ کی طرف مضاف ہے اور یائے مصدری وہ یاء ہے جس کو لفظ کون کے ساتھ بتقدیر الاسم تعبیر کرسکیں اور ملحوق یاء اس کون کی خبر واقع ہو جیسے الفاعلیۃ میں یاء کہ اس کو کَوْنُ الْاِسْمِ فَاعِلاً کے ساتھ تعبیر کیا جاسکتا ہے اور ملحوق یاء یعنی فَاعِلاً ترکیب میں ''کَوْنُ'' کی خبر واقع ہورہا ہے۔ (مقدمات، ص: ۱۰۱ بحوالۂ مصباح المعانی وسوالِ باسولی)

دس حروف زائد کی مثال

<u>عربی میں حروف زائدہ کل دس ہیں:</u>۔ حروف زائدہ کا مجموعہ ''سَاَلْتُمُوْنِیْهَا'' یا

"اَلْیَوْمَ تَنْسَاهُ" ہے۔ واقعہ یہ ہے کہ ایک زبردست ادیب سے انکے شاگردوں نے حروف زائدہ کے متعلق دریافت کیا کہ وہ کتنے ہیں اور کیا کیا ہیں تو ادیب نے جوابدیا کہ سَاَلْتُمُوْنِیْهَا (تم نے تو پہلے مجھ سے حرف زائدہ کے متعلق سوال کیا تھا) تو اس میں ان کا جواب اور جواب کا جواب بھی ہو گیا۔ اور ساتھ بتا بھی دیا کہ حرف زائدہ کل دس ہیں۔ پھر شاگرد نے کہا کہ حضرت یاد نہیں ہیں تو استاد ادیب نے فرمایا کہ "اَلْیَوْمَ تَنْسَاهُ" یعنی آج اس کو تم فراموش کررہے ہو۔ ان حروف کا مجموعہ یہ بھی ہے "هویت السمان" اور اس میں بھی وہی دس حروف زائد شامل ہیں۔ (ہدایہ اول، فرائد منثورہ، ص: ۶۰)

اِلَّا: ...... اِلَّا کی تین قسمیں ہیں (۱) استثناء کیلئے، جَآءَ الْقَوْمُ اِلَّا زَیْدًا. (۲) بمعنی غیر، جیسے: لَوْ کَانَ فِیْهِمَا اٰلِهَةٌ اِلَّا اللّٰهُ لَفَسَدَتَا، اَیْ غَیْرَ اللّٰهِ. (۳) زائدہ، جیسے: لا نأمنه إلا ان يشب. (منیۃ الادب ج۲ ص: ۲۹)

اِلَّا اور غَیر کے درمیان فرق: ان دونوں کے درمیان پانچ فرق ہیں (فرق اول) یہ ہے کہ غیر کی وضع، وصفی معنی کیلئے ہے اور وہ دلالت کرتا ہے کہ اس کا مضاف الیہ موصوف کا مغائر ہے ذَاتًا، جیسے: "جَآءَ نِیْ رَجُلٌ غَیْرُ عَمْرٍو یا وَصْفًا، جیسے: "دَخَلْتُ بِوَجْهٍ غَیْرَ الْوَجْهِ الَّذِیْ خَرَجْتُ" (یعنی میں آیا خوشی میں اور گیا غُصّے میں) اور اِلَّا کی وضع استثناء کیلئے ہے یعنی نَفْیًا یا اِثْبَاتًا ماقبل اور مابعد کا تغائر ہوتا ہے یعنی اِلَّا کا تعلق حکم سے ہے نہ کہ ذاتی یا وصفی تغائر سے، لیکن فی الجملہ تغائر میں شریک ہونے کی وجہ سے مجازًا ایک دوسرے پر محمول ہوتے ہیں اور اسماء کا حرفی معنی میں استعمال ہونا کثیر ہے، اسلئے بغیر کسی شرط کے لفظ "غیر" استثنائی معنی دیدیتا ہے اور حروف کا اسمی معنی میں استعمال ہونا قلیل ہے اسلئے اِلَّا کا غَیْرَ کے معنی میں استعمال ہونا قلیل اور موقوف علی الشرط ہے امام سیبویہؒ کے نزدیک استثناء کے صحیح

ہوتے ہوئے بھی الّا کو غیر کے معنی میں کرنا جائز ہے، جیسے: شعر میں ہے:

كُلُّ اخٍ مَفَارِقُهٗ اَخُوهٗ لَعَمْرُ اَبِيْکَ الّاَ الْفَرْقَدَانِ

(فرق دوم) الّا کے بعد جملہ واقع ہوسکتا ہے بخلاف غیر کے (فرق سوم) ''عِنْدِیْ دِرْهَمٌ غَيْرَ جَيِّدٍ'' کہنا جائز ہے اور ''عِنْدِیْ دِرْهَمٌ اِلَّا جَيِّدًا'' کہنا نا جائز ہے، کیونکہ اثبات میں مُستثنیٰ مفرغ نہیں آتا (فرق چہارم) کہ ''قَامَ غَيْرَ زَيْدٍ'' کہنا جائز ہے اور ''قَامَ اِلاَّ زَيْدٌ'' کہنا نا جائز ہے کیونکہ اس سے مُستثنیٰ مفرغ لازم آیگا (فرق پنجم) ''قَامَ الْقَوْمُ غَيْرَ زَيْدٍ وَعَمْرٍو (بجر عمرو) جائز ہے بخلاف ''مَاقَامَ اِلَّا زَيْدٌ وَعَمْرٌو'' کے۔ (تفصیل کیلئے دیکھئے'' الكلمةُ العُليَا في مسئلة الثُّنيَا '' ص:۱۸، مؤلف جناب مولانا ابوالفتح الحاج محمد یوسف صاحب المؤقر، مدیر مدرسہ عربیہ دارالعلوم عثمانیہ خانپور۔ ناشر: مدرسہ عربیہ دارالعلوم عثمانیہ، شارع خانپور، رحیم یارخان)

فَلَمَّا: ۔فاء کی تین قسمیں ہیں (۱) عاطفہ (۲) جزائیہ (۳) زائدہ۔ پھر عاطفہ تین امور کا فائدہ دیتا ہے اول: ترتیب کا، پھر یہ ترتیب کبھی ذکری ہوتی ہے اور کبھی معنوی۔ ترتیب معنوی کی مثال: قَامَ زَيْدٌ فَعَمْرٌو. ترتیب ذکری کی مثال: فَقَدْ سَأَلُوْا مُوْسىٰ اَكْبَرَ مِنْ ذٰلِكَ فَقَالُوْا اَرِنَا اللّٰهَ جَهْرَةً. ان کا قول ''اَرِنَا اللّٰهَ جَهْرَةً'' کہنا اور سوال کرنا ایک ہی بات ہے دونوں ایک ساتھ ہوئے۔ لہذا معنوی کوئی ترتیب نہیں پائی گئی بلکہ یہ ذکری ترتیب ہے۔ ترتیب ذکری کی تعریف۔ ترتیب ذکری کہتے ہیں کہ اولاً ایک بات اجمالاً ذکر کرنا پھر اس کو تفصیلاً ذکر کرنا، جیسے: وَنَادىٰ نُوْحٌ رَّبَّهٗ فَقَالَ رَبِّ الخ. وَتَوَضَّاءَ فَغَسَلَ وَجْهَهٗ وَيَدَيْهِ الخ ان دونوں مثالوں میں فاء کے ما بعد سے اس کے ماقبل کی تفصیل ہورہی ہے۔ دوم: ۔ تعقیب بلامہلت کیلئے یعنی اس بات کا فائدہ دیتا ہے کہ ماقبل فاء کے متصل بعد مابعد سے فعل کا تعلق ہو، جیسے: جَاءَ

زَیۡدٌ فَعَمۡرٌو. یا اس بات کیلئے کہ ماقبل فاء کے متصل بعد مابعد فاء کا وقوع ہو، جیسے: دَخَلۡتُ الۡبَصۡرَۃَ فَبَغۡدَادَ۔ فاء کبھی تعقیب کے معنی سے خالی ہوکر واؤ کے معنی پر ہوتا ہے، جیسے: امرأ القیس کے شعر کے اندر "بَیۡنَ الدَّخُوۡلِ فَحَوۡمَلٖ" کا فا واؤ کے معنی میں ہے۔ سوم فاء سببیہ اور وہ اکثری وغالبی امر ہے۔ پھر کبھی فاء سبب پر داخل ہوتی ہے اور اس کا ماقبل مابعد کیلئے سبب ہوتا ہے، جیسے: فَوَکَزَہٗ مُوۡسٰی فَقَضٰی عَلَیۡہِ اس مثال کے اندر فَقَضٰی کا فاء سببیہ ہے۔ قضیٰ مسبب ہے اور "وَکَزَہٗ مُوۡسٰی" سبب ہے۔ اور کبھی فاء سبب پر داخل ہوتی ہے، جیسے: لَاتَصُوۡمُوۡا بِھٰذِہِ الۡاَیَّامِ فَاِنَّھَا اَیَّامُ اَکۡلٍ وَشُرۡبٍ وَبِعَالٍ. مثال مذکور میں فاء کا مابعد اس کے ماقبل کا سبب اور علت ہے۔ (۲) فاء جزائیہ، جیسے: قُلۡ اِنۡ کُنۡتُمۡ تُحِبُّوۡنَ اللّٰہَ فَاتَّبِعُوۡنِیۡ (۳) زائدہ جو مطلقاً خبر پر داخل ہوتی ہے، جیسے: زَیۡدٌ فَلَا تَضۡرِبۡہُ۔

☆ ......اور لَمَّا کی بھی تین قسمیں ہیں۔ (۱) نافیہ (۲) شرطیہ (۳) استثنائیہ۔ لمائے استثنائیہ جملہ اسمیہ پر داخل ہوتا ہے، جیسے آیت قرآنی میں ہے: اِنۡ کُلُّ لَّمَّا عَلَیۡھَا حَافِظٌ. (منیۃ الادب، ص:۱۹ ج ۲)

لَمۡ اور لَمَّا کے درمیان میں فرق: دونوں کے درمیان پانچ فرق ہیں (۱) لم سے پہلے حرف شرط آسکتا ہے جیسے اِنۡ لَمۡ یَضۡرِبۡ بخلاف لمّا کے کہ اس میں حرف شرط نہیں لاسکتے۔ (۲) لَمَّا توقع کے معنی کیلئے آتا ہے اور لم میں توقع نہیں ہوتی۔ (۳) لَمَّا میں استمرار نفی کا معنی پایا جاتا ہے اور لم میں استمرارِ نفی نہیں پایا جاتا۔ (۴) منفی لَمَّا قریب إلی الحال ہوتا ہے نہ کہ لم۔ (۵) منفی لَمَّا جائز الحذف ہے اور لم میں ایسا نہیں ہوتا۔ (دیکھئے مصباح العوامل اردو شرح، شرح مائۃ عامل ص:۵۲۔ تفہیمات شرح مقامات اردو، از شیخ الادب مولانا اعزاز علی صاحب ص ۹۱، مآرب الطلبہ ص:۵۴)

بحث ''ما''

مَـا : ۔ واضح ہو کہ ما اولا دو قسم پر ہے اسمیہ و حرفیہ۔ پھر اسمیہ کی چند قسمیں ہیں (۱) موصولہ، جیسے: مَاعِنْدَاللّٰهِ بَاقٍ. (۲) تامہ بمعنی شئ، جیسے: نِـعِمَّاهِيَ ای نِعْمَ شئ هي وہ بہت اچھی چیز ہے۔ (۳) موصوفہ، جیسے: مَرَرْتُ بِمَامُعْجَبٌ لَکَ ۔ اس میں ''ما'' موصوف، اور '' مُـعْـجَبٌ لَّکَ'' صفت ہے۔ (۴) شرطیہ، جیسے: وَمَا تَفْعَلُوْامِنْ خَيْرٍيَعْلَمْهُ اللّٰهُ (۵) استفہامیہ. مَاهِيَ، لِوُمَا؟ ما استفہامیہ پر جب حروف جارہ داخل ہوتا ہے تو اس کا الف وجوبًا حذف کردیا جاتا ہے، جیسے: الام عـــلام ، اوفیم (۶) صفتیہ، جیسے: اضـربـه ضَرْبًامَا. پھر ''ما حرفیہ'' کی بھی چند قسمیں ہیں (۱) نافیہ، جیسے: مَاهٰذَابَشَرًا، مَاضَرَبَ زَيْدًا (۲) مصدریہ زمانیہ، جیسے: وَمَآاُبَرِّئُ نَفْسِيَ اِنَّ الـنَّـفْسَ لَاَمَّارَةٌبِالسُّوْءِ اِلَّامَارَحِمَ رَبِّیْ ای الاوقت رحمة ربی. اس جگہ ما زمانیہ اور مصدریہ ہے (۳) ما مصدریہ غیر زمانیہ، جیسے: وَضَـاقَـتْ عَلَيْهِمُ الْاَرْضُ بِمَارَحُبَتْ اَیْ بِرَحْبِهَا. (۴) زائدہ: ، جیسے: فَبِـمَارَحْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ ای فَبِرَحْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ اس میں ''ما'' زائدہ ہے۔ (منية الادب، ص:۱۱۱ج۲)

بحث ''بعد''

بَـعْـدُ: . یہ اسمائے ظروف میں سے ہے اس کی تین حالتیں ہیں (۱) مضاف الیہ مذکور ہو اس وقت یہ معرب ہوتا ہے (۲) مضاف الیہ محذوف ہو لیکن متکلم کی نیت میں باقی ہو اس وقت وہ مبنی ہوتا ہے، جیسے: لِـلّٰهِ الْاَمْرُمِنْ قَبْلُ وَمِنْ بَعْدُاَیْ مِنْ قَبْلِ كُـلِّ شَـیْءٍ وَمِنْ بَعْدِكُلِّ شَیْءٍ۔ مضاف الیہ ''کل شیء'' محذوف ہے اور مقصود

منوی بھی ہے۔ (۳) مضاف الیہ محذوف ہو اور متکلم کی نیت بھی نہ ہو، جیسے: رُبَّ بَعْدٍ خَیْرٌ مِنْ قَبْلٍ. بہت سے بعد سے بہت سے پہلے سے اچھے ہیں۔ اس جگہ صرف مفہوم قَبْلِیَتٌ وَبَعْدِیَتٌ سے بحث ہے۔ مضاف الیہ کا کوئی اعتبار نہیں کیا گیا۔ (منیۃ الادب، شرح نفحۃ العرب، ص:۱۱)

بحث "ثُمَّ"

ثُمَّ:...... یہ حرف عاطفہ تین امور کا فائدہ دیتا ہے (۱) تَشْرِیْکٌ فِی الْحُکْمِ. یعنی معطوف و معطوف علیہ کو ایک ہی حکم میں شریک کرنا (۲) ترتیب یعنی اس بات کا فائدہ دینے کیلئے کہ معطوف علیہ پہلے ہو پھر معطوف (۳) مہلت و تراخی۔ یعنی اس بات کا فائدہ دینے کیلئے کہ معطوف علیہ فعل سے بہت پہلے صادر ہوا اور اس کے بہت بعد معطوف، جیسے: جَآءَ زَیْدٌ ثُمَّ عَمْرٌو. مثال مذکورہ میں دونوں وصف مجیت میں شریک ہیں۔ زید پہلے، عمرو بعد میں آیا۔ اور عمرو کا آنا زید کے بہت بعد ہوا۔ (۴) کبھی ثم ترتیب ذکری کیلئے آتا ہے، جیسے: بَلَغَنِیْ مَاصَنَعْتُ الْیَوْمَ ثُمَّ مَاصَنَعْتَ اَمْسِ۔ اس کو ثم للانتقال کہا جاتا ہے۔ (منیۃ الادب، ص:۱۱ جلد دوم)

<u>ثُم، حَتّٰی اور فاء میں فرق:</u> یہ تینوں حروفِ عطف میں سے ہیں اور یہ تینوں تفصیل مسند الیہ میں مشترک ہیں مثلاً: جَآءَ نِیْ زَیْدٌ وَعُمَرُ ثُمَّ عَمْرٌو، اَوْجَآءَ نِی الْقَوْمُ حَتّٰی خَالِدٌ ہمگر ان میں فرق یہ ہے کہ کلمہ فاء معنیٰ تعقیب پر بلاتراخی دلالت کرتا ہے اور ثُم تعقیب پر بالتراخی دلالت کرتا ہے، پس جَآءَ نِیْ زَیْدٌ فَعَمْرٌو میں معنی یہ ہوئے کہ میرے پاس زید آیا پھر عمرو، اس سے دونوں کا آنا بلا مہلت معلوم ہوا، اور جَآءَ نِیْ زَیْدٌ ثُمَّ عَمْرٌو کے معنی یہ ہوئے کہ میرے پاس زید آیا پھر تھوڑی دیر بعد عمرو آیا۔ پس دونوں کا ایک دوسرے سے مہلت کے ساتھ آنا معلوم ہوا، اس کے علاوہ فاء اور ثُم ترتیبِ

خارجی پر دلالت کرتے ہیں اور حتیٰ ترتیبِ ذہنی پر دلالت کرتا ہے، تو خلاصہ یہ نکلا کہ حتیٰ اورثُمّ کے اندر تین اعتبار سے فرق ہے (۱) ثُمّ کی تراخی، حتیٰ کی تراخی سے کم ہے۔ (۲) حتیٰ میں ترتیب ذہنی ہوتی ہے اورثُمّ میں ترتیب خارجی ہوتی ہے۔ (۳) حتیٰ کا مدخول ماقبل کا جُزء ہوتا ہے بخلاف ثُمّ کے کہ اس کا مدخول ماقبل کا جُزء نہیں ہوتا، یاد رہے کہ کلامِ عرب میں حروفِ عطف دس ہیں جن کو کسی شاعر نے ایک شعر میں جمع کر دیا ہے ملاحظہ ہو:

دہ حروفِ عطف مشہور اند یعنی واؤ، فا
ثُمَّ، حتیٰ، او، واِمّا، اَمْ، وَبَلْ، لٰکِن، وَلَا

(مآرب الطلبہ ص: ۹۷)

بحث "مَنْ"

مَنْ:...... من کئی قسمیں ہیں (۱) شرطیہ ہوتا ہے، جیسے: مَنْ یَّعْمَلْ سُوْءً ایُّجْزَبِہٖ (۲) کبھی استفہامیہ ہوتا ہے، جیسے: مَنْ فَعَلَ ھٰذَا ؟ (۳) جب من استفہامیہ انکاری ہو تو اس وقت اس سے استثناء صحیح ہوگا، جیسے: مَنْ یَّفْعَلُ ھٰذَااِلَّا زَیْدٌ؟ ۔ (کون کرے گا یہ علاوہ زید کے)۔ (۴) کبھی موصولہ ہوتا ہے، جیسے: اَلَمْ تَرَاَنَّ اللّٰہَ یَسْجُدُلَہٗ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِی الْاَرْضِ اس میں دونوں "مَنْ" موصولہ ہیں (۵) کبھی نکرہ موصوفہ ہوتا ہے، جیسے: اَفَمَنْ یَّمْشِیْ مُکِبًّاعَلٰی وَجْھِہٖ. (منية الادب ، ص: ج ۲)

بحث "اَن"

اَنْ:...... اَن حرفیہ کی چار قسمیں ہیں (۱) ان مصدریہ وہ کبھی فعل مضارع پر داخل ہوکر اس کو مصدر کے معنی میں کر دیتا ہے۔ کبھی ماضی پر داخل ہوکر مصدر کے معنی میں لے جاتا ہے، جیسے: لَوْاَنَّ مِنَ اللّٰہِ عَلَیْکَ ۔ کبھی فعل امر پر بھی داخل ہوتا ہے،

جیسے: کَتَبَ اِلَیْہِ بِاَنْ قم (۲) ان مخففہ من المثقلہ یعنی انّ حرف مشبہ مفتوحہ کو اَنْ کرنا، جیسے: عَلِمَ اَنْ سَیَکُوْنُ ۔ وَحَسِبُوْا اَنْ لَاتَکُوْنَ (۳) اَن تفسیریہ، یہ صرف اُس فعل کے بعد آتا ہے جو قول کے معنی میں ہو، جیسے: کَالْکِتَابَۃِ وَالنِّدَاءِ وَالْاَمْرِ وَالنَّھْیِ وَغَیْرِھَا. یہ افعال قول کے معنی میں ہیں اس لئے کہ بذریعہ قول مافی الضمیر کی تعبیر کی جاتی ہے اسی طرح مذکورہ افعال سے بھی مافی الضمیر کی تعبیر ہوتی ہے، جیسے: وَنَادَیْنَاہُ اَنْ یَّااِبْرَاھِیْمُ. فَاَوْحَیْنَا اِلَیْہِ اَنِ اصْنَعِ الْفُلْکَ. وَکَتَبْتُ اِلَیْہِ اَن اَرْجِع (۴) اَن زائدہ: وہ اکثر لمّا ئے شرطیہ کے بعد واقع ہوتا ہے، جیسے: وَلَمَّا اَنْ جَآءَتْ رُسُلُنَا اور کبھی فعل قسم اور "لو" کے درمیان "اَن" آتا ہے، جیسے: اقسم اَن لو التقینا وانتم لکان لکم یوم الشر مظلم. اور کبھی بعد اذا بھی آتا ہے۔ (منیۃ الادب، ص: ۱۶ ج ۲)

بحث "اَنّٰی"

اَنّٰی: ۔کی چار قسمیں ہیں: (۱) اَنّٰی بمعنی اَیْنَ، جیسے: اَنّٰی تَذْھَبُ اَذْھَبُ اَیْ اَیْنَ تَذْھَبُ اَذْھَبُ۔ (۲) اَنّٰی بمعنی کَیْفَ، جیسے: اَنّٰی یَکُوْنُ لِیْ غُلَامٌ اَیْ کَیْفَ یَکُوْنُ لِیْ غُلَامٌ ۔ اسی طرح فَأْتُوْا حَرْثَکُمْ اَنّٰی شِئْتُمْ اَیْ کَیْفَ شِئْتُمْ (قَائِمًا اَوْ قَاعِدًا اَوْ مُضْطَجِعًا). (۳) اَنّٰی بمعنی مِنْ اَیْنَ مثال اَنّٰی لَکِ ھٰذَا اَیْ مِنْ اَیْنَ لَکِ ھٰذَا (۴) اَنّٰی بمعنی مَتٰی مثال اَنّٰی جِئْتَ اَیْ مَتٰی جِئْتَ ۔ (مقدمات علوم درسیہ، ص: ۳۴۸)

☆...... چھ جگہ ایسی ہیں جہاں ما بمعنی لیس کا عمل باطل ہوجاتا ہے (۱) اگر شروع میں اِن نافیہ داخل ہو، جیسے: اِنْ مَازَیْدٌ قَائِمٌ . (۲) اگر ما کا تکرار ہو، جیسے: مَامَازَیْدٌ قَائِمٌ (۳) اگر ما کی خبر سے مثبت بدل واقع ہو، جیسے: مَازَیْدٌ بِشَیْءٍ اِلَّا قَائِمٌ (۴) اگر

ما کے بعد الا استثنائیہ ہو، جیسے :مَا زَیْدٌ اِلَّا قَائِمٌ (۵) اگر ما کی خبر اس کے اسم پر مقدم ہو، جیسے :مَا قَائِمٌ زَیْدٌ (۶) اگر ما کی معمول خبر ما کے اسم پر مقدم ہو، جیسے :مَا طَعَامُکَ زَیْدٌ اٰکِلٌ اَیْ اٰکِلٌ طَعَامَکَ۔(مآرب الطلبہ ص:۵۶)

بحث ''اَمّا''

اَمــأ :...... کے بعد عموماً فا آتی ہے مگر یاد رہے کہ یہ قاعدہ کلیہ نہیں ہے اکثر یہ ہے کیونکہ کلام عرب کے اندر ایسے مواضع بھی ہیں جہاں اما کے جواب میں فاء نہیں آئی، جیسے: قول باری تعالیٰ :وَ اَمَّا الَّذِیْنَ اسْوَدَّتْ وُجُوْھُھُمْ. اَکَفَرْتُمْ الخ اور حدیث شریف میں آیا ہے اَمَّا بَعْدُ مَا بَالُ اَقْوَامٌ یَشْتَرِطُوْنَ، الخ۔(مآرب الطلبہ)

اَمّا اور مَھْمَا میں فرق: ان دونوں کے درمیان چار فرق ہیں (ا) اما حرفِ شرط ہے اور مَھما اسم شرط ہے (ب) اَمَّــا غیر عاملہ ہے اور مَھما عاملہ ہے (ج) اما کا مدخول ہمیشہ اسم یا حرف ہوتا ہے اور مھما کا مدخول ہمیشہ فعل ہوتا ہے (د) اما کے مدخول کا حذف ہونا واجب ہے اور مھما کے مدخول کا فعل حذف ہونا جائز ہے، واجب نہیں۔

(مآرب الطلبہ، ص:۸۳)

☆...... حروف قسمیہ کے استعمال کیلئے شرائط: جاننا چاہیئے کہ حروف قسمیہ (واؤ، تاء اور باء) کے استعمال میں چند شرائط ہیں چنانچہ واؤ قسمیہ کے استعمال کیلئے تین شرائط ہیں (ا) فعل قسم محذوف ہو، اگر فعل قسم مذکور ہو تو وہاں واؤ قسمیہ کا استعمال صحیح نہیں ہوتا۔ اسلئے اُقْسِمُ وَاللّٰہِ کہنا درست نہیں (۲) سوال کی قسم نہ ہو لہذا وَاللّٰہِ اَخْبِرْنِیْ کہنا صحیح نہیں ہوگا (۳) واؤ قسمیہ کا مدخول اسم ظاہر ہونا ضروری ہے اس کا مدخول اسم ضمیر نہیں ہوسکتی اسلئے وَبِکَ لَاَفْعَلَنَّ کَذَا کہنا صحیح نہیں ہوگا۔ اور حرف تاء کیلئے چار شرائط

کا ہونا ضروری ہیں۔ان میں تین تو وہ ہیں جو واؤ قسمیہ کیلئے ضروری ہیں چوتھی شرط یہ ہے کہ اس کا استعمال لفظ اللہ کے ساتھ مخصوص ہے،اس کے غیر میں درست نہیں لہذا تالرَّحْمٰنِ لَاَفْعَلَنَّ کَذَا کہنا صحیح نہیں۔اور باء قسمیہ کا استعمال واؤ قسمیہ اور تاء قسمیہ سے عام ہے کہ اس میں فعل قسم کا ذکر و عدم ذکر دونوں برابر ہیں۔خلاصہ یہ ہے کہ ان تینوں حروف میں سے حرف باء کا استعمال بالکل عام ہے اور حرف تاء کا استعمال بالکل خاص ہے۔کیونکہ اس میں واؤ سے بھی ایک شرط زائد ہے وہ یہ ہے کہ اس کا استعمال صرف لفظ اللہ کے ساتھ مخصوص ہے۔(والتفصیل فی شرح جامی فی بحث الحروف،وماً رب الطلبہ)

بحث ''کم استفہامیہ وکم خبریہ''

☆...... کم استفہامیہ وخبریہ: استفہامیہ کسی انجان چیز کے متعلق سوال کیلئے آتا ہے۔ خبریہ کسی چیز کی خبر دینے کیلئے آتا ہے دونوں شروع کلام کو چاہتے ہیں۔لیکن دونوں میں فرق یہ ہے کہ (۱) کم استفہامیہ کی تمیز ہمیشہ منصوب مفرد ہوگی بشرطیکہ مِن جارہ داخل نہ ہو مثلاً: کَمْ رَجُلًا عِنْدَکَ. اور کم خبریہ کی تمیز کبھی مفرد مجرور ہوتی ہے اور کبھی مجموع مجرور ہوتی ہے مثلاً: کَمْ مَالٍ اَنْفَقْتُ وَکَمْ دَارٍ بَنَیْتُ (۲) کم استفہامیہ تمیز کو نصب دیتا ہے اور کم خبریہ جر دیتی ہے (۳) کم خبریہ کی ممیز پر من جارہ داخل ہونا کثیر ہے اور کم استفہامیہ اس کے برعکس ہے نیز کم استفہامیہ کی ممیز پر من جارہ کا داخل ہونا واجب ہوگا جب کم اور تمیز کے درمیان فعل متعدی آجائے،جیسے: قول باری تعالیٰ: کَمْ اَهْلَکْنَا مِنْ قَرْیَةٍ الخ،سَلْ بَنِیْ اِسْرَآئِیْلَ کَمْ اٰتَیْنَاهُمْ مِنْ آیَةٍ۔یہ دونوں کم خبریہ اور استفہامیہ کی مثالیں ہوسکتی ہیں۔لیکن کم استفہامیہ کی تمیز حذف کرنے کیلئے تین شرائط ہیں (الف) کم کے بعد اسم مرفوع واقع ہو (ب) کوئی فعل واقع ہو (۳) کم کے بعد جمع ہو۔

یہ شرائط صرف کم استفہامیہ میں ہوسکتی ہیں نہ کہ کم خبریہ میں۔ (مآرب الطلبہ ،ص:۶۹)

فائدہ:۔ او: کی سات قسمیں ہیں: (۱) تنویعیہ: جو کہ انواع پر دلالت کرے، جیسے :اَلْعَدَدُ اِمَّا زَوْجٌ اَوْفَرْدٌ. کہ عدد کی دو قسمیں ہیں زوج اور فرد یعنی جفت اور طاق (۲) اباحتیہ: جو دلالت کرتا ان دو چیزوں کو جمع کرنا جائز اور مباح ہے جیسے: زوج هذه اوهذه. (۳) تخییریہ: جو کہ اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ ان دو چیزوں کو جمع کرنا منع ہے بلکہ کسی ایک کو اختیار کیا جائے جیسے :زَوْجُ هٰذِهٖ اَوْاُخْتُهَا. (۴) تعمیمیہ: جو کہ عموم بیان کرنے کیلئے آتا ہے جیسے:وَلَا تُطِعْ مِنْهُمْ اٰثِمًا اَوْ كَفُوْرًا. (۵) اضرابیہ: جو کہ بمعنی بل ہوتا ہے جیسے:إنها لابل اَوْشَاةٌ اَیْ بَلْ شَاةٌ. (۶) تردیدیہ، یہ شک کیلئے آتا ہے جیسے: جَآءَ نِیْ زَیْدٌ اَوْعَمْرٌو (۷) اَوْ بمعنی اِلٰی اَنْ ہے عند جمہور یا بمعنی اِلٰی ان ہے عند سیبویہ جیسے لَاَلْزَمَنَّکَ اَوْ تُعْطِیَنِیْ حَقِّیْ اَیْ اِلَّا اَنْ تُعْطِیَنِیْ الخ یاالیٰ ان تعطینی الخ. (توضیح المعانی شرح مقدمة الجامی، ص: ۵۳)

☆......اَوْ بمعنی الیٰ اَنْ یا اِلَّا اَنْ: کا خلاصہ یہ ہے کہ "او" جب کہ "اِلٰی" یا "اِلَّا" کے معنی میں ہوتو وہاں اَنْ مقدر ہوکر فعل مضارع کونصب دیا کرتا ہے اور یہ مطلب ہرگز نہیں کہ اِلیٰ اَنْ یا اِلَّا اَنْ کے معنی میں ہوتا ہے (اگر ایسا ہوتو تکرار ان لازم آئے گا جو نا جائز ہے) جیسے:لَاَلْزَمَنَّکَ اَوْتُعْطِیَنِیْ حَقِّیْ.

اِمّا اور اَوْ کے درمیان فرق: دونوں میں فرق یہ ہے کہ امّا کے ساتھ جس امر کیلئے وہ آیا ہے، اُسی کے لحاظ سے بنائے کلام شروع ہوتی ہے اور اسی وجہ سے اس کی تکرار واجب ہے، مگر حرفِ او کے ساتھ کلام کا آغاز یقین اور وثوق کے لحاظ سے ہوکر پھر بعد میں اس کلام پر ابہام یا کوئی دوسری بات طاری ہوتی ہے، اسلئے اس کی تکرار نہیں

ہوتی۔(بدر منیر ۷۸،مصباح المنیر ،۹۳،الاتقان فی علوم القرآن ص: ۴۸۱ ج ۱)

☆......قَدْ: اس کی دو قسمیں ہیں (۱) اسمیہ (۲) حرفیہ بمعنی حسب کے، جیسے: قَدْ زَيْدٍ دِرْهَمٌ (زید کو ایک درہم کافی ہے) اور قد حرفیہ فعل پر آ کر کبھی تقلیل کا فائدہ دیتا ہے، جیسے: قَدْ يَصْدُقُ الْكَذُوبُ ۔قد کبھی توقع کا فائدہ بھی دیتا ہے، جیسے: قَدْ يَقْدِمُ الْغَائِبُ الْيَوْمَ ۔کبھی تقریب کیلئے آتا ہے، جیسے: قَدْ قَامَ زَيْدٌ . کبھی تحقیق کیلئے، جیسے: قَدْ أَفْلَحَ مَنْ زَكّٰهَا . (منیۃ الادب، ص:۲۹ ج ۲)

☆......قد: (۱) یہ کبھی تقریب الماضی إلى الحال کیلئے ہوتا ہے، جیسے: قَدْ رَكِبَ الْأَمِيْرُ (۲) اور کبھی یہ تحقیق کیلئے آتا ہے، جیسے: قَدْ يَعْلَمُ اللّٰهُ الْمُعَوِّقِيْنَ .
(تسہیل قواعد النحو، ص:۶۳)

مراجع ومصادر کتب

شمارہ	اسمائے کتب	شمارہ	اسمائے کتب
۱	القرآن الكريم	۲	الاتقان فی علوم القرآن
۳	اشرف التوضیح شرح مشکوٰة المصابیح	۴	ترغیب الاخوان فی ترکیب القرآن
۵	تقریر الحاوی شرح البیضاوی	۶	کمال الفرقان شرح جمال القرآن
۷	ظفر المحصلین باحوال المصنفین .	۸	درسی تقریر حضرت مولانا سرفراز خان صفدر صاحب مدظلہ

۹	لسان القرآن	۱۰	نخبۃ الاحادیث
۱۱	درس ترمذی	۱۲	فضل الباری، شرح البخاری
۱۳	کشف الباری، شرح البخاری	۱۴	علمی جواہر پارے
۱۵	فیوض عثمانی شرح فصول اکبری	۱۶	مصباح اللغات
۱۷	فرائد منثورہ در تحقیقات کلمات مستورہ	۱۸	مآرب الطلبہ، مؤلفہ مولانا شبیر احمد صاحب ارکانی
۱۹	تیسیر القرآن، تفسیر عم	۲۰	تحفۃ الطلبہ، از مفتی علی احمد قاسمی
۲۱	فیروز اللغات	۲۲	قرة العيون في تذكرة الفنون
۲۳	تخلیۃ الاسیر، مولانا حسین احمد ارکانی	۲۴	غایۃ السعایۃ عما فی حل الہدایۃ
۲۵	الفاظ مترادفہ کے درمیان فرق	۲۶	افاضات شرح مقامات
۲۷	الكلمةُ العُلْيَا في مسئلة الثُّنْيَا	۲۸	إظهار الصدف، شرح ارشاد الصرف
۲۹	تحفۃ الادب، شرح نفحۃ العرب	۳۰	تفهيمات شرح مقامات
۳۱	مقدمات علوم درسیہ	۳۲	توضیحات، شرحِ علم الصیغہ
۳۳	الطريقة العصرية في تعليم اللغة العربية	۳۴	اللطائف المثمرة في تحقيق الكلمات المشكلة
۳۵	روایۃ النحو شرح ہدایۃ النحو	۳۶	ایضاح المطالب، شرح کافیہ
۳۷	معارف الصرف شرح ارشاد الصرف	۳۸	كنز النوادر في القوانين والمصادر

۳۹	منیۃ الادب، شرح نفحۃ العرب	۴۰	دفع رنج، شرح پنج گنج
۴۱	ہدیہ صغیر شرح نحو میر	۴۲	اسعاد النحو شرح نحو میر
۴۳	مسودۂ کافیہ، از مولانا نذیر صاحب (سابق استاد اشرف المدارس	۴۴	مسودۂ درس سراجی، مفتی عبد المنان صاحب (دار العلوم کراچی)
۴۵	سعیدیہ، شرح کافیہ	۴۶	تسہیل قواعد النحو
۴۷	ہدیۂ شبیر، شرح نحو میر	۴۸	تحفۂ سعیدیہ، شرح علم الصیغہ
۴۹	تبیان، شرح میزان	۵۰	صلاح التعبیر شرح نحو میر
۵۱	المصباح المنیز، شرح نحو میر	۵۲	علم الصیغہ، مترجم
۵۳	کافیہ	۵۴	مصباح العوامل، شرح مائۃ عامل
۵۵	معلم الانشاء اول	۵۶	مصباح المنیر شرح نحو میر
۵۷	مصباح النحو، شرح ہدایۃ النحو	۵۸	تسہیل النحو
۵۹	خلاصۃ النحو مولوی ولایت ارکانی	۶۰	معراج النحو، شرح ہدایۃ النحو
۶۱	تسہیل التجوید	۶۲	ہدایۃ النحو
۶۳	تسہیل شرح علم الصیغہ	۶۴	اشرف القطبی، شرح قطبی
۶۵	مفتاح الصرف، شرح ارشاد الصرف	۶۶	درسی تقریر مولانا سلطان احمد صاحب رحمۃ مفتی اعظم ارکان (سابق)
۶۷	آسان نحو (شیخ الحدیث دیوبند)	۶۸	النحو الیسیر، شرح نحو میر
۶۹	ارشاد الصرف	۷۰	علم الصرف آخرین

۷۱	زبدة تشحیذ	۷۲	عربی کا معلم اول
۷۳	مسودہ مولانا عبد الرشید صاحب "شیخ الحدیث اشرف المدارس"	۷۴	مسودہ شرح فصول اکبری مؤلفہ مولانا محمد صدیق ارکانی صاحب
۷۵	علم النحو	۷۶	مہر منیر، شرح نحو میر
۷۷	بدر منیر، شرح نحو میر	۷۸	کتاب النحو
۷۹	مسودۂ شرح مقامات، از مولف	۸۰	حاشیہ قدوری
۸۱	توضیح المعانی شرح مقدمۃ الجامی	۸۲	مقدمہ دورہ حدیث
۸۳	تسہیل الادب	۸۴	املاء الصرف
۸۵	مغنی اللبیب	۸۶	الصرف العزیز
۸۷	القاموس الفرید	۸۸	نفحۃ الیمن
۸۹	ملفوظات فقیہ الامت	۹۰	فیض المنعم، شرح مقدمہ مسلم
۹۱	خطبات فقیر	۹۲	تذکرۂ عزیز
۹۳	المعجم الوسیط فی الاعراب	۹۴	موسوعۃ النحو والصرف والاعراب
۹۵	تیسیر النحو شرح ہدایۃ النحو	۹۶	حقیقت قرآن
۹۷	فضائل حفظ القرآن	۹۸	قرآن کے محیر العقل شماریات
۹۹	تفسیر عزیزی	۱۰۰	آداب القرآن
۱۰۱	خزینہ، از مولانا اسلم شیخو پوری	۱۰۲	درس مقامات، از ابن الحسن عباسی
۱۰۳	مقدمات، از مولانا صدیق ارکانی	۱۰۴	مجموعۃ النوادر، از مفتی علی احمد قاسمی

۱۰۵	علم الصیغہ فارسی	۱۰۶	تقریر مفتی رشید احمد صاحبؒ
۱۰۷	اجمل الحواشی شرح اصول الشاشی	۱۰۸	ہدایہ اول
۱۰۹	کفایۃ المفتی	۱۱۰	فیروز اللغات اردو
۱۱۱	شرح جامی بحث حرف	۱۱۲	المنجد عربی

تم بحمد الله تعالیٰ وعونه، یوم الجمعة قبیل الجمعة .

فی: ۱۵/ربیع الثانی: ۱۴۲۵ھجـ الموافق: ۴یولیو ۲۰۰۴ع

الراقم: مولوی نور حسین عبد الشکور القاسمی غفرله ولوالدیه ولاساتذته ولمن له حق علیه.

اللهم ان هذا الکتاب وسیلتی الیک وفی مغفرتک الواسعة وحیلتی لدیک لااله الاانت سبحانک لبّیک وسعدیک .فاغفر اللهم وارحم اُمّةَ مُحَمَّدٍصَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ رَحْمَةً عَامَّةً.اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ وَنَتَوَکَّلُ عَلَیْکَ رَبَّنَاعَلَیْکَ تَوکلناوالیک اَنَبْنَا والیک المصیرُ وعلیناالا البلاغ المبینُ.

وصلی الله علی خیر خلقه محمد واله واصحابه اجمعین.

واخر دعوانا ان الحمد لله رب العالمین

زیرِ نظر کتاب "مسائل النحو والصرف" حضرت مولانا نور حسین قاسمی صاحب دامت برکاتہم العالیہ، فاضل دار العلوم دیوبند وسابق استاذ کتب عربی جامعہ اشرف المدارس گلشن اقبال کی تالیفِ لطیف ہے۔ اگر اس کے مندرجات وامتیازات کا خلاصہ پیش کیا جائے تو یوں کہا جا سکتا ہے کہ

۱۔ اس میں علم نحو وصرف سے متعلق ایسے فوائدِ نافعہ، قواعدِ مہمہ اور فرائدِ منثورہ پنہاں ہیں جو نہایت سودمند وفائدہ مند ہونے کے باوجود تمام کتابوں میں با آسانی دستیاب نہیں ہیں۔

۲۔ کتاب میں موجود ہر مضمون و بحث کا مستند حوالہ مکتوب ہونے کے ساتھ عربی عبارات و اصطلاحات کا اردو ترجمہ بھی ہے تا کہ ہر طالب علم اس سے فائدہ اٹھا سکے۔

۳۔ کتاب میں ایک بحث "الف سے یا" تک ہے جس میں ہر حرف سے متعلق ضروری اور نادر الوجود اسرار ورموز کا خزانہ ہے جو بلاشبہ سرمایہ گراں مایہ ہے۔

۴۔ اس میں بہت سے وہ اہم اصول وضوابط اور ادبی وفنی اصطلاحات ونوادرات مندرج ہیں جن کا مکمل تعارف عام کتابوں میں مشکل سے ملتا ہے جو یہاں با آسانی دستیاب ہے۔

۵۔ اس میں بعض ایسے ادبی لطائف وظرائف، فنی حقائق ودقائق، قابلِ قدر نکات وصلات اور بعض مشکل عربی عبارات کی تشریحات وتوضیحات ہیں جن سے دیگر کتب خالی ہیں۔

۶۔ حروف کی بحث اگرچہ نحو وصرف کی کتابوں میں موجود ہے لیکن اس کی تعلیم وتدریس کی نوبت کم آنے کی وجہ سے طلبہ عموماً مباحثِ حروف کے اہم اصول وضوابط اور فوائد وقواعد سے ناآشنا رہتے ہیں، بہرحال یہ ایک کمی ہے جو کتاب ہٰذا نے پوری کر دی ہے۔

۷۔ یہ کتاب درحقیقت مختلف النوع علوم وفنون کا کشکول، پوشیدہ دفائن وخزائن کا نچوڑ اور نایاب وکمیاب علمی وتحقیقی مضامین ومباحث سے بھرپور ہے جو ہر طالب علم کی معلومات میں اضافہ کرے گی۔

E-mail: ishaat@pk.netsolir.com
ishaat@cyber.net.pk

مسائل النحو والصرف